غالب نامہ

از

شیخ محمد اکرام ایم۔ اے۔ ایم۔ آر۔ سی۔ اے۔ ایس (لنڈن)۔
آئی۔ سی۔ ایس
سب ڈویژنل افسر سورت۔ احاطہ بمبئی

۱۹۳۶ء

تہدیہ

ترجمانِ حقیقت علامہ سر محمدؒ اقبال مدظلہ

کی خدمت میں

ع حدیثِ اہلِ دل با اہلِ دل گو

اکرام

یادش بخیر۔ آج سے سات آٹھ سال اُدھر کی بات ہے۔ حصولِ تعلیم کا زمانہ تھا۔ گورنمنٹ کالج لاہور میں پڑھتے تھے جہاں اتفاق سے نہائت قابل اور شفیق اُستاد میسر آئے تھے۔ لیکن شائد اس سے بھی بڑی خوش قسمتی یہ تھی کہ چند ایسے احباب کا حلقہ جمع ہوگیا جنہوں نے بالعموم سائنس، فلسفہ، انگریزی ادبیات اور دوسرے مغربی علوم و فنون میں امتیازی کامیابی حاصل کی تھی۔ لیکن جن کی عزیز ترین خواہش "گیسوئے اردو" کی "شانہ کشی" تھی۔ ہم جب جمع ہوتے تو گوئٹے، شکسپیر، نیٹشے، ہارڈی، سپنگلر کے ساتھ ساتھ اقبال، غالب، حالی، رُومی کا ذکر رہتا۔ اور جب ہم شیکسپیر کے متعلق سر والٹر رالے اور پروفیسر بریڈلے کی کتابیں پڑھتے۔ جنہوں نے شعر و ادب کے مطالعہ کو حیاتِ انسانی کی عمیق گہرائیوں اور اسکے اہم ترین پہلوؤں کا مطالعہ بنا دیا تھا۔ تو ہمیں اپنے تبصرہ نگاروں کی سطحی تنقید پر افسوس آتا۔ جنکے نزدیک فنِ تنقید کا ماحصل اتنا ہے کہ ایک شاعر کے اشعار میں زبان اور بیان کی خوبیاں بتا دی جائیں اور اُسکی چند غزلوں کا دوسرے شعرا کی ہم طرح غزلوں سے مقابلہ کر دیا جائے۔ یا زیادہ سے زیادہ دیوان سے پہلے ایک طول طویل دیباچہ میں آرٹ کی قسمیں اور آرٹ کے متعلق چند نظریئے مغربی کتب سے اخذ کر کے درج کر دیئے۔ جن سے شاید پڑھنے والا مرعوب تو ہو جاتا ہے۔ لیکن اُسکے پلّے کچھ نہیں پڑتا۔

ہمارا حلقۂ احباب بہت وسیع نہیں تھا۔ لیکن جلد ہی ہم میں سے دو کو آئی۔ سی۔ ایس کی کشش آسام

اور بنگال لے گئی۔ ہم تین باقی رہ گئے۔ چوہدری محمد علی۔ ممتاز حسن اور میں۔ چوہدری صاحب اسوقت لاہور کے اسسٹنٹ اکونٹنٹ جنرل تھے۔ ممتاز اور میں ابھی کالج اور یونیورسٹی کے امتحانات کے چکر سے نہیں نکلے تھے ممتاز صاحب بی۔ اے میں فلسفہ، عربی اور انگریزی تینوں مضامین میں اول آئے تھے۔ انکی بڑی خواہش تھی کہ وہ انگریزی ایم۔اے میں فسٹ کلاس حاصل کریں۔ انہیں پی۔ای۔ایس کے درجہ میں کوئی ملازمت ملجائیگی۔ اور وہ تمام عمر اردو ادب کی گیسو آرائی میں گزار دینگے۔ لیکن انہیں ایم۔اے میں فسٹ کلاس نہ مل سکی۔ اور انہیں فنانس ڈیپارٹمنٹ میں ایک امپیریل سروس لینی پڑی۔ مجھے فسٹ کلاس ملگئی لیکن محکمہ تعلیم میں کوئی ملازمت نہ ملی۔ ناچار مجھے بھی سول سروس کا دروازہ کھٹکھٹانا پڑا۔ لیکن حسن اتفاق سے پیشتر اسکے کہ ہم اس طرح منتشر ہوتے۔ میری اس کتاب کی بنیاد رکھی گئی۔ ہم تینوں ابھی لاہور میں ہی تھے۔ کہ غالب کے متعلق ڈاکٹر لطیف کی انگریزی کتاب شایع ہوئی۔ اسے پڑھکر ہم سب کے دلوں کو ایک ٹھیس سی لگی۔ ہم غالب پرست نہیں تھے۔ لیکن غالب کی عظیم اور دلآویز شخصیت کا جادو ہم پر بھی تھا۔ ہمیں اس کتاب کے بعض حصے بہت تلخ سے معلوم ہوئے۔ ممتاز صاحب کی رائے تھی کہ غالب کے متعلق ڈاکٹر لطیف کی تنقید نقادانہ غیر جانبداری سے عاری اور معاندانہ ہے۔ مجھے ڈاکٹر صاحب کی کتاب کا چھٹا باب جسمیں انہوں نے شاعرانہ عظمت کی مثالیں دی تھیں پسند نہ تھا۔ اول تو جو مثالیں دی گئی تھیں ان سب کا میں مداح نہیں تھا۔ دوسرے مجھے یہ طرز تنقید بھی عجیب معلوم ہوتا تھا۔ کہ نقاد بجائے اسکے کہ شاعر کے کلام کا حسن و قبح بوجہ خود دیکھے۔ مغربی ادبیات کے چند نمونے مقرر کرے۔ اور جو نظمیں ان نمونوں کے مطابق نہ ہوں انہیں ناقص قرار دے۔ چوہدری محمد علی کہتے تھے۔ کہ ڈاکٹر لطیف نے غالب کے متعلق تو کتاب نہیں لکھی۔ ان اصولوں پر ایک رسالہ لکھا ہے۔ جن کے مطابق ایسی کتاب لکھی جانی چاہئے۔ اب یہ کسی اور کا کام ہے۔ کہ وہ ان اصولوں کے مطابق مواد جمع کرے۔ اور کتاب لکھے۔ مجھے چوہدری صاحب کا یہ تبصرہ درست معلوم ہوا۔ اور میں نے محسوس کیا کہ غالب کے متعلق ایک ایسی کتاب لکھی جانی چاہئے جو ڈاکٹر لطیف کے کڑے معیار پر بھی پوری اترے اور جسمیں مولانا حالی کی میانہ روی اور انکے مقدمہ دیوان کی بالغ نظری کی پیروی بھی ہو۔ یادگار غالب مجھے بہت پسند تھی۔ لیکن یہ تسلیم کئے بغیر چارہ نہ تھا۔ کہ اس میں سوانحی تسلسل قریباً قریباً

مفقود تھا۔ اور شاعر کے کئی اہم واقعاتِ زندگی کے متعلق مصنف کا بیان نہایت سرسری اور سن وقوع یا
ں طرح کی ضروری تفصیلات سے عاری تھا۔

میں نے اس کتاب کے لئے ہندوستان میں ہی مواد جمع کرنا شروع کر دیا تھا۔ سب سے پہلی چیز غالب کا
یک ایسا تذکرہ مرتب کرنا تھا جسمیں واقعات سنِ وقوع کی ترتیب سے درج ہوں، نہ کہ بقیہ حکایات
طرح ضمناً نہیں۔ غالب کے اردو خطوط اس مقصد کیلئے بہت کار آمد نہ تھے۔ اس لئے فارسی کلیات نظم و نثر
الغور مطالعہ کرنا پڑا۔ اور میں جلد ہی اس نتیجہ پر پہنچ گیا کہ غالب کے متعلق جو تذکرہ نگار ان کی فارسی تصنیفات
دھیان میں نہیں رکھیگا۔ وہ طرح طرح کی غلط فہمیوں کا شکار ہوگا۔ چنانچہ میں نے مرزا کے فارسی خطوط
تاریخی ترتیب سے مرتب کرنا شروع کیا۔ چونکہ وہ اکثر تاریخ تحریر سے معرا تھے۔ یہ کام آسان نہ تھا۔
لیکن جب میں ۱۹۳۱ئ میں آکسفورڈ گیا۔ تو وہاں بوڈلین لائبریری میں مجھے ایک ایسی جنتری ملی جسکی مدد سے اگر
ہجری سال اور مہینہ معلوم ہو تو عیسوی سال اور مہینہ معلوم ہو سکتا تھا۔ اور اگر عیسوی اور ہجری دونو مہینوں
کی تاریخیں معلوم ہوں تو عیسوی اور ہجری سال معلوم ہو سکتے تھے۔ چنانچہ اس کتاب کی مدد سے میں غالب کے کئی
خطوط کا سن تحریر اور انکی زندگی کے کئی واقعات (مثلاً تاریخ ولادت، سفر کلکتہ، واپسی وغیرہ) کی صحیح تاریخ
متعین کر سکا۔ اس کتاب کے علاوہ بوڈلین لائبریری میں اور کئی انگریزی کتابیں تھیں۔ جو اس کتاب کے
ابواب سوم اور چہارم مرتب کرنے میں مفید ثابت ہوئیں مثلاً سلیمن کی "سیر و سیاحت" اور ناٹن کی "ایک
مشرقی بادشاہ کی خانگی زندگی" پہلی میں مجھے نواب شمس الدین کے مقدمہ کے حالات ملے اور دوسری
میں شاہان اودھ کے متعلق ایسی واقفیت حاصل ہوئی جس سے میں حالی کی کئی غلط فہمیوں سے بچ سکا۔
لیکن ان سے بھی قیمتی چیز جو قیام انگلستان میں میرے ہاتھ آئی "گلشن بیخار" کا ایک بیش قیمت قلمی نسخہ تھا۔
جو پہلے گارسن دتاسی کے پاس تھا۔ اور اب برٹش میوزیم کی ملکیت ہے۔ اسکی مدد سے میں غالب کی کئی
ایسی غزلوں کو تیقن کے ساتھ علیحدہ کر سکا جنکا انتخاب ۱۸۳۲ئ میں ہوا تھا۔ اور جو اس قلمی نسخہ میں موجود تھیں

لیکن مجھے جس چیز کی سب سے زیادہ تلاش تھی۔ وہ دیوان غالب کا پہلا مطبوعہ نسخہ تھا جو ۱۸۴۱ئ
میں دہلی میں چھپا۔ یہ مجھے انگلستان کی کسی لائبریری میں نہ ملا۔ اور جب میں ہندوستان واپس آیا۔ تو رام پور

اسکی تلاش ہیں گیا۔ وہاں میں نے دیوان غالب کا وُہ قلمی نسخہ دیکھا جو شاعر نے ۱۸۵۵ء میں نواب رامپور کو لکھکر بھیجا تھا۔ اور جس سے نقل کر کے بعد میں متداول دیوان شایع ہوا۔ اسکے علاوہ دیوان غالب فارسی جو ۱۸۴۶ء میں چھپا تھا۔ اسکی ایک نقل ملی۔ پہلا مطبوعہ منتخب دیوان نہ ملا۔ لیکن میری اس محنت اور کوشش کو کامیاب ہونا تھا۔ یہاں سے مجھے یہ اطلاع ملگئی۔ کہ مطبوعہ دیوان کا ایک نسخہ جس میں عام ایڈیشن سے نصف اشعار ہیں پیلی بھیت کے کلکٹر خان بہادر سید ابو محمد صاحب کے پاس ہے۔ یہ اُنکی بڑی کرمفرمائی تھی۔ کہ انہوں نے مجھے یہ نسخہ عاریتاً دیا۔ اور میں اسکی مدد سے دیوان غالب کی تاریخی تدوین اپنی امیدوں سے بہتر طور پر کر سکا (یہ کتاب جو سات آٹھ سال کی تلاش و تحقیق کا نتیجہ ہے۔ اور جسکی تیاری میں محنت اور اخراجات میں کسی طرح کا بخل نہیں کیا گیا اب ناظرین کے سامنے ہے)۔ اگر اسکے ذریعہ سے غالب اور کلام غالب پر زمانہ حال کے تنقیدی اصولوں سے تبصرہ نگاری کی مثال قائم ہوگئی اور بہادر شاہی دور پر جو پردے ہماری ناواقفیت سے پڑتے جارہے ہیں کسی حد تک اُٹھ گئے تو میں سمجھونگا کہ میری محنت ٹھکانے لگی۔ مجھے اس کتاب کی تیاری میں بہت حضرات سے قیمتی مدد ملی ہے۔ لیکن میرے محسنوں کی فہرست بہت طویل ہے۔ فرداً فرداً سب کی کرمفرمائی کا اعتراف کرنا بہت مشکل ہے۔ میں اُن کا مجموعی طور پر ان سطور کے ذریعہ سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

اکرام

کیمپ تیتھل ۵۔ مئی ۱۹۳۶ء

استدراک:- میں اپنی کتاب اور اسکا دیباچہ ختم کر چکا تھا۔ اور اشاعت کے متعلق خط و کتابت میں مصروف تھا۔ کہ مجھے ۱۵ مئی کو لاہور سے پروفیسر حمید احمد خاں کا خط ملا کہ مولینا غلام رسول مہر نے بھی غالب کے متعلق ایک کتاب لکھی ہے۔ جو جلد شایع ہونیوالی ہے اور جسمیں غالب کے حالات زندگی اسکی تصنیفات سے ماخوذ ہیں۔ چونکہ میں نے بھی تذکرہ لکھتے وقت زیادہ تلاش و تحقیق فارسی خطوط میں کی تھی۔ مجھے اس امر کا خدشہ پیدا ہوا کہ چونکہ مہر صاحب کی تصنیف اور میری کتاب کے ماخذ ایک ہیں۔ شاید مضامین بھی ایک ہو جائیں۔ اور اگر انکی کتاب پہلے شایع ہوگئی تو میری برسوں کی محنت رائیگاں جائیگی۔ میں نے کوشش کی کہ کتاب بہت جلد شایع کردوں لیکن صوبہ بمبئی میں اُردو کی کتابت اور طباعت کے انتظامات نہایت ناقص ہیں۔ اسکے علاوہ میں

سُورت سے باہر دَورہ پر تھا۔ اور صوبہ بمبئی میں جب تک برسات کی وجہ سے سب سڑکیں اور راستے بند نہ ہو جائیں
ہمیں مسلسل دَورے پر رہنا پڑتا ہے۔ جب میں سُورت واپس آیا۔ تو انقلاب کے ایک پرچہ میں جو اتفاقاً
خان بہادر حاجی رحیم بخش صاحب سے دستیاب ہوا یہ پتہ چلا کہ مہر صاحب کی کتاب کی "چھپائی شروع ہوگئی"۔
اب میرے لئے زیادہ کوشش کرنا بے سود تھا۔ باقی تردّدات موقوف کر کے میں اس امر کا منتظر رہا۔ کہ مہر صاحب
کی کتاب شایع ہو تو میں دیکھوں کہ اسکے بعد میری کتاب کی گنجائش ہے یا نہیں ۲۸ اگست کو یہ کتاب مجھے ملی
اسکے پڑھنے سے مجھے ایک گونہ تسلی ہوئی (مولینا کی کتاب بہت طویل اور مفصل تھی۔ اور اُنکی نظر بھی حالی کی اُن
غلط فہمیوں پر پڑ گئی تھی۔ جنکی اصلاح میں اپنی کتاب کی امتیازی خصوصیت سمجھتا تھا اسکے علاوہ چونکہ اُنکی رسائی
خاندانِ لوہارو کے بعض افراد تک ہوگئی تھی۔ غالب کے خاندان اور جاگیر کے قضیوں کے متعلق انکی معلومات مجھ سے
زیادہ تھیں لیکن میں نے دیکھا کہ انہوں نے اپنی کتاب میں وہ سوانحی تسلسل برقرار نہیں رکھا تھا جو ایک مربوط اور
مکمل تذکرہ کیلئے ضروری ہے۔ مثلاً انہوں نے اپنی کتاب کے چوتھے باب میں مرزا کے سفر کلکتہ کا ذکر کیا ہے۔ جو میری
تحقیق کے مطابق ۱۱۔ نومبر ۱۸۲۹ء کو ختم ہوا اور اسکے فوراً بعد پانچویں باب میں رام پور اور میرٹھ کے سفروں کے
حالات ہیں۔ جو اسکے قریباً تیس سال بعد یعنی ۱۸۶۰ء میں مرزا کو پیش آئے چھٹے باب میں پھر پنشن کے مقدمہ کی
تفصیلات ہیں۔ جن کا ذکر حقیقتاً سفر کلکتہ کے ساتھ ساتھ ہونا چاہئے تھا۔ اسی طرح مرزا کی زندگی کے
کئی اہم حصوں کی نسبت (مثلاً ۱۸۳۱ سے ۱۸۵۷ تک) کوئی مسلسل بیان نہیں قلعہ سے تعلقات کا ذکر دو صفحوں
سے زیادہ نہیں وغیرہ وغیرہ۔ مولینا کی کتاب پڑھنے کے بعد میں نے محسوس کیا کہ اگرچہ انہوں نے چند عنوانات کی تحت
میں مرزا کی کتابوں سے اور دوسرے ذرائع سے مفصل اقتباسات جمع کر دیئے ہیں اور کتاب کا حجم بڑھ گیا ہے مگر ان
کی کتاب میں مرزا کی مسلسل اور مربوط سوانحعمری لکھنے کی کوئی کوشش نہیں۔ اور ڈاکٹر لطیف کے اعتراضات کا
جواب دینا باقی ہے۔ مولینا کی کتاب کا تنقیدی حصہ بحد مختصر تھا۔ اور وہ بھی بیشتر مورخانہ۔ غالب اور کلامِ غالب
کے متعلق ادبی تبصرہ چند سطروں سے زیادہ نہ تھا۔ اسکے علاوہ میں نے دیکھا۔ کہ اگرچہ مرزا کے واقعاتِ حیات کے
متعلق مہر صاحب کی معلومات بہت مفصل اور صحیح تھیں مگر غالب کی تصنیفات کے متعلق انکے اندراجات اکثر غیر مکمل
اور کہیں جگہ غلط تھے) مثلاً وہ صفحہ ۱۳۹ پر لکھتے ہیں "غالباً ۱۸۵۰ء تک تاریخ کا پہلا حصہ جو ابتدائے آفرینش سے لیکر ہمایوں بادشاہ

کی وفات تک کے حالات پر مشتمل تھا، مکمل ہوا۔ اس کا نام "مہر نیم روز" تھا۔ یہ کتاب جیسا کہ غالب کے دو فارسی خطوط سے پتہ چلتا ہے ۱۸۵۲ء میں ختم ہوگئی تھی۔ مثنوی "ابر گہر بار" کی تاریخ تصنیف کے متعلق مولینا کو کوئی واقفیت نہیں۔ اسی طرح منتخب اردو دیوان کے پہلے مطبوعہ ایڈیشن کی نسبت انہیں کوئی اطلاع نہیں۔ مولوی کریم الدین کا اندراج ان کی نظر سے نہیں گزرا۔ اور ظاہر ہے کہ اس حالت میں خان بہادر سید ابو محمد والے نسخے کی نسبت انہیں کوئی علم نہیں ہو سکتا تھا۔ اسی طرح اردو اور فارسی دواوین کے جو ابتدائی قلمی نسخے رام پور لائبریری کی زینت ہیں وہ مولینا کی نظر سے نہیں گزرے۔ بانکی پور لائبریری میں فارسی دیوان کا جو قلمی اور نہایت پرانا نسخہ ہے، اُس کے وجود کے متعلق بھی مولینا کو کوئی خبر نہیں۔ میں نے ان کتابوں کی تلاش میں برسوں محنت کی تھی۔ اور غالب کے اردو فارسی کلام کی جو تاریخی تدوین مرتب کی تھی۔ اس کی بنا انہیں پر رکھی تھی۔

(مولینا مہر کی محنت اور تحقیق و تفتیش کی داد نہ دینا بے انصافی ہے لیکن مندرجہ بالا وجوہ کی بنا پر میں اسی نتیجہ پر پہنچا کہ میری کتاب کے دو حصص یعنی "تبصرہ" اور "انتخاب" کو تو انہوں نے چھوا تک نہیں۔ پہلے حصہ میں بھی چونکہ میں نے سوانحی تسلسل خاص طور پر ملحوظ رکھا تھا۔ میری اور اُنکی کتاب میں کئی اصولی باتیں مختلف تھیں) اور میری خودستائی کہیے یا ادب اُردو کی خدمت کی خواہش۔ کہ مولینا مہر کی کتاب پڑھنے کے بعد میں نے فیصلہ کیا کہ مجھے اپنی کتاب شایع کردینی چاہیے۔

میں لکھ چکا ہوں کہ مولینا مہر کی کتاب شایع ہونے سے بہت پہلے میری کتاب مکمل تھی۔ مولینا کی کتاب پڑھنے کے بعد چند فٹ نوٹ میں نے بڑھا دیے اور غالب کی بیوی اور عارف کی والدہ اور والد کے نام اُنکی کتاب سے نقل کر دیے۔ اُنکے علاوہ اپنی کتاب میں کوئی اندراج نہیں بدلا اور واقعات کی تفصیل کو جوں کا توں رہنے دیا۔

آخیر میں میں جناب سالک کی اس تمنا میں اُن کا ہم نوا ہوں۔ کہ خدا مہر صاحب کو صحت کامل عطا کرے اور انہیں مرزا کے رقعات نئے سرے سے مرتب کرنے کا موقع دے۔ میرے خیال میں اردو فارسی دونوں زبانوں کے رقعات کا انتخاب ہونا چاہیے۔ اور وہ بھی تاریخی ترتیب سے۔ اگر مولینا اس کام کو ہاتھ میں لیں تو فارسی رقعات کی جو سرسری سی تاریخی ترتیب میں نے کی تھی۔ یا تاریخ تحریر متعین کرنے کیلئے جو کتابیں فراہم کی تھیں انہیں مولینا کے حوالے کر سکتا ہوں۔

محمد اکرام ۔ ۳ ستمبر ۱۹۳۶ء۔ سورت

تذکرہ

بوادیے کہ دراں خضر را عصا خفتست
بسینہ می سپرم راہ گرچہ پا خفتست

غالب

نجم الدولہ دبیر الملک مرزا اسد اللہ خان

غالب

باب اوّل

اکبرآباد

مغلوں کا بیشتر زمانہ دہلی میں گزرا۔ لیکن یہ عجیب اتفاق ہے کہ نہ صرف اُن کے فنِ تعمیر کا بہترین نمونہ اکبرآباد میں ہے۔ بلکہ ان کے سب سے بڑے شاعر کا مولد بھی وہی بلدۂ حسن وشعر ہے مرزا اسداللہ خاں خود ترک کی نسل سے تھے۔ اور ان کے دادا سلطان زادہ رستم خاں ان کے پہلے بزرگ تھے۔ جنہوں نے اُنکی پیدائش سے فقط پچاس ساٹھ سال پہلے سمرقند چھوڑ کر ہندوستان کو اپنا وطن بنایا۔

مرزا شب ہشتم ماہ رجب ۱۲۱۲ھ مطابق ۲۷ دسمبر ۱۷۹۷ء کو شہر آگرہ میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد مرزا عبداللہ بیگ خاں عرف مرزا دولہا، پہلے لکھنؤ اور اسکے بعد عرصے تک حیدرآباد میں ملازم رہے۔ لیکن غالب نے اپنے نانا خواجہ غلام حسین خاں کمیداں کے پاس آگرے ہی میں پرورش پائی۔ وہ پانچ برس کے تھے کہ والد کا انتقال ہوگیا۔ اور ان کے چچا مرزا نصراللہ بیگ نے ان کو اپنے سایۂ عاطفت میں لیا۔ جب اسکے چار پانچ برس بعد ۱۸۰۶ء میں چچا کا بھی انتقال ہوگیا،

مرزا کو ان کا وارث ہونے کی وجہ سے ساڑھے سات سو روپیہ سالانہ پنشن ملتی رہی۔ لیکن مرزا کے خطوط اور معاصرانہ تذکروں سے ظاہر ہے کہ آگرے میں اُن کا قیام اپنے نانا کے ہاں ہی تھا۔

غالب کے ننھیال کی نسبت ہماری واقفیت بہت محدود ہے۔ لیکن جو خط انہوں نے منشی شیو نرائن کو لکھا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ ان کا ننھیال آگرے کے ممتاز ترین گھرانوں میں سے تھا۔ اور وہاں انہیں ہر طرح کا عیش و آرام اور ہر طرح کی آزادی میسر تھی۔ ایسی آزادی کا اثر ایک نوجوان امیر زادے پر جس کے سر سے باپ کا سایہ اٹھ گیا ہو۔ جو ہو سکتا ہے۔ وہی غالب پر ہوا۔ نواب اعظم الدولہ اپنے تذکرے میں لکھتے ہیں :-

"اسد اللہ خاں، مرزا نوشہ، از سمرقند مولدش
جوان قابل و یار باش و دردمند ہمیشہ
بخورش معاشی بسر بردہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ در خاطر شکن
غمہائے عشق مجاز۔ تربیت یافتہ غمکدۂ نیاز"

غالب نے اپنے خطوں میں اس رنگین زمانہ کی طرف کئی جگہ اشارہ کیا ہے۔ ان کے ایک ابتدائی فارسی قصیدے کی تشبیب ہے :-

آں بلبلم کہ در چمنستاں بشاخسار — بود آشیانِ من شکن طرۂ بہار
ہر غنچہ از دمم بتقاضائے شگفتگی — فیضِ نسیم و جلوۂ گل داشت پیشکار
ہر جلوہ راز من بتقاضائے دلبری — از غنچہ برد محمل نازے برنگزار
ہم سینہ از بلائے جفا پیشہ دلبراں — در تنگ کاردانیٔ بیداد روزگار
ہم دیدہ از ادائے مغاں شیوہ شاہداں — فہرست روزنامۂ اندوہ انتظار

ہموارہ ذوقِ مستی و لہو سرود و شور
پیوستہ شعر و شاہد و شمع و مے و قمار

لیکن اس آزادی اور مطلق العنانی کے باوجود مرزا کی تعلیم سے بے پروائی نہیں برتی گئی۔ اور

آگرے میں جو قابل ترین استاد مل سکتے تھے۔ مرزا کی تعلیم ان کے زیر اثر ہوئی۔ انکے ایک استا نظیر اکبر آبادی تھے۔ اور اگرچہ غالب اور نظیر میں طبعی تفاوت کی وجہ سے غالب پر نظیر کا اثر نہ پڑ سکا۔ لیکن یہ ناممکن ہے کہ غالب جیسا ذہین طالب علم آگرے کے مشہور ترین عالم مولوی محمد معظم سے کسب فیض نہ کر سکے۔ مرزا کی تصنیفات سے پتہ چلتا ہے کہ علوم مروجہ سے انہیں کافی واقفیت تھی۔ منطق۔ فلسفہ اور علم ہیئت کی علمی اصطلاحیں ان کے بالکل ابتدائی کلام میں موجود ہیں اسلامی نظام تعلیم کے ماتحت علم طب کی واقفیت ہر تعلیم یافتہ انسان کیلئے ضروری تھی۔ اور مرزا کی تصانیف اور دوسرے ذرائع سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ طب کی مشہور کتابوں سے بخوبی واقف تھے۔ عربی صرف و نحو سے بھی وہ ناواقف نہیں تھے۔ اور بقول حالی جن ٹیڑھی ردیفوں میں انہوں نے غزلیں لکھی ہیں۔ ان میں غزل گوئی علم عروض کی واقفیت کے بغیر ناممکن تھی۔ لیکن ان علوم سے واقفیت سے زیادہ جو چیز مرزا کو دوسروں سے ممتاز کرتی ہے وہ فارسی زبان اور ادب سے واقفیت اور اس زبان میں قدرتِ اظہار ہے۔ انہوں نے ۱۱ برس کی عمر میں ہی فارسی شعر کہنا شروع کر دیا تھا۔ اور اس چھوٹی سی عمر میں ظہوری کا کلام اور دوسری فارسی کتابیں زیر مطالعہ رہتی تھیں۔ فارسی سے دلچسپی مولوی محمد معظم کی شاگردی کے زمانے ہی سے ہوگئی تھی۔ لیکن غالب اس بارے میں ملا عبدالصمد ہرمز کے احسانات ان پر سب سے زیادہ ہیں۔ مرزا اور ہرمز کے تعلقات بہت واضح نہیں۔ ہرمز سنہ ۱۸۱۰ء کے قریب آگرے میں سیاحانہ آیا تھا۔ وہ دو سال تک مرزا کے ساتھ رہا۔ اور جب مرزا آگرہ چھوڑ کر دہلی آئے تو وہ بھی ہمرکاب تھا۔ اس سے خیال ہوتا ہے کہ وہ مرزا کا اتالیق مقرر ہوگیا ہوگا۔

مرزا ابھی تیرہ برس کے تھے کہ میر محمد کاظم بیقرار جو ولی عہد شاہ دہلی ظفر کے استاد تھے ایک سفارت پر الفنسٹن صاحب کے ساتھ سندھ گئے اور انکی جگہ ذوق ولی عہد کے استاد مقرر ہوئے۔ اس وقت ولی عہد کے استاد کا مشاہرہ چار روپیہ ماہوار تھا۔ لیکن چونکہ ولی عہد کی تخت نشینی کے وقت اسکے استاد کا استاد شاہ ہو جانا قدرتی امر تھا۔ اس تقرر سے مرزا کا

راستہ بند ہوگیا - جب ہم یہ دھیان میں رکھتے ہیں تو یہ سمجھنا مشکل نہیں معلوم ہوتا - کہ ذوق کی زندگی میں غالب کا استاد شاہ نہ ہونا بہادر شاہ کی بد ذوقی کی وجہ سے نہ تھا - بلکہ اتفاقی حوادث کا نتیجہ تھا -

لیکن غالب کیلئے اس سال کا اور بھی اہم واقعہ مرزا الٰہی بخش معروف کی صاحبزادی امراؤ بیگم سے شادی تھی - مرزا کی کئی تحریروں سے بالخصوص اس دردناک مرثیہ سے جو انہوں نے ۷۵ برس کی عمر سے پہلے لکھا - یہ نتیجہ اخذ کرنا بہت مشکل نہیں ہے کہ وہ شادی کو "دام سخت" ہی سمجھتے رہے - اور "اُڑنے" سے پہلے گرفتار" ہو جانا انہیں بہت ناگوار تھا - لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ مرزا کے لئے یہ شادی ہزار آسانیوں کا موجب ہوئی - اور ان کی زندگی کے اکثر واقعات سمجھنے کیلئے ضروری ہے کہ مرزا الٰہی بخش کے خاندانی حالات ذرا وضاحت سے بیان کر دئے جائیں -

غالب کے خسر مرزا الٰہی بخش معروف جن کے متعلق آزاد نے "آبِ حیات" میں کئی صفحے لکھے ہیں ذوق کے شاگرد تھے۔ اور نہایت پاکیزہ اور مؤثر شعر کہتے تھے۔ فخر الدولہ نواب احمد بخش جنہ نے لارڈ لیک کی فتوحات میں نام پیدا کیا تھا۔ مرزا الٰہی بخش کے بھائی تھے۔ نواب اور نواب اولاد سے غالب کے تعلقات کا ذکر بعد میں آئیگا۔ لیکن مندرجہ بالا شجرہ پر سرسری نظر ڈا سے ہی یہ امر واضح ہوجاتا ہے۔ کہ مرزا کی شادی ایسے گھرانے میں ہوئی۔ جو نہ صرف جاہ و ثروت کے لحاظ سے ممتاز اور رد یہ ترقی تھا۔ بنا۔ شعر و شاعری سے بھی گہرا لگاؤ رکھتا تھا۔

غالب نے قیام آگرہ کے دوران میں جو اشعار لکھے وہ نسخۂ حمیدیہ میں محفوظ ہیں لیکن فیصلہ کرنا کہ کونسے آگرہ اور کونسے دہلی میں لکھے گئے۔ آسان نہیں۔ انڈیا آفس لائبریری میں آ شعرا کے دو تذکرے ہیں۔ "تذکرۂ سرور" اور "عیار الشعرا" جن میں غالب کو اکبر آباد کا ساکن ہے۔ لیکن ان قلمی نسخوں کی تاریخ کتابت موجود نہیں! اور چونکہ "تذکرۂ سرور" کے مصنف۔ غالب کی ملاقات آگرہ چھوڑنے کے بہت بعد تک ہوتی رہی۔ نا ممکن نہیں کہ اس میں کتابت ختم ہونے کے بعد جو اشعار ملے ہوں وہ بھی درج کر لئے گئے ہوں۔ چنانچہ انڈیا آفس میں تذکرۂ کا جو نسخہ ہے۔ اس میں کئی اشعار ایسے ہیں جو نسخہ بھوپال میں بھی نہیں اور کئی اشعار ایسے جو اور کسی دیوان میں نہیں ملتے۔ مثلاً ؎

نیازِ عشق خرمن سوزِ اسبابِ ہوس بہتر جو ہو جاوے نثارِ برق مشتِ خار و خس بہتر
جگر سے ٹوٹی ہے سوئی ہوئی سناں پیدا وہاں زخم میں آخر ہوئی زباں پیدا

"عیار الشعرا" میں جو خوب چند "ذکا" نے اپنے استاد شاہ نصیر کی فرمائش پر لکھی۔ غالب متعلق ذیل کا اندراج ہے ؎

"مرزا اسد اللہ خاں عرف مرزا نوشہ المتخلص بہ غالب ولد مرزا عبد اللہ خاں عرف مرزا دولہ نبیرۂ مرزا غلام حسین خاں کمیدان ساکن بلدۂ اکبر آباد شاگرد مولوی محمد معظم۔ شاعر فارسی ہندی"

اس تذکرہ میں دو شعر ایسے انتخاب ہوئے ہیں۔ جو اور کہیں ہماری نظر سے نہیں گزرے۔

زخم دل تم نے دکھایا ہے کہ جی جانے ہے — ایسے ہنستے کو رلایا ہے کہ جی جانے ہے
صبا لگا وہ طمانچہ طرف سے بلبل کی! — کہ روئے غنچۂ گل سوئے آشیاں پھر جائے

ان تذکروں کے قلمی نسخے ہندوستان کے چند کتبخانوں میں بھی ہیں۔ ان میں کوئی ایسا مل گیا جس پر تاریخ کتابت درج ہوئی تو مرزا کے چند نہایت ابتدائی اشعار کے متعلق کہا جا سکے گا کہ وہ کس عمر سے پہلے لکھے جا چکے تھے۔ تاہم اب بھی اتنا یقینی ہے کہ مرزا نے آٹھ نو سال کی عمر میں اردو اور دس گیارہ برس کی عمر میں فارسی شعر کہنا شروع کہنا شروع کر دیا تھا۔ اور غالباً ان اشعار کا معتد بہ حصہ جنہیں مرزا نے دس پندرہ سال بعد دیوان ریختہ سے حذف کیا۔ آگرے میں ہی لکھا جا چکا تھا۔ ان تذکروں میں سے ایک میں مرزا کے حالات اسد اور دوسرے میں غالب کے تحت میں دیئے ہوئے ہیں۔ مرزا نے تمام فارسی غزلیات میں غالب تخلص استعمال کیا ہے۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ فارسی شعر گوئی شروع کرنے کے کچھ عرصہ بعد انہوں نے اردو میں بھی غالب تخلص لکھنا شروع کر دیا۔ اور اس کے بعد بالعموم اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں یہی تخلص قائم رکھا اگرچہ شاعرانہ سہولت کی وجہ سے چند ایک بعد کی غزلوں میں اسد بھی استعمال کیا ہے۔

مرزا کا دہلی آنا جانا اس وقت سے شروع ہو گیا تھا جبکہ ان کی عمر ابھی پانچ سال کی تھی۔ لیکن بہ یقینی طور پر نہیں کہا جا سکتا کہ کس زمانہ میں وہ مستقلاً آگرہ چھوڑ کر دہلی گئے۔ البتہ ان کے چند خطوط سے خیال ہوتا ہے کہ وہ غالباً پندرہ سولہ برس کے ہونگے۔ جب انہوں نے آگرہ چھوڑ کر دہلی میں رہائش اختیار کی۔ لیکن چونکہ ننھیال آگرے میں تھا۔ وہاں بھی آتے جاتے اور دیر تک مقیم رہتے اس زمانہ میں انکی والدہ زندہ تھیں۔ اور ننھیال خوش حال۔ ایسی حالت میں ان کا آگرہ چھوڑنا ممکن ہے طلب علم کی خاطر ہو جس کے لئے دہلی کی فضا آگرے سے زیادہ ساز گار تھی۔ یا بیوی کے میکہ سے کسی ایسی خواہش کا اظہار کیا گیا ہو۔ اس زمانے کے متعلق انہوں نے ایک اردو خط میں لکھا ہے :-

"روٹی کا خرچ پھوپھی کے سر۔ بایں ہمہ کبھی خان نے کچھ دیدیا، کبھی
کچھ الور سے دلوادیا۔ کبھی ماں نے کچھ آگرے سے بھجوادیا۔"

مرزا کی پھوپھی کے متعلق کسی تذکرہ نگار نے کچھ نہیں لکھا۔ لیکن اُن کی چچی جو اُن کی بیوی کی پھوپھی بھی تھیں۔ نواب احمد بخش کی ہمشیر[1] تھیں۔ ممکن ہے انہیں کی طرف مؤدبانہ اشارہ ہو۔ اور قرین قیاس بھی یہی امر معلوم ہوتا ہے کہ آگرے سے آکر مرزا اپنی بیوی کے اقارب کے ہاں مقیم ہوئے ہونگے۔ اور "زندان دہلی" کی "حراست" بھی اسی مقدمہ کے سلسلہ میں ہوئی ہوگی۔ جس کا فیصلہ ۷ رجب ۱۲۲۵ھ کو سنایا گیا تھا۔

مرزا کے اس زمانے کے حالات کسی تذکرہ نگار نے نہیں لکھے۔ اور نہ ان کے اس زمانے کے خطوط محفوظ ہیں۔ لیکن چونکہ ان کی ادبی عظمت کی بنا اسی زمانے میں پڑی۔ ہم ان کے گرد و پیش کے حالات کسی قدر تفصیل کے ساتھ آئندہ باب میں درج کرینگے۔

---

[1] ۔ مرزا نے فارسی خط و کتابت پر جو رسالہ لکھا۔ اس میں نواب احمد بخش کو "عمّ عالی مقدار" لکھا ہے۔ اس صورت میں نواب کی ہمشیر کو پھوپھی لکھنا کوئی غیر معمولی بات نہ ہوگی۔

مرزا کا دہلی میں آنا جانا اسی وقت سے شروع ہوا جب شاہ عالم ثانی جنہیں غلام قادر روہیلا نے آنکھیں نکالکر اندھا کردیا تھا تخت شاہی پر متمکن تھے۔ روہیلوں کی بغاوت کے بعد دہلی میں مرہٹوں کا اقتدار بڑھا۔ تو سندھیا نے انہیں قید خانے سے نکالکر قلعہ میں بادشاہی تخت پر بٹھا دیا۔ اور اسکے بعد جب ۱۸۰۳ء میں لارڈ لیک نے سندھیا کو شکست دی اور دہلی میں انگریزی نظم و نسق قائم ہوا تو شاہ عالم ثانی کو بدستور تخت نشین رہنے دیا گیا۔ بلکہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کی حالت پہلے سے بہتر ہوگئی۔ مسٹر آرچیبالڈ سٹین ریذیڈنٹ دہلی۔ بادشاہ کے مفاد کا ہر بات میں خیال رکھتے اور قلعہ اور شہر میں کسی قسم کی مداخلت نہ کی جاتی۔ بادشاہ کی جو خاصے کی جاگیریں تھیں انکی آمدنی بڑھ گئی تھی۔ اسکے علاوہ اس زمانہ میں سکوں پر بادشاہ کا ہی نام ہوتا تھا۔ اور جاگیرداروں اور رئیسوں کی وراثت پر بادشاہ کی مہر توثیق کو ہی سب سے زیادہ اہمیت دی جاتی۔ شاہ عالم کی وفات ۱۸۰۶ء میں ہوئی اور انکی بجائے شاہ اکبر ثانی جانشین ہوئے۔ انکے زمانہ میں مسٹر آرچیبالڈ سٹین کی پالیسی قائم نہ رکھی گئی۔ لیکن قلعہ میں پھر بھی کوئی مداخلت نہ ہوئی۔ اور شہر میں بھی شاہی جلوس اور سواری

کا اہتمام اسی شان سے جاری رہا۔ جو اس سے پہلے تھا۔ علاوہ ازیں اگرچہ بادشاہ کی ہستی شاہ شطرنج سے زیادہ نہ تھی۔ وہ اپنے موروثی حقوق پر اڑے رہتے۔ چنانچہ ۱۸۱۴ء میں جب گورنر جنرل کلکتہ سے دہلی آئے تو انکی ملاقات بادشاہ سے اسی وجہ سے نہ ہو سکی کہ بادشاہ نے انکو اپنے برابر کرسی دینا قبول نہ کیا۔

قلعہ سے قطع نظر اسوقت شہر دہلی کی حالت موجودہ زمانہ سے بہت مختلف تھی۔ شہر کے گرداگرد فصیل تھی۔ اور سارا شہر اس کے اندر آباد تھا۔ شہر کے دروازے شام کو بند ہوتے اور صبح کو کھول دیئے جاتے۔ جہاں شہر دہلی کا موجودہ سٹیشن ہے۔ وہاں اس زمانے میں مکانات تھے اور غدر سے پہلے ایک آباد محلہ تھا۔ جہاں امرا وارا کین سلطنت رہتے تھے۔ چاندنی چوک کے درمیان اس زمانے میں نہر بہتی تھی۔ جس کے دونوں طرف خوشنما سایہ دار درخت تھے۔ معلوم ہوتا ہے کہ جب تک دہلی میں مرہٹوں کا راج رہا۔ شہر اور شہر کا قرب و جوار لٹیروں اور ڈاکوؤں سے محفوظ نہیں تھا۔ جہاں جان و مال خطرے میں ہو۔ وہاں قدرتی امر ہے کہ علم و فن عروج نہ پائے۔ چنانچہ دہلی میں جو کوئی شعر و سخن یا کسی اور فن میں نام پیدا کرتا۔ اسے لکھنؤ کی کشش یہاں سے کھینچ لیجاتی۔ لیکن جب ۱۸۰۳ء میں انگریزوں کا نظم و نسق قائم ہوا۔ تو نہ صرف شہر کی آبادی و خوشحالی بہت بڑھ گئی۔ بلکہ علم و فن کا جو شیرازہ بکھرا ہوا تھا۔ وہ پھر ایک دفعہ بندھ گیا۔ اور بقول حالی "دارالخلافہ دہلی میں چند ایسے اہل کمال جمع ہوگئے۔ جنکی صحبتیں اور جلسے عہدی اکبری اور شاہجہانی کی صحبتوں اور جلسوں کو یاد دلاتے تھے۔" سر سید احمد خاں نے آثار الصنادید میں اس زمانے کے اکابر علماء اور شعرا کے حالات لکھے ہیں۔ اور جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ دوسری ممتاز ہستیوں سے قطع نظر اس زمانے کے شعرا میں شاہ نصیر۔ ذوق۔ مومن۔ علما میں شاہ عبدالعزیز۔ شاہ اسمٰعیل۔ شاہ عبدالقادر حضرت سید احمد بریلوی۔ مولینا فضل حق خیرآبادی۔ اطباء میں حکیم محمود خاں۔ حکیم احسن اللہ خاں حکیم رضا خاں اور نقادوں میں نواب مصطفٰے خاں شیفتہ موجود تھے۔ اور یہ وہی لوگ ہیں جن کے زیر اثر سر سید۔ حالی۔ نذیر احمد۔ آزاد۔ ذکاء اللہ۔ داغ کی تربیت ہوئی۔ جو اگرچہ خود پرانے نظام کے پروردہ تھے

بیس سال کے عرصہ میں شمالی ہندوستان کو ایک نیا نظام تعلیم نیا لٹریچر اور مذہب کی مدافعت کے لئے نئے ہتھیار دیگئے۔ تو ہمیں غالب کے اس ماحول کا صحیح اندازہ ہوتا ہے جس کا وہ خود ایک جزو تھا۔ اور جسکی ناواقفیت کی وجہ سے عوام کے نزدیک غالب کی شخصیت ایک معمہ بنکر رہ گئی ہے۔

حالی اُس زمانے میں دہلی آئے۔ جب یہاں پت جھڑ شروع ہوگئی تھی۔ لیکن ابھی باغ میں پھول اور پھولوں کے گرد بلبلیں موجود تھیں۔ چنانچہ انہوں نے حکیم محمود خاں کا جو مرثیہ لکھا ہے۔ اس میں اس زمانے کی نہایت موثر تصویر کھینچی ہے۔ ؎

اے جہان آباد اے اسلام کے دار العلوم   اے کہ تھی علم و ہنر کی تجھ سے اک عالم میں دھوم
تھے ہنرور تجھ میں اتنے جتنے گردوں پر نجوم   تھا افاضہ تیرا جاری ہند سے تا شام و روم
زیب دیتا تھا لقب تجھ کو جہان آباد کا
نام روشن تجھ سے تھا غرناطہ و بغداد کا

تیری طینت میں ودیعت تھا مذاق علم و دیں   جیسے امی تجھ میں تھے، عالم نہ تھے ایسے کہیں
ہند میں تھا جو محدث تھا وہ تیرا خوشہ چیں   تھی محدث خیز اے پایۂ تخت تیری سرزمیں
تھا تفقہ بھی مسلم تیری خاک پاک کا
بیہقیٔ وقت تھا ایک ایک فقیہ اس خاک کا

طب میں گر یونانیوں کا سب سے آگے تھا قدم   آن کر اس نے لیا تھا دوسرا تجھ میں جنم
جب کہ تو آباد تھا دنیا میں اے باغ ارم   بھرتے تھے تیرے اطبا بھی مسیحائی کا دم
ہند میں جاری تجھی سے طب یونانی ہوئی
شہر شہر اس جنس کی یاں تجھ سے ارزانی ہوئی

لیکے ساتھ اسلام نکلا تھا عرب سے جو علوم   جن میں تھی اسلامیوں کی چار سو عالم میں دھوم
دولت و اقبال کا جب تک رہا تجھ پہ ہجوم   کھیتیوں پہ تیری برستے تھے ان کے جھوم جھوم
آئی گلشن میں نہ تیرے جب تلک فصل خزاں
تیری سرحد میں رہا ہے علم و دانش کا سماں

دورِ آخر میں کہ تیرا تیل تھا سب جل چکا | بجھتے بجھتے تھا کچھ اک تونے سنبھالا سا لیا
خاک نے یاں پھر تری اُگلے وہ لعلِ بے بہا | جن سے روشن ہوگیا کچھ دن کو نام اسلاف کا

عہدِ ماضی کا سماں آنکھوں میں سب کی چھا گیا
خواب جو بھولا ہوا مدت کا تھا یاد آگیا

جاہ و مکنت قوم کی گو تجھ میں کچھ باقی نہ تھی | پر نہ کی عرضِ ہنر میں تونے اب بھی کوتہی
اس بزرگی سے گزاری تیرھویں تونے صدی | پھر گئی آنکھوں میں پھر تصویر دورِ اکبری

علم دین و شعر و حکمت طب و تاریخ و نجوم
ڈال دی پھر تونے اپنی چار سو ہر فن میں دھوم

جن جن لوگوں نے انگلستان اور دوسرے مغربی ممالک کی ذہنی تاریخ کا مطالعہ کیا ہے وہ ریفارمیشن (REFORMATION یعنی اصلاح مذہب) اور رینائیسنس (RENAISANCE Renaissance یعنی حیاتِ ثانی) کی دو تحریکوں سے واقف ہونگے۔ جنہوں نے سولہویں صدی میں وہاں نئی روح پھونک دی تھی۔ اور علمی اور مذہبی نقطۂ نظر سے ایک نئے دور کا آغاز کیا تھا۔ مرزا جسوقت دہلی آئے یہاں بھی وہی حالات رُو نما تھے۔ جنہوں نے دو صدیاں پہلے یورپ کی کایا پلٹ دی تھی۔ انگلستان میں چھاپہ خانہ کی ابتدا سولہویں صدی میں ہوئی۔ اور اس کے قائم ہونے کے بعد ہی علم صحیح معنوں میں عام ہونا شروع ہوا۔ دہلی میں چھاپہ کے آغاز کا قریب قریب یہی زمانہ تھا۔ اور یہاں بھی اس سے اشاعتِ علم کو وہی فائدہ پہنچ رہا تھا۔ جو انگلستان میں ہوا۔ "رینائیسنس" کا ایک اہم واقعہ بائبل کا انگریزی ترجمہ ہے جس کی ابتدا میں بیحد مخالفت ہوئی۔ اور جس کی وجہ سے وکلف اور اسکے ساتھیوں کو سخت ایذائیں پہنچائی گئیں۔ ہندوستان میں بھی قرآن مجید کا پہلا فارسی ترجمہ کرنے پر شاہ ولی اللہ کو ننگی تلواروں کا سامنا کرنا پڑا۔ لیکن ان کی جرأت اور قابلیت سے ۱۷۴۳ء میں ہی ہندوستان میں وہ مرحلہ طے ہوگیا۔ جس کیلئے ترکی کو دو صدیاں اور انتظار کرنا پڑا۔ لیکن جس طرح مغربی "رینائیسنس" کی ایک اہم خصوصیت عام ملکی زبانوں کی ابتدا تھی۔ ہندوستان میں بھی فارسی اور عربی کی جگہ اردو

رہی تھی۔ اور چونکہ علما زمانے کی رفتار پہچانتے تھے۔ اردو نثر کی سب سے پہلی کتابوں میں قرآن مجید
کا اُردو ترجمہ تھا۔ جسے شاہ ولی اللہ کے صاحبزادے شاہ رفیع الدین نے ۱۸۰۳ء میں دہلی سے شایع کیا۔

علاوہ ازیں جسطرح مغربی "رینائیسنس" کی ایک اور قابل ذکر بات درس و تدریس کا بلند معیار تھا۔
دہلی بھی اس زمانے میں اپنے معلموں اور مدرسوں کی وجہ سے شہرۂ آفاق تھی۔ بالخصوص شاہ عبدالعزیز
کی ذات والاصفات کی موجودگی سے جو اپنی سلامت روی، صحیح قوت فیصلہ اور علمی قابلیت کی وجہ سے
مغربی "رینائیسنس" کی ایک قابل احترام ہستی ایرازمس (ERASMUS) سے بہت مشابہ ہیں۔
اور جن کے درس کیلئے کشمیر، افغانستان اور بلخ بخارا سے طلبا کھنچے آتے تھے۔ ان کے علمی تبحر اور
انصاف پسندی کے آگے سب سر جھکاتے تھے۔ اور اس میں کوئی شک نہیں۔ نہ صرف وہ علم و فضل
میں بے نظیر تھے۔ بلکہ زمانے کی نبض بھی خوب پہچانتے تھے۔ چنانچہ جب سرکار انگریزی نے دہلی کالج
قائم کیا۔ اور لوگ وہاں اولاد بھیجنے کے متعلق متامل تھے۔ تو شاہ صاحب نے بڑے زور سے وہاں
تعلیم حاصل کرنے کی حمایت کی اور علیگڑھ کالج قائم ہونے سے کوئی پچاس سال پہلے مغربی اور سرکاری
درسگاہوں میں تعلیم حاصل کرنے کے حق میں فتویٰ دیا۔

جنرل سلیمن جو ٹھگی کے انسداد کی وجہ سے ہندوستان کی تاریخ میں ممتاز مرتبہ رکھتے ہیں۔
اور جنہیں ہندوستانیوں کے ساتھ ملنے جلنے کا اتفاق عام یورپین افسروں سے زیادہ ہوتا تھا، اس
زمانے کی تعلیمی حالت کے متعلق لکھتے ہیں: "دنیا میں ایسی قومیں بہت کم ہونگی۔ جن میں تعلیم اس قدر
عام ہے جسقدر ہندوستان کے مسلمانوں میں۔ ان میں جو کوئی بیس روپیہ ماہوار کا مقدور ہوتا ہے وہ
اپنے لڑکوں کو اسی طرح تعلیم دیتا ہے جس طرح ایک وزیر اعظم اپنی اولاد کو۔ اور جو علوم ہمارے بچے
لاطینی اور یونانی زبانوں میں اپنے کالجوں میں حاصل کرتے ہیں وہی یہ لوگ عربی اور فارسی زبانوں
میں سیکھتے ہیں۔ اور سات سال کے درس کے بعد ایک طالب علم اپنے سر پر آکسفورڈ کے پاس شدہ
طالب علم کی طرح علم سے بھرا ہوتا ہے۔ وہ ستارۂ فضیلت باندھتا ہے اور اسی طرح روانی سے سقراط، ارسطو
افلاطون، بقراط، جالینوس اور بوعلی سینا کی نسبت گفتگو کرسکتا ہے۔ جس طرح آکسفورڈ کا پاس شدہ عالم۔"

جنرل سلیمن نے ایک اور جگہ لکھا ہے، "ایک تعلیم یافتہ مسلمان فلسفہ ادبیات اور دوسرے علوم وفنون پر قابلیت سے گفتگو کر سکتا ہے۔ اور بالعموم ان مضامین پر گفتگو کرنے اور موجودہ زمانے میں ان میں جو تبدیلیاں ہوئی ہیں، اُنہیں سمجھنے کا بہت خواہشمند ہوتا ہے۔"

ان سطور سے یہ تو واضح ہوتا ہے کہ شمالی ہندوستان کا نظام تعلیم اُس زمانے کے انگریزی نظام تعلیم سے یا اکسفورڈ کے موجودہ کلاسیکل کورس کے مقبول عام نصاب سے کسی طرح پست نہیں تھا۔ اور اس کے علاوہ اگر درخت فقط اپنے پھل سے پہچانا جا سکتا ہے تو جیسا کہ ہم کہہ چکے ہیں جن معلموں کے حلقہ درس سے سرسید، حالی، آزاد، داغ، شیفتہ (اور غالب!) دستار فضیلت باندھ کر نکلیں۔ وہ اپنے درس و تدریس پر جتنا بھی فخر کریں، کم ہے۔

اس عام علمی اور ادبی چہل پہل کے علاوہ ایک تحریک جس سے اس وقت دہلی کے گلی کوچے گونج رہے تھے۔ سید احمدؒ بریلوی اور شاہ اسمٰعیل کی تحریک اصلاح تھی جسے سرسید احمدؒ نے لوتھر کی تحریک "ریفارمیشن" کے مشابہ قرار دیا ہے۔ اور حضرت بریلوی کے متعلق ڈاکٹر ہنٹر کے اعتراضات کا جواب دیتے لکھا ہے۔ کہ جس طرح لوتھر نے یورپ کے بڑے حصے کو پوپ کی غلامی سے نجات دلائی۔ اسی طرح یہ تحریک بھی تقلید کی مخالفت میں تھی۔ اور سید احمد بریلوی نے ان فضول اور مضر رسموں کے خلاف جو ابتدائے زمانہ سے ہندوستانی معاشرتی زندگی کا جزو ہو گئی تھیں، کوشش کر کے نہ صرف مذہبی بلکہ معاشرتی نقطہ نظر سے بھی شمالی ہندوستان پر بڑا احسان کیا۔ ہمیں اس تحریک کے متعلق مفصل بحث کی ضرورت نہیں۔ لیکن غالب کا ماحول سمجھنے کیلئے اس کا تذکرہ ضروری ہے کیونکہ یہ وہ زمانہ تھا جب دہلی میں تمام اہل الرائے یا اس تحریک کے طرفدار تھے یا مخالف۔ شاہ نصیر دہلوی نے جن کی خوش اعتقادی کی آزاد نے "آبِ حیات" میں کئی مضحکہ خیز مثالیں دی ہیں اس تحریک کے خلاف نظمیں لکھیں۔ برخلاف اسکے مشہور شاعر مومن مولینا سید احمدؒ بریلوی کے مرید تھے۔ اور دیوانِ مومن کا آغاز مولینا کی تعریف سے ہوتا ہے۔ غیر مقلدین میں سب سے زیادہ رسائل شاہ اسمٰعیل اور سرسید احمدؒ خاں نے لکھے۔ اور مقلدین کی ترجمانی مولوی فضل حق نے کی۔ جو قدیم علم پرور خیرآبادی خاندان

لیکن جب مرزا دہلی آئے۔ اور مولینا فضل حق اور دوسرے مسلمہ استادوں نے انہیں ان اشعار کے حسن وقبح سے آگاہ کیا۔ تو مرزا کو ان کے علم وفضل کے آگے سر جھکانا پڑا۔ اور جسطرح مندرجہ بالا رباعی کا دوسرا مصرعہ تبدیل کیا۔ اور اپنے معترضوں کو بجائے "جاہل" کے "سخنوران کامل" کہا۔ اسی طرح اپنی شاعری کا رخ بدلا۔ دیوان ریختہ کا انتخاب انہی کے مشورے سے ہوا اور اگرچہ انتخاب کرتے وقت بعض بلند پایہ اشعار رہ گئے ہیں۔ بہ حیثیت مجموعی یہ انتخاب ذوق سلیم کا ثبوت ہے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ اگر دیوان غالب تمام کا تمام شایع ہو جاتا۔ تو خدشہ تھا۔ کہ جہاں اتنے سیپ اور کوڑیاں تھیں۔ وہاں سُچے موتی بھی نظر سے پنہاں ہو جاتے۔

مرزا کے اس زمانے کے احباب کی نسبت ہمیں پوری واقفیت نہیں۔ لیکن چونکہ ان کی شادی نواب مرزا الٰہی بخش معروف کی صاحبزادی سے ہوئی تھی۔ جو شعر کے بڑے دلدادہ تھے۔ اور جن کے اکثر شعراء سے مربیانہ تعلقات تھے۔ یقین ہے کہ مرزا بھی دہلی کے سب بڑے بڑے شعرا کی صحبت سے فیضیاب ہوئے ہونگے۔ معروف ذوق کے شاگرد تھے۔ اور زبان میں صفائی اور روزمرہ کے بڑے مداح تھے۔ ظاہر ہے کہ انہیں مرزا کی شاعری بہت پسند نہ ہوگی لیکن یہ بھی قرین قیاس ہے کہ ان کی صحبت کے زیر اثر زبان کی صفائی کی طرف مرزا زیادہ متوجہ ہوئے ہونگے۔ معروف خود بھی شاعر تھے۔ نئی نئی زمین نکالتے۔ اور ان میں شعر کہتے اور کہلواتے چنانچہ مرزا کی وہ غزل جس میں ذیل کا شعر مشہور ہے۔

پلا دے اوک سے ساقی جو ہم سے نفرت ہے
پیالہ گر نہیں دیتا۔ نہ دے۔ شراب تو دے

انہی کی نکالی ہوئی زمین میں ہے۔ اور اس میں غالب کے علاوہ دہلی کے اور مشہور شعرا نے بھی طبع آزمائی کی۔

ہرمز کی نسبت ہم لکھ چکے ہیں کہ مرزا دہلی آئے تو وہ ہمرکاب تھا۔ اسکی صحبت سے مرزا کو فارسی زبان میں وہ ملکہ حاصل ہو گیا۔ جو عموماً اہل زباں کا حصہ ہوتا ہے۔ اور جس طرح عام ایرانی ہندوستانیوں

کی فارسی کو خاطر میں نہیں لاتے۔ مرزا بھی شروع سے ہی ہندی زبانان فارسی نویس" کو تمسخر کی نظر سے دیکھنے لگے۔ اس کے علاوہ ہرمز کی وجہ سے پارسیوں کے عقائد سے بھی مرزا کی واقفیت بڑھ گئی۔ اور مذہب کے متعلق عام طور پر ایک آزادخیالی پیدا ہوگئی۔ ہرمز کے عقائد کے متعلق ہمیں پوری خبر نہیں۔ لیکن عجب نہیں کہ وہ شیعہ ہو۔ اور مرزا کا اپنے خاندان کے طریقہ کو چھوڑکر شیعہ ہونا اسی کے زیر اثر ہو۔

دہلی آنے کے بعد غالب کی شاعری میں جو نمایاں تبدیلی ہوئی۔ اس کی ایک اہم وجہ ہندوستان کے فارسی شعرا کا غائر مطالعہ اور ان کی تقلید ہے۔ اور حقیقت یہ ہے۔ کہ مرزا کی شاعری کا صحیح اندازہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے۔ جب بجائے میرؔ اور سوداؔ کے انہیں بیدلؔ اور عرفیؔ کا جانشین سمجھا جائے۔ بیشک انہوں نے اردو شعر لکھے۔ لیکن انہوں نے کسی اردو شاعر کی پیروی نہیں کی۔ بلکہ اردو میں بھی پہلے بیدل اور بعد میں عرفی نظیری کی طرز میں اشعار لکھے۔ وہ میرؔ کے مداح تھے۔ لیکن میرؔ کی غزلوں پر بھی جو غزلیں انہوں نے کہی ہیں۔ وہ میرؔ نہیں بلکہ بیدلؔ کے رنگ میں ہیں۔ اور اگرچہ ان کے اس زمانے کے اشعار کی زبان اردو ہے۔ لیکن مضمون اور زبان کی تمام خصوصیات فارسی شاعری کی ہیں۔ مرزا اپنے اردو اور فارسی کلام میں وہ حد فاصل نہیں رکھتے تھے۔ جو اس زمانے میں عوام کی فارسی سے ناواقفیت سے ہو گئی ہے۔ وہ گل رعنا کے دیباچہ میں لکھتے ہیں کہ انہوں نے اردو اشعار کے لکھنے میں بھی وہی طریقہ اختیار کیا۔ جو فارسی اشعار کے لکھنے میں۔ ان کی شاعری بقول انکے ایک باغ کی طرح ہے۔ جس کے دو دروازے ہیں ایک اردو اور ایک فارسی۔ اور مرزا کے مقابلہ میں باقی اردو شعرا کے کلام کی پستی کی ایک وجہ یہ بھی ہے۔ کہ ان شعرا کی نظر دل سے پہلے نہیں جاتی تھی۔ اور ان کے کلام میں مضامین کی وہ شادابی اور تنوع نہیں۔ جو مرزا کے کلام میں ہے۔ جن کی روایات کا سلسلہ حزیں۔ بیدل ظہوری۔ عرفی۔ نظیری کے واسطے سے امیر خسرو تک پہنچتا ہے۔ مرزا نے آغاز بیدل کے رنگ میں کیا۔ لیکن جب انہوں نے فارسی شاعری کا زیادہ مطالعہ کیا۔ تو شیخ علی حزیں نے مسکراکر

ان کی بیرا۔۔ روی انہیں جتائی۔ اور طالب آملی اور عرفی شیرازی کی غضب آلود نگاہ نے آوارہ اور مطلق العنان پھرنے کا جو مادہ تھا۔ فنا کردیا۔ اور نظیری نے اپنی خاص روش پر چلنا سکھایا" تو ان کے کلام میں ان شعرا کی خصوصیات زیادہ آگئیں۔ اور وہ تشبیہوں کی غرابت اور پیچیدہ تراکیب کے اس سراب سے بچ نکلے۔ جسمیں بیدل کی شعریت فنا ہوئی تھی۔ جیسا کہ ہم اس کتاب کے دوسرے حصہ میں دکھائینگے۔ مرزا کے کلام کی سب سے بڑی خصوصیت انسانی فطرت کی واقفیت ہے۔ جو اردو کے اور شعرا میں نہیں۔ لیکن آخر مرزا کا نفسیاتی تعمق اکبری شعرا کی وہی معاملہ بندی ہے۔ جو عرفی اور دوسرے شعرا میں تو محبت کے چند پہلوؤں تک محدود تھی۔ لیکن جسے مرزا نے وسعت دیکر تمام انسانی فطرت کا مطالعہ بنا دیا ہے۔ مرزا کو دہلی آنے سے پہلے ہی فارسی شاعری سے لگاؤ تھا۔ لیکن فارسی کا کلام پڑھنے اور سمجھنے کا زیادہ موقعہ انہیں یہاں آنے کے بعد ہی ملا ہوگا۔ اور ہمارے خیال میں ان کی شاعری پر خارجی اثرات میں سب سے اہم فارسی شعرا کا مطالعہ اور ان کی پیروی ہے۔

اسکے علاوہ مرزا کی شاعری میں جو انقلاب آیا۔ وہ بڑی حد تک اس انقلاب کا عکس تھا۔ جو مرزا کی ذہنی گہرائیوں میں وقوع پذیر ہو رہا تھا۔ اس زمانے میں مرزا کی طبعی انفرادیت بہت کم ہوگئی تھی۔ عنفوانِ شباب میں انسان اپنے تئیں دنیا کا مرکز سمجھتا ہے۔ اور یہ خیال کرتا ہے۔ کہ میری رائے اور پسند کے آگے سب کو سر جھکانا پڑے گا۔ مرزا کی طبیعت میں یہ رجحان جیسا کہ ان کے خاص طرزِ شاعری (یا انکے بھائی کی علالت سے بھی) خیال ہو سکتا ہے۔ عوام سے بہت زیادہ تھا۔ اور اس انتہائی انفرادیت کے بقول ایڈلر دو ہی نتیجے ہو سکتے ہیں کہ یا تو انسان قناعت اور خودداری کو حد سے بڑھا کر اور اپنے سوا باقی سب کو جاہل اور ہوش سے عاری سمجھکر سوسائٹی سے اس طرح بیگانہ ہو جائے۔ کہ سوسائٹی کے نزدیک وہ اپنا دماغی توازن کھو بیٹھے اور یا دوسروں کے نقطۂ نظر کو سمجھتے ہوئے اپنی انفرادیت کو ان حدود میں رکھے۔ کہ اسکا امتیازی رنگ بھی قائم رہے اور دوسروں کے نزدیک سڑی پن بھی نہ ہو۔ یہ اردو ادب کی خوش قسمتی

تھی۔ کہ مرزا کی طبعی رجحانات پر ان کی عقل غالب آئی۔ اور انہیں خوش قسمتی سے ایسے دوست میسر آئے۔ جن کی صحبت نے ان کی بے قاعدگیاں ہموار کر دیں۔ شخصی انفرادیت مٹانے اور مناسب حسن تناسب کھانے کے لئے سوسائٹی کا سب سے بڑا حربہ ظرافت ہے۔ جیسے کنج تنہائی سے بزم احباب زیادہ راس آتی ہے۔ اور جوں جوں مرزا کا حلقہ احباب وسیع ہوتا گیا۔ اور ساتھ ساتھ مشاہدے اور تجربے سے طبیعت کی ندرت حسی کم ہوئی۔ تو ان کی انفرادیت بھی خوشگوار حدود میں آ گئی۔ اور عجیب وغریب خیالات اور طبیعت کی یبوست کی جگہ خوشگوار خیالات اور ظرافت نے لے لی۔

دیوان غالب کا بھوپالی نسخہ اس وقت مرتب ہوا۔ جب غالب آلامِ دنیا سے بالکل آزاد تھے۔ اور جس رنگین زمانہ کی یاد سے ان کا ابتدائی کلام معمور ہے۔ غالب اس وقت نواب احمد بخش کے ساتھ رہتے تھے۔ نواب احمد بخش نے مرہٹوں کے خلاف لارڈ لیک کے معرکوں میں نام پیدا کیا تھا۔ اور ۱۸۰۵ء میں لارڈ موصوف نے ان خدمات کے عوض میں انہیں فیروز پور جھرکا کا علاقہ جو اب ضلع گڑگاؤں کا حصہ ہے۔ تفویض کیا تھا۔ نواب نے مہاراجگان الور اور سرکار انگریزی کے درمیان تعلقات قائم کرنے میں بھی بہت حصہ لیا۔ اور مہاراجہ الور نے ان خدمات کے صلہ میں پرگنہ لوہارو انہیں بخش دیا تھا۔ نواب کی جائداد کافی تھی۔ اور جسطرح بڑے گھروں میں بہت سے متعلقین آسانی سے بسر اوقات کرتے ہیں۔ نواب کے برادر زادہ مرزا علی بخش اور غالب نواب کے ساتھ بہت عرصہ مقیم رہے۔ اس سلسلہ میں غالب نے بہت سا وقت فیروز پور جھرکہ میں گزارا۔ اور جب انگریزی فوج نے ۱۸۲۵ء میں مہاراجہ بھرتپور کے خلاف چڑھائی کی۔ تو غالب اور مرزا علی بخش بھی نواب کے ہمرکاب تھے۔ غالب کی سب سے پہلی نثر کی تصنیف اسی زمانے

کی یادگار ہے۔

مرزا علی بخش نے جو غالب کی بیوی کے بھائی بھی تھے۔ غالب سے استدعا کی کہ فارسی خط و کتابت کے قواعد اور القاب خیریت وغیرہ کے موزوں فقرے ایک جگہ جمع کر دیں۔ چنانچہ مرزا نے ایک مختصر رسالہ میں جو ان کے کلیات فارسی میں موجود ہے۔ فارسی مکتوب نویسی کے قواعد جمع کئے ہیں۔ یہ رسالہ صاف اور سلیس زبان میں لکھا ہوا ہے۔ اور اس کے دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ خط و کتابت کا جو نفیس اسلوب انہوں نے تیس برس بعد اردو زبان میں اختیار کیا (اور جس سے انکے فارسی خطوط بیشتر عاری ہیں) اسوقت بھی انہیں پسند خاطر تھا۔ وہ اس رسالہ میں لکھتے ہیں:-

"مکتوب الیہ را بلفظیکہ فراخور حال اوست آواز دہم و زمزمہ سنج مدعا گردم القاب و آداب گوئی و خیریت گرئی و عافیت جوئی حشو زائد است۔ دیگر نگارش حشو را۔ فی نہند نامہ نگار را باید کہ نگارش را از گذارش دور تر نبردہ نبشتن را رنگ گفتن دہد۔" فارسی زبان میں انہوں نے بہت حد تک رواج عام کی پیروی کی ہے۔ لیکن اردو رقعات میں مندرجہ بالا اصولوں پر پوری طرح عمل کیا ہے۔ اور بقول اپنے "مراسلہ کو مکالمہ بنادیا۔ دور سے بیٹھے بزبان قلم باتیں کیا کیجئے۔"

اس رسالہ سے یہ بھی پتہ چلتا ہے۔ کہ ہندوستانی فارسی نویسوں کی زبان دانی سے جو نفرت انہیں تمام عمر رہی۔ اور جس نے بعض اوقات تلخ بحث کا رنگ اختیار کر لیا۔ اس وقت بھی موجود تھی۔ اور غالباً ہرمزد کی صحبت کا اثر تھی۔ وہ فارسی لکھنے والے کو ہدایت کرتے ہیں "اندازہ خوبی زبان نگاہدارد درین پارسی آمیختہ بتازی۔ و از کشاکش تصرفات ہندی زبانان پارسی نویس عنان بگرداند۔"

پھر تیور کا معرکہ ۱۸۲۵ء میں ہوا۔ لیکن اگرچہ اس تصنیف سے غالب کی جائیداد کے جھگڑوں کے متعلق کوئی اطلاع نہیں ملتی۔ غالباً ان کی ابتدا اسی زمانہ میں ہوئی۔ نواب احمد بخش کے تین صاحبزادے تھے۔ نواب امین الدین۔ جن کے نام غالب نے اپنا دیوان فارسی معنون کیا ہے۔ نواب ضیاء الدین نیر و رخشاں جو غالب کے شاگرد اور عزیز دوست تھے۔ اور ان دونوں کے سوتیلے بھائی اور مشہور شاعر داغ کے والد نواب شمس الدین۔ نواب احمد بخش نے ۱۸۲۲ء میں سرکار انگریزی اور مہاراجہ

کی اجازت سے نواب شمس الدین ہی کو تمام جائیداد کا وارث قرار دیا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس فیصلہ پر سب بھائی متفق نہ تھے۔ اور اس میں بعد کو کچھ ترمیم بھی ہوئی۔ چنانچہ فروری ۱۸۲۵ء میں اپنے والد کے مشورہ پر نواب شمس الدین نے پرگنہ لوہارو ایک اقرار نامے سے اپنے دو بھائیوں کے نام منتقل کردیا۔ اور بالآخر اکتوبر ۱۸۲۶ء میں جائیداد کا انتظام اپنے ہاتھوں میں لیا۔

چونکہ مرزا کی جاگیر بھی نواب احمد بخش کی جاگیر میں شامل ہوگئی تھی۔ ظاہر ہے کہ مرزا کو بھی اپنی حق تلفی کا خیال اسی زمانہ میں ہوا ہوگا۔ جب نواب احمد بخش کی جاگیر کے متعلق آخری فیصلہ ہوا ان کو جاگیر اپنے چچا مرزا نصر اللہ خاں بہادر کے وارث ہونیکی وجہ سے ملی تھی۔ جو پہلے مرہٹوں کی طرف سے آکبر آباد کے صوبہ دار تھے۔ اور جب لارڈ لیک کی عملداری ہوئی۔ تو چار سو سواروں کے رسالدار مقرر ہوئے۔

انہیں اسی کے صلہ میں علاوہ ذاتی زرمعاوضہ کے معقول جائداد حین حیات ملی تھی۔ لیکن ایک سال کے بعد ہی ان کا انتقال ہوگیا۔ ان کی وفات پر ان کے وارثوں اور متعلقین کے لئے سرکار نے فیروزپور جھرکا کی ریاست سے پنشنیں مقرر کرادیں۔ جو نواب احمد بخش کی جاگیر میں شامل تھی۔ مرزا کا دعویٰ تھا۔ کہ انکے اپنے اور شرکائے حقیقی کیلئے دس ہزار روپیہ سال مقرر ہوئے تھے۔ لیکن نواب فقط تین ہزار دیتے تھے۔ جن میں خاص مرزا کا اپنا حصہ فقط ساڑھے سات سو روپیہ کا تھا شروع شروع میں تو ان کے نواب سے بہت اچھے تعلقات تھے۔ اور نواب ان کی مدد اور خبرگیری کرتے رہے۔ لیکن ۱۸۲۶ء کے قریب اختلافات کا آغاز ہوا۔ مرزا کے خسر نواب الٰہی بخش معروف جو نواب کے بھائی تھے۔ اسی سال فوت ہوگئے۔ اور ممکن ہے ان کی وفات کے بعد نواب سے مرزا کا اثر کم ہوگیا ہو۔ مرزا کی عمر اس وقت تیس اُنتیس سال کی تھی۔ اور تمام عمر عیش و عشرت کا عادی رہنے کے بعد اب عیش و مسرت کا سرچشمہ خشک ہوتا نظر آتا تھا۔ دوسرے جن لوگوں نے ابتدائی توقعات کی بنا پر قرضے دیئے تھے۔ وہ اب مختصر پنشن دیکھ کر تقاضے کر رہے تھے۔ اور سب سے بڑا صدمہ اس موقعہ پر یہ ہوا کہ ان کا چھوٹا بھائی مرزا یوسف دیوانہ ہوگیا۔

غالب کی حساس طبیعت کے لئے ذریعۂ معاش کی تنگی، بھائی کی بیماری، قرضخواہوں کے تقاضے اور دوسری مصیبتیں ناقابلِ برداشت تھیں۔ دوستوں نے مشورہ دیا۔ کہ نواب کی خدمت میں جاکر دردِ دل کہو۔ ممکن ہے وہ مدد کرے۔ چنانچہ مرزا دہلی سے فیروز جھرکا گئے۔ نواب ان دنوں الور تھا۔ اور مرزا کو فیروز پور جھرکا رکنا پڑا۔ یہاں سے انہوں نے جو خطوط اپنے شاگرد منشی ہرا سنگھ کے والد رائے چھجمل کھتری کے نام لکھے ہیں۔ ان سے ان کی مصیبتوں کا پتہ چلتا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:-

"چہ نالہ ہا کہ از بیم رسوائی از دل تا بہ زبان نرسیدہ خون میگردد و چہ خونابہا کہ از دودِ بیکسی کسوتِ اشک پوشیدہ از چشم بیرون میرود۔ چارۂ رنجِ بیدل معدوم و پایان کارِ نا معلوم است پیداست کہ از قفس بدام افتادہ را چہ حال خواہد بود۔" اس کے بعد نواب کے انتظار میں جو بیقراریاں ہوئی ہیں۔ ان کا ذکر کرکے لکھا ہے۔" ہر چند در وطن نیم اما قربِ وطن نیز تیا مست است۔ منوز باالی کاشانہ راہ نامہ و پیام است۔ ہرچہ دیدہ میشد آشوبِ چشم بود ہر چہ شنیدہ میشود زحمتِ گوش است۔ نمیدانم کہ از آں ورطہ بر دل آوردہ ام ودیعتِ خاکِ فیروز پور است۔ کہ مرا این اقامت اضطراری اتفاق افتاد۔" آخر جب خدا خدا کرکے نواب الور کے قضیوں سے فارغ ہوا۔ اور فیروز پور واپس آیا تو معلوم ہوا کہ دوستوں کے مشورہ سے امیدوں کے جو قلعے بنائے ہوئے تھے۔ ان کی بنیاد ریت پر ہے۔ اور نواب سے کسی طرح کی توقع رکھنا عبث ہے۔ چنانچہ بقول غالب" نواب صاحب مرا بہ لطفِ زبانی فریفتند و کرشمۂ ستم کہ بالتفات میہا نست رنجہ پروردند۔" چنانچہ مرزا کو دہلی ناکام واپس لوٹنا پڑا۔

مرزا کو جب نواب کی طرف سے قطعی مایوسی ہوئی۔ تو انہوں نے نواب کی تقسیم کے خلاف کلکتہ میں اپیل کرنیکا ارادہ کیا۔ بقول حالی ریذیڈنٹ دہلی نے انہیں کامیابی کی امید بھی دلائی چنانچہ وہ تیس برس کے ہونگے۔ جب وہ اس دور دراز سفر کے لئے گھر سے روانہ ہوئے۔

مرزا دہلی سے کب روانہ ہوئے۔ اس کی صحیح تاریخ تو معلوم نہیں۔ لیکن دہلی سے وہ لکھنؤ گئے اور وہاں سے ان کی تاریخ روانگی ۲۰ جون ۱۸۲۶ء یا ۲۶ ذیقعد ۱۲۴۱ھ ہے۔ لکھنؤ میں غالب

نے بہت دیر قیام کیا۔ اور اگر اس فارسی نثر کی تاریخ تحریر کو جو انہوں نے وزیر اودھ کی تعریف میں لکھی تھی۔ درست مان لیا جائے۔ تو یہ ماننا پڑے گا۔ کہ کم از کم دوم محرم الحرام سے ۲۶ ذیقعدہ تک یعنی قریباً ۱۱ مہینے وہ لکھنؤ مقیم رہے۔

مرزا جب لکھنؤ پہنچے تو وہاں غازی الدین حیدر بادشاہ تھے۔ اپنے والد نواب سعادت علیخاں کی وفات کے پانچ سال بعد تک وہ نواب وزیر ہی کہلاتے رہے۔ لیکن جب ۱۸۱۹ء میں لارڈ ہیسٹنگز نے نظام حیدر آباد اور نواب وزیر اودھ کو بادشاہ کا خطاب اختیار کرنے کا مشورہ دیا۔ (اور مشہور ہے کہ نظام نے مغلیہ بادشاہ کے احترام کے خیال سے نہ مانا) تو غازی الدین حیدر نے اپنے بادشاہ ہونے کا اعلان کیا۔ اور سال ۱۸۱۹ء میں بڑی دھوم دھام سے ان کی تخت نشینی کی تقریب ہوئی جس کی ناسخ نے تاریخ بھی کہی ع بگو ناسخ کہ ظل اللہ گردید"۔ انہیں شعر سے تھوڑی بہت دلچسپی ضرور تھی۔ چنانچہ مشہور ہے کہ انہوں نے ناسخ کو ملک الشعرا کا خطاب دیکر اپنے دربار سے متعلق کرنا چاہا لیکن ناسخ نے یہ کہکر کہ غازی الدین کو نہ تو شاہانِ دہلی کا مرتبہ حاصل ہے۔ اور نہ سرکار انگریزی کا زور و اقتدار۔ خطاب واپس کر دیا۔

جب مرزا لکھنؤ پہنچے۔ تو بادشاہ کی خدمت میں باریابی کیلئے نائب السلطنت کی مدد کی ضرورت تھی۔ نائب السلطنت اسوقت معتمد الدولہ آغا میر تھے۔ جنہوں نے ملازمت کا آغاز بطور ایک خدمتگار کے کیا تھا۔ لیکن نواب بیگم اور ریذیڈنٹ کی مدد سے بادشاہ پر اسقدر اقتدار حاصل کر لیا تھا۔ کہ اب وہ سلطنت کے سیاہ و سفید کے مالک تھے۔ جیسا کہ غالب کے خطوں سے پتہ چلتا ہے۔ ان کی نیابت تاریخ اودھ کا ایک نہایت تاریک باب[لے] ہے۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ انہیں بھی شعر گوئی سے تھوڑی بہت دلچسپی ضرور تھی۔ اور (شاید اپنے مدمقابل حکیم مہدی کی ضد سے) وہ ناسخ کی کے مربی گنے جاتے تھے۔ چنانچہ مرزا نے بھی ان کی خدمت میں پیش کرنے کے لئے ایک مدحیہ

لے۔ غالب کے لکھنؤ سے جانیکے چند مہینے بعد ہی آغا میر معزول ہو گیا۔ اور قریباً چار سال تک کانپور کے ہیرے میں اپنے گھر کے اندر قید رہا۔ (سیتھ)

نثر صنعتِ تعطیل میں لکھی۔ لیکن اس نثر کے پیش کرنے کی نوبت نہیں آئی وجہ اس کی یہ تھی کہ ملاقات کے لیئے نائب نے جو شرطیں پیش کیں۔ انہیں مرزا باعث شرم اور خودداری کے خلاف سمجھتے تھے چنانچہ غالب ایک خط میں لکھتے ہیں "آنچہ درباب ملازمت قرار یافت خلاف آئینِ خویشتن داری و ننگ شیوہ خاکساری بود" مرزا بقول اپنے اس وقت "خوآموز شیوہ گدائی" تھے۔ [illegible] کی تعریف میں سب سے پہلے جو قصیدہ انہوں نے لکھا ہے۔ اس میں بھی [illegible]

نازپروردۂ خلوت گہ آزادگیم	کافرم گر بسرا پردۂ سلطان رفتم

من ہم از خیل گدایانم و خجلت نبود

گر بدریوزہ بدرگاہ کریمان رفتم

اس قصیدہ میں جس کی زبان بہت صاف ہے۔ مرزا نے اپنی مصیبتوں اور دہلی سے لکھنؤ جانے کی دردناک داستاں لکھی ہے:-

چہرہ اندودہ بگرد رہ آغشتہ بخوں	خود گرا اہم کہ زدہلی بہ چہ عنواں رفتم
اضطرار آئینہ پرداز جلیسے دلمست	[illegible]
ہم جگر تفتہ زکیں خواہی اعدا شدم	ہم دل آزردہ زبے مہری خویشاں رفتم
ایمن از فتنہ عیاری عیارانم	[illegible]

منت از خویش بہ اندازہ طاقت دارم

گر دریں بادیہ بے مرکبِ ازواں رفتم

✓ | غالب لکھنؤ سے ۲۷ جون [illegible] کو روانہ ہوئے [illegible]

لہ مرزا نے یہ قصیدہ دہلی سے شاہِ اودھ کے وکیل [illegible] [illegible] [illegible]

کا انتقال ہو گا۔ اور انکی جگہ نصیر الدین حیدر جو اُنکے بیٹے کہلاتے تھے تخت نشین ہوئے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اسکے سات آٹھ سال بعد جب روشن الدولہ نائب السلطنت تھے۔ تو منشی محمد حسن اور روشن الدولہ کی وساطت یہ قصیدہ بادشاہ کے دربار میں پڑھا گیا۔ اور وہاں سے پانچ ہزار روپیہ دینے کا حکم ہوا۔ لیکن بقول ناسخ اس میں سے تین ہزار نواب روشن الدولہ نے کھائے۔ دو ہزار متوسط یعنی منشی محمد حسن نے۔ غالب بیچارے کو پانچ روپے بھی نہ ملے۔

حالی نے مرزا کے قیام لکھنؤ کی نسبت ایک آدھ لطیفہ لکھا ہے اس سے زیادہ اس قیام کی نسبت ہمیں بہت واقفیت نہیں۔ ناسخ سے ان کے تعلقات دوستانہ تھے۔ لیکن چونکہ اس نے بادشاہ کا خطاب حقارت سے ٹھکرا دیا تھا۔ وہ ان دنوں بادشاہ کے زیر عتاب تھا۔ اور اس زمانے میں لکھنؤ سے باہر تھا۔ ورنہ قرین قیاس ہے کہ (اگر غالب سے اس کے تعلقات بعد کے نہیں) تو وہ آغا میر کے پاس رسائی میں مفید ہوتا۔

مرزا کی بعض تحریروں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس زمانہ میں اردو شعر گوئی ترک کر چکے تھے۔ لیکن چونکہ لکھنؤ میں فارسی کا قدردان کوئی نہ تھا۔ اس قیام میں انہوں نے چند ایک اردو غزلیں لکھی ہونگی۔ ایک غزل تو جس کے اخیر میں ذیل کے قطعہ بند اشعار ہیں۔ یقیناً اس زمانے کی یادگار ہے۔

لکھنؤ آنیکا باعث نہیں کھلتا یعنی ہوس سیر و تماشا سو وہ کم ہے ہمکو
مقطع سلسلہ شوق نہیں ہے یہ شہر عزم سیر نجف و طوف حرم ہے ہمکو
لئے جاتی ہے کہیں ایک توقع غالب
جادۂ رہ کشش کاف کرم ہے ہمکو

غالب ۲۶ ذیقعد یعنی ۲۷ جون ۱۸۲۷ء بروز جمعہ لکھنؤ سے روانہ ہوئے۔ اور تین روز میں کانپور پہنچے۔ وہاں سے باندا گئے۔ جہاں مولوی محمد علی صدر امین نے باوجودیکہ مرزا سے پہلے تعارف نہیں تھا۔ انسے بہت نیک سلوک کیا۔ قیام باندا میں انہیں آرام سے رکھا۔ اور کلکتہ کے بارسوخ آدمیوں کے نام تعارفی خطوط بھی دیئے۔ باندا سے وہ موڈا گئے۔ اور موڈا سے چلہ تارا

آخری حصہ سفر کیلئے انہوں نے گھوڑا گاڑی لی۔ لیکن جب انہیں اس سفر میں معلوم ہوا کہ سواری آسانی سے نہیں ملتی۔ اور جو جانور ملتے ہیں۔ وہ غالب نیم جان سے بھی سست رفتار ہیں تو انہوں نے چلہ تارا سے کشتی لی۔ اور دریا کے راستے سے الٰہ آباد پہنچے۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہاں جاتے وقت یا واپسی پہ کوئی ناخوشگوار ہنگامہ پیش آیا۔ جس کی نسبت ایک فارسی قصیدے میں اشارہ ہے۔

نفس بلرزہ ز بادِ نہیبِ کلکتہ

نگاہ خیرہ ز ہنگامۂ الٰہ آباد

یہاں ان کا کچھ دیر توقف کا ارادہ تھا۔ لیکن غالباً وہ نہ ہو سکا۔ اور وہ بنارس پہنچے جس وقت وہ بنارس پہنچے تو طبیعت ناساز تھی۔ چنانچہ رائے چھجمل کو ایک خط میں لکھا ہے۔ "چہ نویسم کہ در مقامِ تشنیع تا چہ پایہ تہیدست افتادہ ام۔ اگر از داخلیات گفتہ آید۔ ہماں رنج معدہ و [illegible] معاملت دگر برودت جگر و حرارت قلب و ضعف قوا و اگر از خارجیات سخن راندہ شود بیش ازیں نیست کہ

مغلوب سطوتِ دلِ غالب حزیں | کاندر تپش ز ضعفِ الفت چناں نبود
گویند زندہ تا بہ بنارس رسیدہ است | ما را ازیں گیاہِ ضعیف ایں گماں نبود

بنارس پہنچتے وقت انکی طبیعت علیل تھی۔ لیکن بنارس جس کے پر فضا مناظر نے حزیں کے پاؤں میں بیڑیاں ڈال دی تھیں۔ غالب کیلئے بھی جنت نگاہ تھا۔ چنانچہ تھوڑے ہی دنوں میں طبیعت بحال ہو گئی۔ اور اب سوائے اسکے کوئی افسوس نہیں تھا۔ کہ ان کے عزیز دوستوں نے انہیں بھلا دیا ہے۔ چنانچہ چراغِ دیر میں لکھتے ہیں۔

کسے از اہلِ وطن غمخوارِ من نیست

مرا در دہر پنداری وطن نیست

مولوی فضل حق، نواب امین الدین رئیس لوہارو، اور نواب حسام الدین حیدر خاں کو دوست [illegible]

گر رفتم کز جہاں آباد رفتم | [illegible] یاداں را چہ [illegible] یاد رفتم
گر داغِ فراقِ دوستاں سوخت | [illegible] دوستاں [illegible]

اسکے بعد بنارس کی بہت تعریف کی ہے۔ اور شاہجہاں آباد پر اسے ترجیح دی ہے۔

جہاں آباد گر نبود الم نیست | جہاں آباد باد ا جائے کم نیست
بنا شد قحط بہر آشیانے | سر شاخ گلے در گلستانے
بخاطر دارم اینک گلزمینے | بہار آئیں سواد دلنشینے
کہ می آید بدعوا گاہ لافش | جہاں آباد از بہر طوافش

تعال اللہ بنارس چشم بد دور
بہشت خرم و فردوس معمور

معلوم ہوتا ہے بنارس مرزا کو بہت پسند آیا۔ (چنانچہ چالیس برس بعد بھی ایک خط میں لکھا ہے کہ اگر میں جوانی میں وہاں جاتا تو وہیں بس جاتا) لیکن جب پسماندگان کا خیال آتا ہے تو طبیعت بیقرار ہو جاتی ہے۔

فرو ماندن بکاشی نارسائی است | خدا را ایں چہ کافر ماجرائی است
بکاشی ملخنے از کاشانہ یاد آر | دریں جنت ازاں ویرانہ یاد آر
دریغا در وطن وا ماندۂ چند | بخون دیدہ رونق راندۂ چند
ہوس را پائے در دامن شکستہ | بامید تو چشم از خویش بستہ
بشہر از بیکسی صحرا نشیناں | بروئے آتش دل جاگزیناں

از انانت تغافل خوشنا نیست
بداغ شاں ہوائے گل روا نیست

بنارس سے غالب کا ارادہ تھا کہ باقی سفر کشتی سے طے کریں۔ لیکن چونکہ دریائی سفر کے اخراجات بہت زیادہ تھے۔ بنارس سے وہ گھوڑے پر روانہ ہوئے۔ چنانچہ ایک خط میں لکھتے ہیں: "ناخدایان ناخداشناس بنارس درباب کشتی مضائقہ کردند۔ چہ ہرکہ برخوردم تا کلکتہ کم از صدروپیہ نہ طلبید۔ وتا پٹنہ افزوں از بست روپیہ خواست۔ ناچار جہاں اسپ سوار تا بداں بقچہ محرا خواہم پیمود" غرض

پڑھی جاتیں۔ مرزا نے بھی اس میں غزلیں پڑھیں۔ ان میں ایک غزل تھی جس کا مقطع مشہور ہے۔

گر دہم شرح ستمہائے عزیزاں غالب
رسم امید ہمانا ز جہاں برخیزد

جب ذیل کا شعر پڑھا گیا۔ تو لوگ معترض ہوئے۔

جزوے از عالم و از ہمہ عالم بیشم
ہمچو موئے کہ بتاں راز میاں برخیزد

اعتراض یہ تھا۔ کہ عالم واحد ہے۔ اور ہمہ بقول قتیل کے واحد سے پہلے نہیں آ سکتا۔ اسی طرح معلوم ہوتا ہے کہ ذیل کے شعر پر بھی اعتراض ہوا۔ کہ زدہ کا استعمال غلط ہے۔

شورِ اشکے بہ فشارِ بن مژگاں دارم
طعنہ بر بے سر و سامانیٔ طوفاں زدہ

غالب کے معترضین میں مولوی عبدالقادر رام پوری۔ مولوی کرم حسین بلگرامی اور مولوی نعمت علی عظیم آبادی اور دوسرے فارسی کے مستند استاد تھے۔ لیکن مرزا بھی تنہا نہ تھے۔ انہی دنوں شاہزادہ کامران کی طرف سے کفایت خاں ایک ایرانی سفیر کلکتے آیا ہوا تھا۔ اس نے غالب کے اشعار کی تعریف کی اور اساتذہ کے پانچ سات اشعار ایسے پڑھے۔ جن میں ہمہ عالم' و ہمہ روز' و ہمہ جا' اس طرح کی ترکیبیں موجود تھیں۔ اسکے علاوہ نواب اکبر علی متولی امام باڑہ اور دوسرے با اثر آدمیوں نے مرزا کی حمایت کی۔ لیکن مرزا طبعاً صلح پسند تھے۔ اور اب بالخصوص اس غربت اور احتیاج کی حالت میں کلکتے کے با اثر لوگوں سے بگاڑنا دانشمندی کے خلاف تھا۔ چنانچہ انہوں نے ایک فارسی مثنوی "باد مخالف" لکھی جسمیں معترضوں کے جواب استناد و دلائل کے ساتھ دیئے ہیں۔ اور ساتھ ساتھ اراکین انجمن اور قتیل کی تعریف کر کے صلح و آشتی کی کوشش کی ہے۔ قیام کلکتہ کے دوران میں مرزا نے زیادہ تر فارسی اشعار لکھے۔ لیکن وہ اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شعر گوئی پر بخوبی قادر تھے۔ چنانچہ چکنی ڈلی کی تعریف میں ان کا مشہور اردو قطعہ کلکتہ کی ہی ایک صحبت کی یادگار ہے۔

کلکتہ میں غالب کی ملاقات لکھنؤ کے مولوی سراج الدین احمد سے ہوئی۔ جن کا اخبار آئینۂ سکندر سے کچھ تعلق تھا۔ اور جن کا حکام سے بھی بہت رسوخ تھا۔ انہیں مرزا کے عزیز ترین دوستوں میں سے سمجھنا چاہیئے۔ اور ان کے فارسی مکتوبات میں سب سے زیادہ خطوط انہی کے نام ہیں۔ ان کے ایما پر غالب نے قیام کلکتہ کے دوران میں اپنے اردو اور فارسی کلام کا "گل رعنا" کے نام سے انتخاب کیا۔ بدقسمتی سے اس انتخاب کا کوئی نسخہ اس وقت دستیاب نہیں ہوتا۔ ورنہ غالب کے کلام کا کچھ حصہ تیقن سے ترتیب دیا جا سکتا۔ لیکن اس انتخاب کیلئے غالب نے جو مقدمہ اور خاتمہ لکھا وہ کلیاتِ فارسی میں موجود ہے۔ اور مرزا کی شاعری کے طالب علم کیلئے بہت کارآمد ہے۔ شاید کلکتہ میں ہی مرزا کی ملاقات لکھنؤ کے ایک اور قابل ذکر فرد میر حسن علی سے ہوئی۔ جو ۱۸۱۱ء میں لندن ہندوستانی کے پروفیسر "شیکسپیر" کے معاون ہو کر رہے تھے۔ اور ولایت سے واپسی پر ایک اعلیٰ گھرانے کی انگریز خاتون سے (بطور اہل کتاب) شادی کر کے ساتھ لائے تھے۔ مسز حسن علی قریباً ۱۲ سال ہندوستان میں رہیں۔ اور اس اثنا میں ہندوستانی مسلمانوں کی نسبت انہوں نے ایک مفصل کتاب لکھی ہے۔ جس کا نیا ایڈیشن حال میں آکسفورڈ یونیورسٹی کی طرف سے شائع ہوا ہے۔ اور جس سے بہتر کتاب اس زمانے کے ہندوستانی مسلمانوں کی نسبت کسی مشرقی یا مغربی زبان میں نہیں۔

غالب کا قیام کلکتے دو سال سے کچھ کم رہا ہوگا۔ شروع شروع میں تو ترقی کی امیدیں اور نئے انتظامات نظر کو بہت بھائے۔ گورنر جنرل کی خدمت میں باریابی حاصل ہوئی اور ان کے لئے سات پارچے اور جیغہ سرپیچ۔ مالائے مروارید ملتی رہی۔ تو خلعت کا فیصلہ بھی ہوا۔ جو انہیں بعد میں ملتا رہا۔ لیکن جب دو سال گزر گئے۔ اور جس منزل کو پیش نظر رکھ کر گھر سے نکلے تھے۔ وہاں تک رسائی نہ ہوئی۔ تو مرزا کی طبیعت پر یاس غالب آگئی۔ چنانچہ ان کے بعد کے خطوط اس تلخی سے پُر ہیں۔ اور ایک فارسی قطعہ میں بھی کلکتے کے متعلق انہوں نے ملال کی صورت میں تلخ جذبات کا اظہار کیا ہے۔

حال کلکتہ باز جستم زانکہ   یاد قلب تشنہ لبی

گفتم اینجا چہ شغل سود دھد   گفت از ہر کہ ہست ترسیدن
گفتم اینجا چہ کار باید کرد   گفت قطع نظر ز شعر و سخن
گفتم از بہر داد آمدہ ام
گفت بگریز و سر بسنگ بزن

معلوم ہوتا ہے کہ دہلی سے سر ایڈورڈ کولبرک نے مرزا کے حق میں رپورٹ کی تھی۔ اور کلکتہ سے بھی حوصلہ افزا جواب گیا تھا۔ لیکن ابھی وہ جواب نہ پونچا تھا۔ کہ کولبرک معزول ہو گیا۔ اور معاملے پر نئے سرے سے تفتیش شروع ہوئی۔ چونکہ کلکتہ میں مرزا کا قیام کسی طرح مفید نہیں ہو رہا تھا۔ اور دہلی میں کوشش زیادہ کارآمد ہو سکتی تھی۔ اور گورنر جنرل خود دہلی کی طرف جانیوالا تھا۔ مرزا بھی کلکتہ سے دہلی واپس گئے۔ اور ۱۱ر نومبر ۱۸۲۹ء کو وہاں پونچکر نئے ایجنٹ فرانس ہاکنس سے مدد چاہی کرنیل سر جی املاک نے مرزا کی سفارش نئے ایجنٹ سے کی تھی۔ اور انہیں کچھ امید بھی ہوئی۔ لیکن ایجنٹ نے رپورٹ نواب شمس الدین رئیس فیروز پور کے حق میں کی۔ مرزا کو ان کے دوستوں نے اسکی اطلاع دی لیکن وہ مطمئن تھے۔ کہ مسٹر اسٹرلنگ چیف سیکریٹری معاملے کو سنبھال لیگا۔ لیکن ابھی یہ رپورٹ کلکتے نہیں پہنچی تھی۔ کہ ۳ر مئی ۱۸۳۰ء کو سٹرلنگ مر گیا۔ اور ۲۷ر جنوری ۱۸۳۱ء کو لارڈ ولیم بنٹنگ نے فیصلہ مرزا کے خلاف کر دیا۔

معلوم ہوتا ہے کہ نواب نے تقسیم جائداد کی تائید میں لارڈ لیک کا ایک فارسی حکم پیش کیا تھا۔ جسے مرزا جعلی بتاتے تھے۔ اس کے مطابق نصراللہ خاں کے وارثوں کی جو پنشن مقرر ہوئی تھی۔ لارڈ لیک کے احکام کے مطابق دس ہزار سے پانچ ہزار سالانہ ہو گئی تھی جس میں سے دو ہزار خواجہ حاجی کے۔ پندرہ سو مرزا نصراللہ خاں کی ماں اور بہنوں کے اور پندرہ سو اس کے دو بھتیجوں کے۔ مرزا اس "نامۂ فارسی بے نام و نشان" کی صحت اور اہمیت کے قائل نہیں تھے۔ لیکن سر جان ملکم نے جس سے اس امر میں استصواب کیا گیا، اسے درست تسلیم کیا۔ اور ان کے مشورہ پر لارڈ ولیم بنٹنگ نے یہ فیصلہ کر دیا۔

یہ صحیح ہے کہ بظاہر مرزا کا کلکتہ کا سفر بیکار ثابت ہوا۔ اور حصول جائداد کی تمام تگ و دو رائیگاں گئی۔ لیکن مرزا کے مشاہدہ کی وسعت اور ذہنی نشو و نما کیلئے کلکتہ کا سفر بہت مفید ہوا۔ ایک تو مسافری میں طرح طرح کی تکلیفیں اٹھا کر جو قسم قسم کے آدمیوں کا تجربہ ہوتا ہے۔ وہ ہوا دوسرے کلکتہ ان دنوں ایسٹ انڈیا کمپنی کا صدر حکومت تھا۔ مغرب کی تمام ترقیاں اور ایجادات سب سے پہلے ہندوستان میں وہاں شروع ہوتی تھیں۔ مرزا کو انہیں بچشم خود دیکھنے کا موقعہ ملا۔ اور اس معاملہ میں ان کی واقفیت اپنے ہموطنوں سے زیادہ تھی۔ اسی طرح لکھنؤ میں بھی مرزا کو دیر تک قیام کرنے اور وہاں کی طرزِ شاعری اور زبان کی صفائی میں ناسخ جو کوششیں کر رہے تھے انہیں مطالعہ کرنے کا موقعہ ملا۔ یقین ہے کہ مرزا کی اثر پذیر طبیعت نے ان تمام باتوں کا فائدہ اٹھایا ہوگا۔ انہوں نے سفر کلکتہ سے بہت دیر بعد تک اردو اشعار بہت کم لکھے ہیں۔ لیکن ان کے بعد کے اور پہلے کے فارسی اشعار میں جو فرق ہے۔ وہ اس طبیعت اور دماغ کی پختگی کو نمایاں کرتا ہے جو تین سال کی مسافرت سے انہیں حاصل ہوئی۔

مقدمہ کے بگڑ جانے سے غالب کی جو حالت ہوئی اُس کا اظہار کئی خطوں میں ہے چنانچہ مولوی سراج الدین کو جنہوں نے اس سلسلے میں ان کیلئے بہت کچھ کیا تھا۔ لکھا ہے "کار من بدادگاہ دہلی چنانکہ داشتہ باشد تباہی گزید۔ حالیا بر آں سرم کہ اگر مرگ امان دہد۔ باز بداں در رہم و در دلی بداں زمزمہ ضرور ریزم کہ مرغان ہوا و ماہیان دریا را بر خود بگریانم۔ ہیہات اگر معاش من ہمیں پنجہزار روپیہ سالانہ بدیں تفریق از روئے دفتر سرکار کہ سادہ دلاں آں را معدلت آثار گویند ثابت شدہ بود۔ بایستے کہ صاحبان صدر مرا از پیش راندندے و گفتندے کہ ہرزہ مخروش۔ آنچہ تو بازیافت وانمودہ یافتنی ازاں فزوں تر نیست۔ و قرار داد نیز ہمانست لاجرم دیوانہ بودمے۔ اگر بدیں کشور باز آمدمے و با یک قبیلہ از خویشاں و برادراں من اند۔ بہ ستیزہ بر خاستمے و بباطل سپری نام بہ آوردمے" ان سطور سے یہ خیال ہو سکتا ہے۔ کہ مرزا کو پھر کلکتہ جانے اور صدر میں کوشش کرنیکا خیال تھا لیکن غالباً یہ فقط انشاپردازی ہے۔ مرزا پھر کلکتہ نہیں گئے۔ اور اس خط کے آخر میں لکھتے ہیں "اکنوں مصلحت دراں می بینم کہ ازیں داوری قطع نظر فرمایند و وکالت نامۂ کہ نزد منشی نصر اللہ است۔ باز ستانند و از ہم بدرند و بگزرند اللہ بس ماسوی ہوس" مرزا کو ایک تو

وسگالش گیری بجا آید۔ کہ ایں درد مند دور از خانمان اسد اللہ روسیاہ را فراموش کنند وشمارا بجائے او دانند۔"

مرزا کے عزیز دوست کئی تھے۔ لیکن معلوم ہوتا ہے اُن کے باوجود مرزا کی مصائب کم نہیں ہوئیں۔ اس کی وجہ ایک تو یہ تھی۔ کہ نواب شمس الدین کا دہلی میں بہت رسوخ تھا۔ دوسرے مرزا کا قرضہ جو کالکتہ جانے سے پہلے ہی انہیں گھبرا رہا تھا۔ بہت بڑھ چکا تھا۔ اور چونکہ قرضخواہوں کو بڑی جائداد کوئی نظر نہیں آتی تھی۔ وہ حصولِ زر کیلئے بیتاب ہو رہے تھے۔ چنانچہ اسی سال ان میں سے دو نے دیوانی عدالت میں مرزا کے خلاف دعویٰ کرکے ڈگری حاصل کرلی۔ مرزا کے لئے یہ زمانہ سخت مصیبت کا تھا۔ زرِ ڈگری ادا کرنے کی ان میں طاقت نہ تھی۔ اور قاعدے کے مطابق انہیں جیل جانا تھا۔ لیکن چونکہ بقول ان کے مشہور اشخاص کے ساتھ اتنی رعایت ہوتی تھی۔ کہ عدالت کا چپراسی انکے گھر نہ جاتا اور جب تک کہ مدیون رستے میں نہ ملے اسے قید نہ کرسکتے تھے۔ مرزا بھی گھر بیٹھ رہے چنانچہ انہوں نے ایک اہم فارسی خط میں ناسخ کو اس زمانے کے تمام حالات لکھے ہیں:

"چار ماہ است۔ کہ نامہ نگار بہ کنجے نشستہ در آمد شد بروئے خویش وبیگانہ بستہ اگر بزنداں اندرنیم اما خور دو خفت من بزندانیاں ماند۔ آنچہ دریں چند روز از رنج و آشوب دیدہ ام۔ کافر باشم اگر ہیچ کافر بصد سالہ عقوبتِ جہنم یک نیم ازاں تواند دید" مرزا اس "قید خانہ نشینی" میں تھے کہ ۲۲ مارچ ۱۸۳۵ء کی شام کو ولیم فریزر ریذیڈنٹ دہلی کو کسی نے گولی سے ہلاک کردیا۔ مرزا کے فریزر سے دوستانہ تعلقات تھے۔ اور انہیں امید تھی۔ کہ شائد اس کی اعانت سے جاگیر کا عقدہ حل ہوجائے چنانچہ اس کی تعریف میں ان کا ایک پر زور قصیدہ بھی ہے۔

زجیبِ افقِ مہر چوں سر بر آرد	مے از سبزمینا بساغر بر آرد
سن دبزم ولیم فریزر بہادر	کہ از جیب ہر گوشہ گوہر بر آرد
خہے داد گسترکہ گرد حضورش	شئے داد از دست آوز بر آرد
کشد انتقام خس از شعلہ چنداں	کہ دود از نہاد ہر اخگر بر آرد

ملکہ وکٹوریہ کی خدمت میں بھی ارسال کی لیکن یہ سب سعی بے سود ثابت ہوئی۔ اور جہاں تک ہمارا خیال ہے مرزا کو باسٹھ روپیہ آٹھ آنے ماہوار سے زیادہ پنشن کبھی نہیں ملی۔

فریزر کے قتل سے چند مہینے پہلے مرزا نے دربار شاہی میں اپنا اثر بڑھانے کی کوشش کی تھی۔ لیکن اس زمانے میں ان کی سب تدبیریں اُلٹی پڑ رہی تھیں۔ یہ کوشش بھی چنداں کامیاب نہ ہوئی۔ اس زمانے میں تخت شاہی پر اکبر شاہ متمکن تھے۔ اور ظفر ولی عہد تھا لیکن چونکہ ظفر کی دماغی حالت بہت اچھی نہیں سمجھی جاتی تھی۔ بادشاہ نے ۱۸۳۴ء میں کوشش کی کہ کسی طرح بجائے ظفر کے شاہزادہ سلیم ولی عہد تسلیم ہو جائیں۔ مرزا غالب سمجھتے تھے۔ کہ ظفر تو ذوق کے ہو رہے اگر شہزادہ سلیم آگے چلکر بادشاہ ہوئے تو میرے لئے بہتر رہیگا۔ چنانچہ اسی سال عیدالبقر کے موقع پر انہوں نے "شہ و شاہزادہ" کی تعریف میں ایک قصیدہ لکھا جس میں بادشاہ اکبر کی تعریف کے ساتھ ساتھ ذیل کا مطلع ثانی لکھکر شہزادہ سلیم کی تعریف کی تھی۔

زہے مناسبت طبع شاہزادۂ سلیم
بہ فیض تربیت پادشاہ ہفت اقلیم

لیکن بادشاہ کی اس تجویز کو حکام انگریزی نے نہ مانا اور ۱۸۳۷ء میں اکبر شاہ کی وفات پر ظفر بادشاہ ہو گیا۔ ممکن ہے اسکے دل میں اس قصیدے کا کچھ ملال رہا ہو۔ اور اس کی تعریف میں ابتدائی فارسی قصائد میں غالب کو جو بار بار معذرت کرنیکی ضرورت پیش آئی۔ اس کا اس قصیدے سے بھی کچھ تعلق ہو۔

جس سال بہادر شاہ تخت نشین ہوا۔ اسی سال نصیرالدین شاہ اودھ کا انتقال ہوا۔ اور امجد علیشاہ اس کا جانشین ہوا۔ مرزا نے اس کی تعریف میں ایک قصیدہ لکھا۔ لیکن وہ غالباً پڑھا نہیں گیا اس قصیدہ میں تشبیب اور مدح کے بعد اپنی قسمت کا رونا رویا ہے۔ ؎

با من کہ تاب ناز نکویاں نداشتم
بد کرد بد کہ جور و جفا کرد روزگار

اور انہوں نے میخانۂ آرزو[1] میں جو منثر شامل تھی۔ اسکے علاوہ دوسرے خطوط فراہم کرکے "پنج آہنگ" مرتب کی۔ اس کتاب کے شروع میں مرزا علی بخش کا اپنا دیباچہ ہے جس میں یہ تفصیلات درج ہیں۔ آہنگ اول میں فارسی خطوط نویسی کے متعلق وہ سطور ہیں۔ جو غالب نے سفر بہر تپور کے دوران میں لکھی تھیں آہنگ دوم میں فارسی مصادر و مصطلحات ہیں۔ آہنگ سوم میں مرزا نے اپنے فارسی دیوان کے کئی شعر انتخاب کئے ہیں۔ اور خطوط نویسی میں ان کا محل استعمال بتایا ہے۔ آہنگ چہارم میں تقاریظ کتب اور متفرق مضامین اور آہنگ پنجم میں مرزا کے اپنے فارسی خطوط۔ معلوم ہوتا ہے خطوط کے فراہم کرنے میں کچھ دیر لگی۔ اور سنہ ۱۸۴۰ء کے قریب یہ کتاب مرتب ہوئی۔ انڈیا آفس لائبریری میں اس کا جو نسخہ ہے۔ اسکی تاریخ طباعت سنہ ۱۸۵۳ء ہے اس کے بعد آہنگ چہارم اور آہنگ پنجم میں اضافہ ہوتا رہا۔ لیکن چونکہ مرزا کے کئی خطوط غدر میں نواب ضیاء الدین اور نواب حسین مرزا کے کتبخانوں کی تباہی سے ضائع ہوگئے تھے بقول غالب پنج آہنگ نامکمل ہے۔ اور اسکے مکمل ہونے کا کوئی امکان نہیں۔

آہنگ اول کا تذکرہ ہم ابتدائی حالات میں کرچکے ہیں۔ آہنگ دوم میں فارسی صرف و نحو کے معمولی قواعد ہیں۔ آہنگ سوم کے اشعار اس لئے بھی کار آمد ہیں کہ ان سے کئی فارسی غزلوں کی تاریخ تصنیف تعین کی جاسکتی ہے۔ اور اسکے علاوہ مرزا کے اپنے قلم سے ان کے اشعار کا مفہوم اور محل استعمال پڑھنا بیحد دلچسپ ہے۔ لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کتاب کا سب سے قیمتی جزو مرزا کے وہ فارسی خطوط ہیں جن کا بیشتر حصہ سنہ ۱۸۲۶ء سے سنہ ۱۸۵۳ء تک لکھا گیا۔ یہ خطوط غالب کے سوانح نگار کے لئے ایک بیش بہا خزانہ ہیں۔ اور کسی کتاب سے مرزا کی ان ستائیس سالوں کی کوششوں مصیبتوں اور ان کے ماحول کا صحیح اندازہ نہیں ہوسکتا۔ جتنا ان خطوط کے مطالعہ سے[1] ہم نے اس کتاب میں دوسرے تذکروں کی نسبت زیادہ مفصل اور صحیح حالات لکھنے کی کوشش کی ہے۔ اور اگر ہم اس کوشش میں کامیاب ہوئے ہیں۔ تو بیشتر یہ اسی محنت کا صلہ ہے جو ان خطوط کے مطالعہ میں صرف کی گئی۔ ر۔ ل

---

[1] ۔ مرزا کی تصنیفات کے نام بہت شاعرانہ ہیں۔ گل رعنا۔ میخانۂ آرزو۔ پنج آہنگ۔ مہر نیمروز۔ اردوئے معلی۔ عود ہندی۔ سبد چین

مرزا کے اردو خطوط کی سوانحی اہمیت کو سب جانتے ہیں۔ لیکن سوائے ان خطوط کے جن میں مرزا نے اپنے واقعاتِ زندگی مختصراً دہرائے ہیں۔ ان میں نو دس سال سے زیادہ کے واقعات نہیں۔ اور چونکہ اس زمانے میں نواب مصطفیٰ خاں کے تعلقات کی وجہ سے حالی بھی جو نواب کے لڑکوں کے اتالیق تھے، مرزا سے ملنے کے زیادہ موقع ملتے رہتے تھے۔ اس زمانے کے حالات اور قصے یادگار میں بالتفصیل مندرج ہیں۔ لیکن انکے ابتدائی حالات میں ابھی بہت کرید اور تلاش کی گنجائش ہے۔ اور جیسا کہ ہم لکھ چکے ہیں۔ اسلئے مرزا کے فارسی خطوط بہت مفید ہیں جو ان کے عمر کے بڑے حصہ کی ایک کم و بیش مکمل تاریخ ہیں۔ اور جو اسوقت لکھے گئے۔ جب مرزا کو یہ حالات درپیش تھے۔ اس شخصی اہمیت کے علاوہ مرزا کے فارسی خطوط اسلئے بھی دلچسپ ہیں کہ ان کے مطالعے سے اس زمانے کی بہت ممتاز ہستیوں سے شناسائی ہو جاتی ہے۔ جن لوگوں کے نام مرزا نے خطوط یادگار چھوڑے ہیں۔ ان کی فہرست بہت پرشکوہ ہے۔ اور اس میں اس زمانے کے اکثر ممتاز لوگوں کے نام آجاتے ہیں۔ چنانچہ شعراء میں سے ناسخ، مومن، شیفتہ، نیر درخشاں اور علماء میں سے مرزا فضل حق، مولانا صدرالدین صدر الصدور دہلی، مفتی میر لطف علی، حاجی ولایت حسین اور امراء میں سے شہزادہ بشیرالدین تیموری، شہزادہ سلیمان شکوہ، مہاراجہ [illegible] ذوالفقار الدین حیدر خاں، حسین علی خاں، نواب نواب سعد الدین خاں شفق، مجتہد العصر مولوی سید محمد، حکیم احسن اللہ خاں۔ ان سب کے نام مرزا کے دوستانہ خطوط موجود ہیں۔ جن سے نہ صرف مرزا کی قدر و منزلت کا اندازہ ہوتا ہے۔ بلکہ انیسویں صدی کے آغاز میں شمالی ہندوستان میں جو بڑی بڑی ہستیاں تھیں۔ ان سے بھی تعارف ہو جاتا ہے۔ خطوط میں بیشتر مرزا کی حالات کا تذکرہ ہے۔ لیکن ان سے اس زمانے کے حالات پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ مثلاً انہوں نے اپنے سفر بنگالہ کی جو سرگذشت بیان کی ہے اس سے اس زمانے کے رسایل آمد و رفت کی تصویر آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے۔ یا جو خط انہوں نے لکھنؤ سے روانگی کے وقت لکھا ہے اس میں لکھنؤ اور اہل لکھنؤ کی ان مصیبتوں کی تفصیل ہے۔ جو انہیں معتمد الدولہ کی وزارت میں برداشت کرنی پڑیں۔ اسکے علاوہ کئی خطوط میں مولوی سراج الدین کو دہلی کی دلچسپیوں کی تصویر کھینچی ہے

کے ایک خط میں مولوی فضل حق کے سرکاری ملازمت سے مستعفی ہونے اور دہلی سے روانہ ہونے کی تفصیلات درج کی ہیں۔ اور لکھا ہے کہ جونہی انہوں نے استعفیٰ دیا۔ نواب فیض محمد خاں نے فوراً ۵۰۰ ماہوار ملکے اخراجات کیلئے مقرر کر دیا۔ اور جس روز وہ دہلی سے روانہ ہوئے اہلیان دہلی کی بری حالت تھی۔ ولیعہد شاہ دہلی مرزا ابوظفر نے انہیں اپنے پاس بلایا۔ اور ایک دوشالہ ملبوس خاص نذر کر کے آنکھوں میں آنسو لا کے نہایت رنج و درد سے الوداع کیا۔ ایک اور خط میں لارڈ النبرا کے اس فیصلہ کی نسبت اشارہ ہے جس کی رو سے تاج محل اور قلعہ آگرہ کی عمارتوں کا سنگ مرمر اتار کر بیچ ڈالنے کا ارادہ تھا۔ اور جو بقول لارڈ کرزن آرٹ کی خوش قسمتی سے عمل میں نہ لایا جا سکا۔

حالی نے یادگار غالب میں مرزا کی فارسی نثر کا انتخاب کر کے اس کا فارسی کے دوسرے مشہور نثر نویسوں کی تحریروں سے مقابلہ کیا ہے۔ لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ خواہ مرزا نے خود کیا کہیں۔ انہوں نے نثر میں اکثر ان فارسی نثر نویسوں کا اتباع کیا۔ جن کی تصنیفات بیشتر ہندوستان میں لکھی گئیں اور اس امر پر قریباً قریباً سبھی فارسی اہل زبان متفق ہیں کہ ہندوستان اور ہندوستان سے باہر ترکی یا مغل بادشاہوں کی سرپرستی میں جو فارسی کتابیں لکھی گئیں۔ ان کا طرز تحریر کسی طرح بھی قابل تقلید نہیں۔ وہ بالعموم موٹے موٹے عربی الفاظ۔ پیچیدہ ترکیبوں اور شاعرانہ رنگ آمیزی کے طوفان میں اصل مطلب خبط کر دیتے ہیں۔ مرزا بھی اس اصول سے مستثنیٰ نہیں۔ اور ظہوری — ابو الفضل اور بیدل کی طرح ان کی نثر میں بھی غیر مانوس الفاظ اور پیچیدہ تراکیب بہت ہیں۔ لیکن یہ صحیح ہے کہ ان کی آخر عمر کی تصانیف دستنبو اور قاطع برہان کی زبان کسی قدر صاف ہے۔ اور اکثر فارسی خطوط میں بھی وہ اشکال نہیں۔ جو تقاریظ اور دوسری سنجیدہ اور رسمی تحریروں میں ہے۔ اکثر خطوط کی عبارت صاف اور مؤثر ہے۔ شاعرانہ نازک بیانی سے بھی لطف پیدا کیا ہے۔ لیکن ان کے فارسی خطوط ان کے اردو خطوط کے مرتبے کو نہیں پہنچتے۔ ان میں وہ شگفتگی اور بے تکلفی نہیں۔ جو اردو خطوط میں ہے۔ اور جو شوخی اور ظرافت بعد کے خطوط کا طرۂ امتیاز ہے۔ ان خطوط میں سراسر مفقود ہے بالعموم یہ کہنا صحیح ہے کہ مرزا کی دلچسپ شخصیت جو اردو خطوط میں عریاں اور بے نقاب جلوہ نما ہے۔

غالب کو مقدمے کا فیصلہ اگست ۱۸۳۱ء میں معلوم ہوا۔ اس دس سال کے عرصے میں زمانے نے کئی رنگ بدلے تھے۔ جائداد کا قضیہ غالب کیلئے بڑی اہمیت رکھتا تھا۔ لیکن اب جن سے تنازعہ تھا۔ وہ ہی نہ رہے تھے۔ اور ان کی لاکھوں کی جائدادیں نذرِ فنا ہو گئی تھیں۔ مرزا بھی اپنی قسمت پر قانع ہو چلے تھے۔ یہ درست ہے کہ جب ان کے تعلقات کسی انگریز افسر سے بڑھتے، اور منزل گم گشتہ کی ایک جھلک نظر آتی۔ تو وہ ایک نئی عرضداشت گورنمنٹ آف انڈیا کے پاس بھیج دیتے۔ اور پنجاب گورنمنٹ کے ریکارڈز میں ایسی کئی عرضیاں محفوظ ہیں لیکن ان کوششوں اور اگلی جسم وجان کی بازیوں میں بہت فرق تھا۔ اور اب اگر عرضیاں داخل دفتر ہوتیں تو مرزا بہت مایوس نہ ہوتے۔ مرزا اب اپنے ماہوار مشاہرے سے مطمئن ہو چلے تھے۔ اور غالباً چند احباب و عمرہ کی اولاد کو درس دینا بھی شروع کر دیا تھا۔ ان کی تصانیف ملک میں عام ہو چکی تھیں۔ اور ان کی قبولیت سے ان زخموں کا اندمال ہوتا تھا۔ جو تلاشِ روزگار میں کھائے تھے۔

مالی حالت ان کی بہت اچھی نہ تھی۔ لیکن سرکاری طور پر جو رقم ملتی۔ اور جو کچھ احباب کی عنایت سے حاصل ہو جاتا۔ مرزا اس سے مطمئن تھے۔ اور اپنے ذرائع آمدنی بڑھانے کیلئے بہت بیقرار نہیں تھے۔

شحنۂ دہر بہ بلا ہر چہ گرفت پس ندارد | کاتب بخت در خفا ہر چہ نوشت حک نخواست
بحث و جدل بجائے ماں میکدہ جوئے کاندراں | کس نفس از جمل نزد کس سخن از فدک نخواست
گشتہ در انتظار پر دیدۂ پیر رہ سفید | در رہ شوق ہمرہی دیدہ ز مردمک نخواست

سہل شمرد و سرسری تا قدر نجز نشمرے
غالب اگر بداوری داد خود از فلک نخواست

اس مشاعرہ میں جو طرحی غزل انہوں نے پڑھی اس کے دو شعر بہت پُر لطف ہیں :-

چہ عیش از وعدہ چوں باورز شوخی نمی آید | بہ نوعے گفت می آیم کہ می درنم نمی آید

و بیرم شاعرم رندم ندیم شیوہ ہا دارم
گرفتم رحم بر فریاد و افغانم نمی آید

انہوں نے عرفی کے مصرعہ پر جو قصیدہ "گریستن" کی ردیف میں لکھا ہے وہ بھی نواب ضیاء الدین کے دیئے ہوئے مصرعۂ طرح پر تھا۔ معلوم ہوتا ہے ۔ کہ جس مشاعرہ میں یہ پڑھا گیا۔ اس میں میر نظام الدین ممنون اور مولوی امام بخش صہبائی علالت کی وجہ سے نہیں آئے تھے۔ اور چونکہ فارسی کے قدرداں تھوڑے ہی لوگ تھے۔ مرزا شش و پنج میں تھے۔ کہ پڑھیں یا نہ کہ مولینا صدر الدین آزردہ جو ابھی نہیں آئے تھے۔ آپہنچے چنانچہ مرزا ایک خط میں نواب مصطفیٰ خاں کو جنہیں وہ مشاعروں کے حالات میرٹھ بھیجا کرتے تھے۔ لکھتے ہیں "بندہ را در زمیں گریستن نگارش قصیدہ اتفاق افتادہ بود۔ آں مے سنجیدم کہ ایں ورق را چوں برات نامقبول بانہ برم در ریختہ گویاں را دردِ سر ندہم۔ کہ آمدن حضرت آزردہ دل بجود بالید و زمزمۂ دستوری یافت"۔ چنانچہ وہ قصیدہ مشاعرے میں پڑھا گیا۔ اور جیسا کہ یادگارِ غالب کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے۔ بہت پسند ہوا۔

مرزا نے عرصے سے اردو شاعری ترک کر رکھی تھی۔ اور ۱۸۴۳ء کے ان مشاعروں میں جنمیں و شعرا تو اُردو غزلیں پڑھتے مرزا نے فارسی اشعار ہی پڑھے۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ ۱۸۴۹ء گذشتہ میں لگا ہے گا ہے انہوں نے اُردو غزلیں لکھنا شروع کر دی تھیں۔ چنانچہ جب نواب اصغر علی خاں نسیم

انہوں نے اس موقعہ پر جو پر کیف قصیدہ لارڈ ہارڈنگ کی تعریف میں لکھا ہے۔ وہ بھی بہت پر لطف ہے۔ اس میں لکھتے ہیں۔ کہ اگر میں جوان ہوتا تو "حصولِ ثواب" کی نیت سے سکھوں کے خلاف لڑائی میں شریک ہوتا۔ لیکن پنجاب کا امن داماں انہیں جس چیز کیلئے عزیز ہے۔ وہ کشمیر کی شراب ہے! ؎

گزاف شیوۂ من نیست راست میگویم — دریں زمانہ مرا بودی از زمان شباب
پئے شکستن کفار بستمے بہ نبرد — کمر بہ سرخوشئ نیت حصول ثواب
کنوں کہ ملک مطیعست وراہ ایمن و خار — زمن بگو بفروشندگان بادۂ ناب
شراب قندئ ہندوستان دلم سوخت — زشیرہ خانۂ کشمیرم آورند شراب

ادبی نقطۂ نظر سے اس زمانے کی اہم ترین تصنیف ان کی فارسی "مثنوی" ابر گہر بار" ہے۔ حالی کے خیال میں یہ ان کی آخری عمر کی تصنیف ہے۔ لیکن جب ۱۸۴۵ء میں سرسید احمد خاں نے آثار الصنادید لکھی۔ تو اس وقت یہ مثنوی ۱۵۔۱۶ جزو کے قریب ہو چکی تھی۔ اور اس سے زیادہ اب بھی نہیں ملتی۔

حقیقت میں مرزا کا ارادہ شاہنامہ کا جواب لکھنے کا تھا۔ اور ان کا خیال تھا کہ جس طرح فردوسی نے رستم کی لڑائیوں کی داستان لکھی ہے۔ وہ ابتدائے اسلام کے جنگوں کو مثنوی کی صورت میں بیان کریں۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔

ز فردوسیم نکتہ انگیز تر — ز مرغ سحر خواں سحر خیز تر
فرید بردل شمع ساسانیاں — بود صبح اقبال ایمانیاں
رقم سنج منشور یزدانیم — ز ایمانیاں گویم ایمانیم
کسے را کہ نازد بہ بیگانگاں — خرد در شمار ز دیوانگاں
باقبال ایمان و نیروئے دیں — سخن رانم از سید المرسلیں

لیکن انہیں یہ ارادہ پورا کرنے کا موقعہ نہیں ملا۔ اور وہ حمد و نعت و منقبت اور ابتدائی ساقی نامہ سے زیادہ نہیں لکھ سکے۔ ان کا نعت کا حصہ صاف اور موثر زبان میں ہے۔

میں چوسر کے ساتھ کچھ بدکر کھیلنے کی بدولت اُن پر ایک حادثہ کبھی ایسا گذرا تھا جس کی وجہ سے ممکن ہے کہ ان کے کئی ارادے نامکمل رہ گئے ہوں۔ ۱۸۴۷ء میں چوسر کی وجہ سے مسٹر راپٹس مجسٹریٹ دہلی کی عدالت میں ان پر جو فوجداری مقدمہ چلایا گیا۔ اسکی تفصیلات بمبئی کے احسن الاخبار مورخہ ۲۵ جون ۱۸۴۷ء میں شایع ہوئی تھیں۔ اور چونکہ اس سے زیادہ مکمل اس واقعہ کی تفصیلات اور کہیں نہیں ملتیں۔ ہم متعلقہ اندراج تمام کا تمام درج ذیل کرتے ہیں۔

"دہلی ۱۵۔ جمادی الثانی۔ مرزا اسد اللہ خاں بہادر کو دشمنوں کی غلط اطلاعات کے باعث گرفتار کرلیا گیا۔ معظم الدولہ بہادر کے نام سفارشی چٹھی لکھی گئی۔ کہ ان کو رہا کردیا جاوے۔ یہ معززین شہر میں سے ہیں۔ یہ جو کچھ ہوا ہے محض حاسدوں کی فتنہ پردازی کا نتیجہ ہے۔ عدالت فوجداری سے نواب جیکلا بہت درست جواب دیا کہ مقدمہ عدالت کے سپرد ہے۔ ایسی حالت میں قانون سفارش کی اجازت نہیں دیتا۔" معلوم ہوتا ہے بادشاہ کی سفارش کارگر نہ ہوئی۔ اور مرزا کو جرمانہ اور قید کی سزا ہوگئی۔ چنانچہ اسی اخبار کی اشاعت مورخہ دوم جولائی ۱۸۴۷ء میں لکھا ہے" مرزا اسد اللہ خاں غالب پر عدالت فوجداری میں جو مقدمہ جاری تھا۔ اس کا فیصلہ سنا دیا گیا۔ مرزا صاحب کو چھ مہینے کی قید بامشقت اور دوسو روپیہ جرمانے کی سزا ہوئی۔ اگر دوسو روپیہ جرمانہ نہ ادا کریں۔ تو چھ مہینے قید میں اور اضافہ ہوجائے گا۔ اور مقررہ جرمانہ کے علاوہ اگر پچاس روپیہ زیادہ ادا کیے جائیں۔ تو مشقت معاف ہوسکتی ہے۔ جب اس بات پر خیال کیا جاتا ہے کہ مرزا صاحب عرصہ سے علیل رہتے ہیں۔ سوائے پرہیزی غذا قلیہ چپاتی کے اور کوئی چیز نہیں کھاتے۔ تو کہنا پڑتا ہے۔ کہ اس قدر مصیبت اور مشقت کا برداشت کرنا مرزا صاحب کی طاقت سے باہر ہے بلکہ ہلاکت کا اندیشہ ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ اگر سشن جج صاحب بہادر کی عدالت میں اپیل کی جائے اور اس مقدمہ پر نظر ثانی ہو۔ تو نہ صرف یہ سزا موقوف ہوجائے۔ بلکہ عدالت فوجداری سے مقدمہ اٹھا لیا جائے۔ یہ بات عدل وانصاف کے بالکل خلاف ہے کہ ایسے باکمال رئیس کو جسکی عزت وحشمت کا دبدبہ لوگوں کے دلوں میں بیٹھا ہوا ہے۔ معمولی سے جرم میں ایسی سخت سزا دیجائے جس سے جان جانے کا قوی احتمال ہے"

معلوم ہوتا ہے۔ کہ ذوق اور اس کے معاونین (مثلاً نواب حامد علیخاں) مرزا کی کوششوں میں روڑے اٹکاتے تھے۔ چنانچہ مرزا کا وہ فارسی قطعہ جس کا ذیل کا شعر بہت مشہور ہے۔ اور جس میں سوائے ذوق کے کوئی اور مخاطب معلوم نہیں ہوتا۔ اسی زمانے کی یادگار ہے۔

فارسی بیں تا بہ بینی نقش ہائے رنگ رنگ
بگذر از مجموعہ اردو کہ بیرنگ من است

اسی زمانے میں انہوں نے بہادر شاہ کی تعریف میں ایک فارسی قصیدہ لکھا تھا جس میں کئی شعر اپنی حالت کا بیان معلوم ہوتے ہیں۔

گفتم حدیث دوست بقرآں برابر ست	نازم بہ کفر خود کہ بایماں برابر ست
گو چرخ دشمنی مکن و بخت سرکشے	خود خواہش محال بہ حرماں برابر ست
یا چارہ گر بگوئے کہ تیمار بیش کش	درد یست در دلم کہ بدرماں برابر ست
زیں موج خوں کہ می گزرد دمبدم زسر	دستار من بہ لالۂ نعماں برابر ست
کینہائے آشکار کہ سرجوش ناز اوست	در ذوق با نوازش پنہاں برابر ست
نے وعدۂ نہ پرسش رازے نہ شکوۂ	دائم ز نامۂ کہ بہ عنواں برابر ست
نے کف گرفتہ ساعدی نے لب بردہ بوس	در ناخوشی وصال بہ ہجراں برابر ست

پیوستہ پرفشاں و نہ جستہ ز آشیاں
پرواز من بہ جنبش مژگاں برابر ست

اس قصیدہ میں غالباً ذوق کی طرف اشارہ ہے۔

بالد بخویش خواجہ چو گوئی سخنورش	غافل کہ ایں ترانہ بہ بہتاں برابر ست
نے ہر ترانہ سنج نکیسا نوا بود	نے ہر سخن سرائے بسحباں برابر ست
نے ہر شتر سوار بہ صالح بود ہمسال	نے ہر شباں بموسیٰ عمراں برابر ست
نے ہر کہ گنج یافت ز پرویز گوئی برد	نے ہر کہ باغ ساخت برضواں برابر ست

لکھوانے کا خیال پیدا ہوا۔ تو انہوں نے غالب کو بلاکر یہ کام اسکے سپرد کر دیا۔ مرزا "مہر نیمروز" میں لکھتے ہیں:۔ " اگر در شرع روا بودے گفتمے۔ کہ شاہ سکندر است و حکیم ارسطو ہمانا بلند نامی سلطان و ہر در آفاق چشم داشت۔ کہ چوں منے را کہ بہ جادو بیانی شہرہ آفاقم بگزارد گزاری گماشت من خود ازاں رو کہ دل و زباں ایں بیدار مغز آئینہ دار دل و زبان شاہ است دانم کہ آنچہ عمدۃ الحکما دریں باب بمن فرمودہ فرماں شاہ است۔" چنانچہ بادشاہ نے حکیم صاحب کی تجویز پر صاد کیا۔ اور ۴ جون ۱۸۵۰ء کو مرزا نجم الدولہ دبیر الملک نظام جنگ کے خطاب اور خلعت سے سرفراز ہوئے اور چھ سو روپیہ سالیانہ پر شاہان تیموریہ کی تاریخ نویسی پر مامور ہوئے۔

فریب پرسشِ پنہاں نگر کہ من ہمہ عمر　　بذوقِ وصل زبد ساختم بہجر انشش
کسم بہ خود نہ پذیرفت و دہر بازم برد　　چوں نامہ کہ بود نانوشتہ عنوانشش
ازاں بہ گلشنِ گیتی نشاط میورزی　　کہ بوئے زہر آمی نشنوی زریحانشش

ویسے مرزا کی یہ خوش قسمتی عارضی تھی۔ کیونکہ ولیعہد دو سال بعد چل بسے۔ اور اگرچہ ادبی نقطۂ نظر سے درباری تعلقات نیک پھل لائے۔ کیونکہ ایک تو مرزا کے اردو خطوط کا آغاز اسی زمانے سے ہوا[1]۔ اور وہ مرزا کے ایوان شہرت میں　　مضبوط ترین ستون ہیں۔ دوسرے ان تعلقات کی وجہ سے مرزا کو فارسی چھوڑ کر اردو غزلیں لکھنی پڑیں لیکن ذوق سے معاصرانہ کشمکش باقی تھی۔ اور دسمبر ۱۸۵۱ء میں ہی سہرے کا ناخوشگوار واقعہ پیش آیا۔ آبِ حیات میں اس قضیے کی تمام تفصیلات درج ہیں۔ اور غالب نے انورالدولہ نواب سعدالدین خاں شفق کے نام ایک خط میں بھی اسکے متعلق ذکر کیا ہے "از دیر باز سرودستانسرائی اردو ندارم۔ ہمانا از رضاجوئی شہریار سلیماں پیشکار است گاہ گاہ ناگاہ رنگ ریختہ ریختن و پیرہ بعزمان بانوی بلقیس پرستار ہست در ریختہ بدیں ردیف ناروا ول آمیختن مگر در مقطع غزل سرہستانہ ہوسے زدہ باشم آں یکے کہ گمان کمالے کہ نداشت داشت پنداشت کہ روئے سخن سوئے اوست۔ در مقطع غزلیکہ سرود بہنجار ستیزہ گام زدو دانست کہ گفتار مرا پاسخ سازد و من بستیہی ایں شعر عہ کہ فرد ریختہ خامۂ من است ع

---

[1] حالی نے یادگار غالب میں لکھا ہے۔ کہ مرزا کو اردو خط و کتابت ۱۸۵۰ء میں شروع کرنی پڑی جب وہ مہرِ نیمروز کے لکھنے میں مصروف ہوگئے۔ ہم بتا چکے ہیں (اور مرزا کے اپنے فارسی خطوط ہی اس امر کا بین ثبوت ہیں) کہ مرزا نے آسان اور سادہ خطوط نویسی کے جو اصول اپنے رسالہ خطوط نویسی میں بتائے تھے۔ ان پر خود جہاں تک فارسی خطوط کا تعلق ہے۔ کبھی عمل نہیں کیا۔ لیکن اردو میں انہوں نے جو خطوط لکھے ہیں وہ بے "تکلف اور سخن آرائی" سے پاک ہیں۔ وہ خود منشی نولکشور کو لکھتے ہیں" در پارسی زبان بسا سخن گفتہ ام و سمر نامہ ہا نگاشتہ۔ اکنوں کہ دل از ناتوانی سگالش بر نمی تابد، کار بر خود آسان کردہ ام و ہرچہ می باید منبشت۔ در اردوی نویسم گوئی گفتار در نامہ فرو می پیچم و بہ دوست میفرستم۔ حاشا کہ در اردو زبان نیز سخن آرائی و خود نمائی آئین باشد۔ آنچہ با نزدیکاں تواں گفت۔ بہ دوراں نوشتہ میشود۔"

اس کی تکمیل غیر ضروری سمجھی ہو یہ صحیح ہے کہ مرزا کی فارسی نثر غلط ہندوستانی محاوروں سے پاک ہے۔ لیکن جہاں تک معنی کا تعلق ہے۔ اسپر انکی پیاز کی مثال صادق آتی ہے۔ کہ چھلکے ہی چھلکے ہیں نام نہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ باوجودیکہ مہر نیمروز جو مغلیہ بادشاہوں کی تاریخ ہے اور جسکی تاریخی اہ اسوجہ سے کہ آخری مغلیہ بادشاہ کے زیر فرمان درباری مؤرخ نے لکھی۔ بہت ہوئی چھپا۔ کچھ بھی نہیں۔

۱۸۵۲ء میں یعنی جس سال مہر نیمروز مکمل ہوئی۔ مومن کا انتقال ہوگیا۔ مومن خود ایک بہت با مرتبہ شاعر تھا۔ اور مرزا کی طرح فارسی کا شائق۔ مرزا کو اس کی موت کا بہت افسوس ہوا۔ جس اظہار انہوں نے فارسی رباعی میں بھی کیا ہے۔

شرطست کہ روئے دل خراشم ہمہ عمر — خوں نابہ برخ ز دیدہ پاشم ہمہ عمر
کافر باشم اگر بہ مرگ مومن — چوں کعبہ سیاہ پوش نہ باشم ہمہ عمر

لیکن جس موت کا انہیں "مرگ مومن" سے بھی زیادہ رنج ہوا۔ وہ نواب زین العابدین کی وفات تھی۔ عارف غالب کی بیوی کے بھانجے تھے۔ اور چھوٹی عمر میں ہی خوب شعر کہتے تھے مرزا کو وہ بہت عزیز تھے۔ اور ان کی نسبت انہوں نے ایک فارسی قطعہ بھی لکھا ہے۔

آں پسندیدہ خوی عارف نام — کہ ز نقش شمع دودمان منست
از نشاط نگارشش نامش — خامہ رقاص در بنان منست
آنکہ در بزم قرب خلوت انس — غمگسار مزاج دان منست
زور بازوئے کامرانی من — راحت روح ناتوان منست

ان کے مرنے کا مرزا کو بہت افسوس ہوا۔ جس کا اظہار انہوں نے ایک نہایت دردناک مرثیے میں کیا ہے۔ مرحوم کے دو بیٹے تھے۔ حسین علیخاں اور باقر علیخاں۔ مرزا پہلے حسین علیخاں اور پھر باقر علیخاں ہر دو کو اپنے پاس لے آئے۔ اور انہیں بچوں کی طرح بڑے پیار سے پالا جس کا ثبوت انکے اردو خطوط سے بخوبی ملتا ہے۔

نواب کی خدمت میں بھیجے۔ چنانچہ نواب انکے شاگرد ہوئے۔ اور گاہے گاہے انکی مالی امداد کرتے رہے۔ اس مالی مدد کے علاوہ اردوئے معلیٰ کے پڑھنے والے جانتے ہیں کہ اگر غدر کے بعد نواب مرزا کی دستگیری نہ کرتے تو جہاں اتنے اور خاندانی لوگوں کی دریوزہ گری اور فاقہ کشی تک نوبت آ گئی تھی۔ وہاں مرزا کا بھی شاید یہی حال ہوتا اور اگر وہ غدر سے پہلے اپنا اردو دیوان رام پور بھیج دیتے۔ تو چونکہ ان کا اپنا مجموعہ نواب ضیاء الدین اور نواب حسین مرزا کے کتبخانوں کی تباہی کی وجہ سے تلف ہو گیا تھا۔ ناممکن نہ تھا کہ جس طرح ذوق اور آزاد کا بہت سا کلام اس ہنگامے میں جاتا رہا۔ دیوان غالب بھی اسی آگ کی نذر ہو جاتا۔

بادشاہ کے اشعار کی اصلاح مرزا نے دو تین سال کی ہو گی۔ اس سلسلہ میں انہیں بادشاہ کی طرف سے ملک الشعرا یا اس طرح کا کوئی اور خطاب نہیں ملا۔ اور ممکن ہے کہ بادشاہ ان کی طرز شاعری کا بہت مداح نہ ہو۔ حالی نے بھی ناظر حسین مرزا کی شہادت سے آزاد کے اس نظریے کی تائید کی ہے کہ بادشاہ کے استادوں کو ایک پھول اور ایک کلی سے گلدستہ بنا کر دینا ہوتا تھا۔ ظفر کی نسبت یہ بات بہت مشہور ہے۔ لیکن ظفر اور غالب کا کلام آج بھی موجود ہے۔ کلیات ظفر میں غالب کے صحیح رنگ کی ایک غزل نہیں۔ اور جب ہم کلیات ظفر کا عام معیار دیکھتے ہیں۔ تو یہ اظہار کہ اس میں مرزا کے نتائج فکر بھی شامل ہیں۔ مرزا کی شاعرانہ شہرت کے لئے بہت مفید معلوم نہیں ہوتا۔

غالب بادشاہ کے استاد تو ہو گئے تھے۔ لیکن اب سلطنت کا شیرازہ ہی بکھر رہا تھا۔ جب بہادر شاہ ۱۸۳۷ء میں بادشاہ ہوا تو اس سے کہا گیا کہ ایسٹ انڈیا کمپنی پر بادشاہ کے جو حقوق ہیں ان سے وہ دستبردار ہو جائے۔ لیکن بہادر شاہ اپنی بیدست و پائی اور ضعیف العمری کے باوجود اپنے حقوق پر اڑا رہنے کا عادی تھا۔ وہ نہ مانا۔ لیکن اب اس کا انجام قریب نظر آ رہا تھا۔ چنانچہ ۱۸۵۵ء میں فیصلہ ہوا کہ بہادر شاہ کے بعد شاہی خاندان کو قطب جانا ہو گا۔ لہٰذا بیگم زینت محل کی اس فیصلہ پر ریذیڈنٹ سے بڑی جھڑپ ہوئی تھی۔ لیکن یہ فیصلہ برقرار رہا۔ اور اس کے دو سال بعد جب نئے ولیعہد کا تقرر ہوا۔ تو طے پایا۔ کہ ایک تو بہادر شاہ کے جانشین کو

غدر کے دوران میں غالب کے حالات زندگی تلاش کرنے کیلئے ہمیں انکے خطوط اور قصائد میں کسی تحقیق کی ضرورت نہیں۔ اس زمانے کے مفصل حالات اُن کی کتاب دستنبو میں درج ہیں۔ سوانحی دلچسپی کے علاوہ کتاب کی تاریخی اہمیت بھی بہت ہے۔ کیونکہ یہ کتاب ایسے شخص کی لکھی ہوئی ہے۔ جو شروع سے اخیر تک ان حالات میں شریک رہا۔ اور جس کی راست گوئی کے دوست دشمن سب معترف ہیں لیکن یہ خیال کہ اس کتاب میں تمام حالات صاف صاف اور آزادی سے لکھدیئے گئے ہونگے۔ صحیح نہیں۔ مرزا خود ایک اردو خط میں منشی ہرگوپال تفتہ کو جو کتاب کی اشاعت کے متعلق متامل تھے۔ لکھتے ہیں" ایک جلد نواب گورنر جنرل بہادر کی نذر بھیجونگا۔ اور ایک بذریعہ انکے جناب ملکہ معظمہ انگلستان کی نذر کرونگا۔ اب سمجھ لو کہ طرزِ تحریر کیا ہوگی۔ اور صاحبانِ مطبع کو اسکا انطباع کیوں نا مطبوع ہوگا" اس کتاب کی زبان مہر نیم روز سے نسبتاً صاف ہے۔ اور اگرچہ عربی الفاظ ترک کرنیسے جابجا غیر متعارف الفاظ استعمال کرنے پڑے ہیں۔ شاعرانہ رنگ آرائیوں سے مطلب ضبط نہیں ہوتا۔ اس میں بیشتر تو ان حادثات کی تفصیل ہے۔ جو مرزا پر گزرے۔ لیکن اسکے علاوہ عام

حالات کا تذکرہ بھی مفصل ہے۔ شروع میں ابتدائی عبارت اور اپنے تذکرے کے بعد ۱۱ مئی ۱۸۵۷ء
کے واقعات لکھے ہیں۔ جب میرٹھ سے باغی فوج دہلی آئی اور یہاں قتل و غارت کا بازار گرم ہوا۔ اس
میں موثر ترین حصہ بچوں اور عورتوں کے قتل کے متعلق ہے جس کا مرزا کو شدید قلق تھا۔ "ہیچ مشت خاکے
نماند کہ از خون گل اندامان ارغوان زار نشد و ہیچ کنج باغے نبود کہ از بے برگی نہال برہنہ نو بہار نشد۔ [illegible]
آں جہانداراں داد آموز دانش اندوز نکوخوے نکونام و آں ماہ طلعتان پری چہرہ نازک اندام
بارگے چوں ماہ دستے چوں سیم خام و دریغ آں کودکان جہاں نادیدہ کہ در شگفتہ روئی بر لالہ و
گل میخندیدند و در خوش خرامی بر کبک و تدرو و آہو میگرفتند کہ ہمہ یکبار بگرداب خوں فرو رفتند"
مرزا کو انگریز بیگناہوں کے قتل کا ہمیشہ افسوس رہا۔ چنانچہ غدر سے کئی سال بعد ایک اردو خط
میں لکھا ہے: "انگریز قوم میں سے جو ان روسیاہ کالوں کے ہاتھ سے قتل ہوئے ان میں کوئی میرا
امید گاہ تھا۔ اور کوئی میرا دوست اور کوئی میرا یار اور کوئی میرا شاگرد"

اس قتل عام کے بعد جو لوٹ مار ہوئی اس کی تفصیل دی ہے: "تماشائیکہ ہر روز تا بہ
رو زمین خاک زمین می کافتند و خاک تودہ زر یافتند و کسے نیز بشب در بزمے از آتش
گل چراغ می افروختند در کلبہ تا بہ داغ ناکامی سوختند دود و ہیچ بیدلے در میان شہر جز تماشا کہ
در گردن و گوش زن و دختر شگرف دست ... در کیسہ شہری ... کار ... دست" اس قتل و غارت
کے بعد باغیوں نے قلعہ کا رخ کیا۔ اور مرزا نے جو کچھ لکھا ہے اس سے بہادر شاہ کے اس
دعوٰی کی تائید ہوتی ہے کہ وہ غدر کے دوران میں مجبور تھا۔ اور سپاہ کا حاکم نہیں بلکہ محکوم
تھا۔ مرزا لکھتے ہیں: "چوں شاہ سپاہ را نتوانست راند، سپاہ فرو آمد و شاہ را فرو ماند

شاہ را در میاں گرفت سپاہ   دیں گرفتن بود گرفتن ماہ

شاہ را ماہ گرفتہ دانند   ... ماہ در گرفتن ماند

دہلی سے انگریزوں کا انتظام ختم ہونے اور دوبارہ دہلی فتح ہونے تک جو حالات رونما ہوئے
ان کی تفصیل نہایت مختصر ہے۔ اور فقط پانچ صفحوں میں ہے۔ البتہ چند دنوں کی سرگذشت

ختم کردی ہے۔ کتاب کا زیادہ حصہ ان تکالیف کا بیان ہے جو فتح دہلی کے بعد انہیں اور ان کے عزیزوں کو پیش آئیں۔ اور جنہیں انہوں نے نہایت دلآویز طریقے سے قلمبند کیا ہے۔

(۱۸ ستمبر ۱۸۵۷ء کو دہلی پر انگریزوں کا دوبارہ قبضہ ہو گیا۔ مرزا اس دن کی سرگذشت لکھتے ہیں)
"کشور گیران شہر وارک سرتاسر گرفتند غوغائے زد و کشت و گیر و دار تا بدیں کوچہ نیز رسید۔ وہمہ را از بیم دل دو نیم شد باید دانست کہ ایں کوچہ جز یک راہ در پیش از دہ و دوازدہ خانہ ندارد۔ از دو چار ورین سوئے نیست بیشتر از زن و مرد بدیں نورد کہ زن را بچہ در آغوش است و مرد را پشتوارہ بر دوش بدر زدند تنی چند کہ بجا ماندہ بہمہ تشاننے من کہ از سخن پذیری گزیر نداشتم در را نہ دروں بستند و پیرامن آں سنگ بسنگ بہم پیوستند تا کوچہ چنانکہ سربستہ بود در بستہ نیز شد۔"
(اس قید خانے سے باہر شہر کی جو حالت تھی اسکی نسبت لکھتے ہیں۔) "در ہمہ شہر از پانزدہم تمہ سرخانہ وسر کلبہ را در فراز ست۔ و فروشندگاں و خریدگاں ناپیدا گندم فروش کجا کہ دانہ خرند گازر کو کہ جامہ بہ شستن پوسے سپرند۔ گرا ارکجا جویند کہ موئے سر سترد۔ پاکار را کجا یابند کہ پلیدی برد۔"
غالب اور انکے ساتھیوں کا باہر سے تعلق منقطع ہوا تو پانی وغیرہ کا سلسلہ بھی بالکل بند ہو گیا۔ "در خورش ناخورش از خورش ہرچہ سنے بود۔ خوردہ شد۔ وآب بداں کوشش کہ پنداری چاہ بناخن کندہ اند آشامیدہ آمد۔ دیگر در کوزہ و سبو آب و در مرد و زن تاب نماند..... و دو شبانہ روز در تشنگی و گرسنگی گزشت۔"
جب دو دن اس طرح بے آب و ناں گزر گئے۔ تو تیسرے روز خوش قسمتی سے مہاراجہ پٹیالہ نے حکیم محمود خاں اور ان کے عزیزوں کے مکانوں کی حفاظت کیلئے جو سپاہی بھیجے تھے۔ وہ آپہنچے۔ لوگوں کو جان کا ڈر تھا۔ وہ کچھ کم ہوا۔ تو انہوں نے سپاہیوں سے پانی کیلئے استمداد کیا۔ چنانچہ انہیں بازار کے سرے تک جانیکی اجازت ملی۔ اور ہر گھر سے ایک ایک دو دو آدمی خم و سبو اٹھائے پانی کی تلاش میں نکلے۔ لیکن میٹھے پانی کے کوئیں دور تھے۔ اور وہاں تک جانا موت کو دعوت دینا تھا۔ ناچار ایک نمکین کوئیں سے ہی پانی بھر لائے۔ اور اس سے پیاس کی آگ بجھائی۔ لیکن نمکین پانی سے کہاں تسکین ہوتی ہے۔ لوگ نڈھال ہو رہے تھے۔ اور مرزا تسکین دیتے تھے۔ کہ جو ہماا ارزدی رسا

مرزا تو سخت جان تھے۔ ساٹھ برس کی عمر میں یہ مصیبتیں دیکھیں۔ اور بچ نکلے۔ لیکن ان کے بھائی مرزا یوسف اسقدر خوش قسمت نہ تھے۔ ان کا عرصے سے دماغ خراب ہوگیا تھا۔ اور غالب کے مکان سے دُور وہ علیحدہ مکان میں رہتے تھے۔ جتنا وظیفہ غالب کو سرکار سے ملتا تھا۔ اتنا ہی انہیں ملتا تھا۔ ان کی بیوی اور بچے بھی ان کے ساتھ تھے۔ لیکن معلوم ہوتا ہے۔ جب دہلی فتح ہوئی۔ تو قیامت کی طرح نفسا نفسی کا عالم تھا۔ ان کی بیوی اور بچے انہیں چھوڑ کر بھاگ نکلے۔ گھر پر ان کے ہاں ایک بوڑھی نوکرانی اور ایک بوڑھا دربان رہ گئے۔ مرزا کو بھی یہ اطلاع ملی۔ لیکن بے بس تھے۔ ایسی حالت میں کچھ نہ کرسکتے تھے۔ "کس فرستادن و آں سہ تن و کالا را بدینجا آوردن اگر جادو دانستمے نتوانستمے" (اس میں کوئی شک نہیں۔ کہ بھائی کا فکر ان کے دل پر بھاری بوجھ تھا) چنانچہ لکھتے ہیں "من ہمہ در بند آنم کہ برادر بشب چوں خفت و بروز چہ خورد۔ دنا آگہی بداں پایہ کہ نمیتوانم گفت کہ زندہ است یا بسختی مُرد" (۱۶ ستمبر کو جب انہیں اپنا دروازہ بند کئے ہوئے پندرہ سولہ دن ہو رہے تھے انہیں اطلاع ملی۔ کہ فوجی مرزا یوسف کے گھر آئے۔ اور سب کچھ لے گئے۔ لیکن انہیں اور بوڑھے نوکروں کو زندہ چھوڑ گئے۔)

نواب معین الدین جو مرزا کے دور رشتوں سے قریبی تھے۔ غدر کے حالات میں لکھتے ہیں۔ کہ مرزا اسد اللہ خاں کا بھائی مرزا یوسف خاں جو عرصے سے مخبوط الحواس تھا۔ گولی کی آواز سن کر یہ دیکھنے کہ کیا ہو رہا ہے۔ گھر سے باہر آیا اور مارا گیا۔ لیکن مرزا کا بیان اس سے مختلف ہے۔ وہ لکھتے ہیں۔ کہ ۱۹۔ اکتوبر کو صبح کے وقت مرزا یوسف کا بوڑھا دربان آیا اور خبر لایا کہ مرزا یوسف پانچ دن کے مسلسل بخار کے بعد رات کو گزر گئے۔ مرزا کی حالت اسوقت بہت خراب تھی۔ ایک تو بھائی کی موت کا صدمہ۔ پھر میت کا انتظام بہت مشکل تھا۔ نہ کفن کیلئے کپڑا۔ نہ مردہ نہلانے کیلئے مُردہ شو۔ اور نہ قبر کھودنے کیلئے گورکن۔ اسکے علاوہ اگرچہ فتح دہلی کو ایک مہینے سے زیادہ عرصہ گزر گیا تھا۔ شہر میں دو تین آدمیوں کا دوش بدوش چلنا ہی ناممکن تھا۔ شہر سے باہر میت لیجانے کی ہمت کسے پڑتی۔ لیکن مرزا کے ہمسایوں نے مرزا کی بیکسی پہ رحم کیا۔ اور تجہیز و تکفین کی طرف متوجہ

تھی۔ جسکے متعلق حالی نے اپنے شاہکار مرثیہ محمود خاں میں لکھا ہے:۔

وہ زمانہ جبکہ تھا دلی میں اک محشر بپا   نفسی نفسی کا تھا جب چار و طرف غل پڑرہا
اپنے اپنے حال میں چھوٹا بڑا تھا مبتلا   باپ سے فرزند اور بھائی سے بھائی تھا جدا
موجزن تھا جبکہ دریائے عتاب ذوالجلال
باغیوں کے ظلم کا دنیا پہ نازل تھا وبال
دیکھکر یاروں کو جب آنکھیں چرا جاتے تھے یار   ساتھ دینا تھا کسی کا موت سے ہونا دوچار
یار سے یار آشنا سے آشنا تھے شرمسار   شہر میں تھی چار سو گویا قیامت آشکار
آگ تھی اک مشتعل ایسی کہ تھا جس سے خطر
جل نہ جائیں اسکے شعلے سے کہیں سب خشک و تر
مجرم و بے جرم میں تھا حاکموں کو اشتباہ   عدل تھا مجرم کا دشمن اور بری کا عذر خواہ
مجرموں کے جرم پر دیوار و در تھے سب گواہ   پر نہ تھا کوئی شفیع اُن کا کہ جو تھے بیگناہ
ایسے نازک وقت میں مردانگی اُسنے جو کی
اہل انصاف اُس کو بھولے ہیں نہ بھولینگے کبھی
بالیقیں جن ملزموں کو اُسنے سمجھا بے خطا   مارشل لا میں ثبوت اُن کی صفائی کا دیا
چین سے بیٹھا نہ جبتک ہوگیا اک اک رہا   جو کہ تھے نادار، کی اُن کی اعانت برملا
زر دیا کھانا دیا کپڑا دیا بستر دیا
بے ٹھکانوں کو ٹھکانے، بےگھروں کو گھر دیا

مرزا نے دستنبو میں اپنے دو نسرے دوستوں کی سرگزشت لکھی ہے۔ نواب ضیاالدین اور نواب امین الدین جس ہفتے شہر فتح ہوا تھا۔ اسی ہفتے اہل وعیال اور چند آدمیوں کیساتھ اپنی جاگیر لوہارو جانے کیلئے روانہ ہوئے۔ لیکن ابھی مہرولی ہی تھے۔ کہ لٹیرے سپاہیوں نے آگھیرا۔ اور بدن پر جو کپڑے تھے اُنکے سوا سب کچھ لیگئے۔ دہلی میں جو اُنکے گھر پر گذری۔ وہ اس سے بڑھکر تھی۔

اور اردو و فارسی کے باکمال شاعر تھے۔ اور اردو شعرا کا جو تذکرہ فارسی زبان میں انہوں نے "گلشن بیخار" کے نام سے لکھا تھا۔ اسکے صفحے صفحے سے اُن کا پاکیزہ ادبی مذاق ظاہر ہوتا ہے۔ انہوں نے آزاد کی طرح واقعات کو نمک مرچ لگاکے پیش نہیں کیا تھا۔ اس لئے ان کا تذکرہ خواص کی آنکھ کی عینک ہے۔ آبِ حیات کی شہرتِ عامہ اسے حاصل نہیں ہوئی۔ لیکن اُن کے مختصر فقرے بلاغت کی جان ہیں۔ اور جب اس تذکرہ میں اُن کی میانہ روی اور انصاف پسندی۔ جس کا کارسن وتاسی بہت مداح تھا۔ دیکھتے ہیں۔ تو یہ بات بھی سمجھ میں آتی ہے۔ کہ حالی کیوں کہتا تھا۔ کہ میں نے غالب سے بہت کم سیکھا ہے۔ اور میری تحریر کی سادگی اور سچائی اور صحیح ادبی مذاق کچھ تو طبعی تھا اور بیشتر شیفتہ کے فیضِ صحبت کا نتیجہ۔ مرزا نواب کی نثر اور شاعری اور مذاقِ شعر کے مداح تھے۔ اسکے علاوہ جو مہربانیاں ان پر قید کے دوران میں نواب نے کی تھیں۔ وہ بھی بھولی نہ ہونگیں۔ چنانچہ ان کی مصیبت دل پر ایک گہرا زخم تھا۔ ایک خط میں لکھتے ہیں "مصطفےٰ خاں کا حال سُنا ہوگا۔ خدا کرے مرافعہ میں چھوٹ جائے۔ ورنہ حبس ہفت سالہ کی تاب اس نازپروردہ میں کہاں" چنانچہ جب نواب کی اپیل کامیاب ہوئی۔ اور وہ رہا ہوگئے تو مرزا اس بے دست و پائی کے باوجود" بجز استماع اس خبر کے ڈاک میں بیٹھ کر میرٹھ گئے۔ انہیں ملے۔ اور چار دن قیام کے بعد واپس آئے۔

مولانا مفتی صدرالدین آزردہ جو فارسی کے بلند پایہ شاعر اور عربی کے زبردست عالم تھے۔ غدر سے پہلے دہلی میں صدرالصدور تھے۔ لیکن اسکے باوجود محفوظ نہیں رہے۔ مرزا ۱۸۶۲ء کے ایک خط میں لکھتے ہیں "حضرت جناب مولوی صدرالدین صاحب بہت دن حوالات میں رہے کورٹ میں مقدمہ پیش ہوا۔ روبکاریاں ہوئیں۔ آخر صاحبانِ کورٹ نے جان بخشی کا حکم دیا۔ نوکری موقوف۔ جائداد ضبط۔ ناچار خستہ و تباہ لاہور گئے۔ فنانشل کمشنر اور لفٹننٹ گورنر نے ازرہِ ترحم نصف جائداد واگذاشت کی۔ اب نصف جائداد پر قابض ہیں"

افسوس ترین انجام مولوی فضل حق خیرآبادی کا ہوا۔ جو علاوہ اپنی علمی اور دینی قابلیت

ہنتے تھے۔ لیکن مرزا کا ہاتھ خرچ کے معاملے میں ہمیشہ آزاد رہا تھا۔ مالی حالت اُن کی تسلی بخش نہ تھی
رچونکہ مستقبل کی نسبت ابھی کچھ بھی معلوم نہ تھا۔ دستنبو کا جسے انہوں نے یکم اگست سن اٹھاون
ختم کیا، آخری حصہ نہایت مایوسانہ ہے۔ وہ لکھتے ہیں۔ سابق پنشن اگر مل گئی تب بھی کچھ نہیں بنیگا
رنہ ملی تو قصہ ہی پاک ہے۔" کہن پنشن اگر بدست آید۔ تیز زنگ از آئینہ نمی زداید و اگر فراچنگ
مد بہ آبگینہ جز سنگ نیامد۔"

اس میں خوشی ہے۔ تو مجھ سے نہ پوچھو۔تم کو اختیار ہے"۔ ظاہر ہے کہ اس کے بعد جو رقعات انہوں نے لکھے ہونگے وہ ان کی اشاعت سے غافل نہیں ہونگے۔اور اسوقت سے پہلے اور بعد کے خطوط میں جو واضح فرق ہے۔اس سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔کہ بعد کے رقعات انہوں نے قلم سنبھالکر اور دل لگاکر لکھے۔

غالب کے رقعات خواہ کن حالات کے ماتحت لکھے گئے ہوں۔ انکی اہمیت بہت ہے تاریخی نقطہ نظر سے غدر کے بعد دہلی میں جو سناٹا ہوا تھا۔ اسکی صحیح اور موثر داستاں انہی خطوط میں ملتی ہے مکتوب نویسی میں بھی ان خطوط نے ایک نیا معیار قایم کر دیا۔ ورنہ ممکن تھا کہ اگر اسطرح کے خطوط لوگوں کی نظر کے سامنے نہ آتے تو اردو نظم نے جہاں فارسی نظم کی پیروی کی ہے وہاں اُردو خطوط بھی رقعات بیدل اور انشائے مادھورام کی طرز پر لکھے جاتے۔ علاوہ ازیں اُردو نثر کی تاریخ میں ان رقعات کا مرتبہ بہت بلند ہے ۔بیشک اس سے پہلے کلکتہ کالج میں کئی ایک کتب مقفیٰ اور مسجع عبارت سے عاری شایع ہو چکی تھیں۔ لیکن اُردو نثر کا مستقبل فورٹ ولیم سے نہیں بلکہ قلعہ دہلی سے وابستہ تھا۔یہاں بھی دہلی کالج کے سلسلے میں صاف اردو میں چند کتب شایع ہوئی تھیں۔لیکن وہ محض ترجمے تھے۔اور ادبی نقطہ نظر سے بے وقعت یہاں جو رنگ مقبول تھا۔اس کا نمونہ مولوی غلام امام شہید کے مضامین میں یا آثار الصنادید کے باب چہارم میں ملتا ہے ۔بیشک اس طرز تحریر کو اختیار کرتے وقت عبارت آرائی اور قوافی اور تشبیہوں کی تلاش میں انشا پرداز کو بہت محنت کرنی پڑتی۔ لیکن نتیجہ فقط یہی کہ اصل مطلب تو بر تو پردے پڑ جاتے۔ غالب نے دہلی کی زبان کو تحریر کا جامہ پہنایا۔اور اس میں اپنی ظرافت اور موثر طرز بیان سے وہ گلکاریاں کیں۔ کہ اردوئے معلیٰ خواص و عوام کو پسند آئی۔ اور اردو نثر کیلئے ایک ایسی طرز تحریر قایم ہوگئی جس کی پیروی باقیوں کے لئے لازم تھی۔

حالی نے یادگار غالب میں مرزا کے رقعات کا نہایت نفیس انتخاب کر کے ان پر دلچسپ تبصرہ کیا ہے۔ اسکے علاوہ دو مستقل کتابیں غالب کے خطوط کے متعلق شایع ہو چکی ہیں۔ اسلئے اسجگہ

بطریق امداد بھی ملا تھا۔ لیکن اب جو انہیں دربار کے متعلق یہ جواب ملا۔ وہ پنشن سے بھی مایوس ہو گئے۔ اس زمانے میں انہوں نے مہاراجگان الور و پٹیالہ کی تعریف میں قصائد لکھے اور مدد چاہی۔ لیکن جب ادھر سے کچھ نہ حاصل ہوا۔ تو انہوں نے رام پور کا رخ کیا۔ نواب ۱۸۵۵ء سے ان کے شاگرد تھے اور گاہے گاہے کچھ بھیجدیا کرتے تھے۔ غدر کے بعد مرزا کی حالت بہت خراب ہوئی۔ تو انہوں نے نواب کی تعریف میں ایک قصیدہ لکھا۔ ؎

چوں نیست مرا شربتِ آبے ز تو حاصل
دانم کہ تو دریائی و من سبزۂ ساحل

اس پر نواب کی طرف سے ایک سو روپیہ ماہانہ ان کی مدد کیلئے جولائی ۱۸۵۹ء کے وسط سے مقرر ہو گیا تھا۔ اب جنوری ۱۸۶۰ء میں مرزا کو حکامِ انگریزی کی طرف سے مندرجہ بالا جواب ملا۔ تو وہ رام پور گئے۔ وہاں نواب نے ان کی بہت توقیر کی۔ "ملاقات بھی دوستانہ رہی۔ معانقہ و تعظیم جس طرح احباب میں رسم ہے۔ وہ صورتِ ملاقات" علاوہ ازیں نواب نے وعدہ کیا۔ کہ اگر مرزا رام پور رہیں۔ تو دو سو روپے پائیں اور اگر دہلی رہیں تو سو۔ لیکن مرزا عارف کے دو بچوں کو ساتھ لیگئے تھے۔ وہاں وہ گھبرا گئے۔ اس لئے مرزا ڈیڑھ دو مہینہ رام پور رہنے کے بعد آخر مارچ کو دہلی واپس لوٹے۔

مرزا کو خیال تھا۔ کہ نواب کی وساطت سے حکام سے صفائی ہو جائیگی[1]۔ لیکن اگرچہ اسمیں کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔ نواب کا مرزا سے جو نیم مربیانہ تعلق تھا۔ وہ اور مستحکم ہو گیا۔ اس کے علاوہ اگرچہ مرزا کا دربار و خلعت موقوف ہو گیا تھا۔ اور پنشن کے بارے میں بھی حاکم دہلی نے ان کے خلاف رپورٹ کی تھی حکام بالا کیطرف سے انکی پنشن کے اجرا کا حکم ہو گیا۔ اور مرزا جب دہلی واپس پہنچے۔ تو انہیں پنشن کی جو پائی پائی باقی تھی۔ سب ملی۔ چنانچہ ۲ مئی ۱۸۶۰ء کو جو خط انہوں نے

---

[1] پتہ نہیں۔ مولانا ابو الکلام آزاد نے کس شہادت کی بنا پر لکھا ہے کہ سر سید نے پنشن کی بحالی کے لئے بہت کوشش کی۔ (الہلال جلد ۴۔ نمبر ۲۴ صفحہ ۱۰)

کا آغاز ہوا لیکن اگرچہ سوائے ان لوگوں کے، جن کے خلاف خاص ثبوت تھے، عوام کی جاں بخشی کا حکم ہو گیا، معلوم ہوتا ہے۔ دہلی کا شیرازہ جو بکھرا ہوا تھا۔ اُسے بندھتے بہت دیر لگی۔ ہندوؤں کی آبادی کا حکم جنوری ۱۸۵۸ء میں ہی ہو گیا تھا۔ بعد میں کچھ مسلمانوں کو شہر میں آنے جانے کیلئے ٹکٹ ملنے شروع ہوئے۔ اور پھر بعض کو شہر میں چند شرطوں کے ماتحت رہنے کی اجازت ملی۔ تعزیہ ٹیکس نومبر ۱۸۵۹ء میں عائد ہوا۔ چنانچہ مرزا ۹۔ نومبر کے ایک خط میں لکھتے ہیں "ٹاون ڈیوٹی (TOWN DUTY) کے باب میں کونسل ہوئی۔ پرسوں ۷ نومبر سے جاری ہو گئی۔ ساگر رام خزانچی، چھنا مل، مہیش داس ان تینوں شخصوں کو یہ کام بطور امانی سپرد ہوا ہے۔ غلہ اور اُپلے کے سوا کوئی جنس ایسی نہیں ہے۔ کہ جس پہ محصول نہ ہو۔ آبادی کا حکم عام ہے۔ خلق کا اژدھام ہے۔ آگے حکم تھا کہ مالکان رہیں۔ کرایہ دار نہ رہیں۔ پرسوں سے حکم ہو گیا ہے۔ کہ کرایہ دار بھی رہیں کہیں یہ نہ سمجھنا کہ تم یا ہم کوئی اپنے مکان میں کرایہ دار کو آباد کرلے۔ وہ لوگ جو گھر کا نشان نہ رکھتے تھے۔ اور ہمیشہ سے کرایہ کے مکان میں رہتے تھے۔ وہ بھی آرہیں۔ مگر کرایہ سرکار کو دیں"۔ لیکن اسی سال دسمبر میں جب گورنر جنرل نے میرٹھ میں دربار کیا۔ تو "مسلمانوں کی املاک کے واگزشت کا حکم عام ہو گیا۔ جن کو کرایہ پہ ملی تھیں۔ ان کو کرایہ معاف ہو گیا۔" علاوہ ازیں مرزا ۱۳، دسمبر ۱۸۵۹ء کے ایک خط میں لکھتے ہیں۔ "اتنا مسموع ہوا ہے۔ کہ ایک محکمہ لاہور میں معاوضہ نقصان رعایا کے واسطے تجویز ہوا ہے۔ اور حکم یہ ہے۔ کہ جو رعیت کا مال کالوں نے لوٹا ہے۔ البتہ اُسکا معاوضہ وہ یک سرکار سے ہو گا۔" دہلی کو چونکہ پنجاب کے حکام نے فتح کیا تھا۔ اس کا نظم و نسق بھی اب انہی کے ہاتھوں میں تھا اور نئے انتظامات نئے ماتحت دہلی صوبہ پنجاب کا حصہ تھی لیکن معلوم ہوتا ہے۔ اکثر اہالیانِ دہلی اس انتظام سے خوش نہیں تھے۔ مرزا ایک خط میں لکھتے ہیں: "زنہار کبھی یہ گمان نہ کیجئے گا۔ کہ دہلی کی عملداری میرٹھ اور آگرہ اور بلاد شرقیہ کی مثل ہے۔ یہ پنجاب احاطہ میں شامل ہے۔ نہ قانون نہ آئین۔ جس حاکم کی جو رائے میں آئے وہ ویسا ہی کرے۔" یوسف مرزا کو ایک لطیفہ لکھا ہے: "سنو حافظ ممو بے گناہ ثابت ہو چکے۔ رہائی پا چکے۔ حاکم کے سامنے حاضر ہوا کرتے ہیں۔ املاک اپنی مانگتے ہیں۔ قبض و تصرف ان کا ثابت ہو چکا

میں لکھتے ہیں: "جویائے حالِ دہلی والو سلام لو۔ مسجد جامع واگزاشت ہوگئی۔ چتلی قبر کی طرف
سیڑھیوں پر کبابیوں نے دکانیں بنا لیں۔ انڈا مرغی کبوتر بکنے لگا۔ دس آدمی مہتمم ٹھہرے
مرزا الٰہی بخش۔ مولوی صدرالدین۔ تفضل حسین خان۔ تین یہ سات اور۔ ۷ نومبر ۱۴ جمادی الاول
سال حال جمعہ کے دن ابوالظفر سراج الدین بہادر شاہ قیدِ فرنگ و قیدِ جسم سے
رہا ہوئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون"۔

غدر کا ہنگامہ اب فرو ہوئے کئی سال ہو چکے تھے۔ دہلی جہاں تک تبدیل حالات کے ساتھ ممکن تھا۔ اپنی پرانی حالت پر آ رہی تھی۔ بظاہر تو غالب کو اس وقت ہر طرح مطمئن ہونا چاہیئے تھا۔ رام پور سے باقاعدہ سو روپیہ ماہوار آتے تھے۔ پنشن جاری تھی۔ دربار اور خلعت بھی بحال ہو چکے تھے۔ لیکن "قاطع برہان" کی اشاعت سے انہوں نے جو مخالفت عامہ مول لی۔ اُس نے یہ زمانہ اُن کے لئے بہت تلخ کر دیا۔ قاطع برہان اوائل ۱۸۶۰ء میں لکھی گئی۔ اور اکتوبر ۱۸۶۱ء کے بعد شایع ہوئی۔ ہمارے خیال میں اس کتاب کو دستنبو کا ثمرِ ثانی سمجھنا چاہیئے۔ دستنبو کی تحریر میں مرزا نے عربی الفاظ استعمال نہ کرنے کا التزام کیا تھا۔ اب انہیں الفاظ کی اصل اور معانی پر زیادہ غور کرنے کی ضرورت پڑی۔ جس کیلئے انہوں نے مشہور فارسی لغت برہان قاطع[1] کا غائر مطالعہ کیا۔ علاوہ ازیں اسوقت انکے پاس پارسیوں کی کتاب دساتیر بھی تھی۔ اور چونکہ عربی الفاظ ترک کرنے کی وجہ سے قدیم فارسی کے کئی الفاظ انہیں استعمال کرنے پڑے۔ انہوں نے دیکھا ہوگا کہ برہان قاطع میں جو معنی دیئے ہیں وہ دساتیر کی عبارت پر نہیں بیٹھتے۔ چنانچہ جب دستنبو ختم ہوگئی

۱؎۔ جو برہان قاطع کے زیر مطالعہ تھی [illegible]

اور انہیں برہان کو بغور پڑھنے کی فرصت ملی۔ تو انہیں کئی بے قاعدگیاں نظر پڑیں۔ انہیں اکٹھا کرکے اُنہوں نے دس جزو کا ایک رسالہ قاطع برہان کے نام سے شائع کیا۔ یہ رسالہ تو اب عام نہیں ملتا۔ لیکن اس کی اشاعت کے تین چار سال بعد مرزا نے دوسرا ایڈیشن "درفش کاویانی" کے نام سے شایع کرایا تھا جس کی ایک جلد برٹش میوزیم لائبریری میں موجود ہے۔ اس کتاب کی سب سے بڑی خصوصیت جو ایک سرسری مطالعہ سے بھی واضح ہوتی ہے۔ مرزا کی آزاد قوتِ فیصلہ ہے۔ ہم نے اس کتاب کے شروع میں اشارہ کیا ہے۔ کہ جس طرح مولانا اسمٰعیل نے کورانہ تقلید کے خلاف لوگوں کو اُبھارا تھا۔ مرزا بھی رائے عامہ کے پابند نہیں تھے۔ اور ہر ایک مسئلہ پہ آزادانہ تنقید جائز بلکہ ضروری سمجھتے تھے۔ چنانچہ وہ درفش کاویانی کے دیباچہ میں لکھتے ہیں "مرا نیز خردے ورروانے دادہ اند۔ فرا آوردہ (یعنی نتایج) اندیشہ بیگانگاں راچوں پذیرم دانہ نیروئے خرد خداداد کار چہ انگیرم" وہ نہ صرف اپنے معاصرین کی رائے کو بہ نظر تنقید دیکھتے تھے بلکہ مولٰینا اسمٰعیل کی طرح اگلوں کے فیصلہ کے سامنے اندھا دھند سر نہیں جھکاتے تھے۔ چنانچہ وہ تفتہ کو اسی زمانے میں ایک خط میں لکھتے ہیں" یہ نہ سمجھا کرو۔ کہ اگلے جو لکھ گئے ہیں۔ وہ حق ہے کیا آگے احمق نہیں پیدا ہوتے تھے"۔

لیکن ظاہر ہے کہ جس طرح یہ نقطۂ نظر کہ جو اگلے کہتے تھے سب درست ہے صحیح نہیں۔ اسی طرح کورانہ تقلید کو چھوڑ کر اندھا دھند مخالفت اختیار کرنے میں بھی کوئی مصلحت نہیں۔ ہر ایک مسئلہ کا فیصلہ اسکے اپنے حسن و قبح سے ہو سکتا ہے۔ لیکن اس بارے میں بھی ہم دیکھتے ہیں۔ کہ عام اغلاط اور الفاظ کے معانی سے قطع نظر فن لغت میں مرزا نے جو اصول وضع کئے ہیں۔ اور ان کے لحاظ سے برہان قاطع پر نکتہ چینی کی ہے۔ وہ بیشتر صحیح ہیں۔ مثلاً مرزا کا یہ خیال کہ اگر لغت میں مصدر کے معنی دیئے جائیں۔ تو مشتق کے معنی دینے کی ضرورت نہیں رہتی۔ درست ہے۔ اور اس اصول کو نظر انداز کرکے مصنف برہان نے الفاظ کا ذخیرہ بہت بڑھا دیا تھا۔ اسی طرح شعرا نے الفاظ سے جو معانی استعارے کے طور پر کسی خاص نظم میں مراد لئے تھے۔ انہیں بھی مصنف نے علیحدہ لغت کے طور پر درج

اور ممتاز آدمی کی کتاب کا رد لکھیں۔ اور لوگوں پر ظاہر کریں۔ کہ ہم بھی کوئی چیز ہیں"۔ حالی نے سرسید کی مخالفت کی بھی یہی وجہ دی ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ طرزِ استدلال کسی اعتراض کا جواب نہیں آخر اگر سرسید رسول کریمؐ کے متعلق الفنسٹن کے ناشائستہ الفاظ اپنی کتاب میں نہ درج کرتے یا اپنے عجیب و غریب مذہبی عقائد کا، جن کا آج بھی کوئی قائل نہیں، پرچار نہ کرتے۔ تو انکی کیوں اتنی مخالفت ہوتی۔ اسی طرح اگر مرزا اس علمی بحث میں ذاتیات کو نہ لے آتے تو مخالفین بھی اینٹ کا جواب پتھر سے نہ دیتے۔ علاوہ ازیں اگر بفرضِ محال یہ مان بھی لیا جائے۔ کہ پرانے تعلیم یافتہ اپنی شہرت کیلئے مشہور آدمیوں کی مخالفت کرتے ہیں۔ تب بھی نا ملائم الفاظ کے استعمال میں جو عیب ہے۔ وہ کم نہیں ہو جاتا حقیقت یہ ہے اور مرزا کے سوانح نگار کو اس امر کا اقرار کرنا پڑتا ہے۔ کہ مباحثہ کرتے وقت وہ اپنے ترکش کے سارے تیر استعمال کرتے تھے اس سے پہلے جب ان کے کلام پر قتیل کے اصولوں کی وجہ سے اعتراض ہوئے تھے۔ تو وہ اس کا سارا شجرہ نسب ڈھونڈ لائے تھے۔ اور اب جو انہوں نے برہان قاطع کے مصنف سے اختلاف کیا۔ تو دلائل و براہین پر اکتفا نہیں کی۔ بلکہ اپنے قلم سے تیر اور نشتر کا کام بھی لیا۔

برہان قاطع غالباً ۱۸۶۱ء میں شایع ہوئی۔ اس کا دوسرا ایڈیشن ۱۸۶۵ء میں رئیس سورت نواب میر غلام بابا خاں کی مالی امداد سے شایع ہوا۔ اس امر سے یہ اندازہ ہو سکتا ہے۔ کہ مرزا کے مداح اسوقت سارے ہندوستان میں موجود تھے۔ بنگال میں میسور کے شاہی خاندان کے رکن شاہزادہ بشیر الدین۔ اور خان بہادر عبدالغفور نساخ۔ سورت میں نواب میر غلام بابا خاں لوہارو میں نواب لوہارو کے صاحبزادے مرزا علاء الدین اور بھائی نواب ضیاء الدین غالب کے شاگرد تھے۔ بڑودہ کے رئیس نواب میر ابراہیم علیخاں غزلیں اصلاح کیلئے بھیجتے تھے۔ اور الور کے مہاراجہ غالب کے مداح تھے۔ الہ آباد میں خان بہادر منشی غلام غوث بیخبر اگرچہ قاطع برہان کی بحث میں مرزا سے متفق نہیں تھے۔ لیکن ان کے کمال شاعری کے معترف تھے۔ اسی طرح پنجاب میں ان کی دستنبو بہت مقبول ہوئی۔ اور وہاں انکے اردو رقعات کی بہت مانگ تھی۔ یہ صحیح ہے۔ کہ حیدر آباد میں

ان کی کوئی قدر نہ ہوئی۔ اور انہوں نے سر سالار جنگ کی تعریف میں جو نفیس قصیدہ ۱۸۶۱ء میں لکھ کر بھیجا
تھا۔ اس کا انہیں جواب بھی نہ ملا۔ لیکن اسکے علاوہ تمام ہندوستان میں اُن کے قدردان اور مداح
موجود تھے۔ مرزا کے خطوط سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ یہ لوگ کچھ نہ کچھ بھیجتے رہتے تھے۔ لیکن بڑھاپے میں
انہیں فکرِ معیشت سے آزاد رکھنے کی سعادت دربار رامپور کے حصے میں آئی۔ نواب یوسف علیخاں
ناظم سو روپیہ ماہوار بھیجتے تھے۔ خاص ضرورت کے وقت (مثلاً قاطع برہان کی اشاعت کے لئے)
جو کچھ ملتا وہ اس پر مستزاد۔ ان کی وفات اپریل ۱۸۶۵ء میں ہوئی۔ اور نواب کلب علیخاں جانشین ہوئے۔
مرزا نے تہنیت جلوس کا قصیدہ لکھ کر بھیجا تھا۔ اور جب نواب نے مسند نشینی کا جشن کیا تو
مرزا بھی رام پور بلائے گئے۔ چنانچہ بارہ اکتوبر ۱۸۶۵ء کو وہ مرزا باقر علیخاں اور مرزا حسین علیخاں
کے ساتھ وہاں پہنچے۔ اور جشن میں شریک ہوئے۔ معلوم ہوتا ہے جشن بڑا شاندار تھا۔ مرزا نے بھی ایک خط
میں ذکر کیا ہے۔ روشنی آتشبازی کی وہ افراط کہ رات دن کا سب سماں رہے۔ طوائف کا وہ ہجوم کہ اگر
وہ مجمع کہ اس مجلس کو طوائف الملوک کہنا چاہئے۔ مرزا قریباً تین مہینے رام پور رہے۔ واپسی
مراد آباد راہ میں تھا۔ وہاں پہنچکر بیمار ہوگئے۔ اتفاق سے سر سید احمد خاں وہاں صدر الصدور
تھے۔ انہوں نے پوری طرح تیمارداری کی۔ [illegible] سات دن کے بعد صحت ہوئی۔ تو دہلی
پہنچے۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اگرچہ انہیں عارضی طور پر آرام آگیا۔ صحت اسکے بعد اکثر خراب ہی
رہی۔ وہ ۱۲ مئی ۱۸۶۶ء کے ایک خط میں لکھتے ہیں۔ آگے ناتوان تھا۔ اب نیم جان ہوں۔ آگے بہرا
تھا۔ اب اندھا ہوا چاہتا ہوں۔ رام پور کے سفر کا رہ آورد ہے۔ رعشہ اور ضعف بصر۔ تین چار سال پہلے بھی
وہ فساد خون کی وجہ سے قریباً ایک سال بیمار رہے تھے۔ اب ان کی عمر بھی ستر برس کے لگ بھگ
ہو رہی تھی۔ اور ضعف پیری دن بدن غالب آ رہا تھا۔ جلوۂ خضر کے مؤلف سید فرزند احمد صفیر بلگرامی
اسی زمانے میں ان سے ملنے دلی آئے تھے۔ اور ان سے ملاقات کا حال اپنی کتاب میں یادگار چھوڑ
گئے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں حضرت کا لباس اس وقت یہ تھا۔ پاجامہ سیاہ بڑے دامنوں کا کلاہ
نیفہ سرخ قول کا۔ بدن میں مرزائی۔ سر کھلا ہوا۔ تمام سر کے بال سفید۔ منہ پر داڑھی دو انگل کی

آنکھیں بڑی۔ کان بڑے۔ قد لمبا۔ ولایتی صورت۔ پاؤں کی اُنگلیاں بسبب کثرت شراب کے موٹی ہوکر اینٹھ گئی تھیں۔ اور یہی سبب تھا۔ کہ اُٹھنے میں وقت ہوتی تھی۔ آنکھوں میں نور مزہ تھا۔ کان کے سماعت میں کچھ ثقل آچلا تھا۔" سید فرزند احمدؐ دہلی کئی روز مقیم رہے۔ اس دوران میں مرزا اور انکے درمیان جو ادبی گفتگو ہوئی۔ اُسے بھی انہوں نے درج کتاب کیا ہے۔ اور مرزا کے کھانے کی تفصیل لکھی ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابھی تک وہ اچھی غذا کھاتے تھے۔

مولف جلوۂ خضر کی مرزا سے ملاقات ۱۲۸۲ھ میں ہوئی۔ شعر و شاعری اسوقت تک ہو چکی تھی۔ انہوں نے آخری فارسی غزل ۱۸۶۵ء میں نواب امین الدین کے ایما پر اور آخری اردو غزل نواب کے صاحبزادے مرزا علاء الدین کے اصرار پر ۱۸۶۶ء میں لکھی۔ دو نو غزلوں سے پتہ چلتا ہے۔ کہ مرزا کے قلم میں ابھی بہت جان باقی تھی۔ لیکن بدقسمتی سے غدر کے بعد اُن کا بہت سا وقت برہان قاطع کے متعلق مباحثہ میں تلف ہوا۔ ہاں اُردو خطوط کا بیشتر حصہ اس زمانے کی یادگار ہے۔ اور وہ مرزا کے تاج شہرت کے آبدار موتی ہیں۔ مرزا بھی اب ان کی قدر جانتے تھے چنانچہ منشی غلام غوث بیخبر کو ایک خط میں لکھتے ہیں" یہ منشی ممتاز علی کیا کر رہے ہیں رقعے جمع کئے۔ اور چھپوائے نہیں۔ پنجاب احاطہ میں ان کی بڑی مانگ ہے۔" عود ہندی بقول منشی مہیش پرشاد مرزا کی وفات سے چار مہینے پہلے ۱۵ اکتوبر ۱۸۶۸ء کو شایع ہوئی۔ لیکن معلوم ہوتا ہے۔ اسے ویسے مکمل دیکھنا غالب کو نصیب نہیں ہوا۔ کیونکہ ۶ مارچ ۱۸۶۹ء کو رقعات کا یہ مجموعہ مرزا کے دوست حکیم غلام رضا خاں کے مطبع اکمل المطابع میں چھپ کر شایع ہوا۔ اور پندرہ فروری کو ان کا انتقال ہو چکا تھا۔ اس مجموعہ کی تیاری میں مرزا نے بھی مدد دی۔ اور اپنے دوستوں سے خطوط اور ان کی نقلیں منگائیں۔ لیکن معلوم ہوتا ہے۔ کہ بیماری کی وجہ سے مرزا اس پر نگہ تنقید نہیں ڈال سکے کیونکہ اسمیں کئی ایسے خطوط جن کا نظر انداز ہونا ہی بہتر تھا۔ شائع ہو گئے ہیں۔ کتاب سے پتہ چلتا ہے کہ یہ مجموعہ منشی جواہر سنگھ کی تحریک سے شروع ہوا۔ اور میر فخر الدین مہتمم مطبع اور منشی بہاری لال مشتاق نے خطوط جمع کئے۔ دیباچہ میر مہدی اور خاتمہ مرزا قربان علی بیگ سالک نے لکھا۔ دوسرا مجموعہ

جو عودِ ہندی کے نام سے شایع ہوا۔ اردوئے معلیٰ سے مختصر ہے۔ اسکے جمع کرنیکا خیال منشی ممتاز علی
رئیس میرٹھ کو ہوا۔ اور انہوں نے خواجہ غلام غوث بیخبر اور چودھری عبدالغفور سرور کی مدد سے غالب کے
اردو خطوط جمع کئے۔ اور قریباً سات آٹھ سال کی محنت کے بعد اسے ۱۸۶۸ء میں شایع کر دیا۔ اس
کے اب تک بارہ ہزار نسخے چھپے ہیں۔ غالب کے خطوط کے اب تک کئی ایڈیشن شایع ہو چکے ہیں۔
جو نسخہ لاہور میں شیخ مبارک علی نے طبع کرایا ہے۔ وہ بہترین ہے۔ لیکن اب بھی کئی اصحاب کے پاس
غالب کے غیر مطبوعہ خطوط بتائے جاتے ہیں۔ اور کوئی ایڈیشن بھی مکمل نہیں کہلا سکتا۔

جب سید فرزند احمد سے مرزا کی ملاقات ہوئی۔ اسوقت مرزا کی عمر قریباً ستر سال کی
تھی معلوم ہوتا ہے۔ اسکے بعد صحت تیزی سے بگڑنی شروع ہوئی۔ کیونکہ مرزا کی وفات تہتر برس
کی عمر میں ہوئی۔ اور حالی لکھتے ہیں "مرنے سے کئی برس پہلے چلنا پھرنا موقوف ہو گیا تھا۔ اکثر اوقات
پلنگ پر پڑے رہتے تھے۔ غذا کچھ نہ رہی تھی۔" ان کی اس حالت کا ذکر کئی مضمونوں میں ہے۔ لیکن
اس کی موثر ترین تصویر خواجہ عزیز الدین عزیز لکھنوی نے کھینچی ہے۔ جو لکھنؤ سے کشمیر جاتے
وقت راستے میں غالب سے ملے تھے۔ وہ لکھتے ہیں "مرزا صاحب کا مکان پختہ تھا۔ ایک بڑا
پھاٹک تھا۔ جس کی بغل میں ایک کمرہ اور کمرے میں ایک چارپائی بچھی ہوئی تھی۔ اس پر
ایک نحیف الجثہ آدمی گندمی رنگ۔ ستّر اسّی سال کا ضعیف العمر لیٹا ہوا۔ ایک لحاف
سینے پر رکھے۔ آنکھیں بند کئے ہوئے پڑے رہتے تھے۔ یہ مرزا غالب دہلوی ہیں۔ جو [illegible]
دیوانِ قاآنی ملاحظہ فرما رہے ہیں۔

ہم نے سلام کیا لیکن بہرے اسقدر تھے کہ ان کے کان تک آواز نہ گئی۔ آخر کار تنگ آکر
واپس آنے کا قصد کیا۔ کہ غالب نے چارپائی [illegible] کروٹ بدلی۔ اور ہماری طرف
دیکھا۔ ہم نے سلام کیا۔ بمشکل چارپائی سے [illegible] بیٹھے ہم کو اپنے پاس بٹھایا۔ قلمدان اور
کاغذ سامنے رکھ دیا اور کہا "[illegible] کانوں سے اچھی طرح سنائی
نہیں دیتا۔ جو کچھ [illegible] جواب لکھ [illegible] ساتھ جو غالب

گئے تھے۔ ہر چند انہوں نے تعارف کرانیکے کوشش کی مگر بے سود ہوئی۔ جب ہم نے نام دیتہ لکھا۔ تو کہا "مجھ سے ملنے کیلئے آئے ہو۔ تو ضرور کچھ نہ کچھ کہتے ہو گے۔ کچھ اپنا کلام بھی سناؤ۔" ہم نے کہا ہم تو آپ کا کلام زبانِ مبارک سے سننے کی غرض سے آئے تھے۔ بہت دیر تک اپنا کلام سنایا کئے۔ پھر اصرار کیا۔ کہ تم بھی کچھ سناؤ۔ ہم نے یہ مطلع سنایا سے

مہ مصر است داغ از رشکِ مہتابے کہ من دارم
زلیخا کور شد از حسرتِ خوابے کہ من دارم

عجیب لطف اور مزے سے اس مطلع کو دہرایا۔ اور حد سے زیادہ تعریف کی۔ پھر آدمی سے کہا "کھانا لاؤ۔" ہم سمجھے یہ خیال مہمان نوازی تکلیف کر رہے ہیں۔ لکھدیا کہ ہم صرف تھوڑی دیر کیلئے دہلی اتر پڑے تھے۔ ریل کا وقت بالکل قریب ہے۔ اور بگھی سرائے میں کھڑی ہے۔ اسباب بندھا ہوا رکھا ہے۔ پابرکاب آپ سے ملنے آئے تھے۔ اب اجازت چاہتے ہیں۔ کہنے لگے۔ "آپ کی عنایت اس تکلیف سے یہ تھی۔ کہ میری صورت اور کیفیت ملاحظہ فرمائیں۔ ضعف کی حالت دیکھی کہ اٹھنا بیٹھنا دشوار ہے۔ بصارت کی حالت دیکھی۔ کہ آدمی کو پہچانتا نہیں ہوں۔ سماعت کی کیفیت ملاحظہ کی کہ کوئی کتنا چیخے مجھے خبر نہیں ہوتی۔ غزل پڑھنے کا انداز ملاحظہ کیا۔ کلام سنا۔ اب ایک بات باقی رہ گئی ہے۔ کہ میں کیا کھاتا ہوں۔ اور کتنا کھاتا ہوں۔ اس کو بھی ملاحظہ کرتے جائیے۔" اتنے میں کھانا آیا۔ دو پھلکے اور ایک طشتری میں بھنا ہوا گوشت جس میں کچھ میوہ بھی پڑا ہوا تھا۔ پھلکے کا ایک پرت لیکر دو چار نوالے بمشکل کھائے۔ اور کھانا بڑھا دیا۔ تعجب ہوتا ہے کہ اس مقدارِ خوراک پر کیونکر بسر کرتے ہیں۔"

مرزا کی اخیر عمر میں کمزوری اور ضعفِ قوای کی وجہ سے یہ حالت ہو گئی تھی۔ تو جائے حیرت نہیں کہ وہ موت کی بہت آرزو کیا کرتے تھے۔ اور ہر سال اپنی وفات کی تاریخ نکالتے۔ لیکن اس بے بسی کی حالت میں بھی شعر و ادب سے دلچسپی باقی تھی۔ اور خطوط لکھنے یا لکھوانے کا سلسلہ موت سے ایک روز پہلے تک جاری رہا۔ حالی لکھتے ہیں۔ "مرنے سے چند روز پہلے بیہوشی طاری ہو گئی تھی

دورہ ہوتا تھا۔ بےہوش ہو جاتے تھے۔ جس روز انتقال ہوا، پہر پہر دو دو پہر کے بعد چند منٹ کیلئے افاقہ ہو جاتا تھا۔ پھر بےہوش ہو جاتے تھے۔ جس روز انتقال ہوا۔ اس سے شاید ایک دن پہلے میں ان کی عیادت کو گیا تھا۔ اسوقت کئی پہر کے بعد افاقہ ہوا تھا۔ اور نواب علاؤالدین احمد خاں کے خط کا جواب لکھوا رہے تھے۔ انہوں نے جو حال پوچھا تھا۔ اسکے جواب میں ایک فقرہ اور ایک فارسی شعر جو غالباً شیخ سعدی کا تھا۔ لکھوایا۔ فقرہ یہ تھا: "کہ میرا حال مجھ سے کیا پوچھتے ہو۔ ایک آدھ روز میں ہمسایوں سے پوچھنا۔" اور شعر کا پہلا مصرع مجھے یاد نہیں رہا۔ دوسرا مصرع یہ تھا: "نکو بجوہر دارا ہمین سر تو سلامت"۔ مرنے سے پہلے اکثر یہ شعر ورد زبان رہتا تھا۔

دم واپسیں بر سر راہ ہے

عزیزو اب اللہ ہی اللہ ہے

آخر مرزا کی مصیبتوں کے خاتمہ کا وقت آ گیا۔ اور ذیقعدہ ۱۲۸۵ھ کی دوسری (یا فروری ۱۸۶۹ء کی پندرھویں) کو تہتر برس اور چار مہینے کی عمر میں مرزا نے عالم جاودانی کو۔ تجہیز و تکفین نواب ضیاءالدین احمد خاں کی طرف سے ہوئی۔ اور حضرت سلطان نظام الدین کی درگاہ میں جہاں مشہور شاعر امیر خسرو کا مزار بھی ہے۔ اپنے خسر نواب احمد بخش معروف کے پائین مزار دفن ہوئے۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

تبصرہ

اگرچہ شاعراں نغزگفتار   زیک جام اند در بزم سخن مست

ولے با بادہ بعضے حریفاں   خمار چشم ساقی نیز پیوست

مشو منکر کہ در اشعار ایں قوم

ورائے شاعری چیزے دگر ہست

غالب کے تذکرہ نویس

ہم یہ تو ذکر کر چکے ہیں کہ شعرا کے تذکروں میں غالب کو اسوقت سے جگہ ملنی شروع ہو گئی تھی۔ جب ابھی وہ آگرہ چھوڑ کر دہلی نہیں آئے تھے۔ لیکن ان تذکروں میں کئی خامیاں تھیں۔ ایک تو ان میں اتنے شعرا کا تذکرہ ہوتا تھا۔ کہ کسی ایک کے متعلق تفصیلی حالات کی گنجائش نہ رہتی۔ دوسرے ترتیب ابجد وار ہوتی تھی۔ اس لئے بیان میں تاریخی تسلسل نہ رہتا۔ جب آزاد نے ان نقائص کو محسوس کر کے اردو شاعری کی نئی طرز سے تاریخ لکھی۔ تو اس نے غالب کو بھی اپنی کتاب میں باعزت جگہ دی۔ اور یادگارِ غالب سے پہلے غالب کا مفصل ترین تذکرہ آب حیات ہی میں ہی تھا۔ لیکن آزاد ذوق کے شاگرد تھے۔ اور اردو کے بہترین انشا پرداز۔ جہاں کہیں انہیں اپنے استاد کا پلہ ہلکا نظر آتا۔ وہ دلائل کی کمی اپنی انشا پردازی سے پوری کر دیتے۔ چنانچہ غالب کے حالات سے غالب کے مداح مطمئن نہ ہوئے۔ اور ۱۹۰۸ء میں حالی نے اپنی مشہور کتاب یادگارِ غالب لکھی۔

قریباً قریباً نابلد تھا یعنی حالی۔ یہ صحیح ہے۔ کہ یادگارِ غالب پرانے اصولوں پر لکھی گئی ہے۔ اور جیسا کہ ڈاکٹر لطیف نے بتایا ہے۔ اس میں کئی خامیاں ہیں۔ لیکن ابھی تک کوئی اور تبصرہ ایسا نہیں شایع ہوا جس میں اس سے کم خامیاں ہوں۔ اور پھر یادگار کے مطالعہ سے اس یکطرفہ رائے قایم ہونیکا کوئی احتمال نہیں۔ جو اور کتابوں کے مطالعہ سے قایم کی جاسکتی ہے۔

کلامِ غالب کی خصوصیات

حالی نے مرزا کے اردو کلام کی چار خصوصیتیں بیان کی ہیں۔ ایک تو جدتِ مضامین اور طرزِ فکر نئے خیالات کے علاوہ ایسی تشبیہوں کا استعمال جو نہ صرف نئی تھیں۔ بلکہ اظہار مطالب کیلئے بھی بہت موزوں تھیں۔ دوسرے استعارہ وکنایہ کا استعمال۔ تیسرے شوخی اور ظرافت۔ چوتھے ایسے اشعار کی بہتات جن کے ایک سے زیادہ معنی لئے جاسکتے ہیں۔ ان میں سے چوتھی خصوصیت جسے ڈاکٹر بجنوری نے بہت سراہا ہے۔ بعض لوگوں کو بہت پسند ہے۔ اور ہندوستان میں اکثر ایسے اشعار پسند کئے جاتے ہیں۔ جن کے لکھنے اور سمجھنے کیلئے ذہن پر زور دینا پڑے۔ چنانچہ سنسکرت میں کئی ایسی نظمیں مشہور ہیں جنہیں دائیں سے بائیں پڑھا جائے تو رام کی تعریف ہوتی ہے۔ اور اوپر سے نیچے تو لکشمن کی۔ لیکن ظاہر ہے۔ کہ ایسے اشعار کا تعلق دل سے نہیں دماغ سے ہوتا ہے۔ اور اگر انہیں کو کمال شعر گوئی سمجھا جائے تو شاعری جسے دلی جذبات کا اظہار ہونا چاہئے معموں کا مجموعہ بن جاتی ہے۔

باقی تین خصوصیتیں ایسی ہیں۔ جو بادی النظر میں بھی دیوان غالب کے متعلق صحیح معلوم ہوتی ہیں۔ اور حالی نے مناسب مثالوں سے انہیں بہت واضح کر دیا ہے۔ ڈاکٹر بجنوری نے ان مثالوں میں اضافہ کیا ہے۔ اور اپنی کتاب کے باب نہم میں ان تشبیہوں کی مثالیں دی ہیں۔ جو غائر مشاہدہ فطرت پر مبنی ہیں۔ لیکن جن ترکیبوں کو انہوں نے مرزا کی الفاظ سازی اور خوش نگاری کا نمونہ بتایا ہے۔ (صفحہ ۴۳) ان کا جزو غالب بھی استعارے ہی ہیں۔ جن سے دو لفظوں میں غالب نے ایک مکمل تصویر کھینچ دی ہے۔ مثلاً موجِ نگاہ، وادیٔ خیال، فردوسِ گوش، دام تمنا وغیرہ وغیرہ

غالب اس انتہائی شاعرانہ بلندی پر تو کبھی نہیں پہنچے۔ لیکن تخیل کی بیباکی جو ان اشعار کو ممتاز کرتی ہے۔ ان میں بھی بدرجۂ اتم موجود تھی۔ اور تشبیہوں اور استعاروں کی شکل میں ظاہر ہوتی تھی۔ مثلاً حمد میں کہا ہے ع اے فلکہا حباب قلزم تو

یا ایک فارسی مصرع ہے:۔ خوشا کہ گنبدِ چرخِ کہن فرو ریزد

یا ع از مہر جہانتاب اُمید نظرم نیست این تشت پُر از آتشِ سوزاں بسرم ریز

قدیم یونانی ڈرامہ میں ٹریجیڈی کا ہیرو ایک غیر معمولی اوصاف کا آدمی ہوتا تھا۔ جن مشکلوں سے واسطہ پڑتا۔ وہ انسانی بس کی نہ ہوتیں۔ مگر وہ پھر بھی ہمت نہ ہارتا۔ غالب نے اپنی زندگی کے متعلق بھی یہی خیال تشبیہوں کی مدد سے ظاہر کیا۔ اور ان میں سے ایک دو تو اسقدر موزوں ہیں کہ ان سے بہتر خیال میں نہیں آ سکتیں۔ مثلاً:۔

بوادئے کہ دراں خضر را عصا خفتست

بسینہ می سپرم راہ گرچہ پا خفتست

یعنی زندگی کی ایسی دشوار گذار وادی میں جہاں خضر کی راہنمائی بھی کام نہیں اور جہاں میرے پاؤں چلنے سے عاجز ہیں وہاں میں سینہ کے بل چل رہا ہوں گا۔

غالب نے ایک اور جگہ اپنی اس جسارت (اور انسانی بے بسی) کی تصویر نہایت واضح اور موثر تشبیہوں کی مدد سے پیش کی ہے۔ فرماتے ہیں ؎

می ستیزم با قضا از دیر باز خویش را بر تیغ عریاں میزنم

لعب با شمشیر و خنجر میکنم بوسہ بر ساطور و پیکاں میزنم

اشعار کی شرح

غالب نے اپنی ایک خصوصیت شاعری کی نسبت ایک اردو غزل میں اشارہ کیا ہے:۔

مقصد ہے ناز و غمزہ ولے گفتگو میں کام چلتا نہیں ہے دشنہ و خنجر کہے بغیر

ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر

اسی طرح ایک فارسی شعر کا دوسرا مصرعہ ہے :۔

آمیختن بہ بادہ صفائی گلاب را

اسکی نسبت وہ لکھتے ہیں " بشرح ما جرائے خوئے دوست عتاب آمیختہ بناز " یعنی گلاب اور شراب سے ناز اور عتاب مراد لئے ہیں ۔ حالی نے بھی کلام غالب کی دوسری خصوصیت کے ضمن میں کئی ایسے اشعار لکھے ہیں ۔ جن میں مرزا نے استعارے اور تمثیلیں استعمال کی ہیں ۔ اور اگر ان کے لفظی معنی لئے جائیں تو مطلب خبط ہو جاتا ہے ۔ یا شعر کا مرتبہ بہت پست ۔ مثلاً :۔

دام ہر موج میں ہے حلقۂ صد کام نہنگ

دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہونے تک

یعنی اس شعر میں قطرے کو گہر ہونے تک جن حالتوں سے گزرنا پڑتا ہے ۔ ان کی بحث نہیں ۔ بلکہ جو مطلب اس شعر میں ادا کیا گیا ہے ۔ وہ صرف اسقدر ہے ۔ کہ انسان کو درجۂ کمال تک پہنچنے میں بحت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے "

لیکن غالب اور حالی کی اس ترجمانی کے باوجود عام شارحوں نے اپنی شرحوں میں قط مشکل الفاظ کی وضاحت کر دی ہے اور شاعر کا اصل مفہوم سمجھنے کی کوشش نہیں کی تیجہ یہ ہے کہ اکثر حالتوں میں اگرچہ لفظی مشکلات دور ہو گئی ہیں ۔ شعر کے معنی صاف نہیں ہوئے شلاً غالب کا مشہور مطلع ہے :۔

دوست غمخواری میں میری سعی فرمائینگے کیا ‏ ‏ ‏ زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ آئینگے کیا

ر اس شعر کی شرح فقط یہی کر دیجائے ۔ کہ " ...... جب تک یہ زخم بھرے گا ۔ میرے ناخن بھی بڑھ ا ئینگے ۔ اور میں پھر اس زخم کو نوچ ڈالونگا " اور یہ کہدیا جائے کہ " ایسے شعر اردو کیلئے مایہ ناز ہیں ر غالب کو غالب انہیں اشعار نے بنا دیا ہے " تو ظاہر ہے کہ اگرچہ شارح نے شعر کا ضمون سادہ نثر میں لکھدیا ہے ۔ شعر کے معنی واضح نہیں ہوئے ۔ ہمارا خیال ہے کہ ایسی صورتوں ں الفاظ سے گزر کر شاعر کے اصل مطلب کی طرف بھی اشارہ کر دیا جائے ۔ تو زیادہ آسانی

تو نیست دست قضا کشتہ ادائے تو کیست

اسی طرح غالب کا ایک اُردو شعر ہے :۔

منظر اک بلندی پر اور ہم بنا سکتے
عرش سے پرے ہوتا کاشکے مکاں اپنا

اس شعر میں ایک لطیف کنائے سے بتایا ہے کہ ہمارا مکان تو عرش پر ہے۔ اور خواہش ظاہر کی ہے کہ اگر اپنا مکان عرش سے بھی اوپر ہوتا۔ تو ہم اپنے موجودہ منظر سے بھی ایک اور بلند منظر بنا سکتے۔ یہ شعر غالب کے بہتر نشتروں میں سے نہیں۔ اور نہ ہی اس میں کوئی عمیق فلسفہ ہے۔ لیکن ہمارا خیال ہے کہ یہ ذیل کی تنقید کا بھی مستحق نہیں۔

" اگر حیدرآباد سے کسی شخص کو لندن جانیکے وسائل حاصل ہو جائیں۔ اور وہاں پہنچ کر سب سے اونچی چوٹی (؟) پر جا بیٹھے۔ تو وہ یقیناً قدیم لندن کی سرزمین پر ایک طائرانہ نظر ڈال سکے گا لیکن اصل مرحلہ تو یہ ہے۔ کہ پہلے وہ لندن جائے اور پھر اسکو وہاں کے مشہور و معروف گرجا پر چڑھنے کا موقع حاصل ہو؟ کیا غالب کو اپنی اس زندگی میں کبھی عرش کے آستانہ تک کبھی رسائی ہوئی ؟"

اس شعر میں کوئی دور از کار استعارہ تو نہیں۔ لیکن ہمارا خیال ہے کہ اگر فاضل نقاد شاعر کے الفاظ سے گزر کر جس جذبے سے متاثر ہو کر (خواہ وہ شاعرانہ تعلّی ہی کیوں نہ ہو) شاعر نے یہ مضمون نظم کیا ہے۔ خیال میں لاتے۔ تو وہ شعر کو اس انوکھی تنقید کا مستحق نہ سمجھتے۔ اور شاعر سے ثبوت نہ مانگتے کہ اُسے عرش پر کب رسائی ہوئی!

یہ صحیح ہے کہ استعارۃً معنی مراد لینے میں اختلاف کا بہت موقع ہے۔ اور جب ہم دیکھتے ہیں۔ کہ دیوان حافظ کی خوش اعتقادوں نے کیا گت بنائی ہے۔ تو دیوان غالب کی نسبت اس رائے میں کہ ظاہر معنوں کے علاوہ بھی کوئی معنی ڈھونڈے جائیں، بحث کی بڑی گنجائش معلوم ہوتی ہے۔ لیکن آخر جو حضرات دیوان حافظ کی شرح لکھتے وقت "آنکھیں بند کرکے" "ساقی" کی بجائے "مرشد" اور "شراب کی بجائے "علم معرفت" لکھ دیتے ہیں۔ اُن کی شعر فہمی بھی تو انہیں حضرات کی سی ہے۔

لیجانے کیلئے لکھی گئیں۔ یا قلعہ شاہی کے مشاعروں میں پڑھنے کیلئے۔

کلام غالب کی اس تدوین سے ہم نے مرزا کی شاعرانہ شخصیت کو نئے طریقے سے پیش کرنیکی کوشش کی ہے۔ اور جب اس نقطۂ نظر سے ان کے کلام کا غائر مطالعہ ہوگا تو یقین ہے کہ مرزا کی شاعری کا ارتقا زیادہ وضاحت سے لوگوں کی نظر کے سامنے آجائیگا۔ ہمیں بھی جو باتیں اس تدوین کے دوران میں قابل ذکر معلوم ہوئی ہیں۔ ان کا ملخص نذر ناظرین ہے۔

ابتدائی دَور

ابتدائی دَور کی نسبت عام طور پر معلوم ہے۔ کہ فارسی الفاظ اور تراکیب کی کثرت سے زبان بہت ثقیل ہوگئی تھی۔ اور چونکہ مضامین بھی عجیب و غریب اور عام مشاہدہ یا دنیائے شاعری سے بہت دُور تھے اسلئے ان اشعار کا سمجھنا آسان کام نہیں۔ اسکے علاوہ یہ اشعار شاعرانہ حسن سے بھی عاری ہیں۔ اُن میں آمد کم ہے۔ آورد اور تصنع بہت۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ مرزا کی تمام محنت عجیب و غریب خیالات اور دُور از کار تشبیہیں ڈھونڈنے میں صرف ہوتی [illegible] کی طرف وہ توجہ نہ کرسکتے تھے۔ مرزا کی اہم ترین خصوصیت انسانی فطرت سے واقفیت ہے۔ جو انکے بعد کے کلام کے ہر صفحے سے ظاہر ہوتی ہے۔ لیکن ابتدائی دَور میں اس کا وجود قریباً عنقا ہے۔ اس زمانے میں نہ صرف اشعار بعید از فہم تھے۔ بلکہ جیسا کہ انہوں نے خود کہا ہے۔ "مضامین بیشتر خیالی" تھے۔ یہ اشعار کسی طبعی یا نفسیاتی حقیقت کا بیان نہیں تھے۔ بلکہ ان کا وجود فقط شاعر کے بے پروا دماغ میں تھا۔ کئی جگہ ان کی بنیاد محض رعایت لفظی پر ہے اور وہ معنوی حسن سے بالکل عاری ہیں مثلاً:۔

پاؤں میں جب وہ حنا باندھتے ہیں — میرے ہاتھوں کو جدا باندھتے ہیں

یا۔ اسد قربانِ لطفِ جورِ بیدل — خبر لیتے ہیں لیکن بیدلی سے

یا۔ شاید کہ مرگیا ترا رخسار دیکھکر — پیمانہ رات ماہ کا لبریزِ نور تھا

کئی اشعار ایسے ہیں۔ جن میں کتابی اور مروجہ تشبیہوں پر زورِ دماغ صرف کرکے انہیں سے ایک نیا خیال پیدا کرنیکی کوشش کی ہے۔ لیکن اس [illegible] یہ اشعار حقیقت سے بہت دُور رہ گئے ہیں مثلاً

اس زمانے میں انہوں نے کئی ایک قصیدے منقبت میں لکھے۔ اور بہت سی اردو غزلوں میں بھی حضرت علی سے اظہار عقیدت کیا ہے۔ لیکن بعد کی غزلوں میں یہ اظہار اس کثرت سے نہیں مرزا کی اس زمانے کی شاعری کتابی اور دماغی شاعری تھی۔ اور مرزا کی جن خصوصیات پر لوگ سر دھنتے ہیں۔ اُن کا وجود عنقا تھا۔

بادۂ نیم رس

یقین سے تو نہیں کہا جا سکتا کہ مرزا نے یہ طرز شاعری کب ترک کیا۔ لیکن چونکہ نسخہ حمیدیہ میں صاف اور اعلےٰ درجہ کے اشعار کی تعداد بہت کافی ہے قیاس ہے کہ ۲۰ - ۲۲ سال کی عمر تک یعنی دہلی آنے کے پانچ چھ سال بعد وہ ابتدائی طرز بالکل ترک کر چکے ہونگے۔ مرزا نے جس طریقے سے اپنا اسلوب شاعری بدلا۔ اس کا اندازہ اس امر سے ہو سکتا ہے۔ کہ ذیل کے مطلعوں والی غزلیں اور اپنا اردو کا بہترین قصیدہ وہ ۲۵ برس کی عمر سے پہلے لکھ چکے تھے۔

حسن غمزے کی کشاکش سے چھٹا میرے بعد	بارے آرام سے ہیں اہل جفا میرے بعد
آہ کو چاہیئے اک عمر اثر ہونے تک	کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہونے تک
بساط عجز میں تھا ایک دل یک قطرہ خوں وہ بھی	سو رہتا ہے باندازِ چکیدن سرنگوں وہ بھی
درد سے میرے ہے تجھ کو بیقراری ہائے ہائے	کیا ہوئی ظالم تری غفلت شعاری ہائے ہائے
نہ ہوئی گر مرے مرنے سے تسلی نہ سہی	امتحاں اور بھی باقی ہیں تو یہ بھی نہ سہی
جب تک دہانِ زخم نہ پیدا کرے کوئی	مشکل کہ تجھ سے راہِ سخن وا کرے کوئی
آئینہ کیوں نہ دوں کہ تماشا کہیں جسے	ایسا کہاں سے لاؤں کہ تجھ سا کہیں جسے

مندرجہ بالا غزلوں کے علاوہ بھوپالی نسخہ میں کئی صاف اور بلند پایہ اشعار ایسے ہیں جنہیں بیدل کا رنگ بہت پھیکا پڑ گیا ہے۔ اور جو دورِ ثانی کے بہترین اشعار کے ہم پایہ ہیں۔ مضمون اور زبان کی خصوصیات کے لحاظ سے تو یہ اشعار دوسرے دَور کے اشعار کے ساتھ ترتیب دیئے جانے چاہئیں لیکن چونکہ سوائے قیاس آرائی کے اُن کی تدوین کا ہمارے پاس کوئی ذریعہ نہیں۔ ہم نے خارجی

شہادت کی بنا پر انہیں نسخۂ بھوپال کی باقی غزلوں کے ساتھ مرتب کیا ہے۔ ویسے یہ ظاہر ہے کہ جو ۲۵ برس کی عمر تک مرزا نے جو اشعار لکھے وہ اس زمانے کی یادگار ہیں۔ جب ان کی زبان آہستہ آہستہ صاف ہو رہی تھی، اور خیالات اور مضامین بھی شگفتہ اور سہل الفہم ہوتے جاتے تھے۔ اس دورِ ارتقا کے کئی اشعار ایسے ہیں۔ جن میں بیدل کا رنگ غالب تھا اور کئی نہایت صاف مثلاً:

رات کے وقت مے پیے ساتھ رقیب کو لیے — آئے وہ یاں خدا کرے پر نہ خدا کرے کہ یوں
میں نے کہا کہ بزمِ ناز چاہیے غیر سے تہی — سن کے ستم ظریف نے مجھ کو اٹھا دیا کہ یوں

دوسرا دور

دوسرے دور میں ہم نے وہ اشعار درج کیے ہیں۔ جو نسخۂ بھوپال کے بعد لکھے گئے۔ لیکن ۱۸۴۲ میں دیوان کا جو ایڈیشن طبع ہوا۔ اس میں موجود ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ غالب یہ دیوان کلکتہ جانے سے پہلے ہی مرتب کر چکے تھے۔ چنانچہ وہ کلکتہ سے حکیم احسن اللہ خاں کو لکھتے ہیں: "سطرے چند کہ بدیباچگی دیوان ریختہ کسوت حرف و رقم پوشید..... ارمغان میفرستم" قرین قیاس ہے کہ یہی دیباچہ ہوگا۔ جو مرزا نے اردو دیوان کے آغاز میں فارسی میں لکھا۔ اور جس میں دیوان ریختہ کے انتخاب کرنے کا بھی ذکر ہے۔ اس کے علاوہ اس دور کی کئی غزلیں جو نسخۂ بھوپال کے حاشیہ پر موجود ہیں۔ بقول ڈاکٹر لطیف کے ۱۸۳۲ سے پیشتر لکھی گئیں۔ اور گلشن بیخار میں بھی جو ۱۸۳۲ میں لکھی گئی۔ اس دور کی کئی غزلوں کا انتخاب اور پرانی غزلوں کے کئی شعر موجود ہیں جن سے یہ خیال ہوتا ہے۔ کہ غالب نے پرانی غزلوں کی اصلاح اور تکمیل ۱۸۲۲ سے اور غالباً کلکتہ جانے سے پہلے ہی کر لی تھی۔ مرزا کلکتہ ۱۸۲۸ء میں گئے۔ اور وہاں قریباً ڈیڑھ دو سال رہے۔ اس اثنا میں انہوں نے اور اشعار بھی لکھے ہیں۔ لیکن کلام کا زیادہ حصہ فارسی میں ہے۔ اور خیال ہوتا ہے کہ مرزا اس زمانے میں اردو اشعار بہت کم کہتے تھے۔ جب تک دربار سے تعلقات کی وجہ سے انہیں اردو پر زیادہ توجہ نہ کرنی پڑی وہ فارسی اشعار ہی لکھتے رہے۔ وہ خود ایک فارسی خط میں نائب والی حیدرآباد کو لکھتے ہیں: "در آغاز ریختہ گفتمے و بہ اردو زبان غزل سرائے بودمے تا بپارسی ذوق سخن یافت۔ ازاں وادی عنانِ اندیشہ برتافت دیوان مختصرے از ریختہ فراہم آوردہ آں را گلدستۂ طاق نسیان کردہ کما بیش

سی سال است کہ اندیشہ پارسی سگال است"۔ اس خط اور مرزا کی دوسری تحریروں سے معلوم ہوتا ہے کہ منتخب دیوان مرتب کرنے کے بعد انہوں نے بہت دیر تک اردو شعر گوئی کی طرف توجہ نہیں کی۔ اور سوائے چند قطعوں اور غزلوں کے انکے جو اشعار ۱۸۴۲ء میں شایع ہوئے وہی تھے جنہیں ۱۸۲۲ء یا شاید سفر کلکتہ سے پہلے لکھ چکے تھے۔

نفسیاتی ژرف بینی

دوسرے دور میں آئینہ طبیعت کا زنگ صاف ہو گیا ہے۔ فارسی ترکیبیں بہت کم ہیں۔ اور خیالات بھی صاف اور خوشگوار ہیں۔ کلام میں بیدل اور صائب کی بجائے عرفی اور نظیری کا رنگ غالب ہے۔ تشبیہیں نیچرل اور موزوں ہیں اور اظہار خیالات میں خلوص بہت نمایاں ہے۔ لیکن اس دور کی اہم ترین خصوصیت نفسیات انسانی کے متعلق شاعر کی معلومات ہیں۔ جو دیوان غالب کے صفحے صفحے پر ظاہر ہوتی ہیں۔ ہم بیشتر غالب کا بیان نقل کر چکے ہیں۔ کہ جب ہوش آیا۔ تو عرفی اور نظیری کی تقلید نے اُسے اس سراب سے نکالا جس میں بیدل کی تقلید اُسے لے گئی تھی۔ عرفی اور نظیری کی مقبول ترین خصوصیت معاملہ بندی تھی جس میں عشق و محبت کی کیفیتیں بیان ہوتی تھیں۔ لیکن معاملہ بندی کا دائرہ بہت تنگ تھا۔ محبت کی وسیع اور متفاوت دنیا میں سے فارسی شعرا نے چند حالتیں انتخاب کر لی تھیں اور انہیں کو مختلف و لآویز طریقوں سے بیان کر دیا جاتا تھا۔ غالب کے پیش نظر بھی انہی شعرا کے نمونے تھے۔ لیکن اس کی نظر اکبری شعرائے سے بہت وسیع تھی۔ اور محبت کے تمام پہلوؤں پر حاوی تھی۔ مثلاً پرانے شعرا کے نزدیک فقط عاشق ہی نامراد اور مایوس ہوتا تھا۔ اور دوسرے سب کامیاب۔ لیکن مرزا کی نظر اپنی ناکامی اور مایوسی کی چٹان سے ٹکرا کر رک نہ جاتی۔ اور فرط جذبات کے باوجود بھی وہ زندگی کی صحیح تصویر ہی دیکھتے۔ چنانچہ اس بارے میں انکے کئی شعر ہیں۔ جو مشرقی عشق کے رسمی نقطۂ نظر سے بہت مختلف ہیں مثلاً

عشق کہتا ہے کہ اس کا غیر سے اخلاص حیف ... عقل کہتی ہے کہ وہ بے مہر کس کا آشنا

یا

تمہاری طرز روش جانتے ہیں ہم کیا ہے ... رقیب پر ہے اگر لطف تو ستم کیا ہے

ایسے اشعار کئی ہیں۔ لیکن ایک فارسی شعر تو بہت ہی پُر لطف ہے۔ ؎

ماہم بہ لاغ ولابہ تسلی شویم کاش
ناداں زبزم درست چہ خوشنو میرود

اس خصوصیت کے علاوہ کہ مرزا کی نظر محبت کے تمام پہلوؤں پر حاوی ہے۔ ایک توجہ طلب خصوصیت مرزا کی ژرف بینی ہے۔ یعنی ان کی نظر محبت بلکہ انسانی زندگی کے ان حقائق پر پڑتی ہے۔ جنکی طرف عام طور پر خیال نہیں جاتا۔ اور ان کے کئی اشعار میں ایسے خیالات کا اظہار کیا گیا ہے۔ جو بظاہر غلط یا عجیب اور توقعات کے خلاف نظر آتے ہیں۔ لیکن جب ان پر غور کیا جائے۔ تو ان کی درستی سمجھ میں آتی ہے۔ اور وہ انسانی فطرت اور واقعات کے عین مطابق معلوم ہوتے ہیں۔ غالب نے ۲۶ برس کی عمر سے پیشتر ہی دو شعر ایسے لکھے تھے۔ جو اس خصوصیت کی بہترین مثال ہیں۔ اور جنہیں پڑھ کر حیرانی ہوتی ہے۔ کہ شاعر کی نگہ خارا شگاف پردہ حقیقت کیسے عُریاں ہوئی جس پر ہماری سطحی سوچ کی وجہ سے پردے پڑے ہوئے ہیں۔ وہ اشعار یہ ہیں۔

رہے اس شوخ سے آزردہ ہم چندے تکلف سے
تکلف برطرف تھا ایک انداز جنوں وہ بھی

نہ کرتا کاش نالہ مجھکو کیا معلوم تھا ہمدم
کہ ہوگا باعث افزائش درد دروں وہ بھی

مرزا اگر اپنا بیان محبت تک ہی محدود رکھتے۔ اور اسکی گوناگوں کیفیتوں کو اس وسعت اور بالغ نظری سے بیان کر دیتے۔ تو بھی مشرقی شعرا میں وہ بے نظیر تھے۔ لیکن مرزا فقط قلمرو محبت کے راز دار ہی نہیں تھے۔ بلکہ محبت کے علاوہ انسان کی باقی کیفیتوں سے بھی خوب واقف تھے۔ دوسرا شعر جو ہم نے نقل کیا ہے حقیقتاً فقط محبت سے متعلق نہیں۔ بلکہ انسان کی عام جذباتی زندگی پر صادق آتا ہے چنانچہ اس زمانے میں لوگ پروفیسر جیمس کے اس نظریے سے عام طور پر متفق ہیں۔ کہ انسانی جذبات ان جذبات کے اظہار سے بڑھتے۔ بلکہ پیدا ہوتے ہیں۔ لیکن جب شروع شروع میں جیمس نے یہ نظریہ پیش کیا۔ تو سائنسدانوں کو بہت عجیب معلوم ہوا۔ اور آج بھی عام توقعات کے خلاف معلوم ہوتا ہے۔ ہم مانتے ہیں کہ علم نفسیات کے ایک مسئلہ کو دلائل اور مثالوں سے ثابت کرنے میں اور ایک شاعر کے اپنے احساسات نظم کر دینے میں بہت فرق ہے۔ لیکن تو بھی یہ ایک امر واقع ہے۔ کہ مرزا نے یہ شعر جیمس کی کتاب سے بہت پہلے لکھا تھا۔ اور شاعر کی چشم بصیرت اس راز نہاں پر روز کھلنا

"محرم" ہوگئی تھی جس کیلئے سائینسدان کو ابھی برسوں انتظار کرنا تھا۔ یہی وہ اشعار ہیں جنکی نسبت کہا ہے۔

مشو منکر کہ در اشعار این قوم — ورائے شاعری چیزے دگر ہست

غالب کے اس قبیل کے اشعار جنہیں انسانی قلب کی وہ کیفیتیں نظم ہیں۔ جو بظاہر عجیب معلوم ہوتی ہیں۔ بہت ہیں۔ ہم ان میں سے چند درج ذیل کرتے ہیں۔ اور ہمارا خیال ہے۔ کہ غالب کے کئی اشعار ایسے ہیں۔ جن کی دلچسپی جوں جوں ہمارا نفسیات کا علم وسیع ہوتا جائیگا۔ اور بڑھتی جائیگی۔ مثلاً

ع شوق کو منفعل نہ کر، ناز کو التجا سمجھ

بے تکلف در بلا بودن بہ از بیم بلاست — قعر دریا سلسبیل و روئے دریا آتش است

مت پوچھ کہ کیا حال ہے میرا ترے پیچھے — تو دیکھ کہ کیا رنگ ہے تیرا مرے آگے

دیکھنا تقریر کی لذت کہ جو اُسنے کہا — مَیں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے

لفظی صناعی مرزا نے اسی دور میں اردو دیوان منتخب کیا۔ اور اشعار کی کمی بیشی کے علاوہ الفاظ اور تراکیب میں بھی ترمیم کی۔ مرزا کی شاعری کے مطالعہ کیلئے یہ حک واضافہ بہت دلچسپ ہے۔ ان میں سے بیشتر اصلاحیں تو زبان کو سادہ بنانے کیلئے کی گئی ہیں اور دقیق فارسی الفاظ یا تراکیب کی جگہ آسان الفاظ لکھدیئے ہیں۔ یا جن الفاظ میں کوئی سقم تھا۔ انہیں بدل دیا ہے۔ مثلاً سے

گر نگاہ گرم فرماتی رہی تعلیم ضبط — شعلہ خس میں جیسے خوں رگ میں نہاں ہو جائیگا

پہلے یہ شعر یوں تھا۔

گر نگاہِ گرم فرماتی رہی تعلیم ضبط — شعلہ خس میں جیسے خوں در رگ نہاں ہو جائیگا

سلہ۔ یہاں یہ بتا دینا ضروری ہے۔ کہ مرزا کے رشک کے اشعار جو بعض لوگوں کو بہت پسند ہیں نفسیاتی حقیقت پر مبنی نہیں۔ غالب میں انانی کیفیت بہت نمایاں تھی۔ اور یہ قدرتی امر تھا۔ کہ وہ رشک کے بہت سے مضامین لکھتے لیکن ان اشعار میں اکثر انہوں نے ایک خیال کو لیکر مبالغہ اور شوخی سے اسقدر کام لیا ہے۔ کہ اگرچہ مضمون پرلطف ہو گیا ہے مگر نفسیاتی حقیقت دبکر نظر سے پنہاں ہو گئی ہے۔

یا ؎ بوئے گل نالۂ دل دودِ چراغ محفل — جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا

پہلے یہ شعر یوں تھا ؎

عشرتِ ایجاد چہ بوئے گل و کو دودِ چراغ — جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا

بعض جگہ چند الفاظ کے بدلنے سے مختلف مضمون پیدا ہوگیا ہے۔

مثلاً ؎ ہیں زوال آمادہ اجزا آفرینش کے تمام — مہر گردوں ہے چراغِ رہگزار باد یاں

پہلے یہ شعر اس طرح تھا۔

ہے مری وحشت عدوئے اعتبارات جہاں — مہر گردوں ہے چراغِ رہگزار باد یاں

یا ؎ نہ چھوڑی حضرت یوسف نے یاں بھی خانہ آرائی — سفیدی دیدۂ یعقوب کی پھرتی ہے زنداں پر

پہلے مضمون اس سے قدرے مختلف تھا ؎

نہیں بند زلیخا بے تکلف ماہِ کنعاں پر — سفیدی دیدۂ یعقوب کی پھرتی ہے زنداں پر

شروع میں کئی دفعہ تشبیہیں یا الفاظ کسی مضمون یا لفظ کی رعایت سے لکھے تھے لیکن اس سے مضمون زیادہ دقیق ہو جاتا۔ غالب نے انتخاب کے وقت اس لفظی رعایت کو قائم نہیں رکھا۔ اور زبان کو سہل کرنے کیلئے اسکو بدل دیا ہے۔ مثلاً ان کا ذیل کا شعر مشہور ہے۔

آتا ہے داغِ حسرتِ دل کا شمار یاد — مجھ سے مرے گنہ کا حساب اے خدا نہ مانگ

پہلے حسرتِ دل کی رعایت سے "گنہ" نہیں بلکہ "بے گنہی" لکھا تھا۔ اور یہ شعر یوں تھا۔

آتا ہے داغِ حسرتِ دل کا شمار یاد — مجھ سے حساب بے گنہی اے خدا نہ مانگ

یا ؎ ضعف سے ہے نے قناعت سے یہ ترکِ جستجو — ہیں وبالِ تکیہ گاہِ ہمتِ مردانہ ہم

پہلے "تکیہ گاہ" کے خیال سے "گراں خوابی" لکھا تھا۔ لیکن لفظی رعایت قائم رکھنے سے مضمون پیچیدہ ہو جاتا تھا۔ چنانچہ انہوں نے پہلا مصرعہ بدل کر مضمون صاف کر دیا۔ نقشِ اول حسب ذیل تھا۔

ضعف نے باندھا ہے پیمانِ گراں خوابی اسد — ہیں وبالِ تکیہ گاہِ ہمتِ مردانہ ہم

زبان کی اس ترمیم اور الفاظ کے تغیر و تبدیل کے علاوہ غالب کے کلام میں کئی جگہ ایک خیال

مختلف صورتوں میں نظم ہوا یعنی نفسِ مضمون اصولاً تو ایک ہے۔ لیکن خفیف فرق سے مختلف اشعار میں مختلف طریقوں سے ادا ہوا ہے۔ بعض جگہ تو یہ مضامین ایسے ہیں۔ جو خود شاعر کو مرغوب ہیں۔ (مثلاً بہشت کا استہزا۔ انسانی قلب کی فطری غمگینی۔ انسان کی بے بسی۔ رشک۔ مذہب کے معاملہ میں آزاد خیالی وغیرہ) اور چونکہ شاعر کے دل میں ان کا ہجوم رہتا تھا۔ شاعر انہیں بار بار نظم کرنے پر مجبور ہوتا تھا لیکن اسکے علاوہ بعض جگہ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ شاعر کو ایک مضمون سوجھا۔ اور اُسنے اُسے نظم کر دیا لیکن شاعر پہلے اظہار سے مطمئن نہیں ہوا۔ اور وہ خیال اُسے گدگداتا رہا حتےٰ کہ وہ نقشِ ثانی میں بہتر طریقے سے ادا ہوا۔ مثلاً غالب کا شعر ہے۔

ے یاد آگیا مجھے تری دیوار دیکھکر سر پھوڑنا وہ غالبِ شوریدہ حال کا

مضمون بہت بلند پایہ نہیں۔ اور اسمیں کسی شاعرانہ رفعت کی گنجائش کم ہے۔ لیکن جہانتک طرزِ ادا کی لطافت اور زبان کی تاثیر اور (ظاہری) بیساختگی کا تعلق ہے۔ نقشِ ثانی، نقشِ اول سے بہتر ہے۔

ے مر گیا پھوڑ کے سر غالبِ وحشی ہے ہے بیٹھنا آکے وہ اس کا تری دیوار کے پاس

یا ے وہ نگاہیں کیوں ہوئی جاتی ہیں یارب دل کے پار جو مری کوتاہیِ قسمت سے مژگاں ہو گئیں

خیال نفیس تھا۔ لیکن لفظی رعایت نے شاعر کے مطلب پر خفیف سا پردہ ڈال دیا تھا۔ نقشِ ثانی شاعر کے شاہکاروں میں سے ہے۔ اور اسمیں لطفِ بیان نے خیال کو اس طرح چمکا دیا ہے کہ اس سے بہتر طریقِ اظہارِ خیال میں نہیں آ سکتا ے

بہت دنوں میں تغافل نے تیرے پیدا کی
وہ اک نگہ کہ بظاہر نگاہ سے کم ہے[1]

مندرجہ بالا مثالوں سے اور الفاظ کی اصلاح اور ترمیم سے ایک اور بات بھی روشن ہو جاتی

---

[1] ۔ اس شعر کا لطف خالص وجدانی ہے۔ ہمارے ایک دوست پڑھکر فرمانے لگے۔ کہ دیکھو واقعی نگہ میں نگاہ سے ایک الف کم ہے۔ ان کا فرمانا بجا۔ لیکن شارحوں کی انہی فاضلانہ موشگافیوں سے شاعر کے اصل مطلب پر پردے ڈالے جاتے ہیں۔ ہائے شعر مرا بمدرسہ کہ بُرد۔

ہے۔ کہ خیالات سے قطع نظر غالب کو طرز بیان کا بہت خیال رہتا تھا۔ عام طور پر کہا جاتا ہے کہ
خیالات غالب کے اعلیٰ ہیں۔ اور زبان ذوق کی۔ اور اگر زبان سے مطلب روزمرہ اور محاورات کا
استعمال ہے۔ جو ایک جگہ مقبول ہیں تو دوسری جگہ ناپسند یا آج مستعمل ہیں تو کل متروک اور یہ
خیال بیشک صحیح ہے۔ لیکن اگر ہم زبان سے مراد لیں الفاظ کا انتخاب۔ اُن کی ہم آہنگی اور اُن کی
نشست۔ تو مرزا کا مرتبہ اس بارے میں تمام شعراء سے بلند ہے۔ الفاظ ان کے لئے اظہار مطلب کا
ہی وسیلہ نہیں تھے۔ بلکہ شاعرانہ حسن پیدا کرنے کا ذریعہ۔ اُن کے الفاظ کا استعمال اور ان کی
ترتیب اسطرح کی تھی۔ کہ معنی اور مضمون سے قطع نظر الفاظ کا ترنم اور انکی ہم آہنگی ہی پر لطف ہو
مثلاً۔ درد دل لکھوں کب تک جاؤں ان کو دکھلاؤں ۔۔۔ انگلیاں فگار اپنی خامہ خونچکاں اپنا
یا۔ ہاں وہ نہیں خدا پرست، جاؤ وہ بیوفا سہی ۔۔۔ جسکو ہو دین و دل عزیز اسکی گلی میں جائے کیوں
سودا کی غزلوں کے متعلق کہا جاتا ہے کہ انکی زبان قصیدہ کی زبان ہے۔ اور فارسی ترکیبوں سے
تغزل کا رنگ ماند پڑ جاتا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ بھاشا میں مٹھاس زیادہ ہے۔ اور یہاں درد کا
اظہار میں وہ زیادہ موثر ہوتی ہے۔ لیکن آخر محبت کی دنیا بہت وسیع ہے۔ اس میں طرح طرح کا
سے سابقہ پڑتا ہے۔ اور انہیں نظم کرنے کیلئے ایک کامیاب شاعر الفاظ اور بحریں بھی مختلف اختیار
کریگا۔ غالب کی ایک غزل مشہور ہے۔ ؎

مدت ہوئی ہے یار کو مہماں کئے ہوئے
جوش قدح سے بزم چراغاں کئے ہوئے

اسمیں محبت کی اس حالت کا بیان ہے جب بیں [illegible] دل بیٹھ اٹھتا ہے۔ اور عشق و جنون
ولولے طبیعت کو پھر بیقرار کرتے ہیں۔ یہ تمام غزل فارسی ترکیبوں سے بھری پڑی ہے۔ لیکن
چونکہ جوش ولولے کا بیان ہے۔ وہ ترکیبیں اظہار مضمون کو اور موثر کرتی ہیں۔ اور ہمارا
ہمارا خیال ہے۔ اردو شاعری میں اس کیفیت کی اس سے بہتر تصویر اور کہیں نہیں
برخلاف اس کے جب مرزا دھیمے [illegible] درد کا بیان کرتے۔ تو فارسی ترکیبیں بھی کم

مثلاً ؎ ابنِ مریم ہوا کرے کوئی | میرے دکھ کی دوا کرے کوئی
کون ہے جو نہیں ہے حاجتمند | کس کی حاجت روا کرے کوئی
؎ کیا کیا خضر نے سکندر سے | اب کسے رہنما کرے کوئی

جب توقع ہی اٹھ گئی غالب
کیوں کسی کا گلہ کرے کوئی

یا ذیل کی غزل لیجئے جو مندرجہ بالا غزل کی طرح شاعر کے دلِ محزوں کی ایک اور دلآویز تصویر ہے :-

کوئی امید بر نہیں آتی | کوئی صورت نظر نہیں آتی
موت کا ایک دن معین ہے | نیند کیوں رات بھر نہیں آتی
آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی | اب کسی بات پر نہیں آتی
جانتا ہوں ثوابِ طاعت و زہد | پر طبیعت ادھر نہیں آتی
ہم وہاں ہیں جہاں سے ہمکو بھی | کچھ ہماری خبر نہیں آتی

تیسرا دور ہم لکھ چکے ہیں، کہ تیسرے دَور میں مرزا نے اردو اشعار بہت کم لکھے! اور چونکہ یہ فارسی شاعری کا زمانہ تھا۔ زبان پر فارسی ترکیبیں بہت چڑھی ہوئی تھیں، اس لئے جب کسی موقع پر وہ عنان شاعری اردو زبان کی طرف موڑتے۔ (مثلاً چلتی ڈلی کی تعریف میں) توارد میں بھی فارسی ترکیبیں دوسرے دَور سے زیادہ استعمال ہوئیں۔ ویسے اس زمانے کی ادبی کاوش کا ماحصل ان کا فارسی کلام ہے۔ حالی کے بعد کسی نے اس حصہ کی طرف بہت توجہ نہیں کی۔ اور عجیب بات ہے کہ جب لوگ مرزا کی ذہنیت یا ان کے فلسفہ پر تبصرہ کرتے ہیں۔ تو صرف اردو اشعار کو مدِنظر رکھتے ہیں۔ حالانکہ تیس سے پچاس برس کی عمر تک جو انسانی زندگی کا اہم ترین زمانہ ہے۔ مرزا نے توجہ بیشتر فارسی نظم و نثر کی طرف ہی ملحوظ رکھی۔ اسکے علاوہ چونکہ اردو دیوان میں بیشتر غزلیں ایسی ہیں جن میں عام طور پر تسلسل خیالات نہیں ہوتا۔ ان سے مرزا کے طبعی رجحانات کا اندازہ اس تیقن سے نہیں ہو سکتا جس طرح انکے فارسی قطعات یا قصائد یا مثنویوں سے۔ اور غالب کی دیش بھگتی وغیرہ کے متعلق جو غلط

مثنویاں گیارہ ہیں۔ جن میں سے "ابرِ گہربار" اور "تحفۂ دیر" بہترین ہیں۔ قصائد کم و بیش ۶۴ ہیں پہلے ۱۲ خدا، رسولؐ اور ائمہ محترم کی تعریف میں ہیں۔ اسکے بعد ایک قصیدہ اکبر شاہ اور ۵ بہادر شاہ سے متعلق ہیں۔ انکے بعد ملکہ وکٹوریہ کی باری آتی ہے۔ اور تین قصائد ملکۂ انگلستان کی تعریف میں ہیں۔ سوائے چار کے باقی قصائد میں انگریزی حکام اور دیسی راجوں نوابوں کی تعریف کی ہے۔ تین قصیدے دوستوں کے متعلق ہیں۔ نواب مصطفےٰ خاں شیفتہ، نواب ضیاء الدین اور مولینا صدرالدین کی تعریف میں۔ آخری قصیدہ جو بہت دلچسپ ہے۔ اپنے متعلق ہے۔ اور اس میں انسانی قلب کی اس کیفیت کا بیان ہے۔ جسے انہوں نے ایک اردو شعر میں بھی نظم کیا ہے۔

دل میں یادِ یار و ذوقِ وصل تک باقی نہیں۔
آگ اس گھر میں لگی ایسی کہ جو تھا جل گیا

مرزا کو ان قصائد پر بہت ناز تھا۔ اور اُن کے مطالعہ سے ظاہر ہے کہ مرزا نے انہیں لکھتے وقت تلاش مضمون اور شعر نویسی میں بہت محنت کی ہوگی۔ اُن کی تشبیبیں بالخصوص پُر لطف ہیں۔ اور ہم ان میں سے چند ایک کا انتخاب دوسرے حصے میں دینگے۔ لیکن یہ خیال بیکار ہے۔ کہ یہ قصائد اسی طرح مقبول ہونگے جس طرح انکی غزلیں۔ مدحیہ قصائد کا تعلق عام لوگوں سے زیادہ ممدوح کی ذات سے ہوتا ہے۔ اور ان کا معاوضہ قبول عام نہیں۔ بلکہ وہ صلہ ہوتا ہے جو ممدوح کی طرف سے شاعر کو عطا ہوتا ہے۔ ویسے یہ صحیح ہے کہ ہمارے نئے نقاد جو مرزا کی قصیدہ نویسی کو بطور خود ایک ناقابلِ معافی جرم سمجھتے ہیں۔ وہ بھی نکتہ چینی کرتے وقت مرزا کے ماحول اور مشرقی شاعری کی تاریخ کو مدِنظر نہیں رکھتے۔

چوتھا دور

چوتھا دور مرزا کا درباری دور ہے۔ اس زمانے میں مرزا نے کئی فارسی قصائد لکھے۔ اور ایک آدھ فارسی غزل بھی اسی زمانے کی ہے لیکن دربار سے تعلقات استوار ہونیکی وجہ سے مرزا کو بھی درباری زبان کو اپنی زبان بنانا پڑا۔ اور اس زمانے کے اکثر اشعار اُردو میں ہیں۔ بیشتر غزلیں ہیں۔ جنہیں مرزا نے بادشاہ کو خوش

آمدِ بہار کی ہے جو بلبل ہے نغمہ سنج　　اڑتی سی اک خبر ہے زبانی طیور کی

ظرافت

لیکن جس خصوصیت نے اس زمانے کے اشعار کو ایک امتیازی رنگ دیدیا ہے۔ وہ مرزا کی شوخی اور ظرافت ہے۔ (ابتدائی دور میں مرزا کے اکثر اشعار معمہ تھے۔ شاعرانہ حسن سے عاری، متین اور سنجیدہ۔ لیکن ہم بتا چکے ہیں۔ کہ جوں جوں مرزا نے طبیعت ں زود حسی کو اپنی مضبوط عقل کے قابو میں کر لیا۔ اُن کے اشعار میں ایک طرح کی شگفتگی آ گئی۔ یک مغربی اہلِ فکر کا قول ہے۔ کہ جو آدمی احساسات کا بندہ ہے۔ اسکے لئے زندگی ایک ٹریجیڈی ہے۔ اور سوچنے والے کیلئے کامیڈی) مرزا قوی احساسات اور جذبات کے مالک تھے۔ لیکن ن کی فہم و دانش اس سے بھی قوی تر تھی۔ اور جوں جوں انہیں زندگی کے نشیب و فراز سے آگہی ہوئی ن واقعات کیلئے وہ پہلے آنسو بہاتے تھے۔ اب انہیں پر مسکرا دیتے۔ یہ صحیح ہے۔ کہ مرزا ں شوخی کی اصل بنا انکی جدت طرازی اور ہر بات میں نیا پہلو نکالنے کی عادت تھی۔ لیکن یہ بھی ا ہر ہے۔ کہ جس طریقے سے انہوں نے غم اور رنج کی باتوں میں شگفتگیِ طبع کو برقرار رکھا وہ سی آدمی سے ہو سکتا تھا۔ جسنے بقول انکے "سختی و سستی رنج و آرام کو ہموار کر دیا ہو۔ اور جو م اور رنج کی شدت سے اسقدر اندھا نہ ہو جاتا ہو۔ کہ سوائے رنج و الم کے اور اُسے کچھ نظر نہ ئے۔

رازدانِ خوئے دہرم کردہ اند
خندہ بر دانا و ناداں میزنم

دنیا کے حوادث میں شاید المناک ترین واقعہ کسی کی موت ہے۔ جس پر دوست کیا دشمن ی آنسو بہاتے ہیں۔ لیکن اردوئے معلیٰ کے پڑھنے والے جانتے ہیں۔ کہ مرزا نے تعزیت کے رقع پر بھی ظریفانہ انداز قائم رکھا۔ اور اظہار رنج اور تلقین صبر کی بجائے خطوں میں جانفزا طیفے ہی لکھے۔ موت کی نسبت مرزا کا یہ انفرادی نقطہ نظر کسی حد تک تو ان کی جدت پسندی ں وجہ سے ہوگا۔ لیکن اس سے بھی زیادہ یہ خاص زاویۂ نگاہ اسی چشمِ بصیرت کا عطیہ تھا۔ جسنے ن کیلئے "سختی و سستی اور رنج و آرام سب کو ہموار کر دیا تھا۔ شروع میں جب انہوں نے جذبات

حسن میں حور سے بڑھکر نہیں ہونے کے کبھی — آپ کا شیوہ و انداز و ادا اور سہی

یہ ظریفانہ اشعار بیشتر فقط شوخیٔ طبع کا اظہار ہیں۔ لیکن جس کثرت سے اور جس چبھتے ہوئے طریقے سے انہوں نے بہشت کا تمسخر اڑایا ہے۔ اس سے خیال ہوتا ہے۔ کہ یہ موضوع دل کو ضرور بھاتا تھا۔

مثلاً
میں جو کہتا ہوں کہ ہم لینگے قیامت میں تمہیں — کس رعونت سے وہ کہتے ہیں کہ ہم حور نہیں

یا
کیا ہی رضواں سے لڑائی ہوگی — گھر ترا خلد میں گر یاد آیا

یا
ان پریزادوں سے لینگے خلد میں ہم انتقام — قدرتِ حق سے یہی حوریں اگر واں ہوگئیں

پانچواں دَور ؟

غالب کی شاعری کو ہم نے چار دَوروں میں تقسیم کیا۔ اور غالب نے غدر کے بعد جو فارسی اور اردو اشعار لکھے ہیں۔ ان کا انتخاب چوتھے دَور کے اشعار کے اخیر میں بطور تتمہ کے ترتیب دیا ہے۔ بظاہر تو مرزا غدر کے ۱۱-۱۲ سال بعد زندہ رہے۔ اور انکے اس زمانے کے اشعار کو ڈاکٹر لطیف نے ایک علیحدہ دور شاعری بھی قرار دیا ہے۔ لیکن چونکہ اس تمام مدت میں انہوں نے اردو کی دو تین غزلیں، ایک قطعہ، فارسی کی دو غزلیں، اور چند فارسی قصیدے ہی لکھے ہیں۔ جو ادبی نقطۂ نظر سے بھی اُسی طرز کے ہیں جس طرز کے اُنکے چوتھے دَور کے اشعار۔ ہم نے ان اشعار کو جداگانہ دَور کی تحت میں شایع نہیں کیا۔

غالب کا متداول اردو دیوان پہلی مرتبہ ۱۸۶۲ء میں شایع ہوا۔ لیکن یہ دیوان اسی قلمی نسخے کی نقل ہے۔ جو مرزا نے ۱۸۵۵ء میں نواب یوسف علیخاں کے پاس بھیجا تھا۔ اس دیوان اور ان اشعار کے علاوہ، جو اب حمیدیہ ایڈیشن میں شایع ہوگئے ہیں۔ غالب کا متفرق کلام تین چار جگہ شایع ہوا ہے۔ ایک اردو غزل، ایک قطعہ اور ایک غزل کے چند اشعار ان کے رقعات میں ملتے ہیں۔ اور یقیناً غالب کے ہیں۔ ان اشعار کے علاوہ غالب کا "غیر مطبوعہ" کلام جو مختلف رسائل وغیرہ میں شایع ہوا۔ اسے غالب کا نتیجۂ فکر ماننے سے پہلے ہمارے خیال میں مزید تحقیق کی ضرورت ہے بالخصوص وہ ۲۵-۲۶ غزلیں جنہیں مولینا عبدالباری آسی نے ایک بے سروپا بیاض کی بناپر "شرح کلام غالب" میں شایع کیا ہے۔ یقیناً غالب کی نہیں۔ ان کے علاوہ دو تین غزلیں

دخترِ رز سے جوتاک لگائی۔ تو وہ ظرف پیدا کیا۔ کہ مینائے گردوں میں شرابِ شفق قاضیٔ آفتاب بادستِ کشش لایا۔ اور قمار بازی پر جو دھیان کیا۔ تو وہ چھکے جاری ہوئے کہ میر بساط اور بکھرنے داؤں کھانے لگے۔" لیکن یہ تصویر کا فقط ایک پہلو ہے۔ مرزا اگر میخانے اور در قمار خانہ کی پوری طرح خاک چھان چکے تھے۔ تو وہ شرع اور تصوف کی منزلوں سے بھی ناواقف نہ تھے۔ دہلی کے سب سے بڑے عالم مولوی فضل حق خیر آبادی اور مولینا صدرالدین انکے عزیز ترین دوست تھے۔ اور جس کثرت سے تصوف کے مسائل انکے اشعار میں ادا ہوئے ہیں۔ ہندوستان کے شاید ہی کسی اور شاعر میں ملینگے۔ وہ رنگ رلیوں میں پلکر جوان ہوئے تھے۔ لیکن زمانے نے ایک ایک کرکے اپنے ترکش کے سارے تیر انپر چلائے اور اگر وہ بزم نشاط اور محفلِ عشرت میں اجنبی معلوم نہ ہوتے تھے تو دردمند دل کے مصائب بھی خوب سمجھتے تھے۔ نتیجہ یہ ہے۔ کہ میخوار ہو یا محتسب، شوخی اور ظرافت کا متلاشی ہو یا المزدہ، فلسفی ہو یا عاشقانہ مضامین کا دلدادہ، ان سب کیلئے کلامِ غالب میں کچھ نہ کچھ موجود ہے۔ جسے وہ پڑھتے ہیں اور سر دھنتے ہیں۔

مرزا کی مقبولیت کی ایک اور وجہ یہ بھی ہے۔ کہ وہ نئی طرز کے آدمی تھے۔ اور انکے خیالات کا جو اسلوب تھا۔ زمانہ اسکی تائید کررہا ہے۔ ہم یہ ذکر کرچکے ہیں کہ مرزا تقلید کے قائل نہ تھے۔ اپنی سمجھ پر زیادہ بھروسہ کرتے تھے۔ ان کی جدت پسندی نئے مضامین اور نئی تشبیہیں تلاش کرنے تک محدود نہیں تھی۔ بلکہ وضع قطع، پوشش، فن لغت، فن شعر، انشائے خطوط اور دوسری تفصیلی اور ادبی باتوں میں بھی وہ اپنے معاصرین اور پیشروؤں کی پیروی کرنا ضروری نہ سمجھتے اور آزادانہ ان پر نکتہ چینی کرتے۔

کلکتہ میں جب انکے اشعار پر اعتراض ہوا تھا کہ انہوں نے قتیل کے وضع کردہ اصولوں کا خیال نہیں رکھا تو انہوں نے نہایت زور سے کہا تھا۔ ؎

زلہ بردارِ کس چرا باشم   من ہمایم مگس چرا باشم[1]

---

[1] حال ہی میں ایک نقاد نے اردو ادب پر انگریزی ادبیات کا اثر دکھاتے ہوئے بتایا ہے۔ کہ جدید اردو شاعری، اردو نثر اور ادبیات میں اساتذہ سلف کی تقلید سے آزادی انگریزی ادبیات اور مغربی اساتذہ سے تعلقات کا نتیجہ ہے۔ بڑی حد تک ہم اس رائے سے متفق ہیں۔ لیکن یہ امر غور طلب ہے۔ کہ حالی، جو بہت حد تک اردو شاعری، فن تنقید اور سوانح نگاری میں موجودہ انقلاب کا بانی تھا۔ انگریزی سے قریباً قریباً نابلد تھا۔ غالب خود انگریزی سے بالکل بے بہرہ تھا۔ اور یہ امر بھی بہت عجیب ہے کہ کلکتہ کا مدرسہ جو ایسٹ انڈیا کمپنی کا جاری کردہ تھا۔ اور جہاں معلمین اور طلبا کو انگریز افسروں اور اساتذہ سے ملنے کے بہت موقع ملتے رہتے تھے۔ تقلید اور تنگ خیالی کا مرکز بنا ہوا تھا اور غالب جسے یہ موقع کبھی میسر نہیں آئے تھے۔ آزاد خیالی کا وعظ کررہا تھا!

بے انصافی ہوگی اگر ہم اس امر کا اعتراف نہ کریں کہ غالب کے دیوان میں مسلسل اشعار کی جو کثرت ہے ۔ وہ کسی اور ہندوستانی شاعر کے کلام میں شاید ہی ہوگی۔ اور اس کی اکثر غزلوں میں کچھ ردیف قافیہ کی ہم آہنگی سے اور کچھ شاعر کے اپنے جذبات کے پرتو سے ایک اس طرح کی فضا پیدا ہو گئی ہے جس میں مختلف اشعار کی انفرادیت چھپ گئی ہے اور کوئی تال بے سُر نہیں معلوم ہوتی۔

غزل پر ایک اور اعتراض یہ کیا جاتا ہے ۔ کہ چونکہ غزل میں معنوی وحدت تو کوئی ہوتی نہیں غزل گو شعرا اپنے سامنے چند قافیے رکھ لیتے ہیں۔ اور انکے مطابق اسوقت جو مضمون ذہن میں آئے ۔ اُسے نظم کرکے غزل مکمل کر لیتے ہیں۔ اسلئے نہ تو شعر میں آمد ہوتی ہے ۔ اور نہ ہی غزل شاعر کے ذاتی نقطۂ نظر کا اظہار ۔ ممکن ہے یہ خیال کسی اور غزل گو شاعر کے متعلق صحیح ہو لیکن کم از کم مرزا اس سے مستثنےٰ ہیں۔ انہوں نے خود ایک خط میں اس خیال کی بڑے زور سے تردید کی ہے وہ منشی ہرگوپال تفتہ کو لکھتے ہیں" کیا ہنسی آتی ہے ۔ کہ تم مانند اور شاعروں کے مجھ کو بھی یہ سمجھے ہو کہ اُستاد کی غزل یا قصیدہ سامنے رکھ لیا یا اس کے قوافی لکھ لئے ۔ اور ان قافیوں پر لفظ جوڑنے لگے ۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ بچپن میں جب میں ریختہ لکھنے لگا ہوں۔ لعنت ہے مجھ پر اگر میں نے کوئی ریختہ یا اسکے قوافی پیش رکھ لئے ہوں ۔ صرف بحر اور ردیف قافیہ دیکھ لیا اور اس زمین میں غزل قصیدہ لکھنے لگا۔" قطع نظر اس امر سے کہ مرزا اس طریق شعر گوئی سے خود بہت متنفر تھے ۔ اُنکے کلام سے بھی اس خیال کی تائید ہوتی ہے کہ انکی غزل گوئی قافیہ پیمائی نہیں ہے ۔ بلکہ اُنکی اپنی دلفریب شخصیت کا اظہار ۔ ایک شاعر کے خیالات میں بھی عام انسانوں کی طرح تغیر و تبدل ہوتا رہتا ہے ۔ اور اگر آج ایک بات کا ایک پہلو نظر آتا ہے ۔ تو کل دوسرا ۔ چنانچہ دیوانِ غالب میں بھی یہ تفاوت موجود ہے ۔ لیکن دیوان غالب میں مشکل سے ہی کوئی شعر ایسا ملیگا جسے غالب کی اُس عظیم اور متنوع شخصیت سے جس سے ہم یادگارِ غالب کیوجہ سے خوب واقف ہیں ۔ منسوب نہ کیا جا سکے ۔ مرزا غالب کا زاویۂ نگاہ عام لوگوں

آزاد خیالی اور معراج کمال سمجھتے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ انگریزی زبان کی کئی بلند پایہ نظمیں مناظر فطرت کے متعلق ہیں۔ اور انگریزی ادب میں مناظرِ فطرت کی شاعری کو ایک خاص مرتبہ حاصل ہے۔ لیکن آخر اس سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ انگلستان (بالخصوص لیک ڈسٹرکٹس) میں جو پر اور شاندار مناظر قدرت کی جو فراوانی ہے۔ وہ ہندوستان یا کم از کم دہلی کے گرد و نواح میں میسر نہیں۔ اور اگر کوئی دہلوی شاعر اس خیال سے مرعوب ہو کر کہ انگریزی شاعری میں مناظرِ فطرت کے متعلق بہت نظمیں ہیں خود بھی اونچے اونچے پہاڑوں اور خوش منظر جھیلوں کے خوبصورت مناظر اور چہچہاتے پرندوں کی موسیقی کو اپنی شاعری کا موضوع بنالے۔ تو ظاہر ہے کہ اس شاعری سے زیادہ ان نیچرل یا مصنوعی کوئی چیز نہ ہوگی۔ کیونکہ شاعر نے تو خود یہ مناظر دیکھے ہی نہیں۔ گرم ملکوں میں، جو لوگ مسلسل میدانوں میں رہتے ہیں۔ انہیں وہ دلفریب مناظر دیکھنے کا موقع نہیں ملتا۔ جو قدرت نے فیاضی سے کشمیر یا سوئٹزر لینڈ یا لیک ڈسٹرکٹس میں بہم پہنچائے ہیں۔ انہیں جو خوبصورت مناظر دیکھنے نصیب ہوتے ہیں وہ نسبتاً محدود ہیں۔ مثلاً چاندنی رات، صبح، شام، شفق کی رنگینی، دریا کا کنارہ، بسنت بہار۔ برسات۔ اور اردو زبان میں اگرچہ غزلوں میں نہیں۔ لیکن دوسری اصناف شاعری میں ان مناظر کے متعلق کئی نظمیں ہیں۔ مرزا نے اس صنف شاعری میں کوئی امتیاز حاصل نہیں کیا۔ اور مناظر فطرت کے متعلق انکے جو اشعار ہیں۔ ان میں ایک طرح کا تصنع اور تکلف ہے لیکن انکے قصائد اور غزلیات میں ان مناظر کے متعلق کئی اشعار ہیں۔ جو ذاتی مشاہدہ پر مبنی ہیں اور جن سے معلوم ہوتا ہے کہ مرزا ان مناظر سے بے پروا نہیں تھے۔ لیکن جیسا کہ ہم کہہ چکے ہیں۔ نیچرل شاعری کی نشوونما شاعر کے ماحول پر منحصر ہے۔ اور اگر مرزا بھی مخزن کے ابتدائی دور کے بعض شاعروں کی طرح کوؤں اور کیکروں اور چیلوں کی تعریف میں نظمیں لکھتے۔ تو انکے کلام کا بھی وہی حشر ہوتا جو ان نظموں کا ہوا ہے۔

کلاسیکل اردو کے نقادوں نے مرزا کے کلام پر جو اعتراض کئے ہیں۔ وہ یا تو زبان کے متعلق ہیں یا بقول سر والٹر رالے "بہی کھاتہ والوں" کی نقادی یعنی سرقہ اور توارد کی بحث۔ مرزا یاس

زندگی میں اپنے لئے چراغِ راہ بنائیں۔ ان خوش نصیب لوگوں کی طبیعتیں سدھے سدھائے گھوڑوں کی طرح ہیں، جو ایک باگ کے اشارے سے جسطرف چاہیں موڑ لی جاسکتی ہیں۔ لیکن ظاہر ہے کہ بلند ترین شاعری ان لوگوں کیلئے نہیں۔ شاعر کا کام عقاید کو بدلنا نہیں۔ بلکہ تخیل کی نشو و نما اور تربیت ہے، وہ جانتا ہے کہ زندگی کے راز جو ذاتی احساسات اور مشاہدات کا عطیہ ہیں اگر ان کا نچوڑ حقایق اور فلسفہ کی صورت میں انسان کے سامنے پیش کر دیا جائے۔ تو اس کا کوئی فایدہ نہیں۔ جب تک تخیل کی تربیت اور نشو و نما اسی شعوری بلندی تک نہ ہوگئی ہو۔ ایک بلند مرتبہ شاعر جو انسانی فطرت کا بھی صحیح نباض ہوتا ہے۔ اس لطیف نکتے سے بیخبر نہیں، کہ انسان کے عقایداور اسکے تخیل میں اکثر ایک خفیف سا تضاد ہوتا ہے۔ اور اگر فلسفۂ زندگی اور پیغام سے ایک شخص کے عقاید بدل دیئے جائیں، لیکن دنیائے تخیل (یا غیر شعور) پہلی حالت میں ہی رہے۔ تو یہ تضاد فقط اور گہرا ہوجاتا ہے۔ اس سے انسانی فطرت ان بلندیوں پر نہیں پہنچتی۔ جنکے حاصل کرنے کیلئے شاعری مفید ہوسکتی ہے۔ وہ ایک شرابخور کو دیکھتا ہے۔ جسے میخواری کے نقائص سمجھا دیئے گئے ہیں۔ اور وہ اسے ترک کرنا چاہتا ہے۔ وہ اس بات کا قائل ہوگیا ہے۔ کہ شراب خوری بری ہے۔ لیکن اٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے اس کے ذہن کی گہرائیوں میں ایک شرابخور کے خیالات ہی موجزن رہتے ہیں۔ اسکی دنیائے تخیل ایک شرابخور کی ہے۔ گو وہ پرہیزگاری کا فلسفہ بھی خوب سمجھتا ہے۔ اب انسانی فطرت کچھ اس طرح کی واقع ہوئی ہے۔ کہ اس حالت میں شرابخوری کے خلاف جسقدر دلیلیں اسکے سامنے پیش کی جائینگی۔ اُن سے اسکی باطنی کشمکش میں اضافہ تو ہوگا۔ لیکن جب تک اسکی دنیائے تخیل ہی بدل نہ دی جائے۔ وہ اس گڑھے سے باہر نہیں نکل سکیگا۔ اسی طرح بہت ممکن ہے۔ کہ ایک آدمی فلسفۂ عمل کا بہت معتقد ہو۔ صبح شام "اسرارِ خودی" اور "درس حیات" کی تلاوت کرتا رہتا ہو۔ لیکن جب عمل کا وقت آئے۔ تو تخیل ساتھ نہ دے۔ بلکہ مخالف ہو۔ اور اُسکے ذہن کی گہرائیوں سے فقط ایسے احساسات اور خیالات پیدا ہوں۔ جن سے وہ عمل غیر ضروری بلکہ مضر معلوم ہوتا ہے۔ ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں اگر تخیل کی صحیح تربیت نہیں ہوئی تو اس فلسفۂ عمل سے سوائے ایک ذہنی کشمکش کے

سے بہرہ ور ہوتے ہیں۔ اسی طرح ایک شاعر کے مطالعہ سے اس کی شخصیت اور اُسکے تخیل کا رنگ ہم پہ چڑھ جاتا ہے۔ اور اگر یہ مطالعہ مستقل اور گہرا ہو۔ تو یہ اثر بھی دیر پا ہوتا ہے۔ بالکل اسی طریقے سے کلامِ غالب کے مطالعہ سے غالب کی عظیم شخصیت کا پرتو ہم پہ پڑتا ہے۔ اور اگرچہ یہ اثر اسی طرح واضح و نمایاں نہیں جسطرح دلائل و براہین سے عقائد کا بدلنا۔ لیکن جیسا کہ ہم بتا چکے ہیں تخیل کی یہ تربیت عقائد کی شعوری تبدیلیوں سے کہیں زیادہ اہم ہے۔ اور شاعری کی یہی پیغمبرانہ خصوصیت ہے جس کی نسبت غالب نے خود اشارہ کیا ہے۔ ؎

اگرچہ شاعراں نغز گفتار — زیکجام اند در بزم سخن مست
ولے با بادۂ بعضے حریفاں — خمارِ چشم ساقی نیز پیوست
مشو منکر کہ در اشعارِ ایں قوم — ورائے شاعری چیزے دگر ہست

فلسفۂ غم غالب کے فلسفہ کی نسبت ہم لکھ چکے ہیں۔ کہ آج تک جو کوششیں غالب کو فلسفی ثابت کرنے کے متعلق ہوئی ہیں وہ اکثر ناکام رہی ہیں۔ لیکن انکے علاوہ غالب کی افتادِ طبع اور اسکی شخصیت کے متعلق بھی کئی مضامین شائع ہوئے ہیں۔ اور چونکہ علامہ اقبال کے کلام کی وجہ سے اسوقت رجائی اور قنوطی فلسفوں کا اختلاف ملک کے سامنے بہت نمایاں ہے۔ غالب کے متعلق بھی چند مضامین اس موضوع پر شایع ہوئے ہیں۔ کہ خواہ غالب کسی خاص سکول کا فلسفی نہ ہو۔ آخر اُس کی طبیعت میں کونسا رنگ غالب تھا۔ مولانا نیاز فتحپوری نے ایک مضمون میں ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ "اگر غالب نے کوئی فلسفہ پیش کیا۔ تو وُہ فلسفۂ تفاول و مسرت تھا۔" لیکن جمہور بالعموم اس امر پہ متفق ہیں کہ غالب کے اشعار میں غم و حزن کی جھلک مسرت و اطمینان سے نمایاں ہے۔ یہ صحیح ہے۔ کہ کلامِ غالب میں کئی جگہ تو غم کا بیان بیشتر خیال آرائی ہے۔ اور زورِ طبع یا طبیعت کی شوخی دکھانے کا ذریعہ۔ مثلاً ذیل کے اشعار ہیں:-

ہفت آسماں بگردش و ما درمیانِ او — غالب و گر مپرس کہ بر ما چہ میرود
ہے سبزہ زار ہر در و دیوارِ غمکدہ — جسکی بہار یہ ہو پھر اسکی خزاں نہ پوچھ

اسکے بعد وہ عیش و عشرت میں پلے۔ لیکن اس چندروزہ عیش و عشرت کا خمیازہ بہت بھگتنا پڑا۔ قرضخواہوں کے پنجے سے انہیں عمر بھر نجات نہیں ملی۔ زندگی کے بہترین سال دیوانی مقدمے کی تگ و دو میں گزرے۔ جس کا نتیجہ ناکامی اور رسوائی کے سوا کچھ نہ ہوا۔ ۴۳ برس کی عمر میں بھائی کی دیوانگی کا صدمہ برداشت کرنا پڑا۔ جب ذرا سنبھلنے کی فرصت ملتی۔ تو کوئی اور چرکہ لگ جاتا۔ ۵۰ سال کی عمر میں قمار بازی کے جرم میں جیل جانا پڑا۔ بادشاہ کی استادی ملی تو دو ہی سال میں ع

آں قدح بشکست و آں ساقی نماند

مرزا کو جب ان حالات سے سابقہ پڑا تو عجیب نہیں کہ ان کے اشعار میں غم کا عنصر غالب ہو لیکن غم کی بھی کئی قسمیں ہیں۔ اور ان میں بہت فرق ہوتا ہے۔ ایک غم حالی کا ہے۔ جس سے بیتاب ہوکر شاعر اپنے گرد و نواح کی دنیا ہی بدل دیتا ہے۔ دوسرا غم میر تقی میر کا غم ہے۔ جو انسان کی اپنی بے چینی اور باطنی کشمکش کا اظہار ہے۔ اور جس میں حساس اور زود رنج انسان کو غم سے اسقدر محبت ہو جاتی ہے۔ کہ اگر اُسے دُور کرنیکی کوشش کی جائے۔ تو وہ اور بیچین ہوتا ہے۔ غالب کا غم نہ تو حالی کا غم ہے۔ جس پر دنیا کی سب خوشیاں نثار ہونی چاہییں۔ اور نہ ہی میر تقی میر کا غم جو اگر مستقل رہے تو ایک طرح کی دماغی بیماری ہے۔ غالب کا غم اس صحتمند آدمی کا حزن و افسوس ہے۔ جسے دنیا کی اچھی چیزوں سے محبت ہے۔ اور جب وہ انہیں مسلسل سعی کے باوجود حاصل نہیں کرسکتا۔ تو وہ غمگین ہو جاتا ہے۔ غالب کے اشعار سے حزن و افسردگی جھلکتی ہے۔ لیکن غالب کی افسردگی عام قنوطیوں کی طرح دنیا کی مذمت نہیں۔ بلکہ دنیا کی دلفریب چیزوں سے لگاؤ کی وجہ سے ہے۔ غالب کی انتہائی مایوسی میں بھی ترک دنیا اور رہبانیت یا مردم بیزاری کا شائبہ تک نہیں۔ بلکہ یہ حزن و افسردگی اسی آدمی کی ہے۔ جو زندگی کی قدر و قیمت پہچانتا ہے۔ اور جسے اس سے جدا ہونا یا اسے نہ پاسکنا ناگوار ہے۔

اس کے علاوہ ہمیں مرزا کی مردانگی کی داد دینی چاہئے۔ کہ اگرچہ اشعار میں جو اُن کے باطنی جذبات کا آئینہ ہیں۔ اُن کی مایوسی اور

ہے۔ تو غم بھی اتھاہ اور غیر محدود نہیں۔ اور انسانی فطرت ہی کچھ اس طرح پابند اور مجبور واقع ہوئی ہے کہ غم کی باگ بہت ڈھیلی نہیں چھوڑی جا سکتی۔

تاب لائے ہی بنے گی غالب
واقعہ سخت ہے اور جان عزیز

جب انکے عزیز شاگرد ہرگوپال تفتہ ترکِ دنیا کیلئے آمادہ ہوئے تو مرزا نے جو خط لکھا وہ انکے نقطۂ نظر کا بہترین اظہار ہے۔ وہ لکھتے ہیں "کیوں ترکِ لباس کرتے ہو۔ پہننے کو تمہارے پاس کیا ہے جس کو اتار کر پھینکو گے۔ ترکِ لباس سے قیدِ ہستی مٹ نہ جائیگی۔ بغیر کھائے پیئے گذارہ نہ ہوگا۔ سختی و سستی و رنج و آرام کو ہموار کرو۔ جس طرح ہو۔ اُسی صورت بہر صورت گذرنے دو۔"

جیسا کہ ہم نے سطور بالا میں بتایا ہے۔ ایک شاعر کے کلام میں اس کا فلسفہ اسی طرح سارے و پریشاں ہوتا ہے۔ جس طرح ایک پھول کے نواح میں اس کی خوشبو۔ اسکی تعیّن بہت مشکل ہے۔ لیکن بحیثیت مجموعی زندگی کے متعلق انکے نقطۂ نظر کا واضح اظہار اُن کے وہ فارسی اشعار ہیں۔ جنہیں ہم نے "زندگی" کے عنوان سے تیسرے حصے میں انتخاب کیا ہے۔

تو نالی از خلۂ خار دنگری کہ سپہر — سرِ حسینؑ علیؑ بر سناں بگرداند
بروبشادی و اندوہ دل منہ کہ قضا — چو قرعہ بر نمطِ امتحاں بگرداند

یزید را بہ بساطِ خلیفہ بنشاند
کلیم را بہ لباسِ شُباں بگرداند

مذہب

فلسفہ کے علاوہ ایک اور دلچسپ مسئلہ غالب کا مذہب ہے۔ اور مرزا کی تصانیف دیکھنے سے پتہ چلتا ہے۔ کہ انہیں مذہب سے دلچسپی عوام سے ضرور زیادہ رہی ہے۔ انہوں نے مہرِ نیم روز میں ابتدائے آفرینش وغیرہ کے متعلق ہندو عقائد کا جو خلاصہ درج کیا ہے۔ اس سے اور انکے بعض اشعار (مثلاً تحفہ دیر) سے ہندو مذہب

ایک قصیدہ میں رسولِ اکرمؐ کی تعریف میں لکھا ہے۔ ع

خرد بسایۂ شرعت زفتنہ زنہاری

اُن کا طبعی رجحان تو ہمسفر اور رہنما سے آزاد ہو کر آزادانہ تلاشِ حق کا تھا۔ لیکن جانتے تھے کہ "رہ و رسم منزلہا" سے واقفیت مفید بلکہ ضروری ہے۔ ؎

عناں گسیختہ ببراہہ تاختن تا چند

بشرع پیچم و گردم بپویہ ہنجاری

شرع اور حق کے تعلق کو انہوں نے ایک اور فارسی شعر میں نہایت لطیف پیرایہ میں نظم کیا ہے۔

؎ بشرع آویز و حق میجو ز مجنوں کم نہ واللہ

کہ دل با محمل است اما زباں با ساریاں دارد

اسی طرح صوفیہ کرام میں ایک مصرع مشہور ہے۔ ع

با خدا دیوانہ و با مصطفےٰ ہشیار باش

یعنی خالق اور مخلوق کا تعلق تو انسان کے اپنے متعلق ہے۔ لیکن چونکہ نبی کریم ایک جماعت کے سردار ہیں۔ ان کا ذکر کرتے ہوئے اُس جماعت کے اصول و آئین ملحوظ رہنے چاہئیں۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ مرزا نے اس اصول سے سر مو تجاوز نہیں کیا۔ خدا کا ذکر انہوں نے اپنی نظموں میں جس آزادی اور بیباکی سے کیا ہے۔ اس کی مثال ہندوستانی شاعری میں کہیں نہیں ملتی۔ لیکن پیغمبر صلعم کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے ادب کا دامن کبھی ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ اور اگرچہ خدا کے متعلق ان کے کئی اشعار ایسے ہیں جنہیں ملاؤں میں کفر کے کلمات سمجھا جائیگا۔ رسول اکرمؐ کا جہاں کہیں انہوں نے ذکر کیا ہے۔ اُنمیں پورا ادب و احترام ملحوظ رکھا ہے۔

مرزا کی اس "پابند آزادی" یعنی آزاد خیالی اور حفظِ مراتب کی ایک دلچسپ مثال انکے مختلف مذاہب کے لوگوں سے تعلقات ہیں۔ یادگارِ غالب اور مرزا کے اپنے کلام سے انکے ہندو اور عیسائی دوستوں سے جو مخلصانہ تعلقات معلوم ہوتے ہیں۔ وہ تو اس قابل ہیں کہ ہم اس روشن خیالی کے زمانے

ابلہاں را زانکہ دانش نارسا است
گفتگوہا بر سرِ حرفِ ندا است

عقیدتاً مرزا اثنا عشری شیعہ تھے۔ اور جب شاعرانہ رنگ میں حضرت علیؓ سے اپنی عقیدت کا اظہار کرتے تو بہت کچھ کہہ جاتے۔ اسکے علاوہ وہ توحید اور رسالت کے قائل تھے لیکن ان کے کلام سے خیال ہوتا ہے کہ اسلامی عقائد کی قبا انکے بدن پہ پوری طرح پھبتی نہیں تھی ؎

رموزِ دیں نشناسم درست و معذورم
نہادِ من عجمی و طریق من عربی است

تمام مغلوں میں ایک طرح کی "پیگن ازم" پائی جاتی ہے۔ وہ بیشتر "عیشِ امروز" کے قائل ہوتے ہیں۔ اور "روزِ فردا" کا خیال انہیں اس طرح مضطرب نہیں رکھتا جس طرح سامی نسل کے لوگوں کو۔ مرزا بھی اس کلیہ سے مستثنیٰ نہ تھے۔ اور "عیشِ امروز" کے وہ بھی اسی طرح قائل تھے۔ جس طرح بابر یا جہانگیر اور جسطرح مغلیہ سلطنت کے بانی نے کہا تھا ؏

بابر بعیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست

اسی طرح مرزا کے کئی اشعار سے خیال ہوتا ہے کہ وہ روزِ جزا یا جسمانی عذاب و اجر کے قائل نہ تھے بہشت کا جہاں کہیں انہوں نے ذکر کیا ہے۔ مثنوی ہو یا غزل، قصیدہ ہو یا رباعی۔ ہمیشہ شوخی بلکہ تمسخر سے ہی کیا ہے۔ اور معلوم ہوتا ہے۔ کہ جس طرح دورِ عباسیہ کے کئی حکمائے اسلامی یا سرسید احمد خاں نعیمِ جسمانی کے قائل نہ تھے۔ مرزا کی رائے بھی اس معاملے میں عام مسلمانوں سے مختلف تھی۔

حُبِّ وطن حال ہی میں مرزا کے چند مداحوں نے اُن کے بعض اشعار سے ثابت کرنا چاہا ہے کہ ان میں حُبِ وطن کا مادہ بدرجۂ اتم موجود تھا۔ حقیقتاً یہ خیال نہ صرف مرزا کے حالاتِ زندگی اور اُنکے فارسی کلام سے ناواقفیت کی وجہ سے پیدا ہوا۔ بلکہ مرزا کی افتادِ طبیعت کے غلط اندازے پر مبنی ہے۔ مرزا بقولِ خود شہد کی مکھی نہیں تھے گڑ کی مکھی تھے۔ ہم بیان کر چکے ہیں۔ کہ جب غدر سے دو سال پہلے فیصلہ ہوا کہ بہادر شاہ کے بعد

زیں ہنرمنداں ہنر بیشی گرفت   سعی بر پیشینیاں پیشی گرفت
حق ایں قومست آئیں داشتن   کس نیارد ملک بے زیں داشتن
داد و دانش را بہم پیوستہ اند   ہند را صد گونہ آئیں بستہ اند

پیشِ ایں آئیں کہ دارد روزگار
گشتہ آئینِ دگر تقویم پار!

معلوم ہوتا ہے۔ جب یہ تقریظ سر سید کے پاس پہنچی۔ تو چونکہ انہوں نے ابھی تقلید کی ان ذہنی زنجیروں کو نہیں توڑا تھا۔ جن سے مرزا آزاد تھے۔ انہیں مرزا کی مثنوی پسند نہ آئی۔ اور انہوں نے اسے کتاب کے ساتھ شایع نہ کیا۔ لیکن مرزا کی اس مثنوی سے بھی پتہ چلتا ہے کہ وہ "دع ما کدر خذما صفا" کے اصول پر پوری طرح عامل تھے۔ اور ملکی یا نسلی تعلقات کو بہت اہمیت نہیں دیتے تھے۔

غالب کے معاصرین

مرزا نے اپنے اشعار اور خطوط میں جا بجا اپنی محرومی قسمت اور معاصروں کی ناقدرشناسی کی شکایت کی ہے۔ اس سے اور یادگارِ غالب کے بعض اندراجات سے یہ خیال عام ہو گیا ہے۔ کہ مرزا کی بقدرِ استحقاق قدر ان کی اپنی زندگی میں نہیں ہوئی۔ حقیقتاً یہ خیال جسقدر عام ہے اسی قدر غلط ہے۔ اور مرزا کے زمانے کے حالات اور اس زمانے کے تذکروں میں جتنی تحقیق کی جائے۔ یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ زمانے نے مرزا کی قدر میں کوئی کوتاہی نہیں کی۔ اور اگر مرزا اس سے مطمئن نہیں تھے۔ تو اسکی وجہ یہی تھی۔ کہ وہ اپنی تمام تصنیفات کی نسبت جو اچھی رائے رکھتے تھے۔ اس سے پورا پورا اتفاق کرنا صحیح ادبی مذاق کو ناگوار تھا۔ یہ درست ہے کہ شاعری میں جب کوئی نئے راستے نکالتا ہے تو اسکی قدر آہستہ آہستہ ہوتی ہے۔ لیکن مرزا نے فنِ شعر میں کوئی نیا راستہ نہیں نکالا۔ فقط اپنے طبعی جوہر سے پرانی روش میں کامیابی حاصل کی۔ اور اپنے کمالِ شاعری سے غزل کو انتہائی عروج تک پہنچا دیا۔ نیز باوجودیکہ اب تعلیم اور چھاپہ خانہ کی توسیع سے کلام غالب کے پڑھنے والے

کے بعد بھی اس مسئلہ میں اختلاف کی کوئی گنجائش تھی۔ تو اس کا جواب نسخہ بھوپال ہے۔ جس میں خارج شدہ اشعار شایع ہوئے ہیں۔ اور جنہیں دیکھکر یہ تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں کہ مرزا کے معاصرین نے اگر ان اشعار کو الہامی نہ سمجھا۔ تو ان پر کفر کا فتوے نہیں عائد ہوتا۔ بلکہ اردو ادب ان کا ممنون ہے۔ کہ انہوں نے تنقید اور تمسخر سے مرزا کو ان ہرزح وسپید خزف ریزوں کے جمع کرنے سے روکا۔ اور ان کی توجہ اس بحر شعر و سخن کی طرف کھینچی جس میں غواصی کا صلہ وہ بے بہا موتی ہیں۔ جو اردو ادب کیلئے مایۂ ناز ہیں!

اس کے علاوہ جن لوگوں نے مرزا کے معاصرین کے متعلق فقط مرنا اور حالی کی شکائتیں ہی پڑھی ہیں۔ وہ اس قدرومنزلت سے ناواقف ہیں۔ جو مرزا کے ممتاز معاصرین کے دلوں میں مرزا کی تھی۔ اور جسکا ثبوت تمام معاصرانہ تذکروں میں ملتا ہے۔ شعرا کے تذکروں میں جگہ انہیں اس وقت سے ملنی شروع ہو گئی تھی۔ جب وہ ابھی سولہ سترہ سال کے تھے۔ گلشن بیخار جو اس زمانے کا اہم ترین تذکرہ ہے۔ انہیں مرزا کی اس قدر تعریف اور انکے کلام سے اسقدر طویل انتخاب درج ہے۔ کہ گارسین تاسی اپنی تاریخ ادبیات اردو میں حیرت ظاہر کرتا ہے۔ کہ شیفتہ جسکی نمایاں خصوصیت میانہ روی ہے۔ ایک شاعر کا اسقدر مداح ہے! سر سید احمد خاں نے آثار الصنادید میں دہلی کے ممتاز لوگوں کے جو حالات درج کئے ہیں۔ ان میں غالب کو دہلی کے باقی سب شعرا سے پہلے جگہ دی ہے۔ اور اس میں غالب کی شاعرانہ عظمت کا جسطرح اعتراف کیا ہے اس پر غالب جتنا بھی فخر کرتا بجا تھا۔ نواب ضیاء الدین نے خود دیوان غالب کا دیباچہ لکھا۔ جو اگرچہ دیوان کے ساتھ شایع نہیں ہوا۔ آثار الصنادید میں چھپ چکا ہے۔ اُنکے دوسرے مداحوں میں سے مولوی فضل حق، خان بہادر منشی غلام غوث بیخبر، مومن ناسخ۔ نساخ آسمان علم وادب کے درخشاں ستارے تھے۔ لوگ مرزا سے ملنے اور ملاقات کرنیکے لئے دہلی آتے۔ عزیز لکھنوی اور صفیر بلگرامی کی ملاقات کے حالات ہم درج کر چکے ہیں۔ اُنکے علاوہ سید غوث علی شاہ قلندر جنکا مرزا سیانی پت میں مرجع خاص وعام ہے۔ اور جو مولینا اسمٰعیل میرٹھی کے مرشد بھی تھے۔ مرزا سے ملنے انکے مکان پر گئے اور مرزا سے انکی ملاقاتوں کا حال انکے لاجواب تذکرہ

ہوتی تھی۔ وہ بہادر شاہ نے نہ کی۔ لیکن وہ ہو ہی کیسے سکتی تھی جب زمانہ ہی بدل چکا تھا۔ ؎

زمانہ دگرگون آئیں نہاد
شد آں مرغ کو بیضہ زریں نہاد

مرزا عبدالرحیم خانخاناں کی نسبت مشہور ہے کہ اس نے ایک شاعر کی اس درخواست پر کہ میں نے ایک لاکھ روپیہ کبھی نہیں دیکھا۔ اسکے سامنے لاکھ روپے کا ڈھیر لگا کر اُسے بخش دیا۔ لیکن بیچارے بہادر شاہ نے تو شاید خود ایک لاکھ روپیہ کبھی نہیں دیکھا تھا۔ وہ اس طرح کی فیاضی کیسے کرتا!

سر والٹر رالے انگریزی شاعر ملٹن کی نسبت لکھا ہے کہ ملٹن کا سب سے بڑا مداح ملٹن ہے۔ اور ملٹن کی جو کوئی تعریف لکھیگا۔ اُسے ملٹن کے اپنے خیالات ہی مختلف الفاظ میں ادا کرنے پڑینگے۔ یوں تو شاعرانہ خودنمائی میں ہمارے سب شعرا مغربی شعراسے بہت آگے ہیں لیکن رالے نے جو کچھ ملٹن کی نسبت لکھا ہے۔ وہ غالب کی نسبت لفظ بلفظ صحیح ہے۔ لوگ ڈاکٹر بجنوری کے "مقدس وید اور دیوان غالب" والے فقرے کو دُہراتے ہیں۔ اور اُسے خوش اعتقادی اور مبالغہ کا انتہائی اظہار سمجھتے ہیں لیکن آخر بجنوری نے بھی فقط غالب کے دو فارسی اشعار لکھکر شاعرانہ نثر میں انکی تشریح کر دی تھی۔ ؎

گر شعر و سخن بدہر آئیں بودے　　　دیوانِ مرا شہرتِ پرویں بودے
غالب اگر ایں فنِ سخن دیں بودے　　　آں دین را ایزدی کتاب ایں بودے!

مرزا اپنی تعریف میں بھی وہی مبالغہ روا رکھتے تھے۔ جو مدحیہ قصائد میں ممدوح کی تعریف میں۔ اسے لفظ بلفظ صحیح ماننا مذاقِ سلیم کو گوارا نہیں۔ اور یہ امر افسوسناک ہے کہ کلامِ غالب کی موجودہ شہرت اور مرزا کے معاصرین کی مزعومہ اور مسلّمہ وحشیانہ ناقدر شناسی سے یہ خیال بہت عام ہو گیا ہے۔ کہ ایک شاعر کی اس کے زمانے میں یا اسکے ملک میں صحیح قدردانی نہیں ہو سکتی۔ اور آج جو شاعر غزلوں کا ایک دیوان مرتب کر لیتا ہے۔ وہ اسے جرمن قوم کے نام ہی معنون کرتا ہے۔ مطلب یہ کہ ہندوستان میں تو شعر فہم کوئی نہیں رہا۔ ان حضرت کے کلام کو کوئی سمجھ سکتا ہے۔ تو جرمن قوم کے افراد۔ ہم شاعرانہ تعلّی کو اگر اسے "شاعرانہ تعلّی" ہی سمجھا جائے۔ بہت بڑا عیب نہیں گنتے۔ لیکن موجودہ شاعروں اور انکے حواریوں کا طرز طریق کہ وہ

اخلاق و عادات

(مرزا کے اخلاق و عادات کی حالی نے یادگارِ غالب میں جو تصویر کھینچی ہے۔ اس میں اضافہ کی گنجائش بہت کم ہے۔ اور شاعری کی شہرت کی بنیاد شاید دیوان غالب سے بھی زیادہ مولینا حالی کے اس شاہکار پر ہے۔ لیکن جیسا کہ حالی نے حیاتِ جاوید کے دیباچہ میں لکھا ہے۔ یہ تصویر ایک طرفی ہے۔ اس کتاب میں مصنف نے مرزا کے "کلام کی خوبیاں ظاہر کی ہیں۔ اور ان کے پھوڑوں کو کہیں ٹھیس نہیں لگنے دی۔")
مرزا کی ذہنی اور دماغی خوبیوں سے ان کی شگفتہ طبعی، ذہانت، آزاد خیالی اور محققانہ نظر سے کسی کو انکار نہیں ہوسکتا۔ نفظی اور ذہنی راستبازی کو وہ بہت اہمیت دیتے تھے۔ اور انکے فارسی خطوط میں "راستی بالائے طاعت است" کا فقرہ اتنی دفعہ دُہرایا گیا ہے۔ کہ یہ اصول انکی زندگی کا اہم ترین مسلک معلوم ہوتا ہے ——— جب اُن کی کوئی غلطی انہیں سمجھادی جاتی۔ وہ بلا تامل اس کا اعتراف کر لیتے۔ اسکے علاوہ وہ پورے درجے کے وضعدار تھے۔ اور گو انہیں صحیح نوابی شان کبھی میسر نہیں ہوئی۔ اُن سے جہاں تک ہوسکا۔ انہوں نے جاگیرداروں کی تمام وضعداریاں نبھائیں۔ دوستوں کا وہ بہت خیال رکھتے۔ اور جن لوگوں کو اپنا دوست سمجھتے۔ ان کی مصائب اور بدحالی سے متاثر ہوجاتے۔ حسنِ اخلاق اور لحاظ و مروت میں وہ عہدِ مغلیہ کے شرفا کا ایک اچھا نمونہ تھے۔ لیکن مرزا آخر انسان تھے۔ فرشتہ نہیں تھے۔ اُن کا دل غصے سے۔ رنج سے رشک سے اور اس طرح کے تمام انسانی جذبات سے متاثر ہوتا۔ بعض وقت وہ طیش میں اپنے مخالفین کی نسبت ایسے سخت فقرے لکھ جاتے کہ انہیں دُہرانے کی تہذیب اجازت نہیں دیتی۔ فارسی لُغت نویسوں کی نسبت جو دُرشت اور فحش الفاظ انہوں نے استعمال کئے۔ اُنکا ہم ذکر کرچکے ہیں۔ اسی طرح نواب شمس الدین اور ان کے درمیان جائداد کے متعلق تنازعہ تھا۔ قضارا نواب ولیم فریزر کے قتل کے مقدمہ میں ماخوذ ہوئے۔ اس موقع پر مرزا نے ایک فارسی خط میں تاریخ کو لکھا ہے۔ "انہ ایزد دستمگر کش ستم رسیدہ نواز بدعاہائے صبحدمی میخواہم۔ کہ این خبر دسرہے آزرم زود تر بیا دا فراہ گرفتار و از سرفرازی بپایۂ دار آیدو دانم کہ ہمتم ظفر یافت

نہیں تھے۔ اس کی وفات کے بعد مرزا نے اپنی بھتیجی بھادج وغیرہ کیلئے کیا کیا۔ اس کا کہیں پتہ نہیں۔ لیکن ان کے ایک ادھ خط سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ کم از کم تین سال تک اپنی بھتیجی کو ایک پائی نہیں بھیجی (حالانکہ مرزا کا اپنا بسر اوقات بیشتر چچا کی پنشن پر تھا) بیشک یہ غیر معمولی وقت تھا۔ اور مرزا اپنی مصیبتوں میں گرفتار رہتے۔ لیکن ان کے حالات کا بغور مطالعہ کرنیکے بعد یہی خیال ہوتا ہے۔ کہ ان کی اپنی ضرورتیں اتنی بڑھی ہوئی تھیں۔ کہ وہ کسی کی خاطر اپنے آرام کو قربان نہیں کرتے تھے اور نہ اپنے تئیں خطرے میں ڈالتے۔

مرزا کو زندگی کی مہم تن تنہا طے کرنی پڑی تھی۔ اس لئے وہ اپنی اہمیت سے خوب واقف تھے۔ اسکے علاوہ انہوں نے زندگی کا سبق کتابوں اصولوں سے نہیں بلکہ زمانے کے طمانچوں سے سیکھا تھا۔ وہ جانتے تھے۔ کہ اخلاق کے معلمین خودنمائی اور فخر کے خلاف کیا کہیں۔ انسان کو اپنی خوبیوں کی طرف اکثر خود توجہ دلانے کی ضرورت ہوتی ہے اور جیسا کہ ہم بالتفصیل بتا چکے ہیں۔ انہوں نے اپنی نظم و نثر کے متعلق انکسار[1] اور کسر نفسی سے کبھی کام نہیں لیا۔ اور غالب کا سب سے بڑا مداح غالب ہی ہے۔

ہم نے سطور مندرجہ بالا میں یہ دکھانے کی کوشش کی ہے۔ کہ اگرچہ مرزا بڑی خوبیوں کے مالک تھے۔ انکے احساسات اور جذبات عام انسانوں کے تھے۔ اور ان کی مقبولیت کی ایک بڑی وجہ یہ ہے۔ کہ ان کا دل یوگیوں یا ولیوں کا دل نہیں تھا۔ بلکہ عام انسانوں کا۔ وہ شاعر تھے۔ عام

---

[1] یہ سطور لکھی جا چکی تھیں کہ غالب کے متعلق مولانا مہر کی کتاب شایع ہوئی۔ اسمیں انہوں نے "اخلاق و عادات" کے باب میں غالب کے "انکسار" "ایثار و کرم" اور مخالفت سے "عفو و درگزر" پر بہت زور دیا ہے۔ ایک خاص عنوان ہے "احسان لینا گوارا نہ تھا" ہم پہلی تین خصوصیات کی نسبت ذکر کر چکے ہیں۔ چوتھی کی نسبت ہمیں سمجھ نہیں آتا۔ کہ قاضی ولایت حسین، نواب میر غلام بابا خاں اور کئی دوسرے مرتبوں کا زرِ امدادی بھیجنا اگر احسان نہیں تھا تو کیا تھا۔ اور مرزا کے قصائد، خطوط وغیرہ کے کئی اندراجات کے باوجود مولینا نے کیسے مان لیا۔ کہ "غالب کسی کا ذرا سا احسان بھی گوارا نہیں کرتے تھے"۔

انتخاب

انتخاب

فہرس

ریختہ

خمخانۂ شباب

بہارِ عجم

اُردوئے مُعلّیٰ

مشہور غزل بھی قلمی نسخہ میں درج ہے۔ لیکن مطبوعہ نسخہ میں اس امر کی نسبت کوئی اشارہ نہیں۔

مدت ہوئی ہے یار کو مہماں کئے ہوئے

جوش قدح سے بزم چراغاں کئے ہوئے

اس کے علاوہ مفتی صاحب نے قلمی نسخہ کے اشعار جس ترتیب سے شایع کئے ہیں۔ اس سے یہ خیال ہو سکتا ہے۔ کہ قلمی نسخہ کے حاشیہ کے اشعار بھی تاریخ کتابت یعنی ۱۲۳۱ھ ہجری سے پہلے کے ہیں۔ لیکن یہ خیال غلط ہے۔ بلکہ ان اشعار کا متن میں درج نہ ہونا ہی اس امر کا قطعی ثبوت ہے کہ دیوان کی کتابت کے وقت تو یہ اشعار موجود نہیں تھے۔ بلکہ بعد میں لکھے گئے۔

مفتی انوار الحق کے بعد دیوان غالب کی ترتیب کی سب سے پہلی باقاعدہ کوشش ڈاکٹر سید عبد اللطیف نے کی۔ انکا مرتبہ دیوان غالب باوجودیکہ ۱۹۲۸ء میں ہی اسکی اشاعت کے وعدے ہوئے تھے۔ ابھی تک شائع نہیں ہوا۔ لیکن جن اصولوں پہ وہ اسے مرتب کرنا چاہتے ہیں۔ ان کی تشریح انہوں نے اپنی کتاب کے تیسرے باب میں کر دی ہے۔ اسکے مطابق انہوں نے شاعر کے اردو کلام کو بتفصیل ذیل چار حصوں میں تقسیم کیا ہے۔

۱۔ دور اول ۱۸۱۱ – ۱۸۲۱

۲۔ دور ثانی ۱۸۲۲ – ۱۸۳۲

۳۔ دور ثالث ۱۸۳۲ – ۱۸۵۵

۴۔ دور رابع ۱۸۵۶ – ۱۸۶۹

بظاہر تو یہ ترتیب نہایت معقول ہے۔ اور خیال ہوتا ہے کہ اگر شاعر کے کلام کو ان چار بڑے حصوں میں ترتیب دیکر مطالعہ کیا جائے تو اس سے شاعر کی ذہنی نشوونما سمجھنے میں بہت مدد ملنی چاہئے۔ لیکن اگر اس ترتیب کو بغور دیکھیں تو اس کی اہمیت بہت کم ہو جاتی ہے۔ مثلاً چوتھے دور میں جس میں شاعر کا آخری کلام درج ہے۔ مرزا غالب نے ایک قطعہ اور ایک غزل فقط دو نظمیں اردو میں لکھی ہیں جنہیں بمشکل وثوق سے ان کا کلام کہا جا سکتا ہے۔ ظاہر ہے کہ ان دو نظموں سے ایک شاعرانہ دور ترتیب نہیں دیا

روان داشتہ ام و ہنوز از رسیدنش نشاں نیافتہ ام"۔ ان کا ایک اور خط مارچ ۱۸۵۲ء کے کچھ دن بعد مولوی رجب علیخاں کو لکھا گیا۔ اس میں بھی اس کتاب کا ذکر ہے اور لکھا ہے:" بعد حمد و نعت و منقبت و مدح والی عصر و سبب تالیف کتاب کہ آئین نامہ طرازان ہنگامہ آرا است۔ از کشور کشایان تا نصیر الدین سلطان ہمایوں سخن راندہ ام۔ باقی فرداست"۔ چونکہ مرزا نے کبھی بھی ہمایوں کے بعد کے حالات نہیں لکھے۔ ظاہر ہے کہ مہر نیمروز ۱۸۵۲ء تک ہی مکمل ہو گئی ہو گی۔ علاوہ ازیں جیسا کہ نواب ضیاء الدین کی تاریخ طباعت سے ظاہر ہوتا ہے۔ یہ کتاب ۱۸۵۵ء میں چھپ بھی گئی تھی۔ اور اس کا ایک نسخہ ۱۸۵۵ء کا چھپا ہوا برٹش میوزیم میں بھی موجود ہے۔

اسی طرح ڈاکٹر صاحب کا خیال ہے کہ ۱۸۵۹ء کے بعد کی اہم تصنیف مرزا کی فارسی مثنوی ابر گہربار ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ جب سر سید نے ۱۸۴۵ء میں آثار الصنادید لکھی۔ تو یہ مثنوی لکھی جا چکی تھی۔ چنانچہ سرسید لکھتے ہیں:"... اور ایک مثنوی مشتمل او پر غزوات ....کے اگر چہ ہنوز ناتمام ہے۔ لیکن پھر بھی قریب پندرہ سولہ جزو کے ہو چکی ہے"۔ علاوہ ازیں اس مثنوی کے کئی اشعار مہر نیمروز میں انتخاب ہو چکے ہیں۔

غالب کے اردو دیوان کے متعلق ڈاکٹر صاحب کا خیال ہے۔ کہ ۱۸۵۵ء کے قریب منتخب ہوا۔ لیکن مولوی کریم الدین نے ۱۸۴۸ء میں "تذکرۃ الشعرائے اُردو" دہلی سے شایع کیا۔ اس میں وہ غالب کے متعلق لکھتے ہیں:"...... اور ایک دیوان اردو انکی تصنیف سے بہت چھوٹا ہے مطبع سید الاخبار میں درمیان ۱۸۴۳ء کے چھپا تھا.... وہ دیوان بندہ کے پاس بھی ہے"۔ اسی ضمن میں انہوں نے انتخاب کے متعلق بھی ذکر کیا ہے۔ کہ مرزا نے ایک ضخیم دیوان کو "منتخب کر کے چھوٹا سا دیوان بنالیا ہے"۔ ظاہر ہے کہ یہ دیوان جو ۱۸۴۲-۳ء میں چھپ کر شایع ہوا۔ اس سے بہت پہلے منتخب ہوا ہو گا۔ ہمارا خیال ہے کہ یہ انتخاب مرزا کے سفر کلکتہ ۱۸۲۷ء سے پہلے مکمل ہو چکا تھا۔ اور اسکا دیباچہ بھی لکھا جا چکا تھا۔ چنانچہ مرزا نے کلکتہ سے حکیم احسن اللہ خاں کو جو خط لکھا ہے۔ اسمیں لکھتے ہیں" سطرے چند کہ بدیباچگی دیوان ریختہ کسوت حرف و رقم پوشیدہ ....

ارمغان میفرستم"۔ اسکے علاوہ مرزا کی فارسی نظم ونثر کا ایک بیش قیمت مجموعہ بانکی پور لائبریری میں
موجود ہے جسکی تاریخ کتابت تو سنہ ۱۱۵۵ھ ہجری درج ہے لیکن جو یقیناً سنہ ۱۲۵۴ھ ہجری یعنی سنہ ۱۸۳۸ء
میں لکھا گیا۔ اس میں بھی دیوان ریختہ کا فارسی دیباچہ موجود ہے۔ اس زبردست شہادت کی بنا پر یہ
خیال میں یہ یقین کرنا خطرے سے خالی ہوگا کہ مرزا کا پہلا اردو دیوان ۲۵ برس کی عمر سے پہلے ہی
مرتب ہو چکا تھا۔ اور اسکے چند سال بعد یعنی سنہ ۱۸۲۸ء سے پہلے انہوں نے انہیں سے مشکل اور
کم پایہ اشعار نکال کر منتخب دیوان ریختہ مرتب کر لیا تھا۔ اسکے بعد انہوں نے بیشتر فارسی شعر کہے ہیں
اردو اشعار بہت کم۔ ان کا پہلا اردو دیوان سنہ ۱۸۴۲ء یا سنہ ۱۸۴۳ء میں سید المطابع
میں شائع ہوا۔ اس مطبوعہ نسخہ کی ایک جلد اب بھی خان بہادر سید ابو محمد کلکٹر پیلی بھیت کے پاس ہے
معلوم ہوتا ہے اسکے چند سال بعد دربار کے تعلقات کی وجہ سے مرزا کو اردو کی طرف زیادہ توجہ دینی
پڑی اور بالآخر سنہ ۱۲۷۵ھ میں جب انہوں نے نواب رامپور کی تعریف میں ایک قصیدہ لکھا تو اسکے
ساتھ انہوں نے اپنے اس زمانے تک کے کہے ہوئے اردو کلام کا مجموعہ بھیجا۔ یہ مجموعہ متداول
دیوان کی بنیاد ہے۔ لیکن ظاہر ہے کہ یہ کلام غالب کا پہلا انتخاب نہیں۔

اسکے علاوہ ڈاکٹر صاحب نے مرزا کی فارسی تصنیفات کو بہت اہمیت نہیں دی۔
انہوں نے غالب کے اردو کلام کو چار دوروں میں تقسیم کرنے کی کوشش کی ہے۔ لیکن فارسی کلام
کو بالکل بالائے طاق رکھا ہے۔ اب ایک شاعر کے کلام کی تاریخی تدوین کا سب سے بڑا فائدہ یہی
ہے کہ اس سے شاعر کی طبعی نشوونما اور اسکی ذہنی تربیت کا حال معلوم ہوتا ہے۔ اور خیالات کا
تغیر و تبدل دکھانے سے شاعر کی شخصیت زیادہ نمایاں ہو جاتی ہے۔ اب مرزا کی ذہنی حالت
اور انکے خیالات کا اظہار فقط انکا اردو کلام ہی نہیں بلکہ فارسی زبان میں بھی انہوں نے شعر کہے
ہیں۔ جو تعداد میں اردو سے کہیں زیادہ ہیں۔ اسکے علاوہ شاعرانہ نقطہ نظر سے بھی مرزا اپنے فارسی
کلام کو اردو دیوان سے کہیں زیادہ اہم سمجھتے تھے۔ ؎

نیست نقصان یکدو جزو است ار سواد ریختہ
کان دو شہ مہر گلستان فرہنگ منست

فارسی بیں تا بہ بینی نقشہائے رنگ رنگ، بگذر از مجموعۂ اُردو کہ بیرنگ منست
فارسی بیں تا بدانی کاندر اقلیم خیال مانی و ارژنگم و آں نسخہ ارژنگ منست
کے درخشد جوہر آئینہ تا باقیست زنگ صیقلی آئینہ ام ایں جوہر آں زنگ منست

اور یہ بھی صحیح ہے کہ مرزا کے اردو دیوان میں یا تو انکی طفولیت اور عنفوانِ شباب کے چند سالوں کا کلام ہے یا درباری دور کے اشعار ہیں جن کا بیشتر حصہ فرمائشاً لکھا گیا۔ اب اگر اس کلام کو مرزا کا ماحصل زندگی سمجھا جائے۔ تو اس سے غالب کی ذہنیت یا اسکے کمالِ شعرگوئی کی نسبت جو نتائج اخذ ہونگے۔ وہ غیر مکمل مواد پہ مبنی اور غلط ہونگے۔

اس اصولی کمی کے علاوہ فارسی سے ناواقفیت یا بے اعتنائی کی وجہ سے ڈاکٹر صاحب نے تصنیفاتِ غالب کی تعیین میں کئی فاش غلطیاں کی ہیں۔ مثلاً یہ ایک مسلمہ اصول ہے۔ کہ کسی خط کی تاریخ تحریر اس کے مضمون سے معین ہو سکتی ہے۔ لیکن ڈاکٹر صاحب نے اپنی کتاب کے صفحہ ۴۴ پہ جو مثال اسے واضح کرنے کیلئے دی ہے۔ وہ خود غلط ہے۔ وہ مرزا کے دو خطوط کا ذکر کرتے ہوئے جون ۱۸۶۱ء کے ہیں اور جنہیں غالب کے اردو دیوان کا ذکر ہے۔ لکھتے ہیں "اسی طرح نواب ضیاالدین خاں کا وہ خط بھی جو بلا تاریخ ہے۔ (جس کا اقتباس درج ذیل ہے) اسی سال سے منسوب ہونا چاہیئے"۔

"جناب قبلہ و کعبہ۔ آپ کو دیوان دینے میں کیوں تامل ہے۔ . . . . .
ایک جلد ہزار جلد بن جائے۔ میرا کلام شہرت پائے۔ میرا دل خوش ہو تمہاری
تعریف کا قصیدہ اہلِ عالم دیکھیں۔ تمہارے بھائی کی نثر سب کی نظر سے گزرے"

اس خط کی تاریخ تحریر معین کرنا بہت آسان نہیں۔ لیکن ظاہر ہے کہ یہ خط اردو دیوان سے متعلق نہیں۔ جون ۱۸۶۱ء میں میرٹھ گیا۔ بلکہ فارسی کلیات کے متعلق ہے۔ کیونکہ نہ تو اردو دیوان میں نواب ضیاالدین کی "تعریف کا قصیدہ" ہے اور نہ انکے "بھائی (نواب امین الدین) کی تعریف کی نثر" یہ دونو چیزیں فارسی کلیات میں ہیں۔ غالباً ڈاکٹر صاحب نے فارسی کلیات کا بغور مطالعہ نہیں کیا۔ اور اس غلط فہمی میں مبتلا ہو گئے۔
مندرجہ بالا وجوہات کی بنا پر ہم نے فیصلہ کیا کہ غالب کے فارسی کلام کو وہی اہمیت دی جائے۔

جواسے شاعر خود دیتا تھا۔ اور تاریخی تدوین میں کلیات فارسی کا انتخاب بھی شامل ہو۔ اس تدوین کیلئے
مواد کی فراہمی میں ہمیں کئی برس لگے۔ ہمیں زیادہ محنت اسلئے کرنی پڑی۔ کہ غالب کے اردو فارسی کلام
کے قلمی اور ابتدائی مطبوعہ نسخوں کی نسبت جو ہماری تدوین کے ماخذ ہیں کسی کو واقفیت نہیں تھی ہم اپنی
تحقیقات کے آغاز میں ہی اس نتیجے پر پہنچے تھے کہ ایک غزل گو شاعر کے کلام کو قیاسات اور اندرونی
شہادت کی بنا پر تاریخی ترتیب سے مرتب کرنا بہت مشکل ہے۔ یہ ترتیب اسی صورت میں صحیح ہو سکتی
ہے جب اسکی بنا خارجی شہادت پر ہو ہمیں اس مطلب کیلئے برٹش میوزیم میں گلشن بیخار کا جو قلمی نسخہ
ہے۔ وہ بہت مفید پڑا۔ پھر سفر رام پور کے دوران میں ۱۸۵۵ء کا لکھا ہوا اردو دیوان اور فارسی دیوان
(مطبوعہ ۱۸۴۵ء) کی قلمی نقل ملی۔ سب سے بڑھکر یہ ہوا کہ دیوان غالب کے سب سے پہلے مطبوعہ نسخہ کا سراغ
ملا جو بالآخر ہمیں خان بہادر سید ابو محمد ڈھاکہ یونیورسٹی کی عنایت ذاتی سے دستیاب ہوا۔ اس مطبوعہ نسخہ
میں مروجہ دیوان اردو سے بہت کم شعر ہیں۔ دیباچہ دونوں کے شامل نہیں۔ اور اشعار کی تعداد قریباً اتنی
ہے جو اس دیوان اردو میں تھی جسکا خاتمہ ۱۲۴۸ھ یعنی ۱۸۳۳ء میں نواب ضیاء الدین نے لکھا اور جو
دیوان اردو میں فقط غزلیات کے اشعار [illegible] ہیں۔ قصائد و قطعات وغیرہ کے علاوہ۔ اور جب
نواب ضیاء الدین نے ۱۸۳۸ء میں دیوان غالب اشاعت کیلئے مرتب کیا۔ اور دو خاتمہ لکھا۔ جو آثار الصنادید
میں چھپ گیا ہے۔ تو اشعار کی تعداد ۱۰۷۲ تھی معلوم ہوتا ہے۔ یہ مجموعہ مرتب ہونیکے چار برس بعد تک
نہ چھپ سکا۔ اور جب شائع ہوا تو اس میں چند اشعار کی کمی بیشی ہوئی۔ اور جب مرزا غالب نے ۱۸۶۱ء میں
متداول اردو دیوان سے نواب ضیاء الدین کا خاتمہ حذف کر دیا تھا۔ اور اس مطبوعہ نسخہ میں بھی اسے
شائع نہ کیا۔ یہ نسخہ سید المطابع دہلی میں ۱۸۴۱ء میں طبع ہوا۔ اور صدر سے پہلے ایک دفعہ اور کاغذ پر یہ
جو دیوان۔ خان بہادر سید ابو محمد کے کتب خانہ کی زینت ہے۔ اس کے سرورق غائب ہے۔ لیکن کتاب کا
ظاہری صورت اشعار کی تعداد اور دوسری وجوہات کی بنا پر یقیناً کہا جا سکتا ہے کہ یہ نسخہ با اختلاف
اسی قلمی نسخہ کی نقل ہے جو ۱۸۳۸ء میں نواب ضیاء الدین نے مرتب کیا اور جو ۱۸۴۱ء میں سید المطابع میں طبع ہوا
ہم نے قلمی نسخہ گلشن بیخار۔ دیوان غالب (نسخہ سید برکۃ) اور نسخہ حمیدیہ کی مدد سے مرزا کے ابتدائی

اور فارسی دیوان کے ان نسخوں کی مدد سے جو ہمیں رام پور ملے یا جنہیں ہم نے بانکے پور لائبریری میں تلاش کیا۔ کلامِ غالب کو مندرجہ ذیل چار دوروں میں ترتیب دیا۔

۱۔ پہلا دور .... ۱۸۲۱ تک

اس دور میں وہ اشعار ہیں جو ۲۵ برس کی عمر سے پہلے لکھے گئے۔ اور جو نسخہ حمیدیہ کے متن میں موجود ہیں۔

۲۔ دوسرا دور .... ۱۸۲۱ .... ۱۸۳۲ تک

اس دور میں وہ غزلیات ہیں جو نسخہ حمیدیہ کے متن میں موجود نہیں۔ لیکن دیوانِ غالب (مملوکہ سید ابو محمدؒ) میں چھپ چکی ہیں۔ یہ دیوان غالباً ۱۸۴۲ء میں چھپا تھا اور بظاہر تو ہمیں دوسرے دور کو ۱۸۲۱ء سے ۱۸۴۲ء تک گننا چاہیئے تھا۔ لیکن ہمارے پاس اس امر کے باور کرنے کی کئی وجوہات ہیں کہ اس دیوان کے قریباً سبھی اشعار ۱۸۳۲ء تک لکھے جا چکے تھے۔

(۱) غالب ۱۸۳۰ء کے قریب یا اس سے پہلے اردو شعر گوئی ترک کر چکے تھے۔ اور اس زمانے سے دربار کیساتھ تعلقات استوار ہونے تک انہوں نے فارسی شعر ہی لکھے۔ وہ خود ایک خط میں شمس الامرا نائب والی حیدرآباد کو لکھتے ہیں:۔ "در آغاز ریختہ گفتمے و بہ اردو زبان غزل سرا بودمے۔ تا بہ پارسی زبان ذوقِ سخن یافت داناں دادی عنانِ اندیشہ برتافت۔ دیوان مختصرے از ریختہ فراہم آورد و آں را گلدستہ طاق نسیاں کرد۔ کما بیش سی سال است کہ اندیشہ پارسی سگال است۔" اس سے یہ امر قرین قیاس معلوم ہوتا ہے۔ کہ مرزا نے جو اشعار ۱۸۳۲ء میں لکھے ان میں آئندہ دس سالوں میں کوئی خاص اضافہ نہیں کیا ہوگا۔

(۲) نواب ضیاء الدین نے اردو دیوان کیلئے جو خاتمہ ۱۸۳۸ء میں لکھا۔ اسمیں دیوانِ غالب کے تمام اشعار کی تعداد ۱۰۷۲ بتائی ہے۔ اور نسخہ ابو محمدؒ میں بھی اشعار کی تعداد قریباً اتنی ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ مرزا نے ۱۸۳۸ء سے ۱۸۴۲ء تک چار سال میں اردو اشعار میں کوئی خاص اضافہ نہیں کیا۔

(۳) اس دور میں ہمارے شمار کے مطابق ۸۵ غزلیات ہیں۔ ان میں سے کئی غزلیات ایسی ہیں۔ جو بھوپالی قلمی نسخہ کے حاشیہ پر موجود ہیں اور بقول ڈاکٹر لطیف ۱۸۳۲ء سے پہلے کی ہیں نصف کے قریب غزلیات کا انتخاب نواب مصطفٰے خاں شیفتہ کے تذکرہ گلشن بیخار میں موجود ہے۔ یہ تذکرہ ۱۸۳۲ء میں لکھا گیا۔ اور

ایت ابتدائی قلمی نسخہ برٹش میوزیم میں موجود ہے۔ ان دونو ذرایع سے ہم ۲۳ غزلوں کی نسبت کہہ سکتے ہیں کہ وہ ۱۸۲۲ء سے پہلے کی ہیں۔ باقی غزلوں اور قطعات میں سے شاید ایک آدھ اس سال سے بعد کی ہو لیکن بہت سی ایسی ہونگیں جو گلشن بیخار کی تصنیف سے پہلے لکھی جا چکی تھیں لیکن جنکا انتخاب شیفتہ اپنے مختصر سے تذکرہ میں درج نہ کر سکے۔ مثلاً جلتی ڈلی کی تعریف میں جو قطعہ ہے۔ وہ یقیناً ۱۸۲۲ء سے پہلے کا ہے لیکن گلشن بیخار میں اسکا کوئی شعر منتخب نہیں ہوا۔

(۴) مرزا غالباً اپنا دیوان کلکتہ جانے سے پہلے ہی منتخب کر چکے تھے چنانچہ انہوں نے وہاں سے حکیم احسن اللہ خاں کو جو فارسی خط لکھا ہے۔ اسمیں انہیں دیوان ریختہ کا دیباچہ بھیجنے کا ذکر ہے۔ اسکے بعد دیوان کو اشاعت کیلئے مرتب کرتے وقت مرزا نے یہ دیباچہ درج کیا تو اسکی تاریخ تحریر ۲۴۔ ذیقعدہ ۱۲۴۹ھ لکھی یعنی آغاز ۱۸۲۳ء

ان وجوہات کی بنا پر ہمنے فیصلہ کیا ہے کہ نسخہ ابو محمد کے اشعار کو ۱۸۲۲ء سے پہلے کے گنا جائے بیشک اسمیں دس بیس اشعار ایسے ہونگے جو اس سال کے بعد لکھے گئے اور غالباً اشعار کا معتد بہ حصہ ۱۸۲۶ء سے پہلے لکھا جا چکا تھا لیکن جو شہادت ہمیں دستیاب ہوئی ہے۔ اسکی بنا پر ۱۸۲۲ء کو دوسرے دور کا اختتامی سال تسلیم کرنا موزوں ترین ہے۔ اور اسمیں غلطی کا بہت کم امکان ہے۔

۳۔ تیسرا دور ۱۸۲۷......۱۸۴۷

اسے ہم نے تین مختصر دوروں میں ترتیب دیا ہے۔ (ا) ۱۸۲۷......۱۸۳۰ یعنی وہ اشعار جو مرزا نے سفر کلکتہ کے دوران میں لکھے۔ (ب) ۱۸۳۰......۱۸۳۷ یعنی وہ اشعار جو میخانۂ آرزو مرتب ہونے تک لکھے جا چکے تھے (ج) ۱۸۳۷......۱۸۴۷ یعنی وہ باقیماندہ اشعار جو دیوان غالب مطبوعہ ۱۸۴۱ء کی رامپور والی نقل میں موجود ہیں۔

۴۔ چوتھا دور ۱۸۴۷......۱۸۵۵

اسمیں وہ اشعار ہیں جو نسخہ ابو محمد میں نہیں۔ لیکن رامپور لائبریری کے اس قلمی نسخہ میں ہیں جو مرزا نے نواب یوسف علیخاں کو ۱۸۵۵ء میں رامپور بھیجا۔

غدر میں اور غدر کے بعد جو اشعار لکھے گئے تھے۔ اُن سے پانچواں دور شاعری ترتیب دیا جا سکتا

تھا۔ لیکن دو تین اُردو غزلوں اور چند فارسی قصائد سے ایک علیحدہ دورِ شاعری ترتیب دینے میں کوئی مصلحت نہیں۔ حقیقتاً یہ زمانہ مرزا کی اُردو نثر کا تھا۔ اور مرزا نے جو اُردو فارسی اشعار اس زمانے میں لکھے چونکہ وہ زبان اور بیان کے لحاظ سے چوتھے دور کے اشعار سے مشابہ ہیں ہم نے انہیں بھی چوتھے دور میں باقی اشعار سے علیحدہ درج کر دیا ہے۔

مضمون ختم کرنے سے پہلے ہم اتنا کہہ دینا چاہتے ہیں کہ مکمل شرح کلام غالب کی جن غزلوں کو مولینا نیاز اور دوسرے اہلِ قلم نے غالب کے نتائج طبع مان لیا۔ انہیں کلام غالب ماننے میں ہمیں بہت تامل ہے۔ ہماری وجوہات بالاختصار یہ ہیں:-

(۱) جس بیاض سے یہ اشعار نقل ہوئے ہیں اُسکے مالک، مُرتب اور کاتب کی نسبت کوئی قابلِ ذکر واقفیت نہیں۔ تاریخ کتابت اس پر درج نہیں۔

(۲) کہا جاتا ہے کہ "کوئی صاحب تھا کرتے تھے، اُنکو مرزا نے وقت بے وقت رام پور میں یہ غزلیں لکھوائیں اور وہ انکے پاس رہیں۔ ان کا خیال تھا کہ جب دیوان طبع ہوگا، تو یہ غزلیں بھی اس میں شریک کر دی جاوینگی"۔ مرزا کے خطوط سے ظاہر ہے کہ وہ رام پور فقط دو دفعہ گئے۔ ایکدفعہ اخیر جنوری ۱۸۶۰ء میں اور دوسری دفعہ اکتوبر ۱۸۶۵ء میں۔ دوسری دفعہ جب مرزا رام پور گئے۔ انکی عمر اڑسٹھ ۶۸ سال سے زیادہ تھی۔ اور صحت کی حالت ناگفتہ بہ۔ ایسی حالت میں یہ خیال کرنا کہ انہوں نے ۲۵ ایسی غزلیں جو دقیق خیالات سے پُر ہیں لکھی ہونگی عبث ہے۔ پھر لطف یہ ہے کہ یہ غزلیں فرمائشاً بھی نہیں لکھی گئیں اور ان میں نواب رام پور کی طرف کسی جگہ اشارہ نہیں۔ مرزا نے بہادر شاہ کی فرمائش پر جو غزلیں لکھیں، اُن میں بادشاہ کا ذکر اکثر آ جاتا ہے اب اگر مرزا نے یہ غزلیں بامرِ مجبوری فرمانروائے رام پور کے ارشاد پر لکھیں۔ تو کم از کم ایک غزل میں نواب کا ذکر ہوتا۔ غالب نے پہلا سفر ۱۸۶۰ء میں کیا اس سفر کے دوران میں انہوں نے نواب ضیاء الدین کی فرمائش پر نواب صاحب رام پور سے اپنے دیوان کا نسخہ لیکر نواب ضیاءالدین کے پاس بھیجا۔ واپسی پر میرٹھ اُترے تو منشی ممتاز علی نے انہیں دیوان کے ایک نسخہ کیلئے کہا۔ اور جیسا کہ مرزا کے خطوں سے ظاہر ہے انہوں نے نواب ضیاءالدین

کے پاس سے یہ نسخہ لیکر میرٹھ بھیج دیا۔ اب اگر ان ۲۵ غزلوں کی نسبت یہ بیان درست ہے کہ وہ
دیوان کی طباعت کے وقت شامل ہوئی تھیں تو یہ بات بہت عجیب ہے کہ اس فیصلہ کے تھوڑی ہی
بعد جب مرزا میرٹھ اپنے دیوان کی اشاعت کا فیصلہ کرتے ہیں۔ تو اپنے "تازہ ترین کلام" کو اس
میں شامل نہیں کرتے۔

(۳) مولوی عبدالرزاق شاکر کے نام غالب کے اردو خطوط ہیں لیکن وہ رام پور کے سفر میں غالب
کے شریک نہ تھے۔ غالب انہیں ایک خط میں لکھتے ہیں "تسلیم و تکبیر۔ فقیر پا در رکاب ہے۔ سہ شنبہ
چہار شنبہ ان دونوں دنوں میں سے ایک دن عازم رام پور ہو جاؤں گا۔ ...... اب جو کوئی خط آپ
بھیجیں بمکان کا پتہ لکھنا ضروری نہیں۔ شہر کا نام اور میرا نام کافی ہے۔" ظاہر ہے کہ اگر شاکر صاحب
رام پور ہوتے تو انہیں مرزا کے نام (اور شہر کے نام سے) خط لکھنے کی ضرورت نہ ہوتی۔ مولوی عبدالرزاق
کے سوا اور کسی شاگرد کا غالب کے خطوط میں کوئی ذکر نہیں۔

(۴) اس زمانے میں مرزا نے جو غزلیں لکھیں۔ ان کے خیالات سادہ اور زبان صاف ہے مثلاً

میں ہوں مشتاقِ جفا مجھ پہ جفا اور سہی
تم ہو بیداد سے خوش اس سے سوا اور سہی

لیکن مولانا آسی نے جو اشعار شائع کئے ہیں ان میں سے اکثر و بیشتر مرزا کی اس زمانے کی طرز
شاعری کے خلاف ہیں۔ جو اشعار سادہ ہیں۔ وہ بھی مرزا کی طرز شاعری کی ان خصوصیات سے عاری ہیں
جو انکے اس زمانے کے اسد اشعار کا مایۂ امتیاز ہیں ایک شعر تو ایسا ہے کہ جسکے پڑھنے سے میرا ذہن اسد کا
مطلع جسپر مرزا نے اپنا تخلص بدل دیا تھا۔ یاد آتا ہے۔

وفا جفا کی طلبگار ہوتی آئی ہے
ازل کے دن سے یہ اے یار ہوتی آئی ہے

(۵) مرزا کے علاوہ غالب تخلص اور دو تین اردو کے شعرا کا تخلص غالب تھا۔ کیا عجب کہ سارے اشعار غالب کے نہ ہوں
ممکن ہے کہ وہ کسی اور شاعر کے ہوں۔ غالب کے یقیناً نہیں۔ ہمنے ان وجوہات کی بنا پر ان غیر مطبوعہ غزلیات کو
غالب کے اشعار نہیں مانا اور ان کا انتخاب غالب کی شاعری کے کسی دور میں نہیں دیا۔

رنگِ بیدل
بادۂ نیم رس

۱۸۰۷ء؟....۱۸۲۱

طرزِ بیدل میں ریختہ لکھنا
اسداللہ خاں قیامت ہے

غالب

دیباچہ دیوان ریختہ

مشام شمیم آشنایاں را صلا و نہاد انجمن نشیناں را مژدہ کہ نسخئے از سامان مجمرہ گردانی آمادہ و دامنے
از عود ہندی دست بہم دادہ است نہ چو بہائے سنگ شعب خوردہ ہنجار نا طبعی شکستہ بے اندام
تراشیدہ بلکہ بہ تیشہ شگافتہ بکارد ریزریز کردہ بسوہان خراشیدہ ایدون نفس گداختگی ہا ہمچو شوق بجستجوئے آتش
پارسی است نہ آتشی کہ در گلخنہائے ہند افسردہ و خاموش و از کفِ خاکستر برگ خورش سیہ پوش بینی
چہ بر دوئے مسلم است تا پاکی با ستخوان مردہ ناہار شکستن و از دیوانگی برشتۂ شمع مزار کشتہ آویختن بر آئینہ
بدل گداختن نیرزد و بزم افروختن را نشاید رُخ آتش پہ صنع برافروزندہ و آتش پرست را بہ بادہ فراہم
در آتش سوزندہ نیک مبداند کہ پژوہندہ در ہوائے آں رخشندہ آذر نعل در آتش است کہ بچشم روشنی
ہوشنگ از سنگ بیروں تافتہ و در ایوان لہراسپ نشو و نما یافتہ حسن را فروغ است و لالہ را رنگ
و مغ را چشم و کدہ را چراغ بخشندہ یزداں در دل بحسن برافروز را سپاسم کہ شرارے ازاں آتش تابناک
در خاکستر خویش یافتہ بکاوکاو سینہ شتافتہ ام و از نفس دمہ براں برنہادہ بود کہ در کم مایہ روزگاراں
آنمایہ فراہم تواند آمد کہ مجمرہ را فروزشِ روشنائی چراغ و رائحہ عود را بال شناسائی دماغ تواند بخشید ہمانا
نگارندۂ ایں نامہ را آں در سر است کہ پس از انتخاب دیوان ریختہ بگرد آوردن سرمایۂ دیوان فارسی
برخیزد و استفاضۂ کمال ایں فر بوریں پس زانوئے خویش نشیند امید کہ سخن سرایان سخنور ستائے پراگندہ
ابیاتے را کہ خارج ازیں اوراق یابند از آثار تراوش رگِ کلک ایں نامہ سیاہ نشناسند و جامہ گرد آورندہ
ستائش و نکوہش آں اشعار ممنون و ماخوذ نسگالند یارب ایں بوئے مستی ناشنیدہ و از نیستی بہ پیدائی نارسیدہ
یعنی نقش بضمیر آمدہ نقاش کہ بہ اسد اللہ خاں موسوم و بہ میرزا نوشہ معروف بہ غالب متخلص است
چناں کہ اکبر آبادی مولد و دہلوی مسکن است فرجام کار نجفی مدفن نیز باد -
تمام شد بست و چہارم شہر ذیقعدہ سنہ ۱۲۴۸ھ

غالب

غزلیات رنگِ بیدل غزلیات

شغلِ انتظارِ مہوشاں در خلوتِ شبہا
سرِ تارِ نظر ہے رشتۂ تسبیحِ کوکب ہا

کرے گر فکرِ تعمیرِ خرابی ہائے دل گردوں
نہ نکلے خشت مثلِ استخواں بیرونِ قالب ہا

عیادت ہائے طعن آلودِ یاراں زہرِ قاتل ہے
رفوئے زخم کرتی ہے بنوکِ نیشِ عقرب ہا

کرے ہے حسنِ خوباں پردہ میں مشاطگی اپنی
کہ ہے تہ بندیِ خطِ سبزۂ خط در تہِ لب ہا

فنا کو عشق ہے بےمقصداں حیرت پرستاراں
نہیں رفتارِ عمرِ تیز رو پابندِ مطلب ہا

اسدؔ کو بت پرستی سے غرض دردِ آشنائی ہے
نہاں ہیں نالۂ ناقوس میں در پردہ یارب ہا

وحشی بن صیاد نے ہم رمخوردوں کو کیا رام کیا
رشتۂ چاکِ جیبِ دریدہ صرفِ قماشِ دام کیا

مہر بجائے نامہ لگائی برلبِ پیکِ نامہ رساں
قاتلِ تمکیں سنج نے یوں خاموشی کا پیغام کیا

شامِ فراقِ یار میں جوشِ خیرہ سری سے ہم نے اسدؔ
ماہ کو در تسبیحِ کواکب جائے نشینِ امام کیا

گرفتاری میں فرمانِ خطِ تقدیر ہے پیدا
کہ طوقِ قمری از ہر حلقۂ زنجیر ہے پیدا

زمیں کو صفحۂ گلشن بنایا خوں چکانی نے
چمن بالیدنی ہا از رمِ نخچیر ہے پیدا

نہیں ہے کف لبِ نازک پہ قرطِ نشۂ مے سے
لطافت ہائے جوشِ حسن کا سر شیر ہے پیدا

عروجِ ناامیدی چشمِ زخمِ چرخ کیا جانے
بہارِ بے خزاں از آہِ بے تاثیر ہے پیدا

اسد جس شوق سے ذرے تپش فرسا ہوں روزن میں
جراحت ہائے دل سے جوہر شمشیر ہے پیدا

بہ مہر نامہ جو بوسہ گل پیام رہا
ہمارا کام ہوا اور تمہارا نام رہا

ہوا نہ مجھ سے بجز درد حاصل صیاد
بسان اشک گرفتار چشم دام رہا

دل و جگر تف فرقت سے جل کے خاک ہوئے
ولے ہنوز خیال وصال خام رہا

شکست رنگ کی لائی سحر شب سنبل
پہ زلف یار کا افسانہ ناتمام رہا

دہان تنگ مجھے کس کا یاد آیا تھا
کہ شب خیال میں بوسوں کا ازدحام رہا

نہ پوچھ حال شب و روز ہجر کا غالب
خیال زلف و رخ دوست صبح و شام رہا

ہے بہاراں میں خزاں پرور خیال عندلیب
رنگ گل آتشکدہ ہے زیر بال عندلیب

عمر میری ہو گئی صرف بہار حسن یار
گردش رنگ چمن ہے ماہ و سال عندلیب

منع مت کر حسن کی ہمکو پرستش سے کہ ہے
بادۂ نظارۂ گلشن حلال عندلیب

ہے مگر موقوف بر وقت دگر کار اسد
اے شب پروانہ و روز وصال عندلیب

ناخن دخل عزیزاں یک قلم ہے نقب زن
پاسبان حلقۂ کنج تنہائی عبث

محمل پیمانۂ فرصت ہے بردوش حباب
دعوی دریا کشی و نشہ پیمائی عبث

اے اسد جب ہے نہ جز سجدۂ عرض نیاز
عالم تسلیم میں یہ دعوی آرائی عبث

م

قیس بھاگا شہر سے شرمندہ ہو کر سوئے دشت
بن گیا تقلید سے میری یہ سودائی عبث!

قطع سفرِ ہستی و آرامِ فنا ہیچ — رفتار نہیں، بیشتر از لغزشِ پا ہیچ
حیرت ہمہ اسرار پہ مجبورِ خموشی — ہستی نہیں جز بستنِ پیمانِ وفا ہیچ
تمثال گداز آئینہ ہے عبرتِ بینش — نظارہ تحیّرِ چمنستانِ بقا ہیچ
گلزارِ دمیدن، شررستانِ رمیدن — فرصت تپش و حوصلۂ نشو و نما ہیچ
آہنگِ عدم نالہ بہ کہسار گرو ہے — ہستی میں نہیں شوخیِ ایجادِ صدا ہیچ
کس بات پہ مغرور ہے اے عجزِ تمنّا — سامانِ دعا، وحشت و تاثیرِ دعا ہیچ

آہنگِ اسدؔ میں نہیں جز نغمۂ بیدل
عالم ہمہ افسانۂ ما دارد و ما ہیچ

تو پست فطرت اور خیالِ بسا بلند — اے طفلِ خود معاملہ قد سے عصا بلند
ویرانی جز آمد و رفتِ نفس نہیں — ہے کوچہ ہائے نے میں غبارِ صدا بلند
رکھتا ہے انتظار تماشائے حسنِ دوست — مژگانِ باز ماندہ سے دستِ دعا بلند
موقوف کیجیے یہ تکلّف نگاریاں — ہوتا ہے ورنہ شعلۂ رنگِ حنا بلند
ہے دلبری کمین گرِ ایجادِ یک نگاہ — کارِ بہانہ جوئیِ چشمِ حیا بلند

بالیدگی نیازِ قدِ جانفزا اسدؔ
در ہر نفس بقدرِ نفس ہے قبا بلند

حسرتِ دستگہ و پائے تحمل تا چند　　رگِ گردن خطِ پیمانۂ بے مُل تا چند

کوکبِ بخت بجز روزنِ پُر دود نہیں　　عینکِ چشمِ جنوں حلقۂ کاکل تا چند

چشم بے خونِ دل و دل تہی از جوشِ نگاہ　　بزباں عرضِ فسونِ ہوسِ گل تا چند

بزمِ داغِ طرب و باغ کشادِ پرِ گل　　شمع و گل تا کے و پروانہ و بلبل تا چند

نالہ دامِ ہوس و دردِ اسیری معلوم　　شرح بر خوردِ غلطیہائے تحمل تا چند

سادگی ہے عدمِ قدرتِ ایجادِ غنا　　ناکسی آئینۂ نازِ توکل تا چند

اسدِ خستہ گرفتارِ دو عالم اوہام
مشکل آساں کنِ یک خلق بتغافل تا چند

بہ کامِ دل کریں کس طرح گمرہاں فریاد　　ہوئی ہے لغزشِ پا لکنتِ زباں فریاد

کمالِ بندگیِ گل ہے رہنِ آزادی　　ز دستِ مشتِ پرِ خانہ آشیاں فریاد

نوازشِ نفسِ آشنا کہاں ورنہ　　برنگِ نے ہے نہاں در ہر استخواں فریاد

تغافل آئینہ دارِ خموشیِ دل ہے　　ہوئی ہے محو بہ تقریبِ امتحاں فریاد

ہلاکِ بےخبری نغمۂ وجود و عدم　　جہان و اہلِ جہاں سے جہاں جہاں فریاد

جوابِ سنگدلیہائے دشمناں ہمت　　ز دستِ شیشہ دلیہائے دوستاں فریاد

ہزار آفت و یک جانِ بے نوائے اسد
خدا کے واسطے اے شاہِ بیکساں فریاد

بینش بسعیِ ضبطِ جنوں نوبہار تر　　دل در گدازِ نالہ نگاہ آبیار تر

قاتل بجرمِ نازوِ دل از زخم در گداز — شمشیر آبدار و نگاہ آبدار تر

ہے کسوتِ عروجِ تغافل کمالِ حسن — چشمِ سیہ بمرگِ نگہ سوگوار تر

اے چرخ خاک بر سرِ تعمیرِ کائنات — لیکن بنائے عہدِ وفا استوار تر

آئینہ داغِ حیرت و حیرت شکنجِ یاس

سیماب بیقرار و اسدؔ بیقرار تر

گو بیابانِ تمنا و کجا جولانِ عجز — آبلے پا کے ہیں یاں رفتار کو زندانِ عجز

ہو قبولِ کم نگاہی تحفۂ اہلِ نیاز — اے دل و اے جانِ ناز اے دین اے ایمانِ عجز

بوسۂ پا انتخابِ بدگمانیہائے حسن — یاں ہجومِ عجز سے تا سجدہ ہے جولانِ عجز

حسن کو غنچوں سے ہے پوشیدہ چشمی ہائے ناز — عشق نے وا کی ہر یک خار سے مژگانِ عجز

وہ جہاں مسند نشینِ بارگاہِ ناز ہو — قامتِ خوباں ہے محرابِ نیازستانِ عجز

بسکہ بے پایاں ہے صحرائے محبت اے اسدؔ

گرد باد اس راہ کا ہے عقدۂ پیمانِ عجز

نہ بندھا تھا بہ عدم نقشِ دلِ مور ہنوز — تب سے ہے یاں دہنِ یار کا تنگ ہنوز

صد تجلی کدہ ہے صرفِ جبینِ غربت — پیرہن میں ہے غبارِ شررِ طور ہنوز

پا پُر از آبلہ، راہِ طلب مے میں ہوا — ہاتھ آیا نہیں یک دانۂ انگور ہنوز

گل کھلے، غنچے چٹکنے لگے، اور صبح ہوئی — سرخوشِ خواب ہے وہ نرگسِ مخمور ہنوز

اے اسدؔ تیرگیٔ بختِ سیہ ظاہر ہے

نظر آتی نہیں صبحِ شبِ دیجور ہنوز

حاصلِ دلبستگی ہے عمرِ کوتاہ اور بس — وقتِ عرضِ عقدہ ہائے متصل تا یک نفس

تیز تر ہوتا ہے خشمِ تند رویاں عجز سے — ہے رگِ سنگِ فسانِ تیغِ شعلہ خار و خس

سختیِ راہِ محبت منعِ وحشی غیر ہے — پیچ و تابِ جادہ ہے یاں جوہرِ تیغِ عسس

اے اسدؔ ہم خود اسیرِ رنگ و بوئے باغ ہیں
ظاہرا صیادِ ناداں ہے گرفتارِ ہوس

دشتِ الفت میں ہے خاکِ کشتگاں محبوس بس — پیچ و تابِ جادہ ہے خطِ کفِ افسوس بس

ہے تصور میں نہاں سرمایۂ صد گلستاں — کاسۂ زانو ہے مجھ کو بیضۂ طاؤس و بس

طرب ہے، غیر از دُرونِ شوق، سرِ خواستن — راہِ صحرائے حرم میں ہے جرس ناقوس بس

یک جہاں گل تختۂ مشقِ شگفتن ہے اسدؔ
غنچۂ خاطر را افسردگی مانوس و بس

شاقِ اشکِ چشم سے دھو دیں ہزار داغ — دیتا ہے وہ دھوئی گل و شبنم بہار داغ

دل اعتمادِ نامہ و خط کا ہو جس سے — یعنی عاشقوں میں ہے سببِ اعتبار داغ

رہتے ہیں نیست جلوۂ خورشید سے نہاں — دیکھو ستم وہاں سے مٹ گئے بے اختیار داغ

وقتِ خیالِ جلوۂ حسنِ بتاں اسدؔ
دکھلائے ہے مجھے دو جہاں لالہ زار داغ

بلبلوں کو دور سے کرتا ہے منعِ باغ — ہے زبانِ پاسباں خارِ سرِ دیوارِ باغ

کون آیا جو چمن بیتابِ استقبال ہے	جنبشِ موجِ صبا ہے شوخیِ رفتارِ باغ
کون گل سے ضعفِ خاموشیِ بلبل کہہ سکے	نے زبانِ غنچہ گویا نے زبانِ خارِ باغ

جوشِ گل کرتا ہے استقبالِ تحریرِ اسد
زیرِ مشقِ شعر ہے نقش ازپئے احضارِ باغ

عیسیِ مہرباں ہے شفاریز یک طرف	دردِ آفریں ہے طبعِ الم خیز یک طرف
سنجیدگی ہے ایک طرف رنجِ کوہکن	خوابِ گرانِ خسرو پرویز یک طرف
خرمن بباد دادۂ دعوے ہیں، ہو سو ہو	ہم اک طرف ہیں برقِ شرر ریز یک طرف
ہر موبدن پہ شہپرِ پرواز ہے مجھے	بیتابیِ دلِ تپش انگیز یک طرف

یک جانب اے اسد شبِ فرقت کا بیم ہے
دامِ ہوس ہے زلفِ دلآویز یک طرف

بدر ہے آئینۂ طاقِ ہلال	نما فلاں: نقصاں سے پیدا ہے کمال
بسکہ ہے اصلِ دمید نہا غبار	ہے نہالِ شکوۂ ریحاں سفال
نور سے تیرے ہے اسکی روشنی	ورنہ ہے خورشید یکدستِ سوال

ہو جو بلبل پیرۂ فکرِ اسد
غنچۂ منقارِ گل ہو زیرِ بال

از انجا کہ حسرت کشِ یار ہیں ہم	رقیبِ تمنائے دیدار ہیں ہم
رسیدن گلِ باغِ واماندگی ہے	عبث محفل آرائے رفتار ہیں ہم

نفس ہو نہ معزِ دلِ شعلہ دُرُود دن
کہ ضبطِ تپش سے شرر کار ہیں ہم

تغافل کمینگاہِ وحشت شناسی
نگہبانِ دلہائے اغیار ہیں ہم

تماشائے گلشن، تمنائے چیدن
بہار آفرینا! گنہگار ہیں ہم

نہ ذوقِ گریباں نہ پروائے داماں
نگاہ آشنائے گل و خار ہیں ہم

اسدؔ! شکوہ کفرو دعا ناسپاسی
ہجومِ تمنا سے لاچار ہیں ہم

ڈرتا ہوں کوچہ گردیِ بازارِ عشق سے
ہیں خارِ راہ جوہرِ تیغِ عسس تمام

اے بالِ اضطراب کہاں تک فسردگی
یک پر زدن تپش میں ہے کارِ قفس تمام

گذرا جو آشیاں کا تصور بوقتِ بند
مژگانِ چشم دام ہوئے خار و خس تمام

کرنے نہ پائے ضعف سے شورِ جنوں اسدؔ
اب کی بہار کا یونہی گذرا برس تمام

سودائے عشق سے دمِ سردِ کشیدہ ہوں
شامِ خیالِ زلف سے صبحِ دمیدہ ہوں

کی متصل ستارہ شماری میں عمر صرف
تسبیحِ اشکہائے ز مژگاں چکیدہ ہوں

ہوں گرمیِ نشاطِ تصور سے نغمہ سنج
میں عندلیبِ گلشنِ ناآفریدہ ہوں

دیتا ہوں کشتگاں کو سخن سے سرِ تپش
مضرابِ تارہائے گلوئے بریدہ ہوں

جوں بوئے گل ہوں گرچہ گرانبارِ وحشت زر
لیکن اسدؔ بوقتِ گزشتن جریدہ ہوں

خوں در جگر نہفتہ، بہ زردی رسیدہ ہوں
خود آشیانِ طائرِ رنگِ پریدہ ہوں

میں چشمِ واکشادہ و گلشن نظر فریب
لیکن عبث کہ شبنمِ خورشید دیدہ ہوں

تسلیم سے یہ نالۂ موزوں ہوا حصول
اے بے خبر! میں نغمۂ چنگِ خمیدہ ہوں

پیدا نہیں ہے اصلِ تگ و تازِ جستجو
مانندِ موجِ آب زبانِ بریدہ ہوں

سر پر مرے وبالِ ہزار آرزو رہا
یا رب میں کس غریب کا بختِ رمیدہ ہوں

میرا نیاز و عجز ہے مفتِ بتاں اسدؔ
یعنی کہ بندۂ بہ درم ناخریدہ ہوں

فتادگی میں قدم استوار رکھتے ہیں
برنگِ جادہ سرِ کوئے یار رکھتے ہیں

طلسمِ مستیِ دل آں سوئے ہجومِ سرشک
ہم ایک میکدہ دریا کے پار رکھتے ہیں

ہوا ہے گریۂ بیباک ضبط سے تسبیح
ہزار دل بہ ہم اک اختیار رکھتے ہیں

جنونِ فرقتِ یارانِ رفتہ ہے غالبؔ
بسانِ دشت دلِ پُر غبار رکھتے ہیں

ضبط سے مطلب بجز وارستگی دیگر نہیں
دامنِ تمثال آبِ آئینہ سے تر نہیں

ہے وطن سے باہر اہلِ دل کی قدر و منزلت
عزلت آبادِ صدف میں قیمتِ گوہر نہیں

باعثِ ایذا ہے برہم خوردنِ بزمِ سرور
لخت لخت شیشۂ بشکستہ جز نشتر نہیں

ہے فلک بالانشینِ فیضِ خم گردیدنی
عاجزی سے ظاہرا رتبہ کوئی برتر نہیں

کب تلک پیسے اسدؔ لبہائے تفتہ پر زباں

ہے عجب مردوں کو غفلت ہائے اہلِ دہر پر
سبزہ جوں انگشتِ حیرت در دہان گور ہے

حسرت آباد جہاں میں ہے الم غم آفریں
نوحہ گویا خانہ زادِ نالۂ رنجور ہے

کیا کروں غمہائے پنہاں لے گئے صبر و قرار
دزد اگر ہو خانگی، تو پاسباں مجبور ہے

ہے وہاں تکلیف عرضِ بے دماغی اور اسدؔ
یاں صریرِ خامہ مجھکو نالۂ رنجور ہے

یہ سرنوشت میں میری ہے، اشک افشانی
کہ موجِ آب ہے ہر ایک چینِ پیشانی

لبِ نگار میں آئینہ دیکھ آبِ حیات
بہ گمرہی سکندر رہے محوِ حیرانی

کہوں وہ مصرعِ برجستہ، وصفِ قامت میں
کہ سرو ہو نہ سکے اسکا مصرعِ ثانی

اسدؔ نے کثرتِ دلہائے خلق سے جانا
کہ زلفِ یار ہے، مجموعۂ پریشانی

ہوا جب حسن کم، خط بر عذارِ سادہ آتا ہے
کہ بعد از صاف، مے، ساغر میں دُردِ بادہ آتا ہے

محیطِ دہر میں بالیدن، از ہستی گزشتن ہے
کہ یاں ہر اک حباب آسا، شکستِ آمادہ آتا ہے

دیارِ عشق میں جاتا ہے، جو سوداگری ساماں
متاعِ زندگانی کا، بہ غارت دادہ آتا ہے

اسدؔ وارستگاں باوصفِ ساماں بے تعلق ہیں
صنوبر گلستاں میں با دلِ آزادہ آتا ہے !

خبر نگہ کو، نگہ چشم کو عدو جانے
وہ جلوہ کر، کہ نہ میں جانوں اور نہ تو جانے

نفس بہ نالہ رقیب و نگہ بہ اشک عدو
زیادہ اُس سے گرفتار ہوں کہ تو جانے

جنوں فسردۂ تمکیں ہے، کاش عہدِ وفا
گدازِ حوصلہ کو پاسِ آبرو جانے

زباں سے عرضِ تمنائے خاموشی معلوم
مگر، وہ خانہ برانداز گفتگو جانے

مسیح کشتۂ الفت، بہ عَلی خاں ہے
کہ جو اسد تپشِ نبضِ آرزو جانے

صبح سے معلوم آثارِ ظہورِ شام ہے
غافلاں! آغازِ کار، آئینۂ انجام ہے

بسکہ تیرے جلوۂ دیدار کا ہے اشتیاق
ہر بہت خورشید طلعت آفتابِ بام ہے

کیا کمالِ عشق نقص آباد گیتی میں، ملے
پختگی ہائے تصوّرہا خیالِ خام ہے

ہو جہاں وہ ساقیِ خورشید مجلس فروز!
واں اسد! تارِ شعاعِ مہر خطِ جام ہے

اے خوشا وقتے! کہ ساقی یک خمستاں وا کرے
تار و پودِ فرشِ محفل پنبۂ مینا کرے

یک درے بر روئے رحمت بستہ در شش جہت
ناامیدی ہے خیالِ خانہ ویراں کیا کرے

ناتوانی سے نہیں سر در گریبانی، اسد
ہوں سراپا یک قلم تسلیم، جو مولا کرے

توڑ بیٹھے جب کہ ہم جام و سبو، پھر ہم کو کیا
آسماں سے بادۂ گلفام گو برسا کرے
م

بہ رہنِ ضبط ہے آئینہ بندیِ گوہر
وگرنہ بحر میں ہر قطرہ چشمِ پُرنم ہے

اگر نہ ہووے رگِ خواب صرفِ شیرازہ
تمام دفترِ ربطِ مزاج برہم ہے

اسدؔ بہ نازکیِ طبع آرزو، انصاف
کہ ایک وہمِ ضعیف و غمِ دو عالم ہے

تا چند نازِ مسجد و بتخانہ کھینچیے
جوں شمع دل بہ خلوتِ جانانہ کھینچیے

عجز و نیاز سے تو نہ آیا وہ راہ پر
دامن کو آج اُسکے حریفانہ کھینچیے

ہے ذوقِ گریہ، عزمِ سفر کیجیے اسدؔ
رختِ جنونِ سیل بہ ویرانہ کھینچیے

کاشانۂ ہستی کہ بر انداختنی ہے
یاں سوختنی چارہ گر ساختنی ہے

ہے شعلۂ شمشیرِ فنا حوصلہ افگار
اے داغِ تمنا! سپر انداختنی ہے

ہے سادگیِ ذہن تمنائے تماشہ
جائے کہ اسدؔ رنگِ چمن باختنی ہے

گدائے طاقتِ تقریر ہے زباں تجھ سے
کہ خامشی کو ہے پیرایۂ بیاں تجھ سے

فسردگی میں ہے فریادِ بیدلاں تجھ سے
چراغِ صبح و گلِ موسمِ خزاں تجھ سے

طراوتِ سحر ایجادیِ اثر، یک سو
بہار نالہ و رنگینیِ فغاں تجھ سے

نیاز، پردۂ اظہارِ خود پرستی ہے
جبینِ سجدہ فشاں تجھ سے آستاں تجھ سے

بہانہ جوئیِ رحمت کمینگرِ تقریب
وفائے حوصلہ و رنجِ امتحاں تجھ سے

اسدؔ! بہ موسمِ گل در طلسمِ کنجِ قفس
خرام تجھ سے، صبا تجھ سے، گلستاں تجھ سے

رنجشِ یارِ مہرباں، عیش و طرب کا ہے نشاں
دِل سے اُٹھے ہے جو غبار، گردِ سوادِ باغ ہے

شعر کی فکر کو اسدؔ! چاہیے ہے دل و دماغ!
عذر کہ یہ فسردہ دل بے دل و بے دماغ ہے

خدایا دل کہاں تک دن بصد رنج و تعب کاٹے
خمِ گیسو ہو شمشیرِ سیہ تاب، اور شب کاٹے

کریں گر قدرِ اشکِ دیدۂ عاشق، خود آرایاں
صدف دندانِ گوہر سے، بہ حسرت اپنے لب کاٹے

دریغا وہ مریضِ غم، کہ فرطِ ناتوانی سے
بہ قدرِ یک نفس جادہ، بہ صد رنج و تعب کاٹے

یقیں ہے آدمی کو دستگاہِ فقر حاصل ہو
دمِ تیغِ توکل سے اگر پائے سبب کاٹے

اسدؔ مجھ میں ہے اسکے بوسۂ پا کی کہاں جرأت
کہ مَیں نے دست و پا باہم بہ شمشیرِ ادب کاٹے

پھر وہ سوئے چمن آتا ہے خدا خیر کرے
رنگ اُڑتا ہے گلستاں کے ہوا داروں کا

بہ یادِ قامت اگر ہو بلند آتشِ غم
ہر ایک داغِ جگر آفتابِ محشر ہو

ستم کشی کا کیا دل نے حوصلہ پیدا
اب اس سے ربط کروں جو بہت ستمگر ہو

جام ہر ذرہ ہے سرشارِ تمنا مجھ سے
کس کا دل ہوں کہ دو عالم سے لگایا ہے مجھے

ہزار قافلۂ آرزو بیاباں مرگ
ہنوز محمل حسرت بہ دوشِ خود رائی

جس طرف سے آئے ہیں آخر اُدھر ہی جائینگے
مرگ سے وحشت نہ کر راہِ عدم بیہودہ ہے

رباعی

مشکل ہے زبس کلام میرا اے دل
سن سن کے اسے سخنورانِ کامل
آسان کہنے کی کرتے ہیں فرمائش
گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل

نقش فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا — کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا
کاوکاوِ سخت جانیہائے تنہائی نہ پوچھ — صبح کرنا شام کا لانا ہے جوئے شیر کا

جذبۂ بے اختیارِ شوق دیکھا چاہیے — سینۂ شمشیر سے باہر ہے دم شمشیر کا
آگہی دامِ شنیدن جسقدر چاہے بچھائے — مدعا عنقا ہے اپنے عالمِ تقریر کا

بسکہ ہوں غالب اسیری میں بھی آتش زیرِ پا
موئے آتش دیدہ ہے حلقہ مری زنجیر کا

شمارِ سبحہ مرغوبِ بتِ مشکل پسند آیا — تماشائے بیک کف بُردنِ صد دل پسند آیا
بہ فیضِ بیدلی نومیدیِ جاوید آساں ہے — کشائش کو ہمارا عقدۂ مشکل پسند آیا

ہوائے سیرِ گل آئینۂ بے مہریِ قاتل — کہ اندازِ بخوں غلطیدنِ بسمل پسند آیا

جراحت تحفہ، الماس ارمغاں خونِ جگر ہدیہ
مبارکباد اسدؔ غمخوارِ جانِ دردمند آیا

جز قیس اور کوئی نہ آیا بروئے کار — صحرا مگر بہ تنگیِ چشمِ حسود تھا

آشفتگی نے نقشِ سویدا کیا درست — ظاہر ہوا کہ داغ کا سرمایہ دود تھا

تھا خواب میں خیال کو تجھ سے معاملہ — جب آنکھ کھل گئی نہ زیاں تھا نہ سود تھا

پوچھا تھا گرچہ یار نے احوالِ دل، مگر — کس کو دماغِ منتِ گفت و شنود تھا

ڈھانپا کفن نے داغِ عیوبِ برہنگی — میں ورنہ ہر لباس میں ننگِ وجود تھا

لیتا ہوں مکتبِ غمِ دل میں سبق ہنوز — لیکن یہی کہ رفت گیا، اور بود تھا

تیشے بغیر مر نہ سکا کوہکن اسدؔ
سرگشتۂ خمارِ رسوم و قیود تھا

کہتے ہو نہ دینگے ہم دل اگر پڑا پایا — دل کہاں کہ گم کیجے ہمنے مدعا پایا

عشق سے طبیعت نے زیست کا مزا پایا — درد کی دوا پائی، دردِ لا دوا پایا

شورِ پندِ ناصح نے زخم پر نمک چھڑکا — آپ سے کوئی پوچھے تمنے کیا مزا پایا

ہے کہاں تمنا کا دوسرا قدم یارب — ہمنے دشتِ امکاں کو ایک نقشِ پا پایا

سادگی و پرکاری بیخودی و ہشیاری — حسن کو تغافل میں جرأت آزما پایا

خاکبازیِ امید، کارخانۂ طفلی — یاس کو دو عالم سے لب بخندہ وا پایا

غنچہ پھر لگا کھلنے، آج ہم نے اپنا دل — خوں کیا ہوا دیکھا، گم کیا ہوا پایا

حالِ دل نہیں معلوم، لیکن اس قدر یعنی — ہم نے بارہا ڈھونڈا، تم نے بارہا پایا

دوستدارِ دشمن ہے، اعتمادِ دل معلوم

آہ بے اثر دیکھی، نالہ نارسا پایا

شوق ہر رنگ رقیبِ سروساماں نکلا — قیس تصویر کے پردے میں بھی عریاں نکلا

ساغرِ جلوۂ سرشار ہے ہر ذرّۂ خاک — شوقِ دیدار بلا آئنہ ساماں نکلا

بوئے گل، نالۂ دل، دودِ چراغِ محفل — جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا

زخم نے داد نہ دی تنگیِ دل کی یارب — تیر بھی سینۂ بسمل سے پر افشاں نکلا

کچھ کھٹکتا تھا مرے سینے میں لیکن آخر — جس کو دل کہتے تھے سو تیر کا پیکاں نکلا

دل حسرت زدہ تھا مائدۂ لذتِ درد — کام یاروں کا بقدرِ لب و دنداں نکلا

تھی نوآموزِ فنا ہمتِ دشوار پسند — سخت مشکل ہے کہ یہ کام بھی آساں نکلا

دل میں پھر گریے نے اک شور اٹھایا غالب

آہ جو قطرہ نہ نکلا تھا، سو طوفاں نکلا

دہر میں نقشِ وفا وجہِ تسلی نہ ہوا — ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہوا

سبزۂ خط سے ترا کاکلِ سرکش نہ دبا — یہ زمرد بھی حریفِ دمِ افعی نہوا

میں نے چاہا تھا کہ اندوہِ وفا سے چھوٹوں — وہ ستمگر مرے مرنے پہ بھی راضی نہوا

دل گزرگاہِ خیالِ مے و ساغر ہی سہی — گر نفس جادۂ سر منزلِ تقویٰ نہوا

ہوں ترے وعدہ نہ کرنے پہ بھی راضی کہ کبھی — گوشِ منت کشِ گلبانگِ تسلی نہ ہوا

کس سے محرومیِ قسمت کی شکایت کیجے — ہم نے چاہا تھا کہ مر جائیں، سو وہ بھی نہ ہوا

مر گیا صدمۂ یک جنبشِ لب سے غالب
ناتوانی سے حریفِ دمِ عیسیٰ نہ ہوا

جب بہ تقریبِ سفر یار نے محمل باندھا — تپشِ شوق نے ہر ذرہ پہ اک دل باندھا

اہلِ بینش نے بہ حیرت کدۂ شوخیِ ناز — جوہرِ آئینہ کو طوطیِ بسمل باندھا

یاس و امید نے یک عربدہ میداں مانگا — عجزِ ہمت نے طلسمِ دلِ سائل باندھا

یار نے تشنگیِ شوق کے مضموں چاہے — ہم نے دل کھول کے دریا کو بھی ساحل باندھا

مطربِ دل نے مرے تارِ نفس سے غالب
ساز پر رشتہ پئے نغمۂ بیدل باندھا

پئے نذرِ کرم تحفہ ہے شرمِ نارسائی کا — بخوں غلطیدۂ صد رنگ دعویٰ پارسائی کا

نہ ہو حسنِ تماشا دوست رسوا بیوفائی کا — بہ مہرِ صد نظر ثابت ہے دعویٰ پارسائی کا

زکوٰۃِ حسن دے اے جلوۂ بینش کہ مہر آسا — چراغِ خانۂ درویش ہے کاسہ گدائی کا

نہ مارا جان کر بے جرم، قاتل، تیری گردن پر — رہا مانندِ خونِ بے گنہ، حق آشنائی کا

دہانِ ہر بتِ پیغارہ جو، زنجیرِ رسوائی — عدم تک بیوفا چرچا ہے تیری بیوفائی کا

تمنائے زباں محوِ سپاسِ بے زبانی ہے — مٹا جس سے تقاضا شکوۂ بیدست و پائی کا

وہی اک بات ہے جو یاں نفس واں نکہت گل ہے
چمن کا جلوہ، باعث ہے مری رنگیں نوائی کا

نہ دے نامے کو اتنا طول غالبؔ مختصر لکھ دے
کہ حسرت سنج ہوں، عرض ستم ہائے جدائی کا

شب، خمار شوق ساقی، رستخیز اندازہ تھا
تا محیط بادہ، صورت خانۂ خمیازہ تھا

یک قدم وحشت سے درس دفتر امکاں کھلا
جادہ، اجزائے دو عالم دشت کا شیرازہ تھا

مانع وحشت خرامی ہائے لیلیٰ کون ہے؟
خانۂ مجنون صحرا گرد، بے دروازہ تھا

پوچھ مت رسوائی انداز استغنائے حسن
دست مرہون حنا، رخسار رہن غازہ تھا

نالۂ دل نے دیئے اوراق لخت دل بہ باد
یادگار نالہ اک دیوان بے شیرازہ تھا

وہ مری چین جبیں سے غم پنہاں سمجھا
راز مکتوب بہ بے ربطی عنواں سمجھا

یک الف بیش نہیں صیقل آئینہ ہنوز
چاک کرتا ہوں میں جب سے کہ گریباں سمجھا

شرح اسباب گرفتاری خاطر مت پوچھ
اس قدر تنگ ہوا دل، کہ میں زنداں سمجھا

ہم نے وحشت کدۂ بزم جہاں میں جوں شمع
شعلۂ عشق کو اپنا سر و ساماں سمجھا

تھا گریزاں مژۂ یار سے دل تا دم مرگ
دفع پیکان قضا اس قدر آساں سمجھا

عجز سے اپنے یہ جانا کہ وہ بد خو ہوگا
نبض خس سے تپش شعلۂ سوزاں سمجھا

بد گمانی نے نہ چاہا اسے سرگرم خرام
رخ پہ ہر قطرہ عرق، دیدۂ حیراں سمجھا

دل دیا جان کے کیوں اس کو وفادار اسدؔ
غلطی کی کہ جو کافر کو مسلماں سمجھا

گلہ ہے شوق کو دل میں بھی تنگئ جا کا — گہر میں محو ہوا اضطراب دریا کا

یہ جانتا ہوں کہ تو اور پاسخ مکتوب — مگر ستم زدہ ہوں ذوق خامہ فرسا کا

غم فراق میں تکلیف سیر باغ نہ دو — مجھے دماغ نہیں خندہ ہائے بیجا کا

نہ کہہ کہ گریہ بمقدار حسرت دل ہے — مری نگاہ میں ہے جمع و خرچ دریا کا

دل اسکو پہلے ہی ناز و ادا سے دے بیٹھے — ہمیں دماغ کہاں حسن کے تقاضا کا

حنائے پائے خزاں ہے بہار اگر ہے یہی — دوام کلفت خاطر ہے عیش دنیا کا

ہنوز محرمئ حسن کو ترستا ہوں — کرے ہے ہر بن مو کام چشم بینا کا

فلک کو دیکھ کے کرتا ہوں اسکو یاد اسدؔ
جفا میں اس کی ہے انداز کار فرما کا

اب میں ہوں اور ماتم یک شہر آرزو — توڑا جو تو نے آئینہ تمثال دار تھا

دیکھی وفائے فرصت رنج و نشاط دہر — خمیازہ یک درازئ عمر خمار تھا

موج سراب دشت وفا کا نہ پوچھ حال — ہر ذرہ مثل جوہر تیغ آبدار تھا

ایک ایک قطرہ کا مجھے دینا پڑا حساب — خون جگر ودیعت مژگان یار تھا

گلیوں میں میری نعش کو کھینچے پھرو کہ میں — جاں دادۂ ہوائے سر رہگذار تھا

کم جانتے تھے ہم بھی غم عشق کو پر اب
دیکھا تو کم ہوئے پہ غم روزگار تھا

سراپا رہنِ عشق و ناگزیر الفتِ ہستی — عبادت برق کی کرتا ہوں اور افسوس حاصل کا
بقدرِ ظرف ہے ساقی خمارِ تشنہ کامی بھی — جو تو دریائے مے ہے تو میں خمیازہ ہوں ساحل کا

مجھے راہِ سخن میں خوفِ گمراہی نہیں غالب
عصائے خضرِ صحرائے سخن ہے خامہ بیدل کا

۱
لبِ خشک در تشنگی مردگاں کا — زیارت کدہ ہوں دل آزردگاں کا
سراپا یک آئینہ دارِ شکستن — ارادہ ہوں یک عالم افسردگاں کا
ہمہ نا امیدی، ہمہ بدگمانی — میں دل ہوں فریبِ وفا خوردگاں کا

بصورت تکلف، بمعنی تاسف
اسد میں تبسم ہوں پژمردگاں کا

ضعفِ جنوں کو وقتِ تپش در بھی دور تھا — اک گھر میں مختصر سا بیاباں ضرور تھا
اے وائے غفلتِ نگہ شوق ورنہ یاں — ہر پارہ سنگ لختِ دلِ کوہِ طور تھا
درسِ تپش ہے برق کو اب اسکے نام سے — وہ دل ہے یہ کہ جس کا تخلص صبور تھا
آئینہ دیکھ اپنا سا منہ لے کے رہ گئے — صاحب کو دل نہ دینے پہ کتنا غرور تھا
قاصد کو اپنے ہاتھ سے گردن نہ ماریے — اسکی خطا نہیں ہے یہ میرا قصور تھا

ہر رنگ میں جلا اسدِ فتنہ انتظار
پروانۂ تجلیِ شمعِ ظہور تھا

حریفِ جوششِ دریا نہیں خود داریِ ساحل — جہاں ساقی ہو تو باطل ہے دعویٰ ہوشیاری کا

لطافت بے کثافت جلوہ پیدا کر نہیں سکتی
چمن زنگار ہے آئینۂ بادِ بہاری کا

اسدؔ ساغر کشِ تسلیم ہو گردش سے گردوں کی
کہ ننگِ فہمِ مستاں ہے، گلہ بد روزگاری کا

غافل بوہمِ ناز خود آرا ہے ورنہ یاں
بے شانۂ صبا نہیں، طرّہ گیاہ کا

بزمِ قدح سے عیشِ تمنا نہ رکھ، کہ رنگ
صید ز دام جستہ ہے اس دام گاہ کا

جاں در ہوائے یک نفسِ گرم ہے اسدؔ
پروانہ ہے وکیل ترے داد خواہ کا

رحمت اگر قبول کرے، کیا بعید ہے
شرمندگی سے عذر نہ کرنا گناہ کا

مقتل کو کس نشاط سے جاتا ہوں میں، کہ ہے
پُرگل، خیالِ زخم سے دامن نگاہ کا

خود پرستی سے رہے باہم دگر ناآشنا
بیکسی میری شریک، آئینہ تیرا آشنا

رابطِ یک شیرازۂ وحشت ہیں اجزائے بہار
سبزہ بیگانہ، صبا آوارہ، گل ناآشنا

ذرہ ذرہ ساغرِ میخانۂ نیرنگ ہے
گردشِ مجنوں بہ چشمکہائے لیلیٰ آشنا

رشک کہتا ہے کہ اس کا غیر سے اخلاص حیف
عقل کہتی ہے کہ وہ بے مہر کس کا آشنا

شوق ہے ساماں طرازِ نازشِ اربابِ عجز
ذرہ صحرا دستگاہ و قطرہ دریا آشنا

میں، اور اک آفت کا ٹکڑا وہ دلِ وحشی، کہ ہو
عافیت کا دشمن اور آوارگی کا آشنا

شکوہ سنجِ رشکِ ہمدیگر نہ رہنا چاہیے
میرا زانو مونس، اور آئینہ تیرا آشنا

یک ذرّۂ زمیں نہیں بیکار باغ کا — یاں جادہ بھی فتیلہ ہے لالے کے داغ کا
بے مے کسے ہے طاقتِ آشوبِ آگہی — کھینچا ہے عجزِ حوصلہ نے خط ایاغ کا
تازہ نہیں ہے نشۂ فکرِ سخن مجھے — تریاکیِ قدیم ہوں، دودِ چراغ کا
بے خونِ دل ہے چشم میں موجِ نگہ غبار — یہ میکدہ خراب ہے مے کے سراغ کا
باغِ شگفتہ تیرا بساطِ نشاطِ دل — ابرِ بہار خمکدہ کس کے دماغ کا

بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل — کہتے ہیں جس کو عشق خلل ہے دماغ کا

سو بار بندِ عشق سے آزاد ہم ہوئے
پر کیا کریں کہ دل ہی عدو ہے فراغ کا

بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا — آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا
گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی — در و دیوار سے ٹپکے ہے بیاباں ہونا
وائے دیوانگیِ شوق کہ ہر دم مجھکو — آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا
جلوہ ازبس کہ تقاضائے نگہ کرتا ہے — جوہرِ آئینہ بھی، چاہے ہے مژگاں ہونا
عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ — عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا
لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے شباب — تو ہو اور آپ بصد رنگ گلستاں ہونا

عشرتِ پارۂ دل، زخمِ تمنا کھانا　　لذتِ ریشِ جگر، غرقِ نمکداں ہونا
کی مرے قتل کے بعد اُسنے جفا سے توبہ　　ہائے اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

حیف اُس چار گرہ کپڑے کی قسمت غالبؔ
جس کی قسمت میں ہو عاشق کا گریباں ہونا

گر نہ اندوہِ شبِ فرقت بیاں ہوجائیگا　　بے تکلف داغِ مہ مُہرِ دہاں ہوجائیگا
زہرہ گر ایسا ہی شامِ ہجر میں ہوتا ہے آب　　پر توِ مہتاب سیلِ خانماں ہوجائیگا
لے تو لوں سوتے میں اسکے پاؤں کا بوسہ مگر　　ایسی باتوں سے وہ کافر بدگماں ہوجائیگا
گر نگاہِ گرم فرماتی رہی تعلیمِ ضبط　　شعلہ خس میں جیسے خوں رگ میں نہاں ہوجائیگا
فائدہ کیا سوچ آخر تو بھی ہے دانا اسدؔ　　دوستی ناداں کی ہے، جی کا زیاں ہوجائیگا

دل کو ہم صرفِ وفا سمجھے تھے کیا معلوم تھا　　یعنی یہ پہلے ہی نذرِ امتحاں ہوجائیگا
سب کے دل میں ہے جگہ تیری جو تو راضی ہوا　　مجھ پہ گویا اک زمانہ مہرباں ہوجائیگا
باغ میں مجھ کو نہ لیجا ورنہ میرے حال پر　　ہر گُلِ تر ایک چشمِ خوں فشاں ہوجائیگا

وائے گر میرا ترا انصاف محشر میں نہو
اب تلک تو یہ توقع ہے کہ واں ہوجائیگا

پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا　　دل جگر تشنۂ فریاد آیا
دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز　　پھر ترا وقتِ سفر یاد آیا

عذرِ واماندگی اے حسرتِ دل — نالہ کرتا تھا جگر یاد آیا
سادگی ہائے تمنا یعنی — پھر وہ نیرنگِ نظر یاد آیا
کوئی ویرانی سی ویرانی ہے — دشت کو دیکھ کے گھر یاد آیا
آہ وہ جرأتِ فریاد کہاں — دل سے تنگ آکے جگر یاد آیا
میں نے مجنوں پہ لڑکپن میں اسدؔ — سنگ اٹھایا تھا کہ سر یاد آیا

زندگی یوں بھی گذر ہی جاتی — کیوں ترا راہ گذر یاد آیا
کیا ہی رضواں سے لڑائی ہوگی — گھر ترا خلد میں گر یاد آیا

پھر ترے کوچے کو جاتا ہے خیال
دلِ گم گشتہ مگر یاد آیا

تو دوست کسی کا بھی ستمگر نہ ہوا تھا — اوروں پہ ہے وہ ظلم کہ مجھ پر نہ ہوا تھا
چھوڑا مہِ نخشب کی طرح دستِ قضا نے — خورشید ہنوز اُس کے برابر نہ ہوا تھا
توفیق باندازۂ ہمت ہے ازل سے — آنکھوں میں ہے وہ قطرہ کہ گوہر نہ ہوا تھا
جب تک کہ نہ دیکھا تھا قدِ یار کا عالم — میں معتقدِ فتنۂ محشر نہ ہوا تھا
میں سادہ دل آزردگیِ یار سے خوش ہوں — یعنی سبقِ شوقِ مکرر نہ ہوا تھا
دریائے معاصی تنک آبی سے ہوا خشک — میرا سرِ دامن بھی ابھی تر نہ ہوا تھا

جاری تھی اسدؔ داغِ جگر سے مری تحصیل
آتشکدہ جاگیرِ سمندر نہ ہوا تھا

شب کہ وہ مجلس فروزِ خلوتِ ناموس تھا　　رشتۂ ہر شمع خارِ کسوتِ فانوس تھا

حاصلِ الفت نہ دیکھا جز شکستِ آرزو　　دل بدل پیوستہ گویا یک لبِ افسوس تھا

کیا کہوں بیماریِ غم کی فراغت کا بیاں　　جو کہ کھایا خونِ دل بے منتِ کیموس تھا

مشہدِ عاشق سے کوسوں تک جو اُگتی ہے حنا

م　کس قدر یا رب ہلاکِ حسرتِ پابوس تھا

گلشن میں بندوبست برنگِ دگر ہے آج　م　قمری کا طوق حلقۂ بیرونِ در ہے آج

آتا ہے ایک پارۂ دل ہر فغاں کے ساتھ　　تارِ نفس کمندِ شکارِ اثر ہے آج

اے عافیت کنارہ کر اے انتظام چل　　سیلابِ گریہ درپئے دیوار و در ہے آج

دُور او فتادۂ چمنِ فکر ہے اسدؔ

مرغِ خیال بلبلِ بے بال و پر ہے آج

نفس نہ انجمنِ آرزو سے باہر کھینچ　　اگر شراب نہیں انتظارِ ساغر کھینچ

کمالِ گرمیِ سعیِ تلاشِ دید نہ پوچھ　　برنگِ خار مرے آئینے سے جوہر کھینچ

نہ کہہ کہ طاقتِ رسوائیِ وصال نہیں　　اگر یہی عرقِ فتنہ ہے مکرر کھینچ

تجھے بہانۂ راحت ہے انتظار اے دل　　کیا ہے کس نے اشارہ کہ نازِ بستر کھینچ

بہ نیم غمزہ ادا کر حقِ ودیعتِ ناز　　نیامِ پردۂ زخمِ جگر سے خنجر کھینچ

مرے قدح میں ہے صہبائے آتشِ پنہاں　　بروئے سفرہ کبابِ دلِ سمندر کھینچ

تری طرف ہے بہ حسرت نظارۂ نرگس　　بکوریِ دل و چشمِ رقیب ساغر کھینچ

خمارِ منتِ ساقی، اگر یہی ہے اسد
دلِ گداختہ کے میکدہ میں ساغر کھینچ

بلا سے ہیں جو یہ پیشِ نظر در و دیوار
نگاہِ شوق کو ہیں بال و پر در و دیوار

وفورِ اشک نے کاشانے کا کیا یہ رنگ
کہ ہو گئے مرے دیوار و در در و دیوار

نہیں ہے سایہ کہ سن کر نویدِ مقدمِ یار
گئے ہیں چند قدم پیشتر در و دیوار

ہوئی ہے کس قدر ارزانیِ مئے جلوہ
کہ مست ہے ترے کوچے میں ہر در و دیوار

جو ہے تجھے سرِ سودائے انتظار تو آ
کہ ہیں دکانِ متاعِ نظر در و دیوار

ہجومِ گریہ کا سامان کب کیا میں نے
کہ گر پڑے نہ مرے پاؤں پر در و دیوار

وہ آ رہا ـــ ہمسایہ میں تو سایے سے
ہوئے فدا در و دیوار پر در و دیوار

نہ پوچھ بیخودیِ عیشِ مقدمِ سیلاب
کہ ناچتے ہیں پڑے سر بسر در و دیوار

نظر میں کھٹکے ہے بن تیرے گھر کی آبادی
ہمیشہ روتے ہیں ہم دیکھ کر در و دیوار

نہ کہہ کسی سے کہ غالب نہیں زمانے میں
حریفِ رازِ محبت مگر در و دیوار

رہتا ہے مرا دل زحمتِ مہرِ درخشاں پر
میں ہوں وہ قطرۂ شبنم کہ ہو خارِ بیاباں پر

نہ چھوڑی حضرتِ یوسف نے یاں بھی خانہ آرائی
سفیدی دیدۂ یعقوب کی پھرتی ہے زنداں پر

فنا تعلیمِ درسِ بیخودی ہوں اس زمانے سے
کہ مجنوں لام الف لکھتا تھا دیوارِ دبستاں پر

فراغت کس قدر رہتی مجھے تشویشِ مرہم سے
بہم گر صلح کرتے پارہ ہائے دل نمکداں پر

نہیں اقلیم الفت میں کوئی طومار ناز ایسا — کہ پشتِ چشم سے جسکے نہ ہووے مہر عنواں پر

مجھے اب دیکھکر ابرِ شفق آلودہ یاد آیا — کہ فرقت میں تری آتش برستی تھی گلستاں پر

بجز پروازِ شوقِ ناز کیا باقی رہا ہوگا — قیامت اک ہوائے تند ہے خاکِ شہیداں پر

نہ لڑ ناصح سے غالب کیا ہوا گر اُسنے شدت کی
ہمارا بھی تو آخر زور چلتا ہے گریباں پر

برنگِ کاغذِ آتش زدہ، نیرنگِ بیتابی — ہزار آئینہ دل باندھا ہے بالِ یک تپیدن پر

میں اور وہ بے سبب رنج آشنا دشمن کہ رکھتا ہے — شعاعِ مہر سے تہمت نگہ کی چشمِ روزن پر

اسد بسمل ہے کس انداز کا قاتل سے کہتا ہے — کہ مشقِ ناز کر خونِ دو عالم میری گردن پر

جنوں کی دستگیری کس سے ہو گر ہو نہ عُریانی — گریباں چاک کا حق ہو گیا ہے میری گردن پر

فلک سے ہمکو عیشِ رفتہ کا کیا کیا تقاضا ہے — متاعِ بُردہ کو سمجھے ہوئے ہیں قرض رہزن پر

فنا کو سونپ اگر مشتاق ہے اپنی حقیقت کا
فروغِ طالعِ خاشاک ہے موقوف گلخن پر

حریفِ مطلبِ مشکل نہیں فسونِ نیاز — دعا قبول ہو یارب کہ عُمرِ خضر دراز

نہ ہو بہ ہرزہ بیاباں نوردِ وہمِ وجود — ہنوز تیرے تصور میں ہے نشیب و فراز

وصالِ جلوہ تماشا ہے پر دماغ کہاں — کہ دیجے آئینۂ انتظار کو پرواز

ہجومِ فکر سے دل، مثلِ موج لرزے ہے　　ث　　کہ شیشہ نازک و صہبائے آبگینہ گ

ہر ایک ذرۂ عاشق ہے آفتاب پرست　　گئی نہ خاک ہوئے پر، ہوائے جلوۂ

نہ پوچھ وسعتِ میخانۂ جنوں غالب
جہاں، یہ کاسۂ گردوں ہے ایک خاک انداز

نہ گلِ نغمہ ہوں، نہ پردۂ ساز　　میں ہوں اپنی شکست کی آواز

تو، اور آرائشِ خمِ کاکل　　میں، اور اندیشہائے دور و درا

لافِ تمکیں فریبِ سادہ دلی　　ہم ہیں اور راز ہائے سینہ گدا

ہوں گرفتارِ الفتِ صیاد　　ورنہ باقی ہے طاقتِ پروا

وہ بھی دن ہو کہ اُس ستمگر سے　　ناز کھینچوں، بجائے حسرتِ نا

نہیں دل میں مرے وہ قطرۂ خوں　　جس سے مژگاں ہوئی نہ ہو گلبا

اے ترا جلوہ یک قلم انگیز　　اے ترا ظلم سر بسر اندا

تو ہوا جلوہ گر، مبارک ہو　　ریزشِ سجدۂ جبینِ نیـ

مجھکو پوچھا تو کچھ غضب نہ ہوا　　میں غریب اور تو غریب ا

اسد اللہ خاں تمام ہوا　　م
اے دریغا، وہ رندِ شاہد با

رُخِ نگار سے ہے سوزِ جاودانیِ شمع　　ہوئی ہے آتشِ گل آبِ زندگا

زبانِ اہلِ زباں میں ہے مرگ خاموشی　　یہ بات بزم میں روشن ہوئی

کرے ہے صرف بہ ایمائے شعلہ قصہ تمام — بہ طرزِ اہلِ فنا ہے فسانہ خوانیِ شمع
غم اُس کو حسرتِ پرواز کا ہے اے شعلہ — ترے لرزنے سے ظاہر ہے ناتوانیِ شمع
ترے خیال سے روح اہتزاز کرتی ہے — بجلوہ ریزیِ باد و بہ پرفشانیِ شمع
نشاطِ داغِ غمِ عشق کی بہار نہ پوچھ — شگفتگی ہے شہیدِ گلِ خزانیِ شمع

جلے ہے دیکھ کے بالینِ یار پر مجھ کو
نہ کیوں ہو دل پہ مرے داغِ بدگمانیِ شمع

نامہ بھی لکھتے ہیں تو بخطِ غبار حیف — رکھتے ہیں مجھ سے اتنی کدورت ہزار حیف
بیمِ رقیب سے نہیں کرتے وداعِ ہوش — مجبور یاں تلک ہوئے اے اختیار حیف
بیش از نفس بتاں کے کرم نے وفا نہ کی — تھا محملِ نگاہ بہ دوشِ شرار حیف
تھی میرے ہی جلانے کو اے آہِ شعلہ ریز — گھر پر پڑا نہ غیر کے کوئی شرار حیف

جلتا ہے دل کہ کیوں نہ ہم اک بار جل گئے
اے ناتمامیِ نفسِ شعلہ بار حیف

زخم پر چھڑکیں کہاں طفلانِ بے پروا نمک — کیا مزا ہوتا اگر پتھر میں بھی ہوتا نمک
گردِ راہِ یار ہے سامانِ نازِ زخمِ دل — ورنہ ہوتا ہے جہاں میں کس قدر پیدا نمک
شورِ جولاں تھا کنارِ بحر پر کس کا کہ آج — گردِ ساحل ہے بہ زخمِ موجۂ دریا نمک
مجھ کو ارزانی رہے، تجھ کو مبارک ہو جیو — نالۂ بلبل کا درد اور خندۂ گل کا نمک
چھوڑ کر جانا تنِ مجروحِ عاشق حیف ہے — دل طلب کرتا ہے زخم اور مانگیں ہیں اعضا نمک

غیر کی منت نہ کھینچوں گا پئے توفیرِ درد
زخم مثلِ خندۂ قاتل ہے سرتاپا نمک

یاد ہیں غالبؔ تجھے وہ دن کہ فرطِ ذوق میں
زخم سے گرتا تو میں پلکوں سے چنتا تھا نمک

آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہونے تک
کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہونے تک

دامِ ہر موج میں ہے حلقۂ صد کامِ نہنگ
دیکھیں کیا گزرے ہے قطرہ پہ گہر ہونے تک

عاشقی صبر طلب اور تمنا بیتاب
دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہونے تک

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن
خاک ہو جائینگے ہم تم کو خبر ہونے تک

پرتوِ خور سے ہے شبنم کو فنا کی تعلیم
میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہونے تک

یک نظر بیش نہیں فرصتِ ہستی غافل
گرمیٔ بزم ہے اک رقصِ شرر ہونے تک

غمِ ہستی کا اسدؔ کس سے ہو جز مرگ علاج
شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہونے تک

غم نہیں ہوتا ہے آزادوں کو بیش از یک نفس
برق سے کرتے ہیں روشن شمعِ ماتم خانہ ہم

بسکہ وہ چشم و چراغِ محفلِ اغیار ہے
چپکے چپکے جلتے ہیں جوں شمعِ ماتم خانہ ہم

باوجودِ یک جہاں ہنگامہ پیدائی نہیں
ہیں چراغانِ شبستانِ دلِ پروانہ ہم

محفلیں برہم کرے ہے گنجفہ بازِ خیال
ہیں ورق گردانیٔ نیرنگِ یک بتخانہ ہم

ضعف سے ہے نے قناعت سے یہ ترکِ جستجو
ہیں وبالِ تکیہ گاہِ ہمتِ مردانہ ہم

دائم الحبس اس میں ہیں لاکھوں تمنائیں اسدؔ
جانتے ہیں سینۂ پرخوں کو زنداں خانہ ہم

غنچۂ ناشگفتہ کو دُور سے مت دکھا کہ یوں
بوسہ کو پوچھتا ہوں میں منہ سے مجھے بتا کہ یوں

پرسشِ طرزِ دلبری کیجیے کیا، کہ بن کہے
اُس کے ہر اک اشارہ سے نکلے ہے یہ ادا کہ یوں

رات کے وقت مے پیئے، ساتھ رقیب کو لئے
آئے وہ یاں خدا کرے، پر نہ کرے خدا کہ یوں

بزم میں اُس کے روبرو کیوں نہ خموش بیٹھئے
اُس کی تو خامشی میں بھی ہے یہی مدعا کہ یوں

مَیں نے کہا کہ "بزمِ ناز چاہئے غیر سے تہی"
سُن کے ستم ظریف نے مجھ کو اُٹھا دیا کہ "یوں"

غیر سے رات کیا بنی، یہ جو کہا، تو دیکھئے
سامنے آن بیٹھنا اور یہ دیکھنا کہ یوں

مجھ سے کہا جو یار نے جاتے ہیں ہوش کس طرح
دیکھ کے میری بیخودی چلنے لگی ہوا کہ یوں

کب مجھے کوئے یار میں رہنے کی وضع یاد تھی
آئینہ دار بن گئی حیرتِ نقشِ پا کہ یوں

گر ترے دل میں ہے خیال وصل میں شوق کا زوال
موج محیطِ آب میں مارے ہے دست و پا کہ یوں

جو یہ کہے کہ ریختہ کیونکہ ہو رشکِ فارسی!
گفتۂ غالب ایک بار پڑھ کے اُسے سنا کہ یوں

ہم سے کھل جاؤ بوقتِ مے پرستی ایکدن
ورنہ ہم چھیڑیں گے رکھکر عذرِ مستی ایکدن

قرض کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں
رنگ لائیگی ہماری فاقہ مستی ایکدن

غرۂ اوجِ بنائے عالمِ امکاں نہو
اس بلندی کے نصیبوں میں ہے پستی ایکدن

نغمہائے غم کو بھی اے دل غنیمت جانئے
بے صدا ہوجائیگا یہ سازِ ہستی ایکدن

دھول دھپا اس سراپا ناز کا شیوہ نہیں
ہم ہی کر بیٹھے تھے غالب پیشدستی ایکدن

ہاتھا پائی

جہاں تیرا نقشِ قدم دیکھتے ہیں
خیاباں خیاباں ارم دیکھتے ہیں

دل آشفتگاں خالِ کنجِ دہن کے
سویدا میں سیرِ عدم دیکھتے ہیں

ترے سروِ قامت سے اک قدِ آدم
قیامت کے فتنہ کو کم دیکھتے ہیں

تماشا کر اے محوِ آئینہ داری
تجھے کس تمنا سے ہم دیکھتے ہیں

بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالب
تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں

مانعِ دشت نوردی کوئی تدبیر نہیں
ایک چکر ہے مرے پاؤں میں زنجیر نہیں

شوق اس دشت میں دوڑائے ہے مجھکو کہ جہاں
جادہ غیر از نگہِ دیدۂ تصویر نہیں

حسرتِ لذتِ آزار رہی جاتی ہے
جادۂ راہِ وفا جز دمِ شمشیر نہیں

رنجِ نومیدیٔ جاوید گوارا رہیو
خوش ہوں گر نالہ زبونی کشِ تاثیر نہیں

سر کھجاتا ہے جہاں زخمِ سر اچھا ہوجائے
لذتِ سنگ باندازۂ تقریر نہیں

جب کرم رخصتِ بیباکی و گستاخی دے
کوئی تقصیر بجز خجلتِ تقصیر نہیں

غالب اپنا یہ عقیدہ ہے بقولِ ناسخ
آپ بے بہرہ ہے جو معتقدِ میر نہیں

تیرے توسن کو صبا باندھتے ہیں
ہم بھی مضموں کی ہوا باندھتے ہیں

تیری فرصت کے مقابل اے عمر!
برق کو پا بہ حنا باندھتے ہیں

قیدِ ہستی سے رہائی معلوم
اشک کو بے سر و پا باندھتے ہیں

آہ کا کس نے اثر دیکھا ہے
ہم بھی اک اپنی ہوا باندھتے ہیں

نشۂ رنگ سے ہے واشدِ گل
مست کب بندِ قبا باندھتے ہیں

غلطی ہائے مضامیں مت پوچھ
لوگ نالے کو رسا باندھتے ہیں

اہلِ تدبیر کی واماندگیاں
آبلوں پر بھی حنا باندھتے ہیں

سادہ پُرکار ہیں خوباں غالب
ہم سے پیمانِ وفا باندھتے ہیں

حسد سے دل اگر افسردہ ہے گرمِ تماشا ہو
کہ چشمِ تنگ شاید کثرتِ نظارہ سے وا ہو

بقدرِ حسرتِ دل چاہیے ذوقِ معاصی بھی
بھروں یک گوشۂ دامن اگر آبِ ہفت دریا ہو

اگر وہ سرو قد گرمِ خرامِ ناز آجاوے
کفِ ہر خاکِ گلشن شکلِ قمری نالہ فرسا ہو

جز دل سراغِ دردِ بدل خفتگاں نہ پوچھ!
آئینہ عرض کر خط و خالِ بیاں نہ پوچھ

ہندوستان سایۂ گل پائے تخت تھا
سامانِ بادشاہیٔ وصلِ بتاں نہ پوچھ

ہر داغِ تازہ یک دلِ داغ انتظار ہے
عرضِ فضائے سینۂ دردِ امتحاں نہ پوچھ

ہے سبزہ زار ہر در و دیوارِ غمکدہ م
جس کی بہار یہ ہو پھر اس کی خزاں نہ پوچھ

ناچار بیکسی کی بھی حسرت اٹھائیے م
دشواریٔ رہ و ستمِ ہمرہاں نہ پوچھ

کہتا تھا کل وہ نامہ رساں سے بسوزِ دل
دردِ جدائیٔ اسد اللہ خاں نہ پوچھ

صد جلوہ روبرو ہے جو مژگاں اٹھائیے
طاقت کہاں کہ دید کا احساں اٹھائیے

ہستی فریبِ نامۂ موجِ سراب ہے
یک عمر نازِ شوخیٔ عنواں اٹھائیے

ہے سنگ پر براتِ معاشِ جنونِ عشق
یعنی ہنوز منتِ طفلاں اٹھائیے

ضبطِ جنوں سے ہر سرِ مو ہے ترانہ خیز
یک نالہ بیٹھے تو نیستاں اٹھائیے

دیوار بارِ منتِ مزدور سے ہے خم
اے خانماں خراب نہ احساں اٹھائیے

یا میرے زخمِ رشک کو رسوا نہ کیجیے
یا پردۂ تبسمِ پنہاں اٹھائیے

انگور سعی بے سر و پائی سے سبز ہے
غالب بدوشِ دل خمِ مستاں اٹھائیے

ہے بزمِ بتاں میں سخن آزردہ لبوں سے
تنگ آئے ہیں ہم ایسے خوشامد طلبوں سے

ہے دورِ قدح وجہِ پریشانیٔ صہبا
یک بار لگا دو خمِ مے میرے لبوں سے

رندانِ درِ میکدہ گستاخ ہیں زاہد
زنہار نہ ہونا طرف ان بے ادبوں سے

بیداد وفا دیکھ کہ جاتی رہی آخر
ہر چند مری جان کو تھا ربط لبوں سے

غمِ دنیا سے گر پائی بھی فرصت سر اٹھانے کی — فلک کا دیکھنا تقریب تیرے یاد آنے کی
کھلے گا کس طرح مضموں مرے مکتوب کا یارب — قسم کھائی ہے اس کافر نے کاغذ کے جلانے کی
لکد کوبِ حوادث کا تحمل کر نہیں سکتی — مری طاقت کہ ضامن تھی بتوں کے ناز اٹھانیکی
لپیٹنا پرنیاں میں شعلۂ آتش کا آساں ہے — دلے مشکل ہے حکمت دل میں سوزِ غم چھپانیکی
انہیں منظور اپنے زخمیوں کا دیکھ آنا تھا — اُٹھے تھے سیرِ گل کو، دیکھنا شوخی بہانیکی
ہماری سادگی تھی التفاتِ ناز پر مرنا — ترا آنا نہ تھا، ظالم مگر تمہید جانے کی

کہوں کیا خوبیٔ اوضاعِ ابنائے زماں غالب
بدی کی اُسنے جس سے ہم نے کی تھی بارہانیکی

بساطِ عجز میں تھا ایک دل یک قطرہ خوں وہ بھی
سو رہتا ہے بہ اندازِ چکیدن سرنگوں وہ بھی
رہے اس شوخ سے آزردہ ہم چندے تکلف سے
تکلف بر طرف تھا ایک اندازِ جنوں وہ بھی
مئے عشرت کی خواہش ساقیِ گردوں سے کیا کیجے!
لئے بیٹھا ہے اک دو چار جامِ واژگوں وہ بھی
مجھے معلوم ہے جو تونے میرے حق میں سوچا ہے

کہیں ہو جائے جلد اے گردشِ گردونِ دُوں وہ بھی

نہ اتنا بُرّشِ تیغِ جفا پر ناز فرماؤ
مرے دریائے بیتابی میں ہے اک موجِ خوں وہ بھی

خیالِ مرگ کب تسکیں دلِ آزردہ کو بخشے
مرے دامِ تمنا میں ہے اک صیدِ زبوں وہ بھی

نہ کرتا کاش نالہ مجھ کو کیا معلوم تھا ہمدم!
کہ ہوگا باعثِ افزائشِ دردِ دروں وہ بھی

نظر راحت پہ میری کر نہ وعدہ شب کے آنے کا
کہ میری خواب بندی کے لئے ہوگا فسوں وہ بھی

مرے دل میں ہے غالبؔ شوقِ وصل و شکوۂ ہجراں
خدا وہ دن کرے جو اُس سے میں یہ بھی کہوں وہ بھی

کیا تنگ ہم ستم زدگاں کا جہان ہے
جس میں کہ ایک بیضۂ مور آسمان ہے

ہے کائنات کو حرکت تیرے ذوق سے
پرتو سے آفتاب کے ذرّے میں جان ہے

کی اُس نے گرم سینۂ اہلِ ہوس میں جا
آوے نہ کیوں پسند کہ ٹھنڈا مکان ہے

بیٹھا ہے جو کہ سایۂ دیوارِ یار میں
فرماں روائے کشورِ ہندوستان ہے

کیا خوب، تم نے غیر کو بوسہ نہیں دیا
بس چپ رہو ہمارے بھی منہ میں زبان ہے

حالانکہ ہے یہ سیلیِ خارا سے لالہ رنگ
غافل کو میرے شیشہ پہ مے کا گمان ہے

ہستی کا اعتبار بھی غم نے مٹا دیا
کس سے کہوں کہ داغ جگر کا نشان ہے

ہے بارے اعتمادِ وفاداری اس قدر
غالب ہم اس میں خوش ہیں کہ نامہربان ہے

سرگشتگی میں عالمِ ہستی سے یاس ہے
تسکیں کو دے نوید کہ مرنے کی آس ہے

لیتا نہیں مرے دلِ آوارہ کی خبر
اب تک وہ جانتا ہے کہ میرے ہی پاس ہے

کیجے بیاں سرورِ تبِ غم کہاں تلک
ہر مو مرے بدن پہ زبانِ سپاس ہے

پی جسقدر ملے شبِ ماہتاب میں شراب
اس بلغمی مزاج کو گرمی ہی راس ہے

ہے وہ غرورِ حسن سے بیگانۂ وفا
ہر چند اس کے پاس دلِ حق شناس ہے

ہر اک مکان کو ہے مکیں سے شرف اسدؔ
مجنوں جو مر گیا ہے تو جنگل اداس ہے

گر خامشی سے فائدہ اخفائے حال ہے
خوش ہوں کہ میری بات سمجھنی محال ہے

کس کو سناؤں حسرتِ اظہار کا گلہ
دل، فردِ جمع و خرچ زباں ہائے لال ہے

کس پردہ میں ہے آئینہ پرداز اے خدا
رحمت کہ عذر خواہ لبِ بے سوال ہے

ہے ہے خدانخواستہ وہ اور دشمنی
اے شوقِ منفعل، یہ تجھے کیا خیال ہے

وحشت پہ میری عرصۂ آفاق تنگ تھا
دریا زمین کو عرقِ انفعال ہے

مشکیں لباسِ کعبہ علی کے قدم سے جان
نافِ زمین ہے، نہ کہ نافِ غزال ہے

ہستی کے مت فریب میں آ جائیو اسدؔ

عالم تمام حلقۂ دامِ خیال ہے ۴

نظر بہ نقصِ گدایاں کمالِ بے ادبی ہے
کہ خارِ خشک کو بھی دعوئے چمن نسبی ہے

ہوا وصال سے شوقِ دلِ حریص زیادہ
لبِ قدح پہ کفِ بادہ جوشِ تشنہ لبی ہے

خوشا وہ دل کہ سراپا طلسمِ بیخبری ہو
جنون و یاس و الم رزقِ مدعا طلبی ہے

تم اپنے شکوے کی باتیں نہ کھود کھود کے پوچھو
حذر کرو مرے دل سے کہ اس میں آگ دبی ہے

اسدؔ یہ درد و الم بھی تو مغتنم ہے کہ آخر
نہ گریۂ سحری ہے نہ آہِ نیم شبی ہے

رفتارِ عمر قطعِ رہِ اضطراب ہے
اس سال کے حساب کو برق آفتاب ہے

مینائے مے ہے سروِ نشاطِ بہار سے
بالِ تدرو جلوۂ موجِ شراب ہے

نظارہ کیا حریف ہو اس برقِ حسن کا
جوشِ بہار جلوے کو جس کے نقاب ہے

میں نامراد دل کی تسلی کو کیا کروں
مانا کہ تیرے رخ سے نگہ کامیاب ہے

گزرا اسدؔ مسرتِ پیغامِ یار سے
قاصد پہ مجھ کو رشکِ سوال و جواب ہے

زخمی ہوا ہے پاشنہ پائے ثبات کا
نے بھاگنے کی گوں نہ اقامت کی تاب ہے

جاداد بادہ نوشیِ رنداں ہے شش جہت
غافل گماں کرے ہے کہ گیتی خراب ہے

ہے آرمیدگی میں نکوہش بجا مجھے
صبحِ وطن ہے خندۂ دنداں نما مجھے

کرتا ہے بسکہ باغ میں تو بے حجابیاں
آنے لگی ہے نکہتِ گل سے حیا مجھے

کھلتا کسی پہ کیوں مرے دل کا معاملہ
شعروں کے انتخاب نے رسوا کیا مجھے

تاچند پست فطرتیِ طبعِ آرزو
یارب ملے بلندیِ دستِ دعا مجھے

یکبار امتحانِ ہوس بھی ضرور ہے
اے جوشِ عشق بادۂ مردآزما مجھے

ڈھونڈھے ہے اُس مغنیِ آتش نفس کو جی
جس کی صدا ہو جلوۂ برقِ فنا مجھے

مستانہ طے کروں ہوں رہِ وادیِ خیال
تا بازگشت سے نہ رہے مُدعا مجھے

جنوں تہمت کشِ تسکیں نہ ہو، گر شادمانی کی
نمک پاشِ خراشِ دل ہے لذت زندگانی کی

کشاکش ہائے ہستی سے کرے کیا سعیِ آزادی
ہوئی زنجیرِ موجِ آب کو فرصت روانی کی

پس از مردن بھی دیوانہ زیارت گاہِ طفلاں ہے
شرارِ سنگ نے تربت پہ میری گل فشانی کی

نکوہش ہے سزا فریادیِ بیدادِ دلبر کی
مبادا خندۂ دنداں نما ہو صبحِ محشر کی

رگِ لیلیٰ کو، خاکِ دشتِ مجنوں، ریشگی بخشے
اگر بو دے بجائے دانہ، دہقاں نوک نشتر کی

پرِ پروانہ، شاید بادبانِ کشتیِ مے تھا
ہوئی مجلس کی گرمی سے روانی دَورِ ساغر کی

غرورِ لطفِ ساقی نشۂ بیباکیٔ مستاں
نمِ دامانِ عصیاں ہے طراوت موجِ کوثر کی

کروں بیدادِ ذوقِ پرفشانی عرض کیا قدرت
کہ طاقت اڑ گئی اڑنے سے پہلے میرے شہپر کی

کہاں تک روؤں اُسکے خیمے کے پیچھے قیامت ہے
مری قسمت میں یا رب کیا نہ تھی دیوار پتھر کی

اسدؔ جز آب بخشیدن ز دریا خضر کو کیا تھا
ڈبوتا چشمۂ حیواں میں گر کشتی سکندر کی

آ، کہ مری جان کو قرار نہیں ہے
طاقتِ بیدادِ انتظار نہیں ہے

دیتے ہیں جنت حیاتِ دہر کے بدلے
نشہ بہ اندازۂ خمار نہیں ہے

گریہ نکالے ہے تیری بزم سے مجھکو
ہائے کہ رونے پہ اختیار نہیں ہے

ہم سے عبث ہے گمانِ رنجشِ خاطر
خاک میں عشاق کے غبار نہیں ہے

دل سے اُٹھا لطفِ جلوہ ہائے معانی
غیرِ گل آئینۂ بہار نہیں ہے

قتل کا میرے کیا ہے عہد تو بارے
وائے اگر عہد استوار نہیں ہے

تو نے قسم میکشی کی کھائی ہے غالب
تیری قسم کا کچھ اعتبار نہیں ہے

ہجومِ غم سے یاں تک سرنگونی مجھکو حاصل ہے
کہ تارِ دامن و تارِ نظر میں فرق مشکل ہے

بہ سیلِ اشک لختِ دل ہے دامن گیر مژگاں کا
غریقِ بحر جویائے خس و خاشاکِ ساحل ہے

رفوئے زخم سے مطلب ہے لذت زخمِ سوزن کی
۴
سمجھیو مت کہ پاس درد سے دیوانہ غافل ہے
وہ گُل جس گلستاں میں جلوہ فرمائی کرے غالبؔ
چٹکنا غنچۂ دل کا صدائے خندۂ دل ہے

غم وہ افسانہ کہ آشفتہ بیانی مانگے | تو وہ بدخو کہ تحیر کو تماشا جانے
پائے طاؤس پئے خامۂ مانی مانگے | نقشِ نازِ بتِ طنّاز، بہ آغوشِ رقیب

وہ تپِ عشق تمنا ہے کہ پھر صورتِ شمع
شعلہ تا نبضِ جگر ریشہ دوانی مانگے

خار پا ہیں جوہرِ آئینۂ زانو مجھے | پا بہ دامن ہو رہا ہوں بسکہ میں صحرا نورد
ہے نگاہِ آشنا، تیرا سرِ ہر مو مجھے | دیکھنا حالت مرے دل کی ہم آغوشی کے وقت
ہے یہی بہتر کہ لوگوں میں نہ چھیڑے تو مجھے | ہوں سراپا سازِ آہنگِ شکایت کچھ نہ پوچھ

کثرتِ جور و ستم سے ہو گیا ہوں بیدماغ
خوبرویوں نے بنایا غالبِ بدخو مجھے

امتحاں اور بھی باقی ہو، تو یہ بھی نہ سہی | نہ ہوئی گر مرے مرنے سے تسلی نہ سہی
شوق، گلچینِ گلستانِ تسلی نہ سہی | خار خارِ المِ حسرتِ دیدار تو ہے
ایک دن گر نہ ہوا بزم میں ساقی نہ سہی | مے پرستاں خمِ مے منہ سے لگائے ہی بنے
گر نہیں شمعِ سیہ خانۂ لیلیٰ نہ سہی | نقشِ قیس، کہ ہے چشم و چراغِ صحرا

ایک ہنگامہ پہ موقوف ہے گھر کی رونق — نوحۂ غم ہی سہی نغمۂ شادی نہ سہی

نہ ستائش کی تمنا نہ صلہ کی پروا — گر نہیں ہیں مرے اشعار میں معنی نہ سہی

عشرتِ صحبتِ خوباں ہی غنیمت سمجھو

نہ ہوئی غالب اگر عمرِ طبیعی نہ سہی

گلشن کو تری صحبت از بسکہ خوش آئی ہے — ہر غنچے کا گل ہونا آغوش کشائی ہے

واں کنگرِ استغنا ہر دم ہے بلندی پر — یاں نالے کو اور الٹا دعوائے رسائی ہے

از بسکہ سکھاتا ہے غم ضبط کے اندازے — جو داغ نظر آیا اک چشم نمائی ہے

وہ دیکھ کے حسن اپنا مغرور ہوا غالب

صد جلوۂ آئینہ یک صبحِ جدائی ہے

سیماب پشت گرمیِ آئینہ دے ہے ہم — حیراں کیے ہوئے ہیں دلِ بیقرار کے

آغوشِ گل کشودہ برائے وداع ہے — اے عندلیب چل کہ چلے دن بہار کے

ہم مشقِ فکرِ وصل و غمِ ہجر سے اسد

لائق نہیں رہے ہیں غمِ روزگار کے

ہجومِ نالہ حیرت عاجزِ عرضِ یک افغاں ہے

خموشی ریشۂ صد نیستاں سے خس بہ دنداں ہے

تکلف برطرف ہے جانستاں تر لطفِ بدخویاں

نگاہِ بے حجابِ یار تیغِ تیزِ عریاں ہے

ہوئی یہ کثرتِ غم سے تلف کیفیتِ شادی
کہ صبحِ عید مجھ کو بدتر از چاکِ گریباں ہے

دل و دیں نقد لا ساقی سے گر سودا کیا چاہے
کہ اس بازار میں ساغر متاعِ دستگرداں ہے
غم آغوشِ بلا میں پرورش دیتا ہے عاشق کو
چراغِ روشن اپنا، قلزمِ صرصر کا مرجاں ہے

عاشق نقاب جلوۂ جانانہ چاہیئے
فانوسِ شمع کو پرِ پروانہ چاہیئے
ہے وصل ہجر عالمِ تمکین و ضبط میں
معشوقِ شوخ و عاشقِ دیوانہ چاہیئے
پیدا کریں دماغِ تماشائے سرو و گل
حسرت کشوں کو ساغر و مینا نہ چاہیئے
دیوانگاں ہیں حاملِ رازِ نہانِ عشق
اے بے تمیز گنج کو ویرانہ چاہیئے
اس لب سے مل ہی جائیگا بوسہ کبھی تو ہاں
شوقِ فضول و جراتِ رندانہ چاہیئے
ساقی! بہارِ موسمِ گل ہے سرور بخش
پیماں سے ہم گذر گئے، پیمانہ چاہیئے
جادو ہے طرزِ گفتگوئے یار، اے اسدؔ
یاں جز فسوں نہیں، اگر افسانہ چاہیئے

چاک کی خواہش اگر وحشت بہ عریانی کرے
صبح کی مانند زخمِ دل گریبانی کرے
میکدہ گر چشمِ مستِ یار سے پائے شکست
موئے شیشہ دیدۂ ساغر کی مژگانی کرے

خطِ عارض سے لکھا ہے زلف کو الفت کا عہد — یک قلم منظور ہے جو کچھ پریشانی کرے

جلوہ کا تیرے وہ عالم ہے اگر کیجے خیال — دیدۂ دل کو زیارت گاہِ حیرانی کرے

ہے شکستن سے بھی دل نومید یارب کب تلک
آبگینہ کوہ پر عرضِ گراں جانی کرے

ہر قدم دوریِ منزل ہے نمایاں مجھ سے — میری رفتار سے بھاگے ہے بیاباں مجھ سے

غمِ عشاق نہ ہو سادگی آموزِ بتاں — کسقدر خانۂ آئینہ ہے ویراں مجھ سے

درسِ عنوانِ تماشا بہ تغافل خوشتر — ہے نگہ رشتۂ شیرازۂ مژگاں مجھ سے

وحشتِ آتشِ دل سے شبِ تنہائی میں — صورتِ دود رہا سایہ گریزاں مجھ سے

اثرِ آبلہ سے جادۂ صحرائے جنوں! — صورتِ رشتۂ گوہر ہے چراغاں مجھ سے

بیکسی ہائے شبِ ہجر کی وحشت ہے ہے — سایہ خورشیدِ قیامت میں ہے پنہاں مجھ سے

بیخودی بسترِ تمہیدِ فراغت ہو جو — پُر ہے سائے کی طرح میرا شبستاں مجھ سے

شوقِ دیدار میں گر تو مجھے گردن مارے — جوں گلِ شمع ہو نظارہ پریشاں مجھ سے

گردشِ ساغرِ صد جلوۂ رنگیں تجھ سے — آئینہ داریِ یک دیدۂ حیراں مجھ سے

اے اسد! دسترسِ وصلِ تمنا معلوم — کاش ہو قدرتِ برچیدنِ داماں مجھ سے

نگہِ گرم سے اک آگ ٹپکتی ہے اسد
ہے چراغاں خس و خاشاکِ گلستاں مجھ سے

تپش سے میری وقفِ کشمکش ہر تارِ بستر ہے   م   مرا سر رنجِ بالیں ہے مرا تن بارِ بستر ہے

خوشا اقبالِ رنجوری، عیادت کو تم آئے ہو   فروغِ شمعِ بالیں طالعِ بیدارِ بستر ہے

سرشکِ سر بہ صحرا دادہ، نور العینِ دامن ہے   دلِ بے دست و پا افتادہ برخوردارِ بستر ہے

بہ طوفاں گاہِ جوشِ اضطرابِ شامِ تنہائی   شعاعِ آفتابِ صبحِ محشر تارِ بستر ہے

ابھی آتی ہے بو بالش سے اسکی زلفِ مشکیں کی   ہماری دید کو خوابِ زلیخا عارِ بستر ہے

کہوں کیا دل کی کیا حالت ہے ہجرِ یار میں غالب
م
کہ بیتابی سے ہر اک تارِ بستر خارِ بستر ہے

کرے ہے بادہ ترے لب سے کسبِ رنگِ فروغ [1]   خطِ پیالہ، سراسر نگاہِ گلچیں ہے

بجا ہے گر نہ سنے نالہ ہائے بلبلِ زار [1]   کہ گوشِ گل نمِ شبنم سے پنبہ آگیں ہے

کبھی تو اس دلِ شوریدہ کی بھی داد ملے   م   کہ ایک عمر سے حسرت پرستِ بالیں ہے

اسد ہے نزع میں چل بیوفا برائے خدا
م
مقامِ ترکِ حجاب و وداعِ تمکیں ہے

یاد ہے شادی میں بھی ہنگامۂ یارب مجھے   سبحۂ زاہد ہوا ہے خندہ زیرِ لب مجھے

ہے کشادِ خاطرِ وابستہ در رہنِ سخن   تھا طلسمِ قفلِ ابجد خانۂ مکتب مجھے

یارب اس آشفتگی کی داد کس سے چاہیے   رشک آسائش پہ ہے زندانیوں کی اب مجھے

---

[1] یہ دو اشعار جو دیوان غالب کے عام نسخوں میں ملتے ہیں، نسخہ حمیدیہ کے صفحہ ۲۲۳ اور صفحہ ۲۲۴ پر بطور غیر مطبوعہ اشعار کے شائع ہوئے ہیں۔ باقی دو اشعار نسخہ حمیدیہ میں موجود نہیں اور غالباً بھوپالی نسخہ کی ترتیب کے بعد لکھے گئے۔

شومیٔ طالع سے ہوں ذوقِ معاصی میں اسیر — نامۂ اعمال ہے تاریکیٔ کوکب مجھے!

طبع ہے مشتاقِ لذت ہائے حسرت کیا کروں — آرزو سے ہے شکستِ آرزو مطلب مجھے

دل لگا کر آپ بھی غالب مجھی سے ہو گئے
عشق سے آتے تھے مانع میرزا صاحب مجھے

زبسکہ مشقِ تماشا، جنوں علامت ہے — کشاد و بستِ مژہ، سیلیٔ ندامت ہے

بہ پیچ و تابِ ہوس، سلکِ عافیت مت توڑ — نگاہِ عجز سرِ رشتۂ سلامت ہے

وفا مقابل و دعوائے عشق بے بنیاد — جنونِ ساختہ و فصلِ گل قیامت ہے

نہ جانوں، کیونکہ مٹے داغِ طعنِ بدعہدی — تجھے کہ آئینہ بھی ورطۂ ملامت ہے

اسد! بہارِ تماشائے گلستانِ حیات
وصالِ لالہ عذارانِ سرو قامت ہے

شوخیٔ مضراب جولاں، آبیارِ نغمہ ہے — برگ ریزِ ناخنِ مطرب بہارِ نغمہ ہے

سازِ عیشِ بیدلی ہے خانہ ویرانی مجھے — سیلِ یاں کوکِ صدائے آبشارِ نغمہ ہے

نشہ ہا شادابِ رنگ و ساز ہا مستِ طرب — شیشۂ مے سروِ سبزِ جوئبارِ نغمہ ہے

ہم نشیں مت کہہ کہ برہم کر نہ بزمِ عیشِ دوست
واں تو میرے نالہ کو بھی اعتبارِ نغمہ ہے

خود فروشیہائے ہستی بسکہ جائے خندہ ہے — تا شکستِ قیمتِ دلہا صدائے خندہ ہے

عرضِ نازِ شوخیٔ دنداں برائے خندہ ہے — دعوئے جمعیتِ احباب جائے خندہ ہے

ہے عدم میں غنچہ محوِ عبرتِ انجامِ گل | یک جہاں زانو تامل در قفائے خندہ ہے
کلفتِ افسردگی کو عیشِ بیتابی حرام | ورنہ دنداں در دل افشردن بنائے خندہ ہے
نقشِ عبرت در نظر یا نقدِ عشرت در بساط | دو جہاں وسعت بہ قدرِ یک فضائے خندہ ہے

سوزشِ باطن کے ہیں احباب منکر ورنہ یاں
دل محیطِ گریہ و لب آشنائے خندہ ہے

م

جب تک دہانِ زخم نہ پیدا کرے کوئی | مشکل کہ تجھ سے راہِ سخن وا کرے کوئی
سر بر ہوئی نہ وعدۂ صبر آزما سے عمر | فرصت کہاں کہ تیری تمنا کرے کوئی
عالم غبارِ وحشتِ مجنوں ہے سر بسر | کب تک خیالِ طرۂ لیلا کرے کوئی
افسردگی نہیں طرب انشائے التفات | ہاں درد بن کے دل میں مگر جا کرے کوئی
رونے سے اے ندیم ملامت نہ کر مجھے | آخر کبھی تو عقدۂ دل وا کرے کوئی
تمثال جلوہ عرض کر اے حسن کب تلک | آئینۂ خیال کو دیکھا کرے کوئی
چاکِ جگر سے جب رہِ پرسش نہ وا ہوئی | کیا فائدہ کہ جیب کو رسوا کرے کوئی
بیکاریِ جنوں کو ہے سر پیٹنے کا شغل | جب ہاتھ ٹوٹ جائیں تو پھر کیا کرے کوئی
لختِ جگر سے ہے رگِ ہر خار شاخِ گل | تا چند باغبانیِ صحرا کرے کوئی
ہے وحشتِ طبیعتِ ایجاد یاس خیز | یہ درد وہ نہیں کہ نہ پیدا کرے کوئی
ناکامیِ نگاہ ہے برقِ نظارہ سوز | تو وہ نہیں کہ تجھ کو تماشا کرے کوئی
عرضِ سرشک پہ ہے فضائے زمانہ تنگ | صحرا کہاں کہ دعوتِ دریا کرے کوئی

ہر سنگ و خشت ہے صدفِ گوہرِ شکست ۔ نقصان نہیں جنوں سے جو سودا کرے کوئی

۴

حسنِ فروغِ شمعِ سخن دور ہے اسدؔ
پہلے دلِ گداختہ پیدا کرے کوئی

باغ تجھ بن گُلِ نرگس سے ڈراتا ہے مجھے ۔ چاہوں گر سیرِ چمن آنکھ دکھاتا ہے مجھے
نالہ سرمایۂ یک عالم و عالم کفِ خاک ۔ آسماں بیضۂ قمری نظر آتا ہے مجھے
میں ہوں اور حیرتِ جاوید مگر ذوقِ خیال ۔ بہ فسونِ نگہ ناز ستاتا ہے مجھے
جوہرِ تیغ بہ سرچشمۂ دیگر معلوم ۔ ہوں میں وہ سبزہ کہ زہراب اُگاتا ہے مجھے
مدعا محوِ تماشائے شکستِ دل ہے ۔ آئینہ خانے میں کوئی لئے جاتا ہے مجھے
باغ پاکر خفقانی یہ ڈراتا ہے مجھے ۔ سایۂ شاخِ گُل افعی نظر آتا ہے مجھے

۴

زندگی میں تو وہ محفل سے اُٹھا دیتے تھے
دیکھوں اب مر گئے پر کون اُٹھاتا ہے مجھے

کوہ کے ہوں بارِ خاطر گر صدا ہو جائے ۔ بے تکلف اے شرارِ جستہ کیا ہو جائے
یاد رکھئے نازہائے التفاتِ اولیں ! ۔ آشیانِ طائرِ رنگِ رسا ہو جائے
بیضہ آسا ننگِ بال و پر ہے یہ کنجِ قفس ۔ از سرِ نو زندگی ہو گر رہا ہو جائے
لطفِ عشقِ ہر یک اندازِ دگر دکھلائیگا ۔ بے تکلف یک نگاہِ آشنا ہو جائے
دادا از دستِ جفائے صدمۂ ضرب المثل
گر ہمہ افتادگی جوں نقشِ پا ہو جائے

کارگاہِ ہستی میں، لالہ داغ ساماں ہے | برقِ خرمنِ راحت خونِ گرمِ دہقاں ہے
غنچہ تا شگفتن ہا، برگِ عافیت معلوم | باوجودِ دلجمعی، خوابِ گل پریشاں ہے

م
ہم سے رنجِ بیتابی کس طرح اٹھایا جائے
داغِ پشتِ دستِ عجز، شعلہ خس بہ دنداں ہے

آمدِ سیلابِ طوفانِ صدائے آب ہے | نقشِ پا جو کان میں رکھتا ہے انگلی جادہ سے
بزمِ مے وحشت کدہ ہے کس کی چشمِ مست کا | شیشے میں نبضِ پری پنہاں ہے موجِ بادہ سے
خیمۂ لیلیٰ سیاہ و خانۂ مجنوں خراب | جوشِ ویرانی ہے عشقِ داغ بیروں دادہ سے

بزمِ ہستی وہ تماشا ہے کہ جس کو ہم اسدؔ
دیکھتے ہیں چشم از خوابِ عدم نکشادہ سے

جس جا نسیم شانہ کشِ زلفِ یار ہے | نافہ، دماغِ آہوئے دشتِ تتار ہے
ہے ذرہ ذرہ تنگیٔ جا سے غبارِ شوق | گر دام یہ ہے وسعتِ صحرا شکار ہے
کس کا سراغِ جلوہ ہے حیرت کو اے خدا | آئینہ فرشِ ششش جہتِ انتظار ہے
چھڑکے ہے شبنم آئینۂ برگِ گل پر آب | اے عندلیب، وقتِ وداعِ بہار ہے
دل مت گنوا، خبر نہ سہی، سیر ہی سہی | اے بے دماغ آئینہ تمثال دار ہے
بے پردہ سوئے وادیٔ مجنوں گزر نہ کر | ہر ذرے کے نقاب میں دل بیقرار ہے
اے عندلیب، یک کفِ خس بہرِ آشیاں | طوفانِ آمد آمدِ فصلِ بہار ہے
م دل مدعی و دیدہ بنا مدعا علیہ | نظارہ کا مقدمہ پھر روبکار ہے

پیچ آپڑی ہے وعدۂ دلدار کی مجھے
وہ آئے یا نہ آئے پہ یاں انتظار ہے

غفلت کفیلِ عمر و اسدؔ ضامنِ نشاط
اے مرگِ ناگہاں تجھے کیا انتظار ہے

خموشیوں میں تماشا ادا نکلتی ہے
نگاہ دل سے تری سُرمہ سا نکلتی ہے

برنگِ شیشہ ہوں یک گوشۂ دلِ خالی
کبھی پری مری خلوت میں آ نکلتی ہے

فشارِ تنگیِ خلوت سے بنتی ہے شبنم
صبا جو غنچے کے پردے میں جا نکلتی ہے

نہ پوچھ سینۂ عاشق سے آبِ تیغِ نگاہ
کہ زخمِ روزنِ در سے ہوا نکلتی ہے

آئینہ کیوں نہ دوں کہ تماشا کہیں جسے
ایسا کہاں سے لاؤں کہ تجھ سا کہیں جسے

بے انتظار سے شرر آبادِ رستخیز
مژگانِ کوہکن رگِ خارا کہیں جسے

حسرت نے لا رکھا تری بزمِ خیال میں
گلدستۂ نگاہ سویدا کہیں جسے

کس فرصتِ وصال پہ ہے گل کو عندلیب
زخمِ فراق خندۂ بیجا کہیں جسے

درکار ہے شگفتنِ گلہائے عیش کو
صبحِ بہار پنبۂ مینا کہیں جسے

پھونکا ہے کس نے گوشِ محبت میں اے خدا
افسونِ انتظار تمنا کہیں جسے

یارب ہمیں تو خواب میں بھی مت دکھائیو
یہ محشرِ خیال کہ دنیا کہیں جسے

سر پر ہجومِ دردِ غریبی سے ڈالیے
وہ ایک مشتِ خاک کہ صحرا کہیں جسے

ہے چشمِ تر میں حسرتِ دیدار سے نہاں
شوقِ عناں گسیختہ دریا کہیں جسے

غالبؔ بُرا نہ مان جو واعظ بُرا کہے!
ایسا بھی کوئی ہے کہ سب اچھا کہیں جسے

شبنم بہ گلِ لالہ نہ خالی ز ادا ہے — داغِ دلِ بیدرد نظرگاہِ حیا ہے
دل خوں شدۂ کشمکشِ حسرتِ دیدار — آئینہ بدستِ بُتِ بدمستِ حنا ہے
تمثال میں تیری ہے وہ شوخی کہ بصد ذوق — آئینہ بہ اندازِ گل آغوش کشا ہے
قمری کفِ خاکستر و بلبل قفسِ رنگ — اے نالہ نشانِ جگرِ سوختہ کیا ہے
مجبوریٔ دعوائے گرفتاریٔ الفت — دستِ تہِ سنگ آمدہ پیمانِ وفا ہے
اے پرتوِ خورشیدِ جہاں تاب ادھر بھی — سائے کی طرح ہم پہ عجب وقت پڑا ہے
معلوم ہوا حالِ شہیدانِ گذشتہ — تیغِ ستم آئینۂ تصویر نما ہے
بیگانگیٔ خلق سے بیدل نہ ہو غالبؔ — کوئی نہیں تیرا تو مری جان خدا ہے

شعلے سے نہ ہوتی ہوسِ شعلہ نے جو کی — جی کس قدر افسردگیٔ دل پہ جلا ہے
خُو نے تری افسردہ کیا وحشتِ دل کو — معشوقی و بے حوصلگی طُرفہ بلا ہے

ناکردہ گناہوں کی بھی حسرت کی ملے داد!
یارب اگر ان کردہ گناہوں کی سزا ہے

مستی[1] بہ ذوقِ غفلتِ ساقی ہلاک ہے — موجِ شراب یک مژۂ خوابناک ہے

---

[1] یہ شعر مروجہ دیوان میں ملتا ہے۔ نسخۂ حمیدیہ کے صفحہ ۲۲۳ پر غیر مطبوعہ غزلوں کی تحت میں شایع ہوا ہے۔

؎ جز زخمِ تیغِ ناز نہیں دل میں آرزو — جیبِ خیال بھی ترے ہاتھوں سے چاک ہے

؎ جوشِ جنوں سے کچھ نظر آتا نہیں اسدؔ
صحرا ہماری آنکھ میں اک مشتِ خاک ہے

جو نہ نقدِ داغِ دل کی کرے شعلہ پاسبانی — تو فسردگی نہاں ہے بہ کمینِ بے زبانی

بفرازگاہِ عبرت چہ بہار و گو تماشا — کہ نگاہ ہے سیہ پوش بعزائے زندگانی

بہ فراقِ رفتہ یاراں خط و حرف مو پریشاں — دلِ غافل از حقیقت ہمہ ذوقِ قصہ خوانی

نہ وفا کو آبرو ہے نہ جفا تمیز جو ہے — چہ حسابِ جاں فشانی چہ غرورِ دلستانی

شرر و شورِ آرزو سے تب و تابِ عجز بہتر — نہ کرے اگر ہوس پر غمِ بیدلی گرانی

مجھے انتعاشِ غم نے پئے عرضِ حال بخشی — ہوسِ غزل سرائی، تپشِ فسانہ خوانی

مجھے اس سے کیا توقع بہ زمانۂ جوانی — مطلع — کبھی کودکی میں جس نے نہ سنی مری کہانی

دلِ ناامید کیونکہ بہ تسلی آشنا ہو — جو امیدوار بستے نہ بمرگِ ناگہانی

مجھے بادۂ طرب سے بہ خمار گاہِ قسمت — جو ملی تو تلخ کامی جو ہوئی تو سرگرانی

نہ ستم کر اب تو مجھ پر کہ وہ دن گئے کہ ہاں تھی — مجھے طاقت آزمانی تجھے الفت آزمانی

یونہی دکھ کسی کو دینا نہیں خوب ورنہ کہتا — کہ مرے عدو کو یارب ملے میری زندگانی

یہی بار بار جی میں مرے آئے ہے کہ غالب
کروں خوانِ گفتگو پر دل و جاں کی میہمانی

؎ یہ دو شعر جو مروجہ دیوان میں ملتے ہیں نسخۂ حمیدیہ کے صفحہ ۲۳۳ پر علیحدہ غزلوں کی تحت میں شایع ہ

میرے بعد

حسن غمزے کی کشاکش سے چھٹا میرے بعد
بارے آرام سے ہیں اہلِ جفا میرے بعد

منصبِ شیفتگی کے کوئی قابل نہ رہا
ہوئی معزولیِ انداز و ادا میرے بعد

شمع بجھتی ہے تو اس میں سے دھواں اٹھتا ہے
شعلۂ عشق سیہ پوش ہوا میرے بعد

خوں ہے دل خاک میں احوالِ بتاں پر یعنی
اُنکے ناخن ہوئے محتاجِ حنا میرے بعد

درخورِ عرض نہیں جوہرِ بیداد کو جا
نگہِ ناز ہے سرمے سے خفا میرے بعد

ہے جنوں اہلِ جنوں کے لئے آغوشِ وداع
چاک ہوتا ہے گریباں سے جدا میرے بعد

کون ہوتا ہے حریفِ مئے مرد افگنِ عشق
ہے مکرر لبِ ساقی پہ صلا میرے بعد

غم سے مرتا ہوں کہ اتنا نہیں دنیا میں کوئی
کہ کرے تعزیتِ مہر و وفا میرے بعد

تھی نگہ میری نہاں خانۂ دل کی نقاب
بے خطر جیتے ہیں اربابِ ریا میرے بعد

تھا میں گلدستۂ احباب کی بندش کی گیاہ
متفرق ہوئے میرے رفقا میرے بعد

آئے ہے بیکسیِ عشق پہ رونا غالب
کس کے گھر جائیگا سیلابِ بلا میرے بعد

نوحہ

درد سے میرے ہے تجھ کو بیقراری ہائے ہائے
کیا ہوئی ظالم تری غفلت شعاری ہائے ہائے

تیرے دل میں گر نہ تھا آشوبِ غم کا حوصلہ
تو نے پھر کیوں کی تھی میری غمگساری ہائے ہائے

کیوں مری غمخوارگی کا تجھکو آیا تھا خیال؟
دشمنی اپنی تھی میری دوستداری ہائے ہائے

عمر بھر کا تو نے پیمانِ وفا باندھا تو کیا
عمر کو بھی تو نہیں ہے پائداری ہائے ہائے

شرم رسوائی سے جا چھپنا نقابِ خاک میں
ختم ہے الفت کی تجھ پر پردہ داری ہائے ہائے

گلفشانی ہائے نازِ جلوہ کو کیا ہو گیا
خاک پر ہوتی ہے تیری لالہ کاری ہائے ہائے

زہر لگتی ہے مجھے آب و ہوائے زندگی
یعنی تجھ سے تھی اسے ناسازگاری ہائے ہائے

ہاتھ ہی تیغ آزما کا کام سے جاتا رہا
دل پہ اک لگنے نہ پایا زخمِ کاری ہائے ہائے

خاک میں ناموسِ پیمانِ محبت مل گئے
اٹھ گئی دنیا سے راہ و رسمِ یاری ہائے ہائے

کس طرح کاٹے کوئی شب ہائے تارِ برشکال
ہے نظر خو کردۂ اختر شماری ہائے ہائے

گوش مہجورِ پیام و چشم محرومِ جمال
ایک دل تس پر یہ ناامیدواری ہائے ہائے

گر مصیبت تھی تو غربت میں اٹھاتے اسد
میری دہلی ہی میں ہونی تھی یہ خواری ہائے ہائے

عشق نے پکڑا نہ تھا غالبؔ ابھی الفت کا رنگ
رہ گیا تھا دل میں جو کچھ ذوقِ خواری ہائے ہائے

قطعہ

شب کہ برقِ سوزِ دل سے زہرۂ ابر آب تھا
شعلۂ جوّالہ ہر یک حلقۂ گرداب تھا

واں کرم کو عذرِ بارش تھا عناں گیرِ خرام
گریے سے یاں پنبۂ بالش کفِ سیلاب تھا

واں خود آرائی کو تھا موتی پرونے کا خیال — یاں ہجومِ اشک میں تارِ نگہ نایاب تھا
جلوۂ گل نے کیا تھا واں چراغاں آبجو — یاں رواں مژگانِ چشمِ تر سے خونِ ناب تھا
یاں سرِ پُرشور بے خوابی سے تھا دیوار جُو — واں وہ فرقِ ناز محوِ بالشِ کمخواب تھا
یاں نفس کرتا تھا روشن شمعِ بزمِ بیخودی — جلوۂ گل واں بساطِ صحبتِ احباب تھا
فرش سے تا عرش واں طوفاں تھا موجِ رنگ کا — یاں زمیں سے آسماں تک سوختن کا باب تھا
واں ہجومِ نغمہ ہائے سازِ عشرت تھا اسدؔ — ناخنِ غم یاں سرِ تارِ نفس مضراب تھا
ناگہاں اس رنگ سے خونابہ ٹپکانے لگا — دل، کہ ذوقِ کاوشِ ناخن سے لذت یاب تھا

شب کہ ذوقِ گفتگو سے تیری دل بیتاب تھا — شوخیٔ وحشت سے افسانہ فسونِ خواب تھا
نالۂ دل میں شب اندازِ اثر نایاب تھا — تھا سپندِ بزمِ وصلِ غیر گو بیتاب تھا
مقدمِ سیلاب سے کیا نشاط آہنگ ہے — خانۂ عاشق مگر سازِ صدائے آب تھا
نازشِ ایامِ خاکستر نشینی کیا کہوں — پہلوئے اندیشہ وقفِ بسترِ سنجاب تھا
کچھ نہ کی اپنے جنونِ نارسا نے ورنہ یاں — ذرہ ذرہ روکشِ خورشیدِ عالم تاب تھا
آج کیوں پروا نہیں اپنے اسیروں کی تجھے؟ — کل تلک تیرا بھی دل مہر و وفا کا باب تھا
یاد کر وہ دن کہ ہر اک حلقہ تیرے دام کا — انتظارِ صید میں اک دیدۂ بیخواب تھا

میں نے روکا رات غالب کو وگرنہ دیکھتے
اس کے سیلِ گریہ میں گردوں کفِ سیلاب تھا

قصیدہ در منقبت

ساز یک ذرہ نہیں فیضِ چمن سے بیکار ‏ سایۂ لالۂ بے داغ سویدائے بہار

مستیٔ بادِ صبا سے ہے بعرضِ سبزہ ‏ ریزۂ شیشۂ مے جوہرِ تیغِ کہسار

سبزہ ہے جامِ زمرد کی طرح داغِ پلنگ ‏ ۴ ‏ تازہ ہے ریشۂ نارنج صفت روئے شرار

حسرتِ جلوۂ ساقی ہے کہ ہر پارۂ ابر ‏ سینہ بیتابی سے ملتا ہے بہ تیغِ کہسار

مستیٔ ابر سے گلچینِ طرب ہے حسرت ‏ کہ اس آغوش میں ممکن ہے دو عالم کا فشار

کوہ و صحرا ہمہ معموریٔ شوقِ بلبل ‏ راہِ خوابیدہ ہوئی خندۂ گل سے بیدار

سونپے ہے فیض ہوا صورتِ مژگانِ یتیم ‏ سرنوشتِ دو جہاں ابر بہ یک سطرِ غبار

کفِ ہر خاک بگردوں شدہ قمری پرواز ‏ دامِ ہر کاغذِ آتش زدہ طاؤس شکار

کاٹ کر پھینکیے ناخن تو بہ اندازِ ہلال ‏ قوتِ نامیہ اسکو بھی نہ چھوڑے بیکار

میکدے میں ہو اگر آرزوئے گلچینی ‏ بھول جا یک قدحِ بادہ بطاقِ گلزار

موجِ گل ڈھونڈ بہ خلوتکدۂ غنچۂ باغ ‏ گم کرے گوشۂ میخانہ میں گر تو دستار

کھینچے گر مانیٔ اندیشہ چمن کی تصویر ‏ سبز مثلِ خطِ نوخیز ہو خطِ پرکار

لعل سے کی ہے پئے زمزمۂ مدحتِ شاہ ‏ طوطیٔ سبزۂ کہسار نے پیدا منقار

وہ شہنشاہ کہ جس کے پئے تعمیرِ سرا ‏ چشمِ جبریل ہوئی قالبِ خشتِ دیوار

فلک العرش ہجومِ خمِ دوشِ مزدور ‏ رشتۂ فیضِ ازل سازِ طنابِ معمار

سبزۂ نہ چمن و یک خطِ پشتِ لبِ بام
رفعتِ ہمتِ صد عارف و یک اوجِ حصار

واں کی خاشاک سے حاصل ہو جسے یک پرِ کاہ
وہ رہے مروحۂ بالِ پری سے بیزار

ذرہ اس گرد کا خورشید کو آئینۂ ناز
گرد اس دشت کی امید کو احرامِ بہار

خاک صحرائے نجف جوہرِ سیرِ عرفا
چشمِ نقشِ قدم آئینۂ بختِ بیدار

آفرینش کو ہے واں سے طلبِ مستیِ ناز
عرضِ خمیازۂ ایجاد ہے ہر موجِ غبار

فیض سے تیرے ہے اے شمعِ شبستانِ بہار
دلِ پروانہ چراغاں، پرِ بلبل گلزار

تیری اولاد کے غم میں ہے بروئے گردوں
سلکِ اختر میں مہِ نو مژۂ گوہر بار

مدح میں تیری نہاں زمزمۂ نعتِ نبیؐ
جام سے تیرے عیاں بادۂ جوشِ اسرار

ہم عبادت کو ترا نقشِ قدم مہرِ نماز
ہم ریاضت کو ترے حوصلے سے استظہار

تہمتِ بیخودیِ کفر نہ کھینچے یا رب!
کمیِ ربطِ نیاز و حظِ نازِ بسیار

ہے اسیرِ ستمِ کشمکشِ دامِ وفا
دلِ وارستۂ ہفتاد و دو ملت بیزار

جوہرِ دستِ دعا آئینہ یعنی تاثیر
یک طرف نازشِ مژگان و دگر سو غمِ خار

مردمک سے ہو عزا خانۂ اقبالِ نگاہ
خاکِ در کی تری جو چشم نہ ہو آئینہ دار

دشمنِ آلِ نبی کو بطرب خانۂ دہر
عرضِ خمیازۂ سیلاب ہو طاقِ دیوار

دیدہ تا دل اسدؔ آئینۂ یک پرتوِ شوق
فیضِ معنی سے خطِ ساغرِ راقم سرشار

قصیدہ فی المنقبت

توڑے ہے عجز تنک حوصلہ بر روئے زمیں
سجدۂ تمثال وہ آئینہ کہیں جس کو جبیں"

دہر جز جلوۂ یکتائیِ معشوق نہیں ۴
ہم کہاں ہوتے اگر حسن نہ ہوتا خود بیں

توڑے ہے نالہ سرِ رشتۂ پاسِ انفاس
سر کرے ہے دلِ حیرت زدہ شغلِ تسکیں

بیدلی ہائے تماشا کہ نہ عبرت ہے نہ ذوق
بیکسی ہائے تمنا کہ نہ دنیا ہے نہ دیں

ہرزہ ہے نغمۂ زیر و بمِ ہستی و عدم
لغو ہے آئینۂ فرقِ جنون و تمکیں

یاس، تمثالِ بہار آئینۂ استغنا
وہم، آئینۂ پیدائیِ تمثالِ یقیں

مثلِ مضمونِ وفا باد بدستِ تسلیم
صورتِ نقشِ قدم خاک بفرقِ تمکیں

لافِ دانش غلط و نفعِ عبادت معلوم
دُردِ یک ساغرِ غفلت ہے چہ دنیا و چہ دیں

نقشِ معنی ہمہ خمیازۂ عرضِ صورت
سخنِ حق ہمہ پیمانۂ ذوقِ تحسیں

عشق بے ربطیِ شیرازۂ اجزائے حواس
وصل زنگارِ رخِ آئینۂ حسنِ یقیں

کوہکن گرسنہ مزدورِ طرب گاہِ رقیب
بیستوں، آئینۂ خوابِ گرانِ شیریں

موجِ خمیازۂ یک نشہ، چہ اسلام و چہ کفر
کجیِ یک خطِ مسطر، چہ توہم چہ یقیں

قیدِ وابروئے بت یک رہِ خوابیدۂ شوق
کعبہ و بتکدہ، یک محملِ خوابِ سنگیں

کس نے دیکھا نفسِ اہلِ وفا آتش خیز
کس نے پایا اثرِ نالۂ دلہائے حزیں

سامعِ زمزمۂ اہلِ جہاں ہوں، لیکن
نہ سر و برگِ ستائش، نہ دماغِ نفریں

نہ تمنا، نہ تماشا، نہ تحیر، نہ نگاہ
گرد جوہر میں ہے آئینۂ دل پردہ نشیں

شورِ اوہام سے مست ہو شبِ خونِ انصاف
گفتگو بے مزہ و زخمِ تمنا نمکیں

نقش لاحول لکھ اے خامۂ ہذیاں تحریر
"یا علیؑ" عرض کر اے فطرتِ وسواس قریں

کس سے ممکن ہے تری مدح بغیر از واجب
شعلۂ شمع مگر شمع پہ باندھے آئیں

ہو وہ سرمایۂ ایجادِ جہاں گرم خرام
ہر کفِ خاک ہے واں گردۂ تصویرِ زمیں

مظہرِ فیضِ خدا جان و دلِ ختمِ رسل
قبلۂ آلِ نبی، کعبۂ ایجادِ یقیں

نسبت نام سے اسکی ہے یہ رتبہ کہ رہے
ابداً پشتِ فلک خم شدہ نازِ زمیں

جلوہ پرداز ہوں نقشِ قدم اس کا جس جا
وہ کفِ خاک ہے ناموسِ دو عالم کی امیں

فیضِ خلق اس کا ہی شامل ہے کہ ہوتا ہے سدا
بوئے گل سے نفسِ بادِ صبا عطر آگیں

بُرّشِ تیغ کا اسکی ہے جہاں میں چرچا
قطع ہو جائے نہ سر رشتۂ ایجاد کہیں

کفر سوز اُس کا وہ جلوہ ہے کہ جس سے ٹوٹے
رنگِ عاشق کی طرح رونقِ بتخانۂ چیں

جاں پناہا دل و جاں فیض رسانا شاہا
وصیِ ختمِ رسل تو ہے بفتوائے یقیں

جسمِ اطہر کو ترے دوشِ پیمبر منبر
نامِ نامی کو ترے ناصیۂ عرش نگیں

تیری مدحت کیلئے ہیں دل و جاں کام و زباں
تیری تسلیم کو ہیں لوح و قلم دست و جبیں

آستاں پر ترے ہے جوہرِ آئینۂ سنگ
رقمِ بندگیِ حضرتِ جبریلِ امیں

تیرے در کے لئے اسبابِ نثار آمادہ
خاکیوں کو جو خدا نے دیئے جان و دل و دیں

کس سے ہو سکتی ہے مداحیِ ممدوحِ خدا
کس سے ہو سکتی ہے آرائشِ فردوسِ بریں

جنسِ بازارِ معاصی اسد اللہ اسد
کہ سوا تیرے کوئی اس کا خریدار نہیں

شوخیٔ عرضِ مطالب میں ہے گستاخ طلب
ہے ترے حوصلۂ فضل پہ از بسکہ یقیں

دے دعا کو مری وہ مرتبۂ حسنِ قبول
کہ اجابت کہے ہر حرف پہ سو بار آمیں

غمِ شبیر سے ہو سینہ یہاں تک لبریز
کہ رہیں خونِ جگر سے مری آنکھیں رنگیں

طبع کو الفتِ دلدل میں یہ سرگرمیٔ شوق
کہ جہاں تک چلے اُس سے قدم اور مجھے جبیں

دلِ الفت نسب و سینۂ توحید فضا
نگہِ جلوہ پرست و نفسِ صدق گزیں

صرفِ اعدا اثرِ شعلۂ دودِ دوزخ
وقفِ احباب گل و سنبلِ فردوس بریں

متفرقات

اسد ہم وہ جنوں جولاں گدائے بے سر و پا ہیں
کہ ہے سر پنجۂ مژگانِ آہو پشت خار اپنا

نہ ہوگا یک بیاباں ماندگی سے ذوق کم میرا
حبابِ موجۂ رفتار ہے نقشِ قدم میرا

محبت تھی چمن سے لیکن اب یہ بے دماغی ہے
کہ موجِ بوئے گل سے ناک میں آتا ہے دم میرا

قطرۂ مے بسکہ حیرت سے نفس پرور ہوا | خطِ جامِ مے سراسر رشتۂ گوہر ہوا
اعتبارِ عشق کی خانہ خرابی دیکھنا | غیر نے کی آہ لیکن وہ خفا مجھ پہ ہوا

سرمۂ مفتِ نظر ہوں، مری قیمت یہ ہے | کہ رہے چشمِ خریدار پہ احساں میرا
رخصتِ نالہ مجھے دے کہ مبادا ظالم | م | تیرے چہرے سے ہو ظاہر غمِ پنہاں میرا

کشاکشِ مصلحت سے ہوں کہ خوباں تجھ پہ عاشق ہیں | تکلف برطرف مل جائیگا تجھ سا رقیب آخر

صفائے حیرتِ آئینہ ہے سامانِ زنگ آخر | تغیر آبِ برجا ماندہ کا پاتا ہے رنگ آخر
نہ کی سامانِ عیش و جاہ نے تدبیر وحشت کی | م | ہوا جامِ زمرد بھی مجھے داغِ پلنگ آخر

وسعتِ سعیِ کرم دیکھ کہ سرتا سرِ خاک | گذرے ہے آبلہ پا ابرِ گوہر بار ہنوز
یکقلم کاغذِ آتش زدہ ہے صفحۂ دشت | نقشِ پا میں ہے تپِ گرمیِ رفتار ہنوز

نہ لیوے گر خسِ جوہر طراوت سبزۂ خط سے | لگادے خانۂ آئینہ میں، روئے نگار آتش
فروغِ حسن سے ہوتی ہے حلِ مشکلِ عاشق | نہ نکلے شمع کے پاسے، نکالے گر نہ خار آتش

جادۂ رہ، خور کو وقتِ شام ہے تارِ شعاع — چرخ وا کرتا ہے ماہِ نو سے آغوشِ وداع

گر تجھ کو ہے یقینِ اجابت، دعا نہ مانگ — یعنی بغیرِ یک دلِ بے مدعا نہ مانگ
آتا ہے داغِ حسرتِ دل کا شمار یاد — مجھ سے مرے گنہ کا حساب اے خدا نہ مانگ

بقدرِ حوصلۂ عشق جلوہ ریزی ہے — وگرنہ خانۂ آئینہ کی فضا معلوم
بہ نالہ حاصلِ دل بستگی فراہم کر — متاعِ خانۂ زنجیر جز صدا معلوم
اسد فریفتۂ انتخابِ طرزِ جفا — وگرنہ دلبریِ وعدۂ وفا معلوم

دیر و حرم آئینۂ تکرارِ تمنا — واماندگیِ شوق تراشے ہے پناہیں
مت مردمکِ دیدہ میں سمجھو یہ نگاہیں — ہیں جمع سویدائے دلِ چشم میں آہیں

قیامت ہے کہ سن لیلیٰ کا دشتِ قیس میں آنا — تعجب سے وہ بولا یوں بھی ہوتا ہے زمانے میں
دلِ نازک پہ اس کے رحم آتا ہے مجھے غالب — نہ کر سرگرم اس کافر کو الفت آزمانے میں

برشکالِ گریۂ عاشق ہے دیکھا چاہیے — کھل گئی مانندِ گل سو جا سے دیوارِ چمن
الفتِ گل سے غلط ہے دعویِ وارستگی — سرو ہے با وصفِ آزادی گرفتارِ چمن

معافِ بیہدہ گوئی ہیں ناصحانِ عزیز — دلے بہ دستِ نگارے نہ دادہ رکھتے ہیں
زمانہ سخت کم آزار ہے بجانِ اسدؔ — وگرنہ ہم تو توقع زیادہ رکھتے ہیں

دل لگا کر لگ گیا اُن کو بھی تنہا بیٹھنا — بارے اپنے دردِ دل کی ہم نے پائی داد یاں
ہے مری وحشت عدمِ اعتبارات جہاں
ہیں زوال آمادہ اجزا آفرینش کے تمام — مہرِ گردوں ہے چراغِ رہگذارِ باد یاں

از مہر تا بہ ذرہ دل و دل ہے آئینہ — طوطی کو شش جہت سے مقابل ہے آئینہ

حاصل سے ہاتھ دھو بیٹھ اے آرزو خرامی — دل جوشِ گریہ میں ہے ڈوبی ہوئی اسامی
اُس شمع کی طرح سے جس کو کوئی بجھا دے — میں بھی جلے ہوؤں میں ہوں داغِ ناتمامی

رحم کر ظالم کہ کیا بودِ چراغِ کشتہ ہے
نبضِ بیمارِ وفا دودِ چراغِ کشتہ ہے
دل لگی کی آرزو بے چین رکھتی ہے ہمیں
ورنہ یاں بے رونقی سودِ چراغِ کشتہ ہے

تغافل دوست ہوں، میرا دماغ عجز عالی ہے
اگر پہلو تہی کیجے تو جا میری بھی خالی ہے
رہا آباد عالم اہلِ ہمت کے نہ ہونے سے
بھرے ہیں جس قدر جام و سبو، میخانہ خالی ہے

خطر ہے رشتۂ الفت رگِ گردن نہ ہو جائے
غرورِ دوستی آفت ہے، تُو دشمن نہ ہو جائے
سمجھ اس فصل میں کوتاہیِ نشو و نما غالب
اگر گل، سرو کے قامت پہ پیراہن نہ ہو جائے

حسنِ بے پروا خریدارِ متاعِ جلوہ ہے
آئینہ زانوئے فکرِ اختراعِ جلوہ ہے
تا کجا اے آگہی رنگِ تماشا باختن
چشمِ وا گردیدہ آغوشِ وداعِ جلوہ ہے

غم و عشرت قدم بوسِ دلِ تسلیم آئیں ہے
دعائے مدعا گم کردگانِ عشق "آمیں" ہے
لبِ عیسیٰ کی جنبش کرتی ہے گہوارہ جنبانی
قیامت کشتۂ لعلِ بتاں کا خوابِ سنگیں ہے

رُباعیات

بعد از اتمامِ بزمِ عیدِ اطفال　　ایامِ جوانی رہے ساغر کشِ حال
آ پہنچے ہیں تا سوادِ اقلیمِ عدم　　اے عمرِ گزشتہ، یک قدم استقبال

شب، زلف و رخِ عرق فشاں کا غم تھا　　کیا شرح کروں کہ طرفہ تر عالم تھا
رویا میں ہزار آنکھ سے صبح تلک　　ہر قطرۂ اشک، دیدۂ پُرنم تھا

دل تھا کہ جو جانِ دردِ تمہید سہی　　بیتابیِ رشک و حسرتِ دید سہی
ہم اور فسردن، اے تجلی افسوس　　تکرار روا نہیں تو تجدید سہی

ہے خلق، حسد قماش، لڑنے کے لئے　　وحشت کدۂ تلاش لڑنے کیلئے
یعنی ہر بار صورتِ کاغذِ باد　　ملتے ہیں یہ بدمعاش لڑنے کے لئے

اے کثرتِ فہمِ بے شمار اندیشہ　　ہے اصلِ خرد سے شرمسار اندیشہ
یک قطرۂ خون و دعوتِ صد نشتر　　یک وہم و عبادتِ ہزار اندیشہ

مشکل ہے زبس کلام میرا اے دل
سُن سُن کے اسے سخنورانِ کامل
آساں کہنے کی کرتے ہیں فرمائش
گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل

یا علی دانی که رویم سوی تست از هر نورد
هر چه آغازم مخاطب انت در هر خطاب

موی آتش دیده را مانم که بهر خویشتن
حلقهٔ دامِ فنا گردیده ام از پیچ و تاب

غافل از رفتارِ عمر و فارغ از تکمیلِ عشق
کرده آغوشِ وداعِ دل نشیمنگاهِ خواب

نقدِ آگاهی بوهم فرصتی در باخته
دستِ خالی بر سر و دل پایمالِ اضطراب

خود تو میدانی که گم گردیدهٔ دشتِ امید
تشنه تر میگردد از بی آبیِ موجِ سراب

دل ز کار افتاد و پا وا ماند و دست از هم شکست
قطعِ منزل کی توان کردن بدین حالِ خراب

مدعا را بر زبان آوردن از بیگانگی است
جز نگاهت شاهدِ ما را کفن باد از نقاب

ذوقِ مطلب از تو و من از تو و مطلب ز تو
خود تو می بخشی و می فهمی زبانِ اضطراب

شعلهٔ شوقی هوس دارم ز سوداتِ جنون
کآتشِ افسرده را بخشد بهارِ التهاب

دین و دنیا را بلا گردانِ نازت کرده ام
جلوهٔ رنگین‌تر از صد گلشنِ خلد انتخاب

حرمتِ جانِ محمد یک نظر کن سوی من
یا علی یا مرتضیٰ یا بو الحسن یا بو تراب

خمخانۂ شباب
سنہ ۱۸۲۱ء تا سنہ ۱۸۳۲ء (؟)

آتے ہیں غیب سے یہ مضامیں خیال میں
غالب صریرِ خامہ نوائے سروش ہے

دھمکی میں مر گیا جو نہ بابِ نبرد تھا　　عشقِ نبرد پیشہ طلبگارِ مرد تھا!

تھا زندگی میں موت کا کھٹکا لگا ہوا　　اڑنے سے پیشتر بھی مرا رنگ زرد تھا

تالیف نسخہ ہائے وفا کر رہا تھا میں　　مجموعۂ خیال ابھی فرد فرد تھا

دل تا جگر کہ ساحلِ دریائے خوں ہے اب　　اس رہگذر میں جلوۂ گل آگے گرد تھا

جاتی ہے کوئی کشمکش اندوہِ عشق کی؟　　دل بھی اگر گیا تو وہی دل کا درد تھا

احباب چارہ سازیِ وحشت نہ کر سکے　　زنداں میں بھی خیال بیاباں نورد تھا

یہ لاشِ بے کفن اسدِ خستہ جاں کی ہے
حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

ق گ ب
۱۸۳۲

ستائش گر ہے زاہد اس قدر جس باغِ رضواں کا
وہ اک گلدستہ ہے ہم بیخودوں کے طاقِ نسیاں کا

بیاں کیا کیجیے بیدادِ کاوشہائے مژگاں کا !
کہ ہر اک قطرۂ خوں دانہ ہے تسبیح مرجاں کا

نہ آئی سطوتِ قاتل بھی مانع میرے نالوں کو
لیا دانتوں میں جو تنکا ہوا ریشہ نیستاں کا

دکھاؤں گا تماشا، دی اگر فرصت زمانے نے
مرا ہر داغِ دل اک تخم ہے سروِ چراغاں کا

کیا آئینہ خانے کا وہ نقشہ تیرے جلوے نے
کرے جو پرتوِ خورشید عالم شبنمستاں کا

مری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی
ہیولیٰ برقِ خرمن کا ہے خونِ گرم دہقاں کا

اُگا ہے گھر میں ہر سو سبزہ، ویرانی تماشا کر
مدار اب کھودنے پر گھاس کے ہے میرے درباں کا

خموشی میں نہاں خوں گشتہ، لاکھوں آرزوئیں ہیں
چراغِ مردہ ہوں میں بے زباں، گورِ غریباں کا

ہنوز اک پرتوِ نقشِ خیالِ یار باقی ہے
دلِ افسردہ گویا حجرہ ہے یوسف کے زنداں کا

بغل میں غیر کی آج آپ سوتے ہیں کہیں ورنہ

سبب کیا خواب میں آکر تبسم ہائے پنہاں کا
نہیں معلوم کس کس کا لہو پانی ہوا ہوگا
قیامت ہے سرشک آلودہ ہونا تیری مژگاں کا
نظر میں ہے ہماری جادۂ راہِ فنا غالب
کہ یہ شیرازہ ہے عالم کے اجزائے پریشاں کا

محرم نہیں ہے تو ہی نوا ہائے راز کا — یاں ورنہ جو حجاب ہے پردہ ہے ساز کا
رنگِ شکستہ صبحِ بہارِ نظارہ ہے — یہ وقت ہے شگفتنِ گلہائے ناز کا
تو اور سوئے غیر نظر ہائے تیز تیز — میں اور دکھ تری مژہ ہائے دراز کا
صرفہ ہے ضبطِ آہ میں میرا وگرنہ میں — طعمہ ہوں ایک ہی نفسِ جاں گداز کا
ہیں بسکہ جوشِ بادہ سے شیشے اچھل رہے — ہر گوشۂ بساط ہے سر شیشہ باز کا
کاوش کا دل کرے ہے تقاضا کہ ہے ہنوز — ناخن پہ قرض اس گرہِ نیم باز کا

تاراج کاوشِ غمِ ہجراں ہوا اسد
سینہ کہ تھا دفینہ گہر ہائے راز کا

ق گ ب
۱۶۳۲

دوست غمخواری میں میری سعی فرمائینگے کیا — زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ آئینگے کیا؟
بے نیازی حد سے گذری بندہ پرور کب تلک — ہم کہیں گے حالِ دل اور آپ فرمائینگے کیا؟
حضرتِ ناصح گر آئیں دیدہ و دل فرشِ راہ — کوئی مجھکو یہ تو سمجھا دے کہ سمجھائینگے کیا؟
آج واں تیغ و کفن باندھے ہوئے جاتا ہوں میں — عذر میرے قتل کرنے میں وہ اب لائینگے کیا؟

گر کیا ناصح نے ہم کو قید، اچھا یوں سہی!
یہ جنونِ عشق کے انداز چھٹ جائیں گے کیا؟

خانہ زادِ زلف ہیں، زنجیر سے بھاگیں گے کیوں؟
ہیں گرفتارِ وفا، زنداں سے گھبرائیں گے کیا؟

ہے اب اس معمورہ میں قحطِ غمِ الفت اسدؔ
ہم نے یہ مانا کہ دلی میں رہیں، کھائیں گے کیا؟

ق گ ب
۱۸۲۲

ہوس کو ہے نشاطِ کار، کیا کیا
نہ ہو مرنا، تو جینے کا مزا کیا

تجاہل پیشگی سے مدعا کیا؟
کہاں تک اے سراپا ناز "کیا کیا"

نوازش ہائے بیجا دیکھتا ہوں
شکایت ہائے رنگیں کا گلا کیا

نگاہِ بے محابا چاہتا ہوں
تغافل ہائے تمکیں آزما کیا

فروغِ شعلۂ خس، یک نفس ہے
ہوس کو پاسِ ناموسِ وفا، کیا

نفس، موجِ محیطِ بیخودی ہے
تغافل ہائے ساقی کا گلا کیا

دماغِ عطر پیراہن نہیں ہے
غمِ آوارگی ہائے صبا کیا

دلِ ہر قطرہ ہے، سازِ انا البحر
ہم اس کے ہیں ہمارا پوچھنا کیا

محابا کیا ہے؟ میں ضامن ادھر دیکھ
شہیدانِ نگہ کا خوں بہا کیا

سُن اے غارتگرِ جنسِ وفا سُن
شکستِ قیمتِ دل کی صدا کیا

کیا کس نے جگرداری کا دعویٰ؟
شکیبِ خاطرِ عاشق، بھلا کیا

یہ قاتل وعدۂ صبر آزما کیوں؟
یہ کافر فتنۂ طاقت ربا کیا

بلائے جاں ہے غالبؔ اسکی ہر بات
عبارت کیا، اشارت کیا، ادا کیا

دل مرا سوزِ نہاں سے بے محابا جل گیا ق آتشِ خاموش کی مانند گویا جل گیا

دل میں ذوقِ وصل و یادِ یار تک باقی نہیں آگ اس گھر میں لگی ایسی کہ جو تھا جل گیا

میں عدم سے بھی پرے ہوں ورنہ غافل بارہا میری آہِ آتشیں سے بالِ عنقا جل گیا

عرض کیجے جوہرِ اندیشہ کی گرمی کہاں کچھ خیال آیا تھا وحشت کا کہ صحرا جل گیا

دل نہیں تجھکو دکھاتا، ورنہ داغوں کی بہار اس چراغاں کا کروں کیا کارفرما جل گیا

میں ہوں اور افسردگی کی آرزو غالب کہ دل

دیکھکر طرزِ تپاکِ اہلِ دنیا جل گیا

عرضِ نیازِ عشق کے قابل نہیں رہا ق جس دل پہ ناز تھا مجھے وہ دل نہیں رہا

بر روئے شش جہت درِ آئینہ باز ہے ق یاں امتیازِ ناقص و کامل نہیں رہا

جاتا ہوں داغِ حسرتِ ہستی لیے ہوئے ہوں شمعِ کشتہ، درخورِ محفل نہیں رہا

مرنے کی اے دل اور ہی تدبیر کر کہ میں شایانِ دست و بازوئے قاتل نہیں رہا

واکر دیئے ہیں شوق نے بندِ نقابِ حسن غیر از نگاہ اب کوئی حائل نہیں رہا

گو میں رہا رہینِ ستمہائے روزگار لیکن ترے خیال سے غافل نہیں رہا

دل سے ہوائے کشتِ وفا مٹ گئی کہ واں حاصل سوائے حسرتِ حاصل نہیں رہا

بیدادِ عشق سے نہیں ڈرتا مگر اسد ق گ ب

جس دل پہ ناز تھا مجھے وہ دل نہیں رہا ۱۸۲۲

عشرتِ قطرہ ہے دریا میں فنا ہو جانا درد کا حد سے گزرنا ہے دوا ہو جانا

تجھ سے قسمت میں مری صورتِ قفلِ ابجد
تھا لکھا، بات کے بنتے ہی جدا ہو جانا

دل ہوا کشمکشِ چارۂ زحمت میں تمام
مٹ گیا گھسنے میں اس عقدہ کا وا ہو جانا

اب جفا سے بھی ہیں محروم ہم اللہ اللہ
اسقدر دشمنِ اربابِ وفا ہو جانا

ضعف سے گریہ، مبدل بہ دمِ سرد ہوا
باور آیا ہمیں پانی کا ہوا ہو جانا

دل سے مٹنا تری انگشتِ حنائی کا خیال
ہو گیا گوشت سے ناخن کا جدا ہو جانا

ہے مجھے ابرِ بہاری کا برس کر کھلنا
روتے روتے غمِ فرقت میں فنا ہو جانا

گر نہیں نکہتِ گل کو ترے کوچے کی ہوس
کیوں ہے گردِ رہِ جولانِ صبا ہو جانا

تاکہ تجھ پر کھلے اعجازِ ہوائے صیقل
دیکھ برسات میں سبز آئینہ کا ہو جانا

بخشے ہے جلوۂ گل ذوقِ تماشا غالب
چشم کو چاہیے ہر رنگ میں وا ہو جانا

ق س ب ۱۸۳۲

پھر ہوا وقت کہ ہو بال کشا موجِ شراب
دے بطِ مے کو دل و دستِ شنا موجِ شراب

پوچھ مت وجہِ سیہ مستیِ اربابِ چمن
سایۂ تاک میں ہوتی ہے ہوا موجِ شراب

جو ہوا غرقۂ مے بختِ رسا رکھتا ہے
سر سے گذرے پہ بھی ہے بالِ ہما موجِ شراب

ہے یہ برسات وہ موسم کہ عجب کیا ہے اگر
موجِ ہستی کو کرے فیضِ ہوا موجِ شراب

چار موج اٹھتی ہے طوفانِ طرب سے ہر سو
موجِ گل، موجِ شفق، موجِ صبا، موجِ شراب

جسقدر روحِ نباتی ہے جگر تشنۂ ناز
دے ہے تسکیں بدمِ آبِ بقا موجِ شراب

بسکہ دوڑے ہے رگِ تاک میں خوں ہو ہو کر
شہپرِ رنگ سے ہے بال کشا موجِ شراب

موجۂ گل سے چراغاں ہے گذرگاہِ خیال — ہے تصور میں زبس، جلوہ نما موجِ شراب
نشہ کے پردے میں ہے محوِ تماشائے دماغ — بسکہ رکھتی ہے سرِ نشو و نما موجِ شراب
ایک عالم پہ ہے طوفانیِ کیفیتِ فصل — موجۂ سبزۂ نوخیز سے تا، موجِ شراب
شرحِ ہنگامۂ ہستی ہے، زہے موسمِ گل — ہے تصور میں زبس، جلوہ نما موجِ شراب

ہوش اڑتے ہیں مرے جلوۂ گل دیکھ اسدؔ
پھر ہوا وقت کہ ہو بال کشا موجِ شراب

جاتا ہوں جدھر سب کی اٹھی ہے ادھر انگشت — ق — یکدست جہاں مجھ سے پھرا ہے مگر انگشت
گرمی ہے زباں کی سببِ سوختنِ جاں! — ق — ہے شمع شہادت کے لئے سر بسر انگشت
شوخی تری کہہ دیتی ہے احوال ہمارا — رازِ دلِ صد پارہ کی ہے پردہ در انگشت
کس رتبہ میں باریکی و نرمی ہے کہ جوں گل — آتی نہیں پنجہ میں بس اسکے نظر انگشت
افسوس کہ دنداں کا کیا رزق فلک نے — جن لوگوں کی تھی درخورِ عقدِ گہر انگشت
کافی ہے نشانی تری، چھلے کا نہ دینا — خالی مجھے دکھلا کے بوقتِ سفر انگشت

لکھتا ہوں اسدؔ سوزشِ دل سے سخنِ گرم
تا رکھ نہ سکے کوئی مرے حرف پر انگشت
ق
۱۸۳۲

آمدِ خط سے ہوا ہے سرد جو بازارِ دوست — ق — دودِ شمعِ کشتہ تھا، شاید خطِ رخسارِ دوست
برقِ خرمن زارِ گوہر ہے نگاہِ تیز یاں — ق — اشک ہو جاتے ہیں خشک از گرمیِ رفتارِ دوست
ہے سرا نیزے پہ اسکے قامتِ نوخیز سے — ق — آفتابِ صبحِ محشر ہے گلِ رخسارِ دوست

اے دلِ ناعاقبت اندیش ضبطِ شوق کر
کون لاسکتا ہے تابِ جلوۂ دیدارِ دوست

خانہ ویراں سازیِ حیرت تماشا کیجیے
صورتِ نقشِ قدم ہوں رفتۂ رفتارِ دوست

عشق میں بیدادِ رشکِ غیر نے مارا مجھے
کشتۂ دشمن ہوں آخر گرچہ تھا بیمارِ دوست

چشمِ ماروشن، کہ اس بیدرد کا دل شاد ہے
دیدۂ پرخوں ہمارا ساغرِ سرشارِ دوست

غیر یوں کرتا ہے پرسش مجھسے اسکے ہجر میں
بے تکلف دوست ہو جیسے کوئی غمخوارِ دوست

تاکہ میں جانوں کہ ہے اسکی رسائی واں تلک
مجھکو دیتا ہے پیامِ وعدۂ دیدارِ دوست

جبکہ میں کرتا ہوں اپنا شکوۂ ضعفِ دماغ
سر کرے ہے وہ حدیثِ زلفِ عنبر بارِ دوست

چپکے چپکے مجھکو روتے دیکھ پاتا ہے اگر
ہنس کے کرتا ہے بیانِ شوخیِ گفتارِ دوست

مہربانی ہائے دشمن کی شکایت کیجیے
یا بیاں کیجے سپاسِ لذتِ آزارِ دوست

یہ غزل اپنی مجھے جی سے پسند آتی ہے آپ
ہے ردیفِ شعر میں غالب زبس تکرارِ دوست

رہا گر کوئی تا قیامت سلامت
پھر اک روز مرنا ہے حضرت سلامت

جگر کو مرے عشقِ خوں نابہ مشرب
لکھے ہے خداوندِ نعمت سلامت

دو عالم کی ہستی پہ خطِ فنا کھینچ
دل و دستِ اربابِ ہمت سلامت

علی الرغمِ دشمن، شہیدِ وفا ہوں
مبارک مبارک سلامت سلامت

نہیں گر بہ کامِ دلِ خستہ گردوں
جگر خائیِ جوشِ حسرت سلامت

نہیں گر سر و برگِ ادراکِ معنی
تماشائے نیرنگِ صورت سلامت

نہ اوروں کی سُنتا نہ کہتا ہوں اپنی — سرِ خستہ دشوارِ وحشت سلامت
وفورِ بلا ہے، ہجومِ وفا ہے — سلامت ملامت، ملامت سلامت
نہ فکرِ سلامت، نہ بیمِ ملامت — زخود رفتگی ہائے حیرت سلامت

رہے غالبِ خستہ مغلوبِ گردوں
یہ کیا بے نیازی ہے حضرت سلامت

ق ح ۱۸۳۲

کیوں جل گیا نہ تابِ رخِ یار دیکھ کر — جلتا ہوں اپنی طاقتِ دیدار دیکھکر
آتش پرست کہتے ہیں اہلِ جہاں مجھے — سرگرمِ نالہ ہائے شرربار دیکھکر
کیا آبروئے عشق؛ جہاں عام ہو جفا — رُکتا ہوں، تم کو بے سبب آزار دیکھکر
آتا ہے میرے قتل کو پر جوشِ رشک سے — مرتا ہوں اس کے ہاتھ میں تلوار دیکھکر
ثابت ہوا ہے گردنِ مینا پہ خونِ خلق — لرزے ہے موجِ مے تری رفتار دیکھکر
واحسرتا کہ یار نے کھینچا ستم سے ہاتھ — ہم کو حریصِ لذتِ آزار دیکھکر
بک جاتے ہیں ہم آپ متاعِ سخن کے ساتھ — لیکن عیارِ طبعِ خریدار دیکھکر
زنّار باندھ، سبحۂ صد دانہ توڑ ڈال — رہرو چلے ہے راہ کو ہموار دیکھکر
ان آبلوں سے پاؤں کے گھبرا گیا تھا میں — جی خوش ہوا ہے راہ کو پرخار دیکھکر
کیا بدگماں ہے مجھ سے کہ آئینہ میں مرے — طوطی کا عکس سمجھے ہے زنگار دیکھکر
گرنی تھی ہم پہ برقِ تجلی، نہ طور پر — دیتے ہیں بادہ، ظرفِ قدح خوار دیکھکر

سر پھوڑنا وہ غالبِ شوریدہ حال کا
یاد آگیا مجھے، تری دیوار دیکھکر

ہے نازِ مفلساں زرِ از دست رفتہ پر ق ہوں گل فروشِ شوخیِ داغِ کہن ہنوز

فارغ مجھے نہ جان کہ مانندِ صبح و مہر ہے داغِ عشق زینتِ جیبِ کفن ہنوز

میخانۂ جگر میں یہاں خاک بھی نہیں

خمیازہ کھینچے ہے بتِ بیدادِ فن ہنوز

کب فقیروں کو رسائی بتِ میخوار کے پاس تونبے بو دیجیے میخانے کی دیوار کے پاس

مژدہ اے ذوقِ اسیری کہ نظر آتا ہے دامِ خالی قفسِ مرغِ گرفتار کے پاس

جگرِ تشنۂ آزار تسلی نہ ہوا جوئے خوں ہم نے بہائی بنِ ہر خار کے پاس

مند گئیں کھولتے ہی کھولتے آنکھیں ہے ہے خوب وقت آئے تم اس عاشقِ بیمار کے پاس

میں بھی رک رک کے نہ مرتا جو زباں کے بدلے دشنہ اک تیز سا ہوتا مرے غمخوار کے پاس

دہنِ شیر میں جا بیٹھیے لیکن اے دل نہ کھڑے ہوجیے خوبانِ دل آزار کے پاس

دیکھ کر تجھ کو چمن بسکہ نمو کرتا ہے خود بخود پہنچے ہے گل گوشۂ دستار کے پاس

مر گیا پھوڑ کے سر غالب وحشی ہے ہے!

ق ن ۱۸۳۲

بیٹھنا اس کا وہ آکر تری دیوار کے پاس

ہے کس قدر ہلاکِ فریبِ وفائے گل! بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل

آزادیِ نسیم مبارک کہ ہر طرف ٹوٹے پڑے ہیں حلقۂ دامِ ہوائے گل

جو تھا سو موجِ رنگ کے دھوکے میں مر گیا اے وائے نالۂ لبِ خونیں نوائے گل

خوش حال اس حریفِ سیہ مست کا کہ جو رکھتا ہو مثلِ سایۂ گل سر بپائے گل

ایجاد کرتی ہے اُسے تیرے لئے بہار   میرا رقیب ہے، نفسِ عطر سائے گل
شرمندہ رکھتے ہیں مجھے بادِ بہار سے   مینائے بے شراب، و دلِ بے ہوائے گل
سطوت سے تیرے جلوۂ حسنِ غیور کی   خوں ہے مری نگاہ میں رنگِ ادائے گل
تیرے ہی جلوہ کا ہے یہ دھوکا کہ آج تک   بے اختیار دوڑے ہے گُل در قفائے گل

غالبؔ مجھے ہے اُس سے ہم آغوشی آرزو
جس کا خیال ہے گلِ جیبِ قبائے گل!   ق ۱۸۳۲ ح

وہ فراق اور وہ وصال کہاں   وہ شب و روز و ماہ و سال کہاں
فرصتِ کاروبارِ شوق کسے   ذوقِ نظارۂ جمال کہاں
دل تو دل، وہ دماغ بھی نہ رہا   شورِ سودائے خط و خال کہاں
تھی وہ اک شخص کے تصور سے   اب وہ رعنائیِ خیال کہاں
ایسا آساں نہیں لہو رونا   دل میں طاقت جگر میں حال کہاں
ہم سے چھوٹا قمار خانۂ عشق   واں جو جائیں گرہ میں مال کہاں
فکرِ دنیا میں سر کھپاتا ہوں   میں کہاں اور یہ وبال کہاں

مضمحل ہو گئے قویٰ غالبؔ
وہ عناصر میں اعتدال کہاں   ق ۱۸۳۲ ح

حلقے ہیں چشمہائے کشادہ بسوئے دل   ہر تارِ زلف کو نگہِ سرمہ سا کہوں
عہدے سے مدحِ ناز کے باہر نہ آسکا   گر اک ادا ہو تو اُسے اپنی قضا کہوں

میں اور صد ہزار نوائے جگر خراش
تُو اور ایک وہ نشنیدن کہ کیا کہوں

ظالم مرے گماں سے مجھے منفعل نہ چاہ
ہے ہے خدا نہ کردہ تجھے بے وفا کہوں

نہیں ہے زخم کوئی بخیے کے درخور مرے تن میں
ہوا ہے تارِ اشکِ یاس رشتہ چشمِ سوزن میں

ہوئی ہے مانعِ ذوقِ تماشا خانہ ویرانی
کفِ سیلاب باقی ہے برنگِ پنبہ روزن میں

ق

ودیعت خانۂ بیدادِ کاوش ہائے مژگاں ہوں
نگینِ نامِ شاہد ہے مرے ہر قطرہ خوں تن میں

بیاں کس سے ہو ظلمت گستری میرے شبستاں کی
شبِ مہ ہو جو رکھ دیں پنبہ دیواروں کے روزن میں

نکوہش مانعِ بے ربطیٔ شورِ جنوں آئی !
ہوا ہے خندۂ احباب بخیہ جیب و دامن میں

ہوئے اُس مہر وش کے جلوۂ تمثال کے آگے
پر افشاں جوہر آئینے میں مثلِ ذرّہ روزن میں

نہ جانوں نیک ہوں یا بد ہوں پر صحبت مخالف ہے
جو گل ہوں تو ہوں گلخن میں جو خس ہوں تو ہوں گلشن میں

ہزاروں دل دیے جوشِ جنونِ عشق نے مجھ کو
سیہ ہو کر سویدا ہو گیا، ہر قطرہ خوں تن میں

اسدؔ زندانیِ تاثیرِ الفت ہائے خوباں ہوں
ق
خمِ دستِ نوازش ہو گیا ہے طوق گردن میں

آبرو کیا خاک اُس گل کی جو گلشن میں نہیں
ہے گریباں ننگِ پیراہن، جو دامن میں نہیں

ضعف سے اے گریہ! کچھ باقی مرے تن میں نہیں
رنگ ہو کر اُڑ گیا جو خوں، کہ دامن میں نہیں

ہو گئے ہیں جمع اجزائے نگاہِ آفتاب
ذرّے اس کے گھر کی دیواروں کے روزن میں نہیں

کیا کہوں، تاریکیِ زندانِ غم اندھیر ہے
پنبہ، نورِ صبح سے کم، جس کے روزن میں نہیں

رونقِ ہستی ہے، عشقِ خانہ ویراں ساز سے
انجمن بے شمع ہے، گر برق خرمن میں نہیں

زخم سلوانے سے مجھ پر چارہ جوئی کا ہے طعن
غیر سمجھا ہے کہ لذّت زخمِ سوزن میں نہیں

بسکہ ہیں ہم اک بہارِ ناز کے مارے ہوئے

جلوۂ گل کے سوا گرد اپنے مدفن میں نہیں
قطرہ قطرہ اک ہیولیٰ ہے، نئے ناسور کا!
خوں بھی ذوقِ درد سے فارغ مرے تن میں نہیں

لے گئی ساقی کی نخوت، قلزم آشامی مری
موجِ مے کی آج رگ مینا کی گردن میں نہیں

ہو فشارِ ضعف میں کیا ناتوانی کی نمود!
قد کے جھکنے کی بھی گنجائش مرے تن میں نہیں

تھی وطن میں شان کیا غالبؔ، کہ ہو غربت میں قدر
بے تکلف ہوں، وہ مشتِ خس، کہ گلخن میں نہیں

مہرباں ہو کے بلا لو مجھے چاہو جس وقت
میں گیا وقت نہیں ہوں کہ پھر آ بھی نہ سکوں

ضعف میں طعنۂ اغیار کا شکوہ کیا ہے
بات کچھ سر تو نہیں ہے کہ اٹھا بھی نہ سکوں

زہر ملتا ہی نہیں مجھ کو ستمگر! ورنہ
کیا قسم ہے ترے ملنے کی کہ کھا بھی نہ سکوں

ق گ ب ۱۸۲۲

عشق تاثیر سے نومید نہیں
جاں سپاری شجرِ بید نہیں

سلطنت دست بدست آئی ہے
جامِ مے خاتمِ جمشید نہیں

ہے تجلی تری سامانِ وجود
ذرہ بے پرتوِ خورشید نہیں

رازِ معشوق نہ رسوا ہو جائے
ورنہ مر جانے میں کچھ بھید نہیں

گردشِ رنگِ طرب سے ڈر ہے
غمِ محرومیٔ جاوید نہیں
کہتے ہیں جیتے ہیں امید پہ لوگ
ہمکو جینے کی بھی اُمید نہیں ق گ ب ١٨٣٢

ذکر میرا بہ بدی بھی اُسے منظور نہیں
غیر کی بات بگڑ جائے تو کچھ دور نہیں
وعدۂ سیرِ گلستاں ہے خوشا طالعِ شوق
مژدۂ قتل مقدر ہے جو مذکور نہیں
شاہدِ ہستیٔ مطلق کی کمر ہے عالم
لوگ کہتے ہیں کہ "ہے" پر ہمیں منظور نہیں
قطرہ اپنا بھی حقیقت میں ہے دریا لیکن
ہم کو تقلیدِ تنک ظرفیٔ منصور نہیں
حسرت اے ذوقِ خرابی کہ وہ طاقت نہ رہی
عشقِ پُر عربدہ کی گوں تنِ رنجور نہیں
میں جو کہتا ہوں "کہ ہم لینگے قیامت میں تمہیں"
کس رعونت سے وہ کہتے ہیں "کہ ہم حور نہیں"
ظلم کر ظلم، اگر لطف دریغ آتا ہو!
تو تغافل میں کسی رنگ سے معذور نہیں
صاف دُردی کشِ پیمانۂ جم ہیں ہم لوگ
وائے وہ بادہ کہ افشردۂ انگور نہیں

ہوں ظہوری کے مقابل میں خفائی غالبؔ!
میرے دعوے پہ یہ حجت ہے کہ مشہور نہیں ق گ ب ١٨٣٢

نالہ جز حسنِ طلب اے ستم ایجاد نہیں
ہے تقاضائے جفا، شکوۂ بیداد نہیں
عشق و مزدوریِ عشرت گہِ خسرو، کیا خوب
ہم کو تسلیم نکو نامیِ فرہاد نہیں
کم نہیں وہ بھی خرابی میں پہ وسعت معلوم
دشت میں ہے مجھے وہ عیش کہ گھر یاد نہیں
اہلِ بینش کو ہے طوفانِ حوادث مکتب
لطمۂ موج کم از سیلیِ اُستاد نہیں

ائے محرومیِ تسلیم و بدا حالِ وفا
جانتا ہے کہ ہمیں طاقتِ فریاد نہیں

نگِ تمکینِ گل و لالہ پریشاں کیوں ہے
گر چراغانِ سرِ رہگذرِ باد نہیں

بدِ گل کے تلے بند کرے ہے گلچیں
مژدہ اے مرغ کہ گلزار میں صیاد نہیں

فی سے کرتی ہے اثبات تراوش گویا
دی ہے جائے دہن اس کو دمِ ایجاد نہیں

م نہیں جلوہ گری میں ترے کوچے سے بہشت
یہی نقشہ ہے ولے اس قدر آباد نہیں

کرتے کس منہ سے ہو غربت کی شکایت غالب
تم کو بے مہریِ یارانِ وطن یاد نہیں

ق گ پ
۱۰۲۲

ہو گئی ہے غیر کی شیریں بیانی کارگر
عشق کا اس کو گماں ہم بے زبانوں پر نہیں

یہ ہم جو ہجر میں دیوار و در کو دیکھتے ہیں
کبھی صبا کو کبھی نامہ بر کو دیکھتے ہیں

وہ آئیں گھر میں ہمارے خدا کی قدرت ہے
کبھی ہم ان کو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

نظر لگے نہ کہیں اُس کے دست و بازو کو
یہ لوگ کیوں مرے زخمِ جگر کو دیکھتے ہیں

ترے جواہرِ طرفِ کلہ کو کیا دیکھیں
ہم اوجِ طالعِ لعل و گہر کو دیکھتے ہیں

دیوانگی سے دوش پہ زنار بھی نہیں
یعنی ہماری جیب میں اک تار بھی نہیں

دل کو نیازِ حسرتِ دیدار کر چکے
دیکھا تو ہم میں طاقتِ دیدار بھی نہیں

ملنا اگر ترا نہیں آساں تو سہل ہے
دشوار تو یہی ہے کہ دشوار بھی نہیں

بے عشق عمر کٹ نہیں سکتی ہے اور یاں — طاقت، بقدرِ لذتِ آزار بھی نہیں
شوریدگی کے ہاتھ سے ہے سر وبالِ دوش — صحرا میں اے خدا، کوئی دیوار بھی نہیں
گنجائشِ عداوتِ اغیار اک طرف — یاں دل میں ضعف سے ہوسِ یار بھی نہیں
ڈر نالہائے زار سے میرے، خدا کو مان — آخر نوائے مرغِ گرفتار بھی نہیں
دل میں ہے یار کی صفِ مژگاں سے روکشی — حالانکہ طاقتِ خلشِ خار بھی نہیں
اس سادگی پہ کون نہ مرجائے اے خدا! — لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں

دیکھا اسدؔ کو خلوت وجلوت میں بارہا
دیوانہ گر نہیں ہے تو ہشیار بھی نہیں

ق گ ب ۱۸۳۲

وارستہ اس سے ہیں کہ محبت ہی کیوں نہ ہو — کیجے ہمارے ساتھ عداوت ہی کیوں نہ ہو
چھوڑا نہ مجھ میں ضعف نے رنگ اختلاط کا — ہے دل پہ بار نقشِ محبت ہی کیوں نہ ہو
ہے مجھکو تجھ سے تذکرۂ غیر کا گلہ — ہر چند بر سبیلِ شکایت ہی کیوں نہ ہو
پیدا ہوئی ہے کہتے ہیں ہر درد کی دوا — یوں ہو تو چارۂ غمِ الفت ہی کیوں نہ ہو
ڈالا نہ بے کسی نے کسی سے معاملہ — اپنے سے کھینچتا ہوں خجالت ہی کیوں نہ ہو
ہے آدمی بجائے خود اک محشرِ خیال — ہم انجمن سمجھتے ہیں، خلوت ہی کیوں نہ ہو
ہنگامۂ زبونیٔ ہمت ہے انفعال — حاصل نہ کیجے دہر سے عبرت ہی کیوں نہ ہو
وارستگی، بہانۂ بیگانگی نہیں؛ — اپنے سے کر، نہ غیر سے وحشت ہی کیوں نہ ہو
مٹتا ہے فوتِ فرصتِ ہستی کا غم کوئی؟ — عمرِ عزیز صرفِ عبادت ہی کیوں نہ ہو

اس فتنہ خو کے در سے اب اُٹھتے نہیں اسد

ق گ ب

اس میں ہمارے سر پہ قیامت ہی کیوں نہ ہو ۱۸۳۲

دھوتا ہوں جب میں پینے کو اُس سیم تن کے پانوٗ | رکھتا ہے ضد سے کھینچ کے باہر لگن کے پانوٗ

دی سادگی سے جان پڑوں کوہکن کے پانوٗ | ہیہات کیوں نہ ٹوٹ گئے پیرزن کے پانوٗ

بھاگے تھے ہم بہت، سو اُسی کی سزا ہے یہ | ہو کر اسیر دابتے ہیں راہزن کے پانوٗ

مرہم کی جستجو میں پھرا ہوں جو دُور دُور | تن سے سوا فگار ہیں اس خستہ تن کے پانوٗ

اللہ رے ذوقِ دشت نوردی کہ بعد مرگ | ہلتے ہیں خود بخود مرے اندر کفن کے پانوٗ

ہے جوشِ گل بہار میں یاں تک کہ ہر طرف | اڑتے ہوئے اُلجھتے ہیں مرغِ چمن کے پانوٗ

شب کو کسی کے خواب میں آیا نہ ہو کہیں | دُکھتے ہیں آج اس بتِ نازک بدن کے پانوٗ

غالب مرے کلام میں کیونکر مزا نہ ہو؟

پیتا ہوں دھو کے خسرو شیریں سخن کے پانوٗ

واں پہنچکر جو غش آتا پئے ہم ہے ہمکو | صد رہ آہنگِ زمیں بوسِ قدم ہے ہمکو

دل کو میں اور مجھے دل محوِ وفا رکھتا ہے | کسقدر ذوقِ گرفتاریِ ہم ہے ہمکو

ضعف سے نقشِ پئے مور ہے طوقِ گردن | تیرے کوچے سے کہاں طاقتِ رم ہے ہمکو

جان کر کیجیے تغافل کہ کچھ امید بھی ہو | یہ نگاہِ غلط انداز تو سم ہے ہمکو

رشکِ ہم طرحی و دردِ اثرِ بانگِ حزیں | نالۂ مرغِ سحر تیغِ دو دم ہے ہمکو

سر اڑانے کے جو وعدے کو مکرر چاہا | ہنس کے بولے کہ ترے سر کی قسم ہے ہمکو

دل کے خوں کرنیکی کیا وجہ، ولیکن ناچار — پاسِ بے رونقیِ دیدہ اہم ہے ہمکو

تم وہ نازک کہ خموشی کو فغاں کہتے ہو — ہم وہ عاجز کہ تغافل بھی ستم ہے ہمکو

لکھنؤ آنے کا باعث نہیں کھلتا یعنی — ہوسِ سیر و تماشا، سو وہ کم ہے ہمکو

مقطعِ سلسلۂ شوق نہیں ہے یہ شہر — عزمِ سیرِ نجف و طوفِ حرم ہے ہمکو

لئے جاتی ہے کہیں ایک توقع غالب

جادۂ رہ کششِ کافِ کرم ہے ہمکو — ق۔گ۔ب ۱۸۲۷

ایک جا حرفِ وفا لکھا تھا، سو بھی مٹ گیا — ق — ظاہرا کاغذ ترے خط کا غلط بردار ہے

اے سرِ شوریدہ، نازِ عشق و پاسِ آبرو — ق — یک طرف سودا و یکسو منتِ دستار ہے

جی جلے ذوقِ فنا کی ناتمامی پر نہ کیوں — ہم نہیں جلتے، نفس ہرچند آتشبار ہے

ہے وہی بدمستیٔ ہر ذرہ کا خود عذر خواہ — جسکے جلوے سے زمیں تا آسماں سرشار ہے

مجھ سے مت کہہ تو ہمیں کہتا تھا اپنی زندگی — زندگی سے بھی مرا جی ان دنوں بیزار ہے

آنکھ کی تصویر سر نامے پہ کھینچی ہے کہ تا

تجھ پہ کھل جاوے کہ اسکو حسرتِ دیدار ہے

بہ سختی ہائے قیدِ زندگی معلوم آزادی — ق — شررِ دربندِ دامِ رشتۂ رگہائے خارا ہے

اسدؔ یاسِ تمنا سے نہ رکھ امیدِ آزادی — ق — گدازِ آرزوہا، آبیارِ آرزوہا ہے

مری ہستی، فضائے حیرت آبادِ تمنا ہے — جسے کہتے ہیں نالہ، وہ اسی عالم کا عنقا ہے

خزاں کیا؟ فصلِ گل کہتے ہیں کسکو؟ کوئی موسم ہو — وہی ہم ہیں قفس ہے اور ماتم بال و پر کا ہے

وفائے دلبراں ہے اتفاقی، ورنہ اے ہمدم ۔۔۔ اثر فریادِ دلہائے حزیں کا کس نے دیکھا ہے

نہ لائے شوخیِ اندیشہ تابِ رنجِ نومیدی

کفِ افسوس ملنا عہدِ تجدیدِ تمنا ہے

ہو سکے کیا خاک دست و بازوئے فرہاد سے ۔۔۔ ق ۔۔۔ بیستوں، خوابِ گرانِ خسروِ پرویز ہے

ان ستم کیشوں کے کھائے ہیں زبس تیرِ نگاہ ۔۔۔ ق ۔۔۔ پردۂ بادام یک غربال حسرت بیز ہے

ہے بہارِ تیز رو گلگونِ نکہت پر سوار ۔۔۔ یک شکستِ رنگِ گل صد جنبشِ مہمیز ہے

کیوں نہ ہو چشمِ بتاں محوِ تغافل کیوں نہ ہو ۔۔۔ یعنی اس بیمار کو نظارے سے پرہیز ہے

مرتے مرتے دیکھنے کی آرزو رہ جائیگی ۔۔۔ وائے ناکامی کہ اس کافر کا خنجر تیز ہے

عارضِ گل دیکھ روئے یار یاد آیا اسدؔ

ق ۔۔۔ جوششِ فصلِ بہاری اشتیاق انگیز ہے

مسجد کے زیرِ سایہ خرابات چاہیے ۔۔۔ بھوں پاس آنکھ قبلۂ حاجات چاہیے

عاشق ہوئے ہیں آپ بھی اک اور شخص پر ۔۔۔ آخر ستم کی کچھ تو مکافات چاہیے

دے داد اے فلک دلِ حسرت پرست کی ۔۔۔ ہاں کچھ نہ کچھ تلافیِ مافات چاہیے

سیکھے ہیں مہ رخوں کے لیے ہم مصوری ۔۔۔ تقریب کچھ تو بہرِ ملاقات چاہیے

مے سے غرض نشاط ہے کس روسیاہ کو ۔۔۔ اک گونہ بیخودی مجھے دن رات چاہیے

ہے رنگِ لالہ و گل و نسریں جدا جدا ۔۔۔ ہر رنگ میں بہار کا اثبات چاہیے

سر پائے خم پہ چاہیے ہنگامِ بیخودی ۔۔۔ رو سوئے قبلہ وقتِ مناجات چاہیے

یعنی برحسبِ گردشِ پیمانۂ صفات
عارف ہمیشہ مستِ مئے ذات چاہیئے

نشو و نما ہے اصل سے غالبؔ فروع کو
خاموشی ہی سے نکلے ہے جو بات چاہیئے
ق گ.ب ۱۸۳۲

عشق مجھکو نہیں، وحشت ہی سہی
میری وحشت تری شہرت ہی سہی

قطع کیجے نہ تعلق ہم سے
کچھ نہیں ہے تو عداوت ہی سہی

میرے ہونے میں ہے کیا رسوائی!
اے وہ مجلس نہیں خلوت ہی سہی

ہم بھی دشمن تو نہیں ہیں اپنے
غیر کو تجھ سے محبت ہی سہی

اپنی ہستی ہی سے ہو جو کچھ ہو
آگہی گر نہیں، غفلت ہی سہی

عمر ہر چند کہ ہے برق خرام
دل کے خوں کرنے کی فرصت ہی سہی

ہم کوئی ترکِ وفا کرتے ہیں؟
نہ سہی عشق، مصیبت ہی سہی

کچھ تو دے اے فلکِ نا انصاف!
آہ و فریاد کی رخصت ہی سہی

ہم بھی تسلیم کی خو ڈالیں گے
بے نیازی تری عادت ہی سہی

یار سے چھیڑ چلی جائے اسدؔ
گر نہیں وصل تو حسرت ہی سہی
ق گ.ب ۱۸۳۲

دیکھنا قسمت کہ آپ اپنے پہ رشک آجائے ہے
میں اُسے دیکھوں بھلا کب مجھ سے دیکھا جائے ہے

ہاتھ دھو دل سے یہی گرمی گر اندیشے میں ہے

آبگینہ، تندیٔ صہبا سے پگھلا جائے ہے

غیر کو یارب! وہ کیونکر منعِ گستاخی کرے!
گر حیا بھی اسکو آتی ہے تو شرما جائے ہے

شوق کو یہ لت کہ ہر دم نالہ کھینچے جائیے
دل کی وہ حالت، کہ دم لینے سے گھبرا جائے ہے

دُور چشمِ بد، تری بزمِ طرب سے واہ واہ
نغمہ ہو جاتا ہے واں، گر نالہ میرا جائے ہے

گرچہ ہے طرزِ تغافل، پردہ دارِ رازِ عشق
پر ہم ایسے کھوئے جاتے ہیں کہ وہ پا جائے ہے

اس کی بزم آرائیاں سُن کر دلِ رنجور، یاں
مثلِ نقشِ مدعائے غیر بیٹھا جائے ہے

ہو کے عاشق وہ پری رُخ اور نازک بن گیا
رنگ کُھلتا جائے ہے، جتنا کہ اُڑتا جائے ہے

نقش کو اسکے مصور پر بھی کیا کیا ناز ہیں
کھینچتا ہے جس قدر، اتنا ہی کھنچتا جائے ہے

سایہ میرا مجھ سے مثلِ دود بھاگے ہے اسدؔ
پاس مجھ آتش بجاں کے کس سے ٹھہرا جائے ہے

ق گ، ب
۱۸۳۲

گرمِ فریاد رکھا، شکلِ نہالی نے مجھے
تب اماں ہجر میں دی بردِ لیالی نے مجھے

نسیہ و نقدِ دو عالم کی حقیقت معلوم
لے لیا مجھ سے مری ہمتِ عالی نے مجھے

کثرت آرائیٔ وحدت ہے، پرستاریٔ وہم
کر دیا کافر ان اصنامِ خیالی نے مجھے

ہوسِ گل کا تصور میں بھی کھٹکا نہ رہا
عجب آرام دیا، بے پر و بالی نے مجھے

سادگی پر اُس کی، مر جانے کی حسرت دل میں ہے
بس نہیں چلتا، کہ پھر خنجر کفِ قاتل میں ہے

دیکھنا تقریر کی لذت کہ جو اس نے کہا
میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے

گرچہ ہے کس کس برائی سے ولے، بایں ہمہ
ذکر میرا مجھ سے بہتر ہے کہ اس محفل میں ہے

بس ہجومِ نا امیدی! خاک میں مل جائے گی
یہ جو اک لذت ہماری سعیٔ بے حاصل میں ہے

رنجِ رہ کیوں کھینچیے؟ واماندگی کو عشق ہے
اُٹھ نہیں سکتا ہمارا جو قدم منزل میں ہے

جلوہ زارِ آتشِ دوزخ ہمارا دل سہی
فتنۂ شورِ قیامت کس کی آب و گل میں ہے

ہے دلِ شوریدۂ غالب طلسمِ پیچ و تاب
رحم کر اپنی تمنا پر، کہ کس مشکل میں ہے

ق گ۔ب
۱۸۲۲

دل سے تری نگاہ جگر تک اتر گئی
دونوں کو اک ادا میں رضامند کر گئی

شق ہو گیا ہے سینہ، خوشا لذتِ فراق
تکلیفِ پردہ داریِ زخمِ جگر گئی

وہ بادۂ شبانہ کی سرمستیاں کہاں
اُٹھیے بس اب کہ لذتِ خوابِ سحر گئی

اڑتی پھرے ہے خاک مری کوئے یار میں
بارے اب اے ہوا ہوسِ بال و پر گئی

دیکھو تو دلفریبیِ اندازِ نقشِ پا
موجِ خرامِ یار بھی کیا گل کتر گئی

ہر بوالہوس نے حسن پرستی شعار کی
اب آبروئے شیوۂ اہلِ نظر گئی

نظارے نے بھی کام کیا واں نقاب کا
مستی سے ہر نگہ ترے رخ پر بکھر گئی

فردا و دی کا تفرقہ یک بار مٹ گیا
کل تم گئے، کہ ہم پہ قیامت گزر گئی

مارا زمانے نے اسد اللہ خاں تمہیں
وہ ولولے کہاں، وہ جوانی کدھر گئی!

ق گ۔ب
۱۸۲۲

پھر کچھ اک دل کو بیقراری ہے
سینہ جویائے زخمِ کاری ہے

پھر جگر کھودنے لگا ناخن
آمدِ فصلِ لالہ کاری ہے

قبلۂ مقصدِ نگاہِ نیاز
پھر وہی پردۂ عماری ہے

چشم دلالِ جنسِ رسوائی
دل خریدارِ ذوقِ خواری ہے

وہی صد رنگ نالہ فرسائی
وہی صد گونہ اشکباری ہے

دل ہوائے خرامِ ناز سے پھر — محشرستانِ بیقراری ہے
جلوہ پھر عرضِ ناز کرتا ہے — روزِ بازارِ جاں سپاری ہے
پھر اسی بیوفا پہ مرتے ہیں — پھر وہی زندگی ہماری ہے
پھر کھلا ہے درِ عدالتِ ناز — گرم بازارِ فوجداری ہے
ہو رہا ہے جہان میں اندھیر — زلف کی پھر سرشتہ داری ہے
پھر دیا پارۂ جگر نے سوال — ایک فریاد و آہ و زاری ہے
پھر ہوئے ہیں گواہِ عشق طلب — اشکباری کا حکم جاری ہے
دل و مژگاں کا جو مقدمہ تھا — آج پھر اس کی روبکاری ہے

بیخودی بے سبب نہیں غالبؔ
کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

ق ۱۸۳۲ گ.ب

بے اعتدالیوں سے سُبک سب میں ہم ہوئے — جتنے زیادہ ہو گئے اتنے ہی کم ہوئے
پنہاں تھا دام سخت قریب آشیان کے — اڑنے نہ پائے تھے کہ گرفتار ہم ہوئے
ہستی ہماری اپنی فنا پر دلیل ہے — یاں تک مٹے کہ آپ ہی اپنی قسم ہوئے
سختی کشانِ عشق کی پوچھے ہے کیا خبر — وہ لوگ رفتہ رفتہ سراپا الم ہوئے
تیری وفا سے کیا ہو تلافی؟ کہ دہر میں — تیرے سوا بھی ہم پہ بہت سے ستم ہوئے
لکھتے رہے جنوں کی حکایاتِ خونچکاں — ہر چند اس میں ہاتھ ہمارے قلم ہوئے
اللہ ری تیری تندیِ خو جس کے بیم سے — اجزائے نالہ دل میں مرے رزقِ ہم ہوئے

اہلِ ہوس کی فتح ہے ترکِ نبردِ عشق
جو پاؤں اٹھ گئے وہی ان کے علم ہوئے

نالے عدم میں چند ہمارے سپرد تھے
جو واں نہ کھنچ سکے سو وہ یاں آگے دم ہوئے

چھوڑی اسدؔ نہ ہم نے گدائی میں دل لگی
سائل ہوئے تو عاشقِ اہلِ کرم ہوئے

ق گ.ب
۱۸۲۲

ظلمت کدے میں میرے شبِ غم کا جوش ہے
اک شمع ہے دلیلِ سحر سو خموش ہے

نے مژدۂ وصال، نہ نظارۂ جمال
مدت ہوئی کہ آشتیِ چشم و گوش ہے

مے نے کیا ہے حسنِ خود آرا کو بے حجاب
اے شوق یاں اجازتِ تسلیمِ ہوش ہے

گوہر کو عقدِ گردنِ خوباں میں دیکھنا
کیا اوج پر ستارۂ گوہر فروش ہے

دیدار بادہ، حوصلہ ساقی نگاہ مست
بزمِ خیال مے کدۂ بے خروش ہے

قطعہ

اے تازہ واردانِ بساطِ ہوائے دل
زنہار اگر تمہیں ہوسِ نائے و نوش ہے

دیکھو مجھے جو دیدۂ عبرت نگاہ ہو
میری سنو جو گوشِ نصیحت نیوش ہے

ساقی بجلوہ، دشمنِ ایمان و آگہی
مطرب بہ نغمہ رہزنِ تمکین و ہوش ہے

یا شب کو دیکھتے تھے کہ ہر گوشۂ بساط
دامانِ باغبان و کفِ گل فروش ہے

لطفِ خرامِ ساقی و ذوقِ صدائے چنگ
یہ جنتِ نگاہ وہ فردوسِ گوش ہے

یا صبح دم جو دیکھیے آکر تو بزم میں
نے وہ سرور و شور نہ جوش و خروش ہے

داغِ فراقِ صحبتِ شب کی جلی ہوئی
اک شمع رہ گئی ہے سو وہ بھی خموش ہے

آتے ہیں غیب سے یہ مضامیں خیال میں
غالبؔ صریرِ خامہ نوائے سروش ہے

ق گ.ب
۱۸۲۲

عجب نشاط سے جلاد کے چلے ہیں ہم آگے
کہ اپنے سائے سے سر پاؤں سے ہے دو قدم آگے

قضا نے تھا مجھے چاہا خرابِ بادۂ الفت
فقط "خراب" لکھا، بس نہ چل سکا قلم آگے

غمِ زمانہ نے جھاڑی نشاطِ عشق کی مستی
وگرنہ ہم بھی اٹھاتے تھے لذتِ الم آگے

خدا کے واسطے داد اس جنونِ شوق کی دینا
کہ اس کے در پہ پہنچتے ہیں نامہ بر سے ہم آگے

یہ عمر بھر جو پریشانیاں اٹھائی ہیں ہم نے
تمہارے آئیو اے طرّہ ہائے خم بہ خم آگے

دل و جگر میں پر افشاں جو ایک موجۂ خوں ہے
ہم اپنے زعم میں سمجھے ہوئے تھے اسکو دم آگے

قسم جنازے پہ آنے کی میرے کھاتے ہیں غالب
ہمیشہ کھاتے تھے جو میری جان کی قسم آگے

جس بزم میں تو ناز سے گفتار میں آوے
جاں کالبدِ صورتِ دیوار میں آوے

سائے کی طرح ساتھ پھریں سرو و صنوبر
تو اس قدِ دلکش سے جو گلزار میں آوے

تب نازِ گراں مایگیِ اشک بجا ہے
جب لختِ جگر دیدۂ خونبار میں آوے

دے مجھ کو شکایت کی اجازت، کہ ستمگر
کچھ تجھ کو مزا بھی مرے آزار میں آوے

اُس چشمِ فسوں گر کا اگر پائے اشارہ
طوطی کی طرح آئینہ گفتار میں آوے

کانٹوں کی زباں سوکھ گئی پیاس سے یارب!
اک آبلہ پا وادیٔ پر خار میں آوے

مرجاؤں نہ کیوں رشک سے، جب وُہ تنِ نازک
آغوشِ خمِ حلقۂ زنار میں آوے

غارت گرِ ناموس نہ ہو، گر ہوسِ زر
کیوں شاہدِ گل باغ سے بازار میں آوے

تب چاکِ گریباں کا مزہ ہے دلِ نالاں
جب اک نفس اُلجھا ہوا ہر تار میں آوے

آتشکدہ ہے سینہ مرا رازِ نہاں سے
اے وائے اگر معرضِ اظہار میں آوے

ق گ۔ب

گنجینۂ معنی کا طلسم اس کو سمجھیے
جو لفظ کہ غالبؔ مرے اشعار میں آوے

کب وہ سنتا ہے کہانی میری
اور پھر وہ بھی زبانی میری

خلشِ غمزۂ خوں ریز نہ پوچھ
دیکھ خوں نابہ فشانی میری

کیا بیاں کرکے مرا روئیں گے یار
مگر آشفتہ بیانی میری

ہوں زخود رفتۂ بیدائے خیال
بھول جانا ہے نشانی میری

متقابل ہے مقابل میرا!
رک گیا دیکھ روانی میری

قدرِ سنگِ سرِ رہ رکھتا ہوں
سخت ارزاں ہے گرانی میری

گرد بادِ رہِ بیتابی ہوں
صرصرِ شوق ہے بانی میری

دہن اس کا جو نہ معلوم ہوا
کھل گئی ہیچ مدانی میری

کر دیا ضعف نے عاجز غالبؔ
ننگ پیری ہے جوانی میری

ق گ۔ب ۱۸۳۲

جس زخم کی ہو سکتی ہو تدبیر رفو کی	لکھ دیجیو یا رب اسے قسمت میں عدو کی
اچھا ہے سر انگشت حنائی کا تصور	دل میں نظر آتی تو ہے اک بوند لہو کی
کیوں ڈرتے ہو عشاق کی بے حوصلگی سے	یاں تو کوئی سنتا نہیں فریاد کسو کی
دشنے نے کبھی منہ نہ لگایا ہو جگر کو	خنجر نے کبھی بات نہ پوچھی ہو گلو کی

صد حیف وہ ناکام کہ اک عمر سے غالبؔ
حسرت میں رہے ایک بت عربدہ جو کی۔

ق گ۔ب ۱۸۳۲

چاہیے اچھوں کو جتنا چاہیے	یہ اگر چاہیں تو پھر کیا چاہیے
صحبت رنداں سے واجب ہے حذر	جائے مے اپنے کو کھینچا چاہیے
چاہنے کو تیرے کیا سمجھا تھا دل	بارے اب اس سے بھی سمجھا چاہیے
چاک مت کر جیب بے ایام گل	کچھ ادھر کا بھی اشارا چاہیے
دوستی کا پردہ ہے بیگانگی	منہ چھپانا ہم سے چھوڑا چاہیے
دشمنی نے میری کھویا غیر کو	کس قدر دشمن ہے دیکھا چاہیے
اپنی رسوائی میں کیا چلتی ہے سعی	یار ہی ہنگامہ آرا چاہیے
منحصر مرنے پہ ہو جس کی امید	ناامیدی اس کی دیکھا چاہیے
غافل ان مہ طلعتوں کے واسطے	چاہنے والا بھی اچھا چاہیے

چاہتے ہیں خوبرویوں کو اسدؔ
آپ کی صورت تو دیکھا چاہیے

ق گ.ب ۱۸۳۲

وہ آ کے خواب میں تسکینِ اضطراب تو دے
ولے مجھے تپشِ دل مجالِ خواب تو دے

کرے ہے قتل لگاوٹ میں تیرا رو دینا
تری طرح کوئی تیغِ نگہ کو آب تو دے

دکھا کے جنبشِ لب ہی تمام کر ہم کو
نہ دے جو بوسہ، تو منہ سے کہیں جواب تو دے

پلا دے اوک سے ساقی، جو ہم سے نفرت ہے
پیالہ گر نہیں دیتا نہ دے، شراب تو دے

اسدؔ خوشی سے مرے ہاتھ پاؤں پھول گئے
کہا جو اس نے "ذرا میرے پاؤں داب تو دے"

ق گ.ب ۱۸۲۶

فریاد کی کوئی لے نہیں ہے — نالہ پابندِ نے نہیں ہے
کیوں بوتے ہیں باغبان تونبے — گر باغ گدائے مے نہیں ہے
ہر چند ہر ایک شے میں تو ہے — پر تجھ سی تو کوئی شے نہیں ہے
ہاں کھائیو مت فریبِ ہستی — ہر چند کہیں کہ "ہے" نہیں ہے
شادی سے گزر کہ غم نہ ہووے — اردی جو نہ ہو تو دے نہیں ہے

کیوں ردِ قدح کرے ہے زاہد   مے ہے یہ مگس کی قے نہیں ہے

ہستی ہے، نہ کچھ عدم ہے غالب
آخر تو کیا ہے ! اے "نہیں ہے"

ہم رشک کو اپنے بھی گوارا نہیں کرتے   مرتے ہیں، وے اُنکی تمنا نہیں کرتے
در پردہ انہیں غیر سے ہے ربطِ نہانی   ظاہر کا یہ پردہ ہے کہ پردا نہیں کرتے

یہ باعثِ نومیدیِ اربابِ ہوس ہے !
غالب کو برا کہتے ہو، اچھا نہیں کرتے

دیکھ کر در پردہ گرمِ دامن افشانی مجھے   کر گئی وابستۂ تن میری عُریانی مجھے
بن گیا تیغِ نگاہِ یار کا سنگِ فساں   مرحبا میں کیا مبارک ہے گراں جانی مجھے
کیوں نہ ہو بے التفاتی، اسکی خاطر جمع ہے   جانتا ہے محوِ پرسش ہائے پنہانی مجھے
میرے غم خانے کی قسمت جب رقم ہونے لگی   لکھدیا من جملۂ اسباب ویرانی مجھے !
بدگماں ہوتا ہے وہ کافر نہ ہوتا کاش کے   اس قدر ذوقِ نوائے مرغِ بستانی مجھے
وائے واں بھی شورِ محشر نے نہ دم لینے دیا   لے گیا تھا گور میں ذوقِ تن آسانی مجھے
وعدہ آنے کا وفا کیجے، یہ کیا انداز ہے   تم نے کیوں سونپی ہے میرے گھر کی دربانی مجھے
ہاں نشاطِ آمدِ فصلِ بہاری، واہ ! واہ !   پھر ہوا ہے تازہ سودائے غزلخوانی مجھے

دی مرے بھائی کو حق نے از سرِ نو زندگی
میرزا یوسف ہے غالب یوسفِ ثانی مجھے

چشمِ خوباں خامشی میں بھی نوا پرداز ہے   م   سرمہ تو کہوے کہ دودِ شعلۂ آواز ہے

پیکرِ عشاق سازِ طالعِ ناساز ہے   م   نالہ گویا گردشِ سیارہ کی آواز ہے

دستگاہِ دیدۂ خونبارِ مجنوں دیکھنا

م   یک بیاباں جلوۂ گل فرشِ پا انداز ہے

کبھی نیکی بھی اس کے جی میں گر آ جائے ہے مجھ سے

جفائیں کر کے اپنی یاد شرما جائے ہے مجھ سے

خدایا جذبۂ دل کی مگر تاثیر الٹی ہے

کہ جتنا کھینچتا ہوں اور کھنچتا جائے ہے مجھ سے

وہ بدخو اور میری داستانِ عشق طولانی!

عبارت مختصر، قاصد بھی گھبرا جائے ہے مجھ سے

ادھر وہ بدگمانی ہے، ادھر یہ ناتوانی ہے!

نہ پوچھا جائے ہے اس سے نہ بولا جائے ہے مجھ سے

سنبھلنے دے مجھے اے ناامیدی کیا قیامت ہے

کہ دامانِ خیالِ یار چھوٹا جائے ہے مجھ سے

تکلف برطرف نظارگی میں بھی سہی لیکن

وہ دیکھا جائے کب یہ ظلم دیکھا جائے ہے مجھ سے

ہوئے ہیں پاؤں ہی پہلے نبردِ عشق میں زخمی

نہ بھاگا جائے ہے مجھ سے نہ ٹھہرا جائے ہے مجھ سے
قیامت ہے کہ ہووے مدعی کا ہمسفر غالبؔ
وہ کافر جو خدا کو بھی نہ سونپا جائے ہے مجھ سے

لاغر اتنا ہوں کہ گر تو بزم میں جا دے مجھے
میرا ذمہ، دیکھ کر گر کوئی بتلا دے مجھے
کیا تعجب ہے کہ اس کو دیکھ کر آ جائے رحم
واں تلک، کوئی کسی حیلے سے پہنچا دے مجھے
منہ نہ دکھلاوے نہ دکھلا، پر بہ اندازِ عتاب
کھول کر پردہ، ذرا آنکھیں ہی دکھلا دے مجھے
یاں تلک میری گرفتاری سے وہ خوش ہے کہ میں
زلف گر بن جاؤں، تو شانے میں الجھا دے مجھے

رونے سے اور عشق میں بیباک ہو گئے — دھوئے گئے ہم اتنے کہ بس پاک ہو گئے
صرفِ بہائے مے ہوئے آلاتِ میکشی — تھے یہ ہی دو حساب، سو یوں پاک ہو گئے
رسوائے دہر گو ہوئے آوارگی سے تم — بارے طبیعتوں کے تو چالاک ہو گئے
کہتا ہے کون نالۂ بلبل کو بے اثر؟ — پردے میں گل کے، لاکھ جگر چاک ہو گئے
پوچھے ہے کیا وجود و عدم اہلِ شوق کا — آپ اپنی آگ سے خس و خاشاک ہو گئے
کرنے گئے تھے اس سے تغافل کا ہم گلہ — کی ایک ہی نگاہ، کہ بس خاک ہو گئے

اس رنگ سے اٹھائی کل اس نے اسدؔ کی نعش
دشمن بھی جسکو دیکھ کے غمناک ہوگئے

ق گ.ب
۱۸۲۲

مدت ہوئی ہے یار کو مہماں کئے ہوئے — جوشِ قدح سے بزم چراغاں کئے ہوئے

کرتا ہوں جمع پھر جگرِ لخت لخت کو — عرصہ ہوا ہے دعوتِ مژگاں کئے ہوئے

پھر وضعِ احتیاط سے رکنے لگا ہے دم — برسوں ہوئے ہیں چاکِ گریباں کئے ہوئے

پھر گرمِ نالہ ہائے شرربار ہے نفس — مدت ہوئی ہے سیرِ چراغاں کئے ہوئے

پھر پرسشِ جراحتِ دل کو چلا ہے عشق — سامانِ صد ہزار نمکداں کئے ہوئے

پھر بھر رہا ہے خامۂ مژگاں، بہ خونِ دل — سازِ چمن طرازیِ داماں کئے ہوئے

باہمدگر ہوئے ہیں دل و دیدہ پھر رقیب — نظارہ و خیال کا ساماں کئے ہوئے

دل پھر طوافِ کوئے ملامت کو جائے ہے — پندار کا صنم کدہ ویراں کئے ہوئے

پھر شوق کر رہا ہے خریدار کی طلب — عرضِ متاعِ عقل و دل و جاں کئے ہوئے

دوڑے ہے پھر ہر ایک گل و لالہ پر خیال — صد گلستاں نگاہ کا ساماں کئے ہوئے

پھر چاہتا ہوں نامۂ دلدار کھولنا — جاں نذرِ دلفریبیِ عنواں کئے ہوئے

مانگے ہے پھر کسی کو لبِ بام پر ہوس — زلفِ سیاہ، رخ پہ پریشاں کئے ہوئے

چاہے ہے پھر کسی کو مقابل میں آرزو — سرمے سے تیز دشنۂ مژگاں کئے ہوئے

اک نوبہارِ ناز کو تاکے ہے پھر نگاہ — چہرہ فروغِ مے سے گلستاں کئے ہوئے

پھر جی میں ہے کہ در پہ کسی کے پڑے رہیں — سر زیرِ بارِ منتِ درباں کئے ہوئے

دیوان غالب مملوکہ خان بہادر سید ابو محمد

(ص ۹۶)

پھر بھر رہا ہوں خامۂ مژگاں بخون دل — ساز چمن طرازی داماں کیے ہوئے

باہم دگر ہوئے ہیں دل و دیدہ پھر رقیب — نظارہ و خیال کا ساماں کیے ہوئے

دل پھر طواف کوئے ملامت کو جائے ہے — پندار کا صنم کدہ ویراں کیے ہوئے

پھر شوق کر رہا ہے خریدار کی طلب — عرض متاع عقل و دل و جاں کیے ہوئے

دوڑے ہے پھر ہر ایک گل و لالہ پر خیال — صد گلستاں نگاہ کا ساماں کیے ہوئے

پھر چاہتا ہوں نامۂ دلدار کھولنا — جاں نذر دلفریبی عنواں کیے ہوئے

مانگے ہے پھر کسی کو لب بام پر ہوس — زلف سیاہ رخ پہ پریشاں کیے ہوئے

چاہے ہے پھر کسی کو مقابل میں آرزو — سرمے سے تیز دشنۂ مژگاں کیے ہوئے

اک نوبہار ناز کو تاکے ہے پھر نگاہ — چہرہ فروغ مے سے گلستاں کیے ہوئے

جی ڈھونڈتا ہے پھر وہی فرصت کہ رات دن — بیٹھے رہیں تصور جاناں کیے ہوئے

پھر جی میں ہے کہ در پہ کسی کے پڑے رہیں — سر زیر بار منت درباں کیے ہوئے

غالب ہمیں نہ چھیڑ کہ پھر جوش اشک سے — بیٹھے ہیں ہم تہیۂ طوفاں کیے ہوئے

تمام شد غزلیات

جی ڈھونڈتا ہے پھر وہی فرصت کہ رات دن
بیٹھے رہیں تصورِ جاناں کئے ہوئے

غالبؔ ہمیں نہ چھیڑ کہ پھر جوشِ اشک سے
بیٹھے ہیں ہم تہیۂ طوفاں کئے ہوئے

ق ۱۸۳۲ گ ب

چکنی ڈلی

ہے جو صاحب کے کفِ دست پہ یہ چکنی ڈلی — زیب دیتا ہے اسے جس قدر اچھا کہئے
خامہ انگشت بہ دنداں کہ اسے کیا لکھئے — ناطقہ سر بہ گریباں کہ اسے کیا کہئے
مہرِ مکتوبِ عزیزانِ گرامی لکھئے — حرزِ بازوئے شگرفانِ خود آرا کہئے
مسی آلودہ سرِ انگشتِ حسیناں لکھئے — داغِ طرفِ جگرِ عاشقِ شیدا کہئے
خاتمِ دستِ سلیماں کے مشابہ لکھئے — سرِ پستانِ پریزاد سے مانا کہئے
اخترِ سوختۂ قیس سے نسبت دیجے — خالِ مشکینِ رخِ دلکشِ لیلا کہئے
حجر الاسودِ دیوارِ حرم کیجے فرض — نافہ آہوئے بیابانِ ختن کا کہئے
وضع میں اس کو اگر سمجھئے قافِ تریاق — رنگ میں سبزۂ نوخیزِ مسیحا کہئے
صومعے میں اسے ٹھہرائیے گر مُہرِ نماز — میکدے میں اسے خشتِ خمِ صہبا کہئے
کیوں اسے قفلِ درِ گنجِ محبت لکھئے — کیوں اسے نقطۂ پرکارِ تمنا کہئے
کیوں اسے گوہرِ نایاب تصور کیجے — کیوں اسے مردمکِ دیدۂ عنقا کہئے
کیوں اسے تکمۂ پیراہنِ لیلا لکھئے — کیوں اسے نقشِ پئے ناقۂ سلمیٰ کہئے
اپنے حضرت کے کفِ دست کو دل کیجے فرض — اور اس چکنی سپاری کو سویدا کہئے

ق

تنہائی کی وادی میں

رہیے اب ایسی جگہ چل کر جہاں کوئی نہ ہو
ہم سخن کوئی نہ ہو اور ہم زباں کوئی نہ ہو

بے در و دیوار سا اک گھر بنایا چاہیے
کوئی ہمسایہ نہ ہو اور پاسباں کوئی نہ ہو

پڑیے گر بیمار تو کوئی نہ ہو تیماردار
اور اگر مر جائیے تو نوحہ خواں کوئی نہ ہو

کلکتہ

کلکتے کا جو ذکر کیا تو نے ہم نشیں
اک تیر میرے سینہ میں مارا کہ ہائے ہائے

وہ سبزہ زار ہائے مطرا کہ ہے غضب
وہ نازنیں بتانِ خود آرا کہ ہائے ہائے

صبر آزما وہ اُن کی نگاہیں کہ حف نظر
طاقت رُبا وہ اُن کا اشارہ کہ ہائے ہائے

وہ میوہ ہائے تازہ و شیریں کہ واہ واہ
وہ بادہ ہائے ناب گوارا کہ ہائے ہائے

قطعہ

گئے وہ دن کہ نادانستہ غیروں کی وفاداری
کیا کرتے تھے تم تقریر ہم خاموش رہتے تھے

بس اب بگڑے پہ کیا شرمندگی جانے دو مل جاؤ
قسم لو ہم سے گر یہ بھی کہیں کیوں ہم نہ کہتے تھے

مند گئیں کھولتے ہی کھولتے آنکھیں غالب
یار لائے مرے بالیں پہ اسے، پر کس وقت

لو ہم مریضِ عشق کے تیماردار ہیں
اچھا اگر نہ ہو، تو مسیحا کا کیا علاج

مجھ کو دیارِ غیر میں مارا وطن سے دور
رکھ لی مرے خدا نے مری بیکسی کی شرم
وہ حلقہ ہائے زلف کمیں میں ہیں اے خدا
رکھ لیجو میرے دعوئے وارستگی کی شرم

واں اسکو ہولِ دل ہے تو یاں میں ہوں شرمسار
یعنی یہ میری آہ کی تاثیر سے نہ ہو
اپنے کو دیکھتا نہیں ذوقِ ستم کو دیکھ
آئینہ تاکہ دیدۂ نخچیر سے نہ ہو

سیاہی جیسے گر جائے دمِ تحریر کاغذ پر
مری قسمت میں یوں تصویر ہے شبہائے ہجراں کی

تا ہم کو شکایت کی بھی باقی نہ رہے جا
سُن لیتے ہیں گو ذکر ہمارا نہیں کرتے
غالب ترا احوال سنا دینگے ہم ان کو
وہ سُن کے بلا لیں یہ اجارا نہیں کرتے

گھر میں تھا کیا؟ کہ ترا غم اسے غارت کرتا
وہ جو رکھتے تھے ہم اک حسرتِ تعمیر سو ہے

پنیں میں گذرتے ہیں جو کوچے سے وہ میرے
کندھا بھی کہاروں کو بدلنے نہیں دیتے

زندگی اپنی جب اس شکل سے گذری غالب
ہم بھی کیا یاد کرینگے کہ خدا رکھتے تھے

اگ رہا ہے در و دیوار پہ سبزہ غالب
ہم بیاباں میں ہیں اور گھر میں بہار آئی ہے

نہ پوچھ نسخۂ مرہم جراحت دل کا
کہ اس میں ریزۂ الماس جزو اعظم ہے
بہت دنوں میں تغافل نے تیرے پیدا کی
وہ اک نگہ کہ بظاہر نگاہ سے کم ہے

ہوں میں بھی تماشائی نیرنگ تمنا
مطلب نہیں کچھ اس سے کہ مطلب ہی بر آوے

رُباعیات

آتشبازی ہے جیسے شغل اطفال
ہے سوز جگر کا بھی اسی طور کا حال
تھا موجد عشق بھی قیامت کوئی
لڑکوں کیلئے گیا ہے کیا کھیل نکال

دل سخت نژند ہو گیا ہے گویا
اس سے گلہ مند ہو گیا ہے گویا
پر یار کے آگے بول سکتے ہی نہیں
غالبؔ منہ بند ہو گیا ہے گویا

دکھ جی کے پسند ہو گیا ہے غالبؔ
دل رک رک کر بند ہو گیا ہے غالبؔ
واللہ کہ شب کو نیند آتی ہی نہیں
سونا سوگند ہو گیا ہے غالبؔ

بھیجی ہے جو مجھ کو شاہِ جمجاہ نے دال [1]
ہے لطف و عنایاتِ شہنشاہ پہ دال
یہ شاہ پسند دال بے بحث و جدال
ہے دولت و دین و دانش و داد کی دال

ہیں شہ میں صفاتِ ذوالجلالی باہم [1]
آثارِ جلالی و جمالی باہم
ہوں شاد نہ کیوں سافل و عالی باہم
ہے اب کی شبِ قدر و دِوالی باہم

---

[1] - یہ معلوم نہیں کہ یہ رباعیات اور مرزا کی ردیف دال کی دوسری غزل کب لکھی گئیں۔ ان میں یا تو ظفر کے والد اکبر شاہ ثانی کی طرف اشارہ ہے، یا ظفر کی طرف۔ مؤخر الذکر صورت میں مرزا پر بادشاہ کی عنایات ۱۸۴۲ء سے پہلے ہی شروع ہو گئی ہوں گی۔

ا- لالۂ صحرا- ۱۸۲۷ تا ۱۸۳۰

ب- گل رعنا- ۱۸۳۰ تا ۱۸۳۶

ج- بادۂ شیراز- ۱۸۳۶ تا ۱۸۴۷

زخمہ بر تارِ رگِ جاں میزنم کس چہ داند تا چہ دستاں میزنم
زخمہ بر تارم پریشاں میرود کایں نواہائے پریشاں میزنم

رازدانِ خوئے دھرم کردہ اند
خندہ بر دانا و ناداں میزنم

غالب

لالۂ صحرا

غزلیات

به شغل انتظار مهوشاں در خلوت شبها
سر تار نظر شد رشتۂ تسبیح کوکبها

بروی برگ گل تا قطرۂ شبنم نه پنداری
بهار از حسرت فرصت بدنداں میگزد لبها

بخلوتخانۂ کام نهنگ لا زدم خود را
ستوه آمد دل از هنگامۂ غوغای مطلبها

کند گر فکر تعمیر خرابیهای ما گردوں
نیاید خشت مثل استخواں بیروں ز قالبها

خوشا بیرنگی دل دستگاه شوق را نازم
نمی بالد بخویش ایں قطره از طوفان مشربها

ندارد حسن در هر حال از مشاطگی غفلت
بود دسته بندی خط سبزۂ خط در ته لبها

خوشا رندی و جوش زنده رود و مشرب عذبش
به لب خشکی چه میری در سرابستان مذهبها

تو خوی پنداری و دانی که جاں بردم ز سیلانی
که آتش در نهادم آب شد از گرمی تبها

مبادا هیچ تار سبحه از هم بگسلد غالب
نفس با ایں ضعیفی بسته بد شور یاربها

بر نمی آید ز چشم از جوشِ حیرانی مرا — شد نگہ زنارِ تسبیحِ سلیمانی مرا

دامن افشاندم بجیب و ماندہ در بندِ تنم — وحشتے کو تا بروں آرد ز عریانی مرا

وہ کہ پیش از من بپابوسِ کسی خواہد رسید — سجدۂ شوقے کہ می بالد بہ پیشانی مرا

با ہمہ خرسندی از دے شکوہ ہا دارم ہمی — تا ندانند صید پرستمہائے پنہانی مرا

تشنہ لب بر ساحلِ دریا ز غیرت جاں دہم — گر بموج افتد گمانِ چینِ پیشانی مرا

با سراج الدین احمد چارہ جز تسلیم نیست
ورنہ غالب نیست آہنگِ غزلخوانی مرا (کلکتہ)

تا کیم دود شکایت ز بیاں برخیزد — بزن آتش کہ شنیدن ز میاں برخیزد

می رمی از من و خلقی بگماں است ز تو — بیمحابا شو و بنشیں کہ گماں برخیزد

گر دہم شرحِ عتابے کہ بدلہا داری — دود از کارگہِ شیشہ گراں برخیزد

با قدت سرو چو شخصیست کہ ناگہ یکبار — بیخود از جا بہ ہجومِ خفقاں برخیزد

بچہ گیرند عیارِ ہوس و عشق دگر — رسمِ بیداد مبادا ز جہاں برخیزد

کشتۂ دعوی پیدائیِ خویشیم ہمہ — وائے گر پردہ ازیں رازِ نہاں برخیزد

زینہار از تعبِ دوزخِ جاوید مترس — خوش بہاریست کزو بیمِ خزاں برخیزد

جزوی از عالمم و از ہمہ عالم بیشم — ہمچو موئے کہ بتاں را ز میاں برخیزد

عمرہا چرخ بگردد کہ جگر سوختۂ — چوں من از دودۂ آذر نفساں برخیزد

گر دہم شرحِ ستمہائے عزیزاں غالب
رسمِ امید ہمانا ز جہاں برخیزد (کلکتہ)

شبہائے غم کہ چہرہ بہ خوناب شستہ ایم
از دیدہ نقش وسوسۂ خواب شستہ ایم

افسون گریہ بُرد ز خوبیت عتاب را
از شعلۂ تو دود بہ ہفت آب شستہ ایم

زاہد خوش است صحبت از آلودگی مترس
کایں خرقہ بارہا بہ مئے ناب شستہ ایم

اے در عتاب رفتہ ز بیرنگیٔ سرشک
غافل کہ امشب از مژہ خوناب شستہ ایم

پیمانہ را ز بادہ بخوں پاک کردہ ایم
کاشانہ را ز رخت بسیلاب شستہ ایم

غرقِ محیطِ وحدتِ صرفیم و در نظر
از روئے بحر موجہ و گرداب شستہ ایم

بیدست و پا بہ بحرِ توکل فتادہ ایم
از خویش گردِ زحمتِ اسباب شستہ ایم

در مسلخِ وفا ز حیا آب گشتہ ایم
خوں از جبیں و دست ز قصاب شستہ ایم

غالب رسیدہ ایم بہ کلکتہ و بہ مے
از سینہ داغ دُوریِ احباب شستہ ایم

گر مہر و گر کیں ہمہ رعنائیِ وہم ست
شاد آنکہ بہ نیرنگ نگردید فریبا

اندیشہ دو صد گل کدہ گل بردہ بدامن
اما ہمہ از نقش و نگار پر عنقا

آں وعظ فقیہانۂ زاہد کہ نزیبد
بر صفحۂ دیں نقش رواج غم دنیا

واں نعرۂ مستانۂ رنداں کہ نیرزد
دم سردیِ امروز بسر گرمیِ فردا

آں حسن و دم ناز ز افسونِ ادائی
جاں باز دمیدن بہ تن صورت دیبا

واں عشق و گہ عجز بہ امید نگاہے
از خویش گزشتن بسر راہِ تمنا

گردیدن ہفت اختر و نہ چرخ بہر سو — زیں عربدہ بالیدن آثار بہر جا

گل کردن صد رنگ بہار از جگر خاک — بر جستن یکدستہ شرار از رگ خارا

ہنگامۂ ابلیس و نشاں دادن گندم — افسانۂ آوارگیٔ آدمؑ و حواؑ

دانستہ شود ہر چہ ز اسرار تعین — سنجیدہ شود ہر چہ ز آثار من و ما

از خامۂ نقاش بروں نامدہ ہرگز — ہر نقش کہ بینی ز پس پردہ ہویدا

وحدت ہمہ حدیست معین کہ خود از وے — ہستی ہمہ جز نیست حقیقی کہ مرا اورا

طرفی نتواں بست بسرگرمیٔ اوہام — ہرگز نتواں کرد پراگندہ براجزا

آئینہ بہ پیش نظر و جلوہ فراواں — دل پر ہوس و صاحب خلوتکدہ تنہا

پیدا و نہاں مشغلہ حسب ظہوریست — چوں پردہ برافتد نہ نہانست نہ پیدا

تحفۂ دیر

تعالی اللہ بنارس چشم بد دور — بہشت خرم و فردوس معمور

تناسخ مشرباں چوں لب کشانید — بہ کیش خویش کاشی را ستانید

کہ ہر کس کاندراں گلشن بمیرد — دگر پیوند جسمانی نگیرد

چمن سرمایۂ امید گردد — بمردن زندۂ جاوید گردد

زہی آسودگی بخش روانہا — کہ داغ چشم می شوید ز جانہا

شگفتے نیست از آب و ہوایش — کہ تنہا جاں شود اندر فضایش

بیا اے غافل از کیفیت ناز
نگاہی بر پری زادانش انداز

ہمہ جانہای بے تن کن تماشا
ندارد آب و خاک این جلوہ حاشا

نہاد شان چو بوی گل گران نیست
ہمہ جانند جسمی درمیان نیست

خس و خارش گلستانست گوئی
غبارش جوہر جانست گوئی

سوادش پایۂ تخت بت پرستان
سراپایش زیارتگاہ مستان

عبادتخانۂ ناقوسیانست
ہمانا کعبۂ ہندوستانست

بتانش را ہیولے شعلۂ طور
سراپا نور ایزد چشم بد دور

میانہا نازک و دلہا توانا
ز نادانی بکار خویش دانا

تبسم بسکہ در لبہا طبیعیست
دہنہا رشک گلہائے ربیعیست

ادائے یک گلستان جلوہ سرشار
خرامے صد قیامت فتنہ دربار

بہ لطف از موج گوہر نرم روتر
بناز از خون عاشق گرم روتر

ز انگیز قد انداز خرامے
بپائے گلبنے گستردہ دامے

ز رنگین جلوہا غارتگر ہوش
بہار بستر و نوروز آغوش

ز تاب جلوۂ خویش آتش افروز
بتان بت پرست و برہمن سوز

بسامان دو عالم گلستان رنگ
ز تاب رخ چراغان لب گنگ

قیامت قامتان مژگان درازان
ز مژگان بر صف دل نیزہ بازان

بہ تن سرمایۂ افزایش دل
سراپا مژدۂ آسایش دل

به مستی موج را فرموده آرام — ز نغزی آب را بخشیده اندام
فتاده شورشی در قالب آب — زماهی صد دلش در سینه بیتاب
ز بس عرض تمنا میکند گنگ — ز موج آغوش‌ها وا میکند گنگ

ز تاب جلوه‌ها بیتاب گشته
گهرها در صدف‌ها آب گشته

بادِ مخالف

اے تماشائیان بزم سخن — وے مسیحا دمان نادر فن
اے سخن پروران کلکته — وے زبان آوران کلکته
اسدالله بخت برگشته — در خم و پیچ عجز سرگشته
گرچه ناخوانده میهمان شماست — بے سخن ریزه چین خوان شماست
به تظلم رسیده است اینجا — بامید آرمیده است اینجا
کار احباب ساختن رسم ست — میهمان را نواختن رسم ست
آن ره و رسم کارسازے کو — شیوهٔ میهمان نوازے کو
کیستم دلشکسته غمزدهٔ — بیدلے خسته ستمزدهٔ
برق بے طاقتی بجان زده — آتش غم بخان و مان زده
از گداز نفس بتاب و تبے — در بیابان یاس تشنه لبے

خس طوفانی محیط بلا — سر بسر گرد کاروان فنا

دردمندی جگر گداختهٔ — از غم دهر زهره باختهٔ

در آگاهی فنا زدهٔ — همه بر خویش پشت پا زدهٔ

چه بلاها کشیده ام آخر — که بدینجا رسیده ام آخر

بسیه روز غربتم بنید — تیره شبهای وحشتم بنید

انده دوری وطن نگرید — غم هجران انجمن نگرید

نه همین ناله و فغان بلبم — من و جان آفرین که جان بلبم

من که در عزم داوری کردن — ساز بزم سخنوری کردن

با بزرگان نیازها دارم — هم بدین شیوه نازها دارم

بنده ام بنده مهربانان را — رمز فهمان و نکته دانان را

نه ز آویزش بیان ترسم — من و ایمان من کزان ترسم

که پس از من بسالهای دراز — بزبان ماند این حکایت باز

کز سفیهی رسیده بود اینجا — چند روز آرمیده بود اینجا

با بزرگان ستیزه پیش گرفت — تهمتی داد و راه خویش گرفت

شوخ چشمی و زشت خوئی بود — بحیلت و هرزه گوئی بود

برگ دنیا نه ساز دینش بود — ننگ دهلی و سرزمینش بود

آه از آن دم که بعد رفتن من — خون دهلی بود بگردن من

تاب ہنگامہ ام خدارا نیست — مہربانان دلست خارا نیست

دیدنکہ در پیشگاہ بزم سخن — بزبانہا فتادہ است زمن

کہ فلاں باقتیل نیکو نیست — مگس خوان نعمت او نیست

زلہ بردار کس چرا باشم

من ہمایم مگس چرا باشم

فریاد

نہ مرا دولت دنیا نہ مرا اجر جمیل — نہ چو نمرود توانا نہ شکیبا چو خلیل

با رقیباں کف ساقی بمئے ناب کریم — با غریباں لب جیحوں بدمے آب بخیل

اے بہ بیمار قضا دوختہ چشم ابلیس — بدم گرم رواں سوختہ بال جبریل

با توام خرمئے خاطر ہوسے بیہودہ — با خودم خستگی لشکر فرعون بہ نیل

سر کمال تو در اندازہ کمال تو محیط — بر وجود تو در اندیشہ وجود تو دلیل

نہ کنی چارہ لب خشک مسلمانے را — اے بہ ترسا بچگاں کردہ مئے ناب سبیل

غالب سوختہ جاں را چہ بگفتار آری

بدیارے کہ ندانند نظیری ز قتیل

تشبیب قصیدہ

تو اے ستارہ ندانی نرنجم از آزار — تو اے سپہر نہ بینی کہ نرسم از بیداد

ترا غمیست بسرمایۂ گرانئ کوہ — مرا ولیست بہ نیروئے تیشۂ فرہاد
من و بلائے تو نطع ادیم و تاب سہیل — من و جفائے تو شاگرد و سیلئ استاد
من و ستم دل رنجور و التفات طبیب — من و خطر رگ مجنون و نشتر فصاد
نگوئش تاب طبیعت ردم معاذ اللہ — ندیدہ ام کہ از کیست جملہ بست و کشاد
ستارہ راہ برفتار ز اقتضائے قضا است — چنانکہ جنبش ترداز انامل نراد
فلک کجائی و طالع چہ و ستارہ کدام — کنم شکایت دشمن ز دوست شرمم باد
غزل سرایم و در مہر پیچم از اندوہ — ترانہ سنجم و برخیزدم از سر فریاد
بیا کہ شوق عنان سخن بگرداند — ز سنگلاخ شکایت بہ مرغزار ودا
بیا کہ نیست ثباتے بدیں نشاط و ملال — بیا کہ نیست دوامے بدیں بیاض و سواد
بیا کہ زود سراید زمانۂ اندوہ — شود روان گرامی ز بند تن آزاد

بیا کہ دادہ نوید نکوئی فرجام
حسینؑ ابن علیؑ آبروئے دانش و داد

شباب

آں بلبلم کہ در چمنستاں بشاخسار — بود آشیان من شکن طرۂ بہار
آں مطربم کہ ساز نوائے خیال من — غیر از کمند جاذبہ دل نداشت تار
آں ریشۂ نگاہ امیدم کہ دمبدم — بود از نم طراوت دل شوق آبیار

هر غنچه از دمم بفضائے شگفتگی — فیض نسیم و جلوۂ گل داشت پیشکار

هر جلوه راز من بتقاضائے دلبرے — از غنچه بود محمل نازے برهگذار

هم سینه از بلائے جفا پیشه دلبراں — فرہنگ کاردانی بیداد روزگار

هم دیده از ادائے مغاں شیوه شاہداں — فہرست روزنامۂ اندوه انتظار

شوقم جریدۂ رقم آرزوئے بوس — ذوقم قلم و ہوس مژدہ کشار

فکرم بجیب شاہد اندیشه گلفشاں — کلکم بطرف گلشن نظاره لاله کار

از چشم و دل نہاد مرا بود تاج و تخت — وز رنگ و بو بساط مرا بود پود و تار

بختم بجیب عشرتیاں میفشاند گل — سعیم ز پائے محنتیاں میکشید خار

وقت مرا ردائے کوثر در آستیں — بزم مرا طراوت فردوس در کنار

ساقی ز باده بر اثر نغمه عذرخواه — مطرب ز نغمه در ہوس باده حق گزار

از پرده ہائے ساز نفسہا اثرفشاں — وز جلوه ہائے ناز نظرہا کرشمه بار

همواره ذوق مستی و لہو و سرود سو — پیوسته شعر و شاہد و شمع و می و قمار

با کیسه در خصومت و با کاسه در لجاج — رنداں پاکباز و شگرفاں شادخوار

به مستی شبینه و خواب سحرگہی — رنگینیٔ سفینه و اشعار آبدار

اکنوں منم ز رنگ بر دیر نمے رسد — تا رخ بخوں دیده بشویم ہزار بار

چشمم کشوده اند بکردار ہائے من

زاینده ناامیدم و از رفته شرمسار

گلِ رعنا

غزلیات

سحر دمیدہ و گل در دمیدنست مخسپ
جہاں جہاں گل نظارہ چیدنست مخسپ

مشام را بہ شمیم گلے نوازش کن
نسیم غالیہ سا در وزیدنست مخسپ

ز خویش حسن طلب بین و در صبوحی کوش
مئے مشابہ ز لب در چکیدنست مخسپ

ستارۂ سحری مژدہ سنج دیداریست
ببیں کہ چشم فلک در پریدنست مخسپ

تو محو خواب و سحر در تاسف از انجم
بہ پشت دست بدنداں گزیدنست مخسپ

نفس ز نالہ بہ سنبل درودنست بخیز
ز خون دل مژہ در لالہ چیدنست مخسپ

نشاط گوش بہ آواز قلقلست بیا
پیالہ چشم براہ کشیدنست مخسپ

نشان زندگی دل دویدنست مایست
جلائے آئینہ چشم دیدنست مخسپ

ز دیدہ سود حریفاں کشودنست مبند
ز دل مراد عزیزاں تپیدنست مخسپ

بذکر مرگ شبے زندہ داشتن ذوقیست
گرت فسانۂ غالب شنیدنست مخسپ

ظهور بخشش حق را ذریعه بی سببیست — وگرنه شرم گنه در شمار بی ادبیست

زگیرودار چه غم چون بعالمیکه منم — هنوز قصهٔ حلاج حرف زیرلبیست

رموز دین نشناسم درست و معذورم — نهاد من عجمی و طریق من عربیست

نشاط جم طلب از آسمان شوکت جم — قدح مباش ز یاقوت باده گر عنبیست

بالتفات نیرزم در آرزو چه نزاع — نشاط خاطر مفلس ز کیمیا طلبیست

ز هم پیالگی زاهدان بلائی بود — خوشست گرمی بخشش خلاف شرع نبیست

هر آنچه در نگری جز بجنس مائل نیست — عیار بیکسی ما شرافت نسبیست

کسیکه از تو فریب وفا خورد داند — که بیوفائی گل در شمار بوالعجبیست

میان غالب و واعظ نزاع شد ساقی
بیا بیا که بهیجان قوت غضبیست

آیم بعشق فاتح خیبر کنیم طرح — در گنبد سپهر دگر در کنیم طرح

در فصل دی که گشت جهان زمهریر زد — نشیمن ز آب گردش ساغر کنیم طرح

تا چند مثنوی تو و ما حسب حال خویش — افسانهٔ غیر مکرر کنیم طرح

ما را زبون مگیر گر از پا در آمدیم — از ما عجب مدار گر از سر کنیم طرح

خود را بشاهدی [illegible] — در راه عشق جادهٔ دیگر کنیم طرح

از داغ شوق پردهٔ نقشی نشان دهیم — در زخم رشک روزن در کنیم طرح

از تار و پود نالهٔ [illegible] ساز — از دود سینه زلف معنبر کنیم طرح

برگ حنا ز شعلہ و آذر بہم نہیم
پیرایہ از شرارہ و اخگر کنیم طرح

از زخم و داغ لالہ و گل در نظر کشیم
از کوہ و دشت جملہ و منظر کنیم طرح

از سوز و ساز محرم و مطرب کنیم جمع
از خار و خارہ بالش و بستر کنیم طرح

آئین برہمن بنہایت رساندہ ایم
غالب بیا کہ شیوۂ آذر کنیم طرح

مژدۂ صبح دریں تیرہ شبانم دادند
شمع کشتند و ز خورشید نشانم دادند

رخ کشودند و لب ہرزہ سرایم بستند
دل ربودند و دو چشم نگرانم دادند

سوخت آتش کدہ ز آتش نفسم بخشیدند
ریخت بتخانہ ز ناقوس فغانم دادند

گہر از رایت شاہان عجم برچیدند
بعوض خامۂ گنجینہ فشانم دادند

افسر از تارک ترکان پشنگی بردند
بہ سخن ناصیۂ فرکیانم دادند

گوہر از تاج گسستند و بدانش بستند
ہرچہ بردند بہ پیدا بہ نہانم دادند

ہرچہ در جزیہ ز گبران مے ناب آوردند
بشب جمعہ ماہ رمضانم دادند

ہرچہ از دستگہ پارس بہ یغما بردند
تا بنالم ہم از آں جملہ زبانم دادند

دل ز غم مردہ دمے زندہ ہمانا بینگ
بود ارزندہ بسا تم کہ امانم دادند

ہم ز آغاز بخوف خطر ستم غالب
طالع از قوس و شمار از سرطانم دادند

عاشق چو گفتیش کہ بروز دمیرود
نازم بخوا ہش غضب آلود میرود

از نالہ ام مرنج کہ آخر شدست کار | شمع خموشم و ز سرم دود میرود
شادم بہ بزم وعظ کہ رامش گر چہ نیست | بارے حدیث چنگ و نے و عود میرود
فردوس جو عمر بہ سواس دادہ را | سرمایہ نیز در ہوس سود میرود
ما ہم بہ لاغ و لابہ تسلی شویم کاش | ناداں ز بزم دوست چہ خوشنود میرود
رشک وفا نگر کہ بدعوی گہ رضا | ہر کس چگونہ در پے مقصود میرود
فرزند زیر تیغ پدر سے نہد گلو | گر خود پدر در آتش نمرود میرود

غالب خوشست فرصت موسم مگر عیش
تارے کہ نیست در سر این پود میرود

چہ خیزد از سخنے کز درون جاں نبود | بریدہ باد زبانے کہ خونچکاں نبود
حکیم ساقی و مے تند و من نہ بدخوئی | ز رطل بادہ بخشم آیم ار گراں نبود
نگفتہ ام ستم از جانب خداست ولے | خدا بہ عہد تو بر خلق مہرباں نبود
زمام ناقہ بدست تصرف شوقست | بسوی قیس گرایش ز سارباں نبود
مرا کہ لب بطلب آشنا نخواستہ | روا مدار کہ شاہد ضمیر داں نبود
بالتفات نگارم چہ جاے تہنیت ست | دعا کنید کہ نوعے ز امتحاں نبود

عجب بود سر بے خوابے کے غالب
مرا کہ بالش و بستر ز پرنیاں نبود

یارب ز جنوں طرح غمے در نظرم ریز | صد بادیہ در قالب دیوار و درم ریز

از مہر جہاں تاب امید نظرم نیست
این تشت پر از آتش سوزاں بسرم ریز

دل را ز غم گریۂ بے رنگ بجوش آر
اجزائے جگر حل کن و در چشم ترم ریز

ہر برق کہ نظارہ گداز ست نہادش
بگزار و بہ پیمانۂ ذوق نظرم ریز

سرمست مے لذت دردم بخرام آر
دیں شیشۂ دل بشکن و در رہگزرم ریز

ہر خوں کہ عبث گرم شود در دلم افگن
ہر برق کہ بیصرفہ جہد بر اثرم ریز

ہر جا نم آبیست بمژگان ترم بخش
از قلزم و جیحوں کف خاکے بسرم ریز

از شیشہ گر آئیں نتواں بست شبم را
باری گل پیمانہ بجیب سحرم ریز

گیرم کہ بہ افشاندن الماس نیرزم
مشتی نمک سودہ بزخم جگرم ریز

ایں سوز طبیعی نگداز د نفسم را
صد شعلہ بیفشار و بہ مغز شررم ریز

مسکیں خبر از لذت آزار ندارد
خارم کن و در رہ گزر چارہ گرم ریز

دحجی کہ بہ پا مزد تواں داد ندارم
آبم کن و اندر قدم نامہ برم ریز

دارم سر ہمسری غالب چہ جنوں ست
یارب ز جنوں طرح غمے در نظرم ریز

مرا کہ بادہ ندارم ز روزگار چہ حظ
ترا کہ ہست و نیاشامی از بہار چہ حظ

خوش ست کوثر و پاک ست بادہ کہ در وست
ازاں رحیق مقدس دریں خمار چہ حظ

چمن پر از گل و نسریں و در ربائے نے
بدشت فتنہ ازیں گرد بی سوار چہ حظ

چنیں کہ نخل بلند ست و سنگ نا پیدا
ز میوہ تا نفتد خود ز شاخسار چہ حظ

نہ ہر کہ خوبی و رہزن بپایہ منصوریست
بدیں حضیض طبیعی زاوج دار چہ حظ

بہ بند زحمت فرزند و زن چہ می کشیم
ازیں نخواستہ غمہائے ناگوار چہ حظ

بعرض غصہ نظیری و کیل غالب بس
اگر تو نشنوی از نالہ ہائے زار چہ حظ

رفتم کہ کہنگی ز تماشا بر افگنم
در بزم رنگ و بو نمطے دیگر افگنم

در وجد اہل صومعہ ذوق نظارہ نیست
ناہید را بزمزمہ از منظر افگنم

معشوقہ را ز نالہ بہ انساں کنم حزیں
کز لاغری ز ساعد او زیور افگنم

ہنگامہ را حجیم جنوں بر جگر زنم
اندیشہ را ہوائے فسوں در سر افگنم

نخلم کہ ہم بجائے رطب طوطی آورم
ابرم کہ ہم بروئے زمیں گوہر افگنم

با غازیاں ز شرح غم کارزار نفس
شمشیر را ز رعشہ ز تن جوہر افگنم

با دیریاں ز شکوۂ بیداد اہل دیں
مہرے ز خویشتن بدل کافر افگنم

ضعفم بہ کعبہ مرتبۂ قرب خاص داد
سجادہ گستری تو ومن بستر افگنم

تا بادہ تلخ تر شود و سینہ ریش تر
بگدازم آبگینہ و در ساغر افگنم

رلبے ز کنج دیر بہ مینو کشودہ ام
از خم کشم پیالہ و در کوثر افگنم

منصور فرقۂ علی اللّٰہیاں منم
آوازۂ انا اسد اللّٰہ در افگنم

ارزندہ گوہرے چو من اندر زمانہ نیست
خود را بخاک رہ گزر حیدر افگنم

غالب بہ طرح منقبت عاشقانہ
رفتم کہ کہنگی ز تماشا بر افگنم

بیا کہ قاعدۂ آسماں بگردانیم — قضا بہ گردش رطل گراں بگردانیم

ز چشم و دل بتماشا تمتع اندوزیم — ز جان و تن بمدارا زیاں بگردانیم

بگوشۂ بنشینیم و در فراز کنیم — بہ کوچہ بر سر رہ پاسباں بگردانیم

اگر ز شحنہ بود گیر و دار نندیشیم — وگر ز شاہ رسد ارمغاں بگردانیم

اگر کلیم شود ہمزباں سخن نکنیم — وگر خلیل شود میہماں بگردانیم

گل افگنیم و گلابے برہ گزر پاشیم — مے آوریم و قدح درمیاں بگردانیم

ندیم و مطرب و ساقی ز انجمن رانیم — بکار و بار زنے کارداں بگردانیم

گہے بہ لابہ سخن با ادا بیامیزیم — گہے بہ بوسہ زباں در دہاں بگردانیم

نہیم شرم بیک سو و باہم آویزیم — بشوخیئے کہ رخ اختراں بگردانیم

ز جوش سینہ سحر را نفس فرو بندیم — بلائے گرمی روز از جہاں بگردانیم

بوہم شب ہمہ را در غلط بیندازیم — ز نیمہ رہ رمہ را با شباں بگردانیم

بجنگ باج ستاناں شاخساری را — تہی سبد ز در گلستاں بگردانیم

بہ صلح بال فشاناں صبحگاہی را — ز شاخسار سوے آشیاں بگردانیم

ز حیدریم من و تو ز ما عجب نبود — گر آفتاب سوئے خاوراں بگردانیم

بمن وصال تو باور نمی کند غالبؔ
بیا کہ قاعدۂ آسماں بگردانیم

تا ز دیوانم کہ سرمست سخن خواہد شدن — این مے از قحط خریداری کہن خواہد شدن

کوکبم را در عدم اوج قبولی بودہ است — شہرت شعرم بہ گیتی بعد من خواہد شدن

حرف حرفم در مذاق فتنہ جا خواہد گرفت — دستگاہ ناز شیخ و برہمن خواہد شدن

شاد باش ای دل درین محفل کہ ہر جا نغمہ ایست — شیون رنج فراق جان و تن خواہد شدن

ہم فروغ شمع ہستی تیرگی خواہد گزید — ہم بساط بزم مستی پرشکن خواہد شدن

از تب و تاب فنا یکبارہ چوں تخم سپند — ہر یکے گرم وداع خویشتن خواہد شدن

حسن را از جلوۂ نازش نفس خواہد گداخت — نغمہ را از پردۂ سازش کفن خواہد شدن

دہر بے پروا عیار شیوہ ہا خواہد گرفت — داوری خوں در بہا و ما و من خواہد شدن

پردہ ہا از روے کار عہد گر خواہد فتاد — خلوت گبر و مسلماں انجمن خواہد شدن

گرد پندار وجود از رہگذر خواہد نشست — بحر توحید عیانی موجزن خواہد شدن

در تہ ہر حرف غالب چیدہ ام میخانۂ
تا ز دیوانم کہ سرمست سخن خواہد شدن

حق کہ حقیقت سمیعست فغانی بشنو — بشنو گر تو خداوند جہانی بشنو

لن ترانی بجواب ارنی چند و چرا — من نہ ایم بشناس و تو نہ آنی بشنو

سوے خود خواں و بخلوت گہ خاصم جا دہ — انچہ دانی بہ شمار انچہ ندانی بشنو

پردۂ چند بہ آہنگ تمنا بسرائے — غزل چند بہ ہنجار فغانی بشنو

نکتۂ چند برابر نہ و صورت بنگر — پارۂ گوش بہ من داد معانی بشنو

ہر چہ گفتم تو ز اندیشۂ پیری بپذیر — ہر چہ گویم تو ز عیش جوانی بشنو

داستاں من و بیداری شبہائے فراق
تا نہ خسپی و بپایم نشانی بشنو

چارہ جُستم و نیز فصد لی بکنم
من و اندوہ تو چند آنکہ توانی بشنو

زینکہ دیدی بہ تجہیم طلب حرم خطاست
سخنے چند ز غمہائے نہانی بشنو

نامہ در نیمۂ رہ بود کہ غالب جاں داد
ورق از ہم در و ایں مژدہ زبانی بشنو

دولت بہ غلط نبود از سعی پشیماں شو
کافر نتوانی شد ناچار مسلماں شو

از ہرزہ رواں گشتن قلزم نتواں گشتن
جوئی بخیاباں رو سیلی بہ بیاباں شو

ہم خانہ بساماں بہ ہم جلوہ فراواں بہ
در کعبہ اقامت کن در بتکدہ مہماں شو

آوازۂ معنی را بر ساز دلبستاں زن
ہنگامۂ صورت را بازیچۂ طفلاں شو

گر چرخ فلک گردی سر بر خط فرماں نہ
ور گوئی زمیں باشی وقف خم چوگاں شو

آوردہ غم عشقم در بندگی ایزد
اے داغ بدل در رو و ز جبہہ نمایاں شو

سرمایہ کرامت کن وانگاہ بغارت بر
بر خرمن ما برقے بر مزرعہ باراں شو

جان دادہ غالب خشنودی روحش را
در بزم عزا مے کش در نوحہ غزلخواں شو

بدل ز غیر بدہ جائے نہ داشتی داری
شمار عہد وفائے کہ داشتی داری

ترکے ز جور پشیماں شدی بہ یکدگی
دروغ عادت نمائے کہ داشتی داری

بسینہ چوں دل و درد از جان بہ دو نگاہ
نگاہ بہ غمزہ نائے کہ داشتی داری

عتاب و مهر تو از هم شناختن نتوان
خرد فریب ادائے که داشتی داری

خراب بادهٔ دوشینه سرت گردم
ادائے لغزش پائے که داشتی داری

به کردگار نگردیدی و همان بفسوس
حدیث روز جزائے که داشتی داری

کرشمه بار نهالے که بودهٔ هستی
بسر ز فتنه هوائے که داشتی داری

جهانیان ز تو برگشته اند گر غالب
ترا چه باک خدائے که داشتی داری

صبح میکده

صبحے که در هوائے پرستاری وثن
جنبد کلید بتکده در دست برهمن

در رفت و روب دیر دم گرم راهبان
آرد برون گداخته شمع از لگن

خیزند دسته دسته مغان خجسته دی
در اهتمام چیدن رسم زنارون

از شور پریان بجهان خروش صور
اموات را ز رقص تن بر درد کفن

رخشند ستاره از رخ ناشسته صنم
بالد بنفشه از قد خم گشته وثن

بر روے خاک جلوه کند سایه در نظر
بر بوے دوست حلقه زند مرغ در چمن

خواهد چراغ کشته چو شخص بریده سر
خیزد ز گل شگفته چو رنجور خسته تن

غوغاے روز پرده گشاید ز خوب و زشت
آوائے کوس خواب رباید ز مرد و زن

داری سخن غریب نوازی بنشاط
غالب ندیده که غریبست در وطن

گربۂ غالب

دارم بجہاں گربۂ پاکیزہ نہادے
کز بال پریزاد بود موج رم او

سرمست اداچوں بزمیں باز خرامد
از خاک دمد غنچہ ز نقش قدم او

چوں صورت آئینہ ز افراط لطافت
آید بنظر بچۂ او از شکم او

ہر شیر ژیانے کہ بہ بینی بہ نیستاں
دارد سر دریوزۂ غرش ز دم او

گر جانورے مردہ بہ بیند سر راہے
از پاکی طینت نخورد غیر غم او

ہر بچہ کہ گنجشک بے باز سپارد
در پرورش او نخورد جز قسم او

آرے بود از غیرت انداز خرامش
بر کبک دِ تہدست اگر خود ستم او

رخشندہ ادیم تنش از لطف زبانش
گوئی بہ اثر تاب سہیل ست نم او

جوش گل و بالیدگی موجۂ نکہت
دُم لابہ کناں آمدن و مبلم او

در عربدہ چوں بند زدم باز کشاید
لرزد شکن طرۂ خوباں ز خم او

تا مہرہ کش سفرۂ افلاک بود مہر
بادا کف دست من و پشت و شکم او

قطعہ

چوں مرا نیست دستگاہ ستیز
چوں مرا نیست قدرت و اوصاف

تیغ تیزم بس است یا مانے
تیغ تیزم زبان ز خلاف

لیک در ہجو بایدم امساک | در شکایت نشایدم اسراف
بندہ را بودہ است از سرکار | دست مزد شفقتِ اسلاف
زر سالانۂ برائے دوام | وجہ شائستہ بقدر کفاف
ملزمم کردہ اند ہاں بدروغ | حق من خوردہ اند ہیں بگزاف
آہ از اقربائے بے آزرم | داد از حاکمان ناانصاف

اے کہ خواہی کہ بعد ازیں ہاشم | مخلص صادق الولائے تو من
گر ترا شیوہ شاہدی بودے | کرمے جان و دل فدائے تو من
ور ترا پیشہ شاعری بودے | سومے چشم و سرِ بپائے تو من
ور ترا یا خسروی بودے | سفتمے گوہر ثنائے تو من
چوں از ینہانہ مراچہ هزود | کہ شوم ہرزہ مبتلائے تو من
راست گویم بہانہ چیند آرم | ناصح مشفقم برائے تو من
بسکہ بر مال وجاہ مغروری | نیستم خوش ازیں ادائے تو من
چہ کنی ایں فساد سیم و زر ست | وائے من گر بوم بجائے تو من
بتو ہرگز ندادے زر و سیم | خواجہ گر بودمے خدائے تو من

آتشِ ہنگامہ حجاباں داشتی
داغِ مغاں شیوۂ بتاں داشتی

آں ہمہ دیوانگی و جاہلی
واں ہمہ ناکامی و بیحاصلی

آں ہمہ بیراہہ روی ہائے تو
واں ہمہ بیصرفہ دویہائے تو

آں ز جنوں برق بخرمن زدن
واں تخمِ دامِ ہوس تن زدن

نیمہ شب از عمرِ تو در خواب رفت
نیمہ بہ پیمودنِ مہتاب رفت

بیں کہ دریں کارگہِ پیچ پیچ
ماحصلِ سعیِ تو ہیچ است ہیچ

اے ہمہ تن وسوسہ سُود تو کُو
دہر سراب است وجودِ تو کُو

خلق کہ از وہم نمودیش ہست
وہم تو دانست کہ بودیش ہست

پیرویِ وہم مکن زینہار
سر زگریبانِ حقیقت بر آر

خیز و چو منصور نوائے بزن
ہستیِ خود را سرپائے بزن

ساقیِ ہمت کہ صلا میدہد
بادہ ز خمخانۂ لا میدہد

ہمت اگر بال کشائی کند
صعوہ تواند کہ ہمائی کند

نیّرِ توفیق اگر بر دمد
لالہ عجب نیست کز اخگر دمد

ہمتِ ما نیز شہودِ حق است
ہرچہ ببینیم وجودِ حق است

ہمتِ ما غیرتِ حق است و بس
کثرتِ ما وحدتِ حق است و بس

از اثرِ سطوتِ حق در کلام
حرف ز لب میرمدم والسلام

زندگی

ترا نالی از غلط خانہ زندگی بہ سپہر
سر حسین علی بر سناں بگردانند

بدو بشادی و زندہ دل منیکتی شف
چو قطرہ در بر شعلہ امتحاں بگردانند

بجز بچہ بہ بباد خفیف نبشاند
ہمیشہ بہ سبب سرکشاں بگردانند

بادۂ شیراز

غزلیات

چوں بہ قاصد بسپرم پیغام را   رشک نگزارد کہ گویم نام را

آں میم باید کہ چوں ریزم بجام   زور مے در گردش آرد جام را

بیگناہم بے پروا از من مرنج   من بہستی بستہ ام احرام را

از دل تست آنچہ بر من میرود   می شناسم سختئے ایام را

تا نیفتد ہر کہ تن پرور بود   خوش بود گر دانہ نبود دام را

ما کجا او کوچہ سودا در سرست   ذرہ ہائے آفتاب آشام را

دلستاں در خشم و غالب بوسہ جو
شوق نشناسد بے ہنگام را

بوادیئے کہ دراں خضر را عصا خفتست   بسینہ می سپرم راہ گرچہ پا خفتست

بداد من نرسیدی ز درد جان دادم — بداد طرز تغافل رسیدنم بنگر

تواضعی نکنم بے تراشفعے غالب

بسایۂ خم تیغش خمیدنم بنگر

بمرگ من کہ پس از من بمرگ من یاد آر — بکوئے خویشتن آن نعش بے کفن یاد آر

من آن نیم کہ ز مرگم جہاں بہم نخورد — فغانِ زاہد و فریاد برہمن یاد آر

ببام و در ز ہجوم جوان و پیر بگو — بکوئے و برزن از اندوہ مرد و زن یاد آر

بساز نالہ گروہے ز اہل دل دریاب — بہ بند مرثیہ جمعے ز اہل فن یاد آر

بخود شمار وفاہائے من ز مردم پرس — بمن حساب جفاہائے خویشتن یاد آر

چہ دید جان من از چشم پر خمار بگو — چہ رفت بر سرم از زلف پرشکن یاد آر

بسنج تا ز تو بر من بران محل چہ گذشت — نخواندہ آمدنِ [illegible] انجمن یاد آر

ہزار خستہ و رنجور در جہاں [illegible]

یکے ز غالب رنجور خستہ تن یاد آر

دیدم آن ہنگامہ بیجا خود ز محشر داشتم — خود ہماں شورست کاندر زیست د

طول روز حشر و تاب مہر ذوقے بودہ بس — جلوۂ برقے و درا بر دامن ترا داشـ

تا چہ سنجم دوزخ و کوثر کہ من نیز این چنیں — آتشے در سینہ و آبے بساغر داشـ

دوش بر من عرض کردند آنچہ در کونین بود — زاں ہمہ کالائے رنگا رنگ دل بردا

از خرابی شد فنا حاصل خوشم زیں اتفاق — بود مقصودم محیط و سیل رہبر داشـ

تو پادشاہ عہدی و بخت تو نو جوان — برخور ز عمر و باج نشاط از شباب خواہ

در روزہائے فرخ و شبہائے دلفروز — صہبا بروز ابر و شب ماہتاب خواہ

گل بوے و شعر گوی و گہرپاش و شاد باش — مستی ز بانگ بربط و چنگ و رباب خواہ

خون سیاہ نافہ آہو چہ بود ہمہ — از حلقہہائے زلف بتاں مشک ناب خواہ

خواہش ازیں گروہ پریچہرہ ننگ نیست — از چشم غمزہ و ز شکن طرہ تاب خواہ

از راز ہا حکایت ذوق نگاہ گوے — از کارہا کشایش بند نقاب خواہ

ہر چند خواستن نہ سزاوار شان تست — قوت ز طالع و نظر از آفتاب خواہ

در برگ و ساز گوئے نشاط از بہار بر — در بذل و جود ہیبت خویش از سحاب خواہ

از شمع طور خلوت خود را چراغ نہ — از زلف حور خیمۂ خود را طناب خواہ

از آسمان نشیمن خود را بساط ساز — از ماہ نو جبینت خود را رکاب خواہ

غالب قصیدہ را بشمار غزل درآر

ور شہ بریں غزل رقم انتخاب خواہ

گستاخ گشتہ ایم غرور جمال کو — پیچیدہ ایم سر ز وفا گوشمال کو

تا کے فریب حلم حذارا خدانہ — آں خوئے خشمگیں داد اے ملال کو

برگشتہ ام ز مہر و نمے گیریم بہ قہر — دارم دو صد جواب ولے تاب قال کو

یا می گسست صحبت ما میفزود ربط — لیکن مرا ملال و ترا انفعال کو

خواہی کہ بر فروزی و سوزی درنگ چیست — خواہم کہ تیز سوئے تو بینم مجال کو

ہر کہ دلست در برش داغ تو در دیدش ز دل
تا چو بدیگرے دہد باز برے بداوری

رشک ملک چہ و چرا چوں بتو رہ نمی برد
بیہدہ در ہوائے تو می پرد از سبکسری

حیف کہ من بخوں تپم وز تو سخن رود کہ تو
اشک بدیدہ بشمری نالہ بہ سینہ بنگری

کوثر اگر بمن رسد خاک خورم نبے نمی
طوبےٰ اگر ز من شود ہیمہ کشم ز بے بری

بینیم از گداز دل در جگر آتشے چو سیل
غالب اگر دم سخن رہ بہ ضمیر من بری

ترانۂ شوق

ز من گرت نبود باور انتظار بیا
بہانہ جوئے مباش و ستیزہ کار بیا

بیک دو شیوہ ستم دل نمیشود خرسند
بمرگ من کہ بسامانِ روزگار بیا

بہانہ جوست در الزام مدعی شوقت
یکے برغم دل نا امیدوار بیا

ہلاک شیوۂ تمکیں مخواہ مستاں را
عناں گسستہ تراز بادِ نوبہار بیا

ز ما گسستی و با دیگراں گرو بستی
بیا کہ عہد وفا نیست استوار بیا

وداع و وصل جداگانہ لذتی دارد
ہزار بار برو صد ہزار بار بیا

تو طفل سادہ دل و ہمنشین بد آموزست
جنازہ گر نہ تواں دید بر مزار بیا

فریب خوردۂ نازم چہا نمی خواہم
یکے بہ پرسش جاں امیدوار بیا

ز خوئے تست نہادِ شکیب نازک تر
بیا کہ دست و دلم میرود ز کار بیا

قصیدہ

اے ز وہم غیر غوغا در جہاں انداختہ
گفتہ خود حرفے و خود را در گماں انداختہ

دیدہ بیروں و دروں از خویشتن پرداختہ
پردۂ رسم پرستش درمیاں انداختہ

نقش بر خاتم ز حرف بے صدا انگیختہ
شور در عالم ز حسن بے نشاں انداختہ

چرخ را در قالب ابداع دُردا ریختہ
خاک را بہ نطع پیدائی ستاں انداختہ

عاشقاں در موقف دار و رسن وا داشتہ
غازیاں در معرض تیغ و سناں انداختہ

غم چو گیرد سخت نتواں شکوہ از دلدار کرد
بہرِ آسانی اساسِ آسماں انداختہ

گل چو ماند دیر گردد بر دلش بازار سرد
بہرِ تجدید طرب طرح خزاں انداختہ

آتشے از روئے گلہائے بہارا فروختہ
شعلہ در جان مرغِ صبح خواں انداختہ

جز بدیں آب آتش زردشت نتواں سرد کرد
کعبہ را جوئے بہشت از ناوداں انداختہ

جز بدیں الماس نتواں بخیۂ دُردانہ سُفت
رخنہ از اسلام در کیش مغاں انداختہ

تا دریں صورت ز چشم دشمناں پنہاں بود
دوست را اندر طلسم امتحاں انداختہ

تا علاجِ خستگی آسائش دیگر دہد
خارہا در رہ گزار میہماں انداختہ

میسرایم نغمۂ توحید و شور ایں نوا
چوں نیم سوراخہا در استخواں انداختہ

تیر نازد گر بہ ادریسی بخاک اندازمش — زہرہ نازد گر بہ بلقیسی سلیمانش منم

کعبہ با من از مروت عذر خواہ پائے ریش — وز ادب شرمندۂ خارِ مغیلانش منم

در غریبی خویش را از غصہ در دل میخلم — خوردہ ام از شست غم تیریکہ پیکانش منم

نوش چوں راہ بہم گیرد او فہمش نیم — نیش چوں مغز دلم کاود زباندانش منم

ماندہ ام تنہا بکنج از دور باش پاس وضع — خانہ دارم کہ پندارند دربانش منم

پایۂ من جز بچشم من نیاید در نظر
از بلندی اخترم روشن نیاید در نظر

مرد نبود کز ستم بر خاطرش بارے رسد — ہم ز خود رنجم گرم از دشمن آزارے رسد

در رہ یارم ز رشک پائے رہ پیمائے خود — خوں فتد در دل ز زخمے کز سر خارے رسد

یخ فروشم در تموز و کلبہ دور از چار سوت — میرود سرمایہ از کف تا خریدارے رسد

راحت مارا ز بیرنگی برات آوردہ اند — بت پرستاں را سلام از نقش دیوارے رسد

دانش آں باشد کہ چشم دل بحق بینا شود — نے گماں باطلے کز وہم و پندارے رسد

طور نخل طور نبود گرچہ در خرگاہ خویش — ہر کس افروزد چراغے چوں شب تارے رسد

از دم باد سحرگاہی دل آسا ید وے — جاں فزاتر باشد آں کز یاسمن زارے رسد

خوش بود دریوزۂ فیض الٰہی از علیؑ — گرچہ از ہر در نصیب ہر طلبگارے رسد

کہنہ دانم گر دہندم طیلسان مشتری — تازہ گردم از ردائے خواجہ گر تارے رسد

عاشقم لیکن نہ دانی کز خرد بیگانہ ام
ہوشیارم با خدا و با علی دیوانہ ام

غالب جگرے خوں کُن وازدیدہ فرو بار
گر روئے شناس غم شاہ شہدائی!

قصیدہ

ردیف شعر ازاں کردم اختیار گرہ — کہ از نسست برابروئے شہریار گرہ
گرہ کشائے رموز خرد بہادرشاہ — کہ پیش ناخن تدبیر اوست خوار گرہ
ایا شہنشہ کشور کشائے دشمن بند — ز بندہ در خم ابرو روا مدار گرہ
کہ چوں بدیں صفت اندر ضمیر من گذری — بہ پیچ و تاب دلم را دہد فشار گرہ
دلست تنگ ازاں رو مشوشم کہ مباد — شود ز تنگی جا در دلم فگار گرہ
بہ دلکشائی گفتار من کہ غالب را — مزن بر شتۂ امید زینہار گرہ
ازیں گرہ کہ برابرو زدی چرا ترسم — کہ در دلت ز صفا نیست پائدار گرہ

نشاط سالِ نو و جشن ایں ہمایوں سال
بروز ناصیۂ شاہِ نامدار گرہ

خطاب بہ ذوق

اے کہ در بزم شہنشاہ سخن رس گفتہ — کے برپر گوئی فلاں در شعر ہمسنگ منست
نیست نقصاں یکدو جزو ست از سوادِ ریختہ — کاں دہ شم برگ زنخلستان فرہنگ منست

مرثیہ شاہزادہ

اے دل بچشم زخم حوادث فگار شو
اے چشم از تراوش دل اشکبار شو

اے خوں بدیدہ گرد و گداز جگر فرست
اے دم بسینہ دود چراغِ مزار شو

اے لب بنوحہ نالۂ جانکاہ سازدہ
اے سر بغصہ خاکِ سرِ رہگذار شو

اے خاک چرخ گرنتواں زود جا درآئے
اے چرخ خاک گرنتواں شد غبار شو

اے نوبہار چوں تنِ بسمل بخوں بغلط
اے روزگار چوں شبِ بے ماہ تار شو

اے ماہتاب روی بہ نیلی کبود کن
اے آفتاب داغِ دلِ روزگار شو

اے فتنہ بادِ صبح وزید اینقدر مخسپ
اے رستخیز وقت رسید آشکار شو

آہ ایں چہ سیل بود کہ بار از سر گذشت
تنہا نہ سر مگو کہ ز دیوار و در گذشت

بگذر کہ بر من و تو جفا کرد روزگار
با پادشاہ عہد چہا کرد روزگار

شاہ سخن سرائے سخنور نواز را
در بزم عیش نوحہ سرا کرد روزگار

شاخیکہ بود موسم آتش کہ بردمہ
از نخل عمر شاہ جدا کرد روزگار

مرگ اینچنیں رخ و تن نازک ندیدہ بود
کام اجل بہدیہ روا کرد روزگار

شہزادہ خرد سال و بود روزگار پیر
شوخی بشاہزادہ چرا کرد روزگار

فرزند بادشہ نشناسد معانقہ
آغوش گور بہر چہ وا کرد روزگار

بے مطرب و ندیم و غلامان خردسال — بے باغ و قلعہ و لب دریا چگونۂ
بعد از تو شاہ خیل ترا برقرار داشت — اینجا عزیز بودہ آنجا چگونۂ

اے بعد مرگ راتبہ خوار تو عالمے
پروانۂ چراغ مزار تو عالمے

قصیدہ

داد کو تا ستم بر اندازد — طرح نہ چرخ دیگر اندازد
در رگ ساز من نوائے ہست — کہ بہر غولہ اخگر اندازد
زین نوائے شرر فشاں ترسم — کآتش اندر نواگر اندازد
سرگذشتیست بر زباں کہ زباں — بر من از خویش خنجر اندازد
بامداداں کہ آسماں خواہد — کاہرمن راز با در اندازد
لمعۂ مہر در رگ جانش — خلۂ نوک نشتر اندازد
تا ز چستی بہ مبحث کشتن — نون مسند ز مصدر اندازد
زنگباری زنے بساتم ودیو — از رخ زشت چادر اندازد
وانگہ از زیر گوشۂ چادر — گوہر آمود معجر اندازد
گوہر آما پرند در پیچد — از بر دوش گوہر اندازد
کچہ و بارہ گہ فرو فگند — گاہ خلخال و پرگر اندازد

از نوائے کہ در غزل سنجد
حلقہ در گوش را در اندازد

از طرازے کہ در دعا بندد
بر ورق مشک از فر اندازد

آں قدر زمی کہ در زمانہ تو
چرخ را کھنگی بر اندازد

تا قفنا بہر آستانۂ تو
طرح نہ چرخ دیگر اندازد

سالکانِ طریقت

رہرواں چوں گہر آبلہ پا بینند
پائے را پایہ فراتر ز ثریا بینند

ہر چہ در دیدہ عیانست نگاہش دارند
ہر چہ در سینہ نہانست ز سیما بینند

راستی از رقم صفحۂ ہستی خوانند
نقش کج بر ورق شہپرِ عنقا بینند

راز زیں دیدہ وراں جوئے کہ از دیدوری
نقطہ گر در نظر آرند سویدا بینند

راہ زیں دیدوراں پرس کہ در گرم روی
جادہ چوں نبض تپاں در تن صحرا بینند

شررے را کہ بناگاہ بدر خواہد جست
زخمہ کردا بجا رگ خارا بینند

قطرہ را کہ بہ آئینہ گہر خواہد بست
صورت آبلہ بر چہرۂ دریا بینند

شام در کوکبۂ صبح نمایاں نگرند
روز در منظر خفاش ہویدا بینند

وحشت تفرقہ در کاخ مصور سنجند
مجمع انس بہ نے بست زلیخا بینند

ہر چہ گوید عجم از خسرو شیریں شنوند
ہر چہ آرد عرب از وامق و عذرا بینند

به بخشائے برناکیہائے من | تہیدست و درماندہ ام وائے من
بدو سش نزا زد منہ بارِ من | نسنجیدہ بگزار کردار من
بکردار سنجی میفزائے رنج | گرانبارئیے وردِ عمرم بسنج
اگر دیگراں را بود گفت و کرد | مرا مایۂ عمر رنجست و درد
دگر ہمچنیں ست فرجام کار | کہ می بایداز کردہ راندن شمار
مرا نیز یارائے گفتار دہ | چو گویم برآں گفتہ زنہار دہ
دریں خستگی پوزش از من مجو | بود بندۂ خستہ گستاخ گو
دل از غصہ خوں شد نہفتن چہ سود | چو ناگفتہ دانی نہ گفتن چہ سود
زباں گرچہ من دارم اما ز تست | بہ تست ارچہ گفتارم اما ز تست
ہمانا تو دانی کہ کافر نیم | پرستار خورشید و آذر نیم
نکشتم کسے را با ھر یمنی | نبردم زکس مایہ در رہزنی
نگر مے کہ آتش بگورم از وست | بہنگامہ پرداز مودرم از وست
من اندوہگیں و مے اندہ ربا | چہ میکردم اے بندہ پرور خدا
حساب مے و رامش و رنگ و بوے | ز جمشید و بہرام و پرویز جوے
کہ از بادہ تا چہرہ افروختند | دل دشمن و چشم بد سوختند
نہ از من کہ از تاب مے گاہ گاہ | بہ دریوزہ رخ کردہ باشم سیاہ
نہ بستاں سرائے نہ میخانۂ | نہ دستار نسرائے نہ جانانۂ

چو آں نامرادی بیاد آیدم | بفردوس ہم دل نیاسایدم

بہشت

صبوحی خورم گر شراب طہور | کجا زہرۂ صبح و جام بلور
دم شبروی ہائے مستانہ کو | ہنگامۂ غوغائے مستانہ کو
وراں پاک میخانۂ بیخروش | چہ گنجائش شورش نائے و نوش
سیہ مستیٔ ابر و باراں کجا | خزاں چوں نباشد بہاراں کجا
اگر حور در دل خیالش کہ چہ | غم ہجر و ذوق وصالش کہ چہ
چہ منت نہد ناشناسا نگار | چہ لذت دہد وصل بے انتظار
گریزد دم بوسہ اینش کجا | فریبد بسوگند وینش کجا
برد حکم و نبود لبش تلخ گو | دہد کام و نبود دلش کامجو
نظربازی و ذوق دیدار کو | بفردوس روزن بدیوار کو
نہ چشم آرزومند دلالۂ | نہ دل تشنۂ ماہ پرکالۂ
ازینہا کہ پیوستہ میخواست دل | ہنوزم ہماں حسرت آلاست دل

معراج

قدم زد براہے کہ رفتن نداشت | نگہبان و ہمراہ و راہزن نداشت

در آنجا که از روی فرهنگ و رای
بجا باشد ار خود نگویند جای

جهت را دم خودنمائی نماند
زمان و مکان را روائی نماند

غبار نظر شد ذره ناپدید
سراپای بیننده شد جمله دید

در آورد بی کلفت سمت و سوی
بنور السموات والارض روی

تماشا هلاک جمال بسیط
فروغ نظر موجه زان محیط

شنیدن شهید کلام شگرف
منزه ز آمیزش صوت و حرف

کلامی به بیرنگی ذات علم
شنیدن بعقل اندر اثبات علم

نخستین در از لا کشود آن رواق
ز الا بعد راندش اشتیاق

به الا رسید و ز لا در گذشت
رسیدن ز پیوند جا در گذشت

در آن خلوت آباد راز و نیاز
بری از دوئی بود چون دمفراز

نماند اندر احمد ز میمش اثر
که آن حلقه بد بیرون در

احد جلوه گر با شئون و صفات
نبی محو حق چون صفت عین ذات

دو عالم خروش نواهای راز
ولیکن بیان در تهنیت ساز

ورق در ورق نکته دلپذیر
ولیکن بیان در خیال و دبیر

ز گفتن شنیدن جدائی نداشت
خور از دیدن جدائی نداشت

چو اندازه هر نسائش گرفت
ز وحدت بکثرت گرایش گرفت

بحکم تقاضای حب خود
تنزل در اندیشه آمد ز در

احد کسوت احمدی یافتہ   دم دولت سرمدی یافتہ

محفل شراب

ہوائے انجمن آرائیم فتاد بسر   شراب خوارہ تنے چند خواہم از احباب

کہ مے خورند چو از بادہ رخ برافروزند   بسوز رشک دل حاسداں کنند کباب

تو اے ندیم و تو اے ساقی و تو اے مطرب   بسوز عود و بہ پیما مے و بساز رباب

کجائی اے مہ خورشید جلوہ ہیں ساغر   کجائی اے بت ناہید نغمہ ہاں مضراب

معاشران نکونام و فرخی فرجام   پس از ادائے سپاس مفتح الابواب

بزمگاہ بیارید یک دو گلشن گل   بخاک راہ بپاشید یک دو دجلہ گلاب

بنام خویش بگیتی زنید نقش مراد   بزم عیش بساغر کنید لعل مذاب

بخاک راہ ز مستی مے آں قدر ریزید   کہ تا ابد دمد از خاک لالۂ شاداب

دہید بادۂ گلفام و چوں سلام کنم   ہماں بہ بادہ سلام مرا دہید جواب

بیفگنید قنادیل آبگینہ ز کف   بہ سقف حجرہ بہ بندید زہرہ و مہتاب

زنید چشمک آشام مے بہ یکدیگر   دمے کہ بر دمد از بادہ در پیالہ حباب

دو جام بادۂ شیریں بمن دہید کہ من   نہ خوش بود کہ بوم تلخکام زہر عتاب

یکے بشادیٔ تسخیر صوبۂ لاہور   دوم بفرخیٔ عمر و دولت نواب

جہاں ستان و جہاں بخش مارڈنگ کہ ہست   شہاب رمح و فلک توسن و ہلال رکاب

غالب کا اسیریہ

خواہم از بند و ز زنداں سخن آغاز کنم — غم دل پردہ دری کرد فغاں ساز کنم

بہ نوائے کہ ز مضراب چکاند خوناب — خویشتن را بہ سخن زمزمہ پرداز کنم

در خرابی بہ جہاں میکدہ بنیاد نہم — در اسیری بہ سخن دعوئے اعجاز کنم

بے مشقت نبود قید، بہ شعر آویزم — روزکے چند رسن تابی آغاز کنم

چوں سرایم سخن انصاف ز مجرم خواہم — چوں نویسم غزل اندیشہ ز غماز کنم

تا چہ افسوں بہ خود از ہیبت صیاد دمم — تا چہ خوں در جگر از حسرت پرواز کنم

یاد دیرینہ، قدم رنجہ مفرما کاینجا — آں نگنجد کہ تو در کوی دمن باز کنم

اے ناسازی طالع کہ بہ من گردد باز — با خود از شکوہ گر از طالع ناساز کنم

اہل زنداں بسر و چشم خودم جا دادند — تا دریں صدر نشینی چہ قدر ناز کنم

ہلہ، دزدان گرفتار، وفا نیست بشہر — خویشتن را بہ شما ہمدم و ہمراز کنم

من گرفتارم و ایں از دہن تنگ تن است — در سخن پیروی شیوۂ ایجاز کنم

گرچہ توقع گرفتاری جاویدم نیست

لیکن از دہر دگر خوشدلی امیدم نیست

شمع ہر چند بہ بیداد ہوا آساں سوزد — خوشتر آنست کہ بر نعش دیواں سوزد

بود ایں ہرزہ سرائیدہ وگر نو تحقیق است — ہرزہ دید کہ در مجلس سلطاں سوزد

خانه ام ز آتشِ بیدادِ عدو سوخت دریغ — سوختن داشت ز شمعیکه شبستاں سوزد

منم آں خسته که گر زخمِ جگر بنمایم — بر من از مہر دلِ گبر و مسلماں سوزد

منم آں سوخته خرمن که ز افسانهٔ من — نفسِ ابر و دلِ رہزن و دہقاں سوزد

منم آں قیس که گر سوئے من آید لیلیٰ — محمل از شعلهٔ آوازِ حدی خواں سوزد

تا چسانم گزرد روز، به شبها دریاب — از چراغے که عسس بر درِ زنداں سوزد

تنم از بندِ در انبوہِ رقیباں لرزد — دلم از درد بر اندوہِ اسیراں سوزد

از نمِ دیدهٔ من فتنهٔ طوفاں خیزد — از تفِ نالهٔ من جوہرِ کیواں سوزد

آه ازیں خانه که روشن نشود در شبِ تار — جز بداں خواب که در چشمِ نگہباں سوزد

آه ازیں خانه که در دسے نتواں یافت ہما — جز بموئے که خس و خارِ بیاباں سوزد

اے که در زاویه شبہا بچراغم شمری
دلم از سینه بروں آر که داغم شمری

پاسباناں بہم آئید که من می آیم — درِ زنداں بگشائید که من می آیم

ہر که دیدے بدرِ خویش سپاسم گفتے — خیر مقدم بسرائید که من می آیم

جاده نشناسم و ز انبوہِ شما می ترسم — راہم اندر رہ نمائید که من می آیم

رہروِ جادهٔ تسلیم درشتی نه کند — سخت گیرند چرائید که من می آیم

خسته تن در ره و تعذیبِ ضرر راست اینجا — نمک آرید و بسائید که من می آیم

عارضِ خاک بپاشیدنِ خوں تازه کنید — رونقِ خانه فزائید که من می آیم

مصطفیٰ خاں کہ درین واقعہ غمخوار من است
گر بمیرم چہ غم از مرگ عزادار من است

خواجہ دانم کہ بسے روز نمانم در بند | لیک دانی کہ شب از روز ندانم در بند
نہ پسندم کہ کس آید نتوانم کہ روم | جانبِ در بہ چہ حسرت نگرانم در بند
خستہ ام خستہ، من و دعوئ تمکیں حاشا | بند سخت ست تپیدن نتوانم در بند
شادم از بند کہ از بندِ معاش آزادم | از کفِ شحنہ رسد جامہ و نانم در بند
آمدہ خامہ بیارید و سجل بنویسید | خواب از بخت ہمی دام ستانم در بند
یارب این گوہرِ معنی کہ فشانم ز کجاست | بند بر دل بود و نیست زبانم در بند
ہر کس از بندِ گران نالد و ناکس کہ منم | نالم از خویش کہ بر خویش گرانم در بند
خوئے خوش بہرِ مصیبت زدہ رنجے دگر است | رنجہ از دیدنِ رنجِ دگرانم در بند
رفتہ در بارۂ من حکم کہ باور دو دریغ | شش مہ از عمرِ گرامی گذرانم در بند
اگر این است خود آنست کہ عید الضحیٰ | گذرد نیز چو عیدِ رمضانم در بند
مدتِ قید اگر در نظرم نیست چرا | خونِ دل از مژہ بے صرفہ چکانم در بند

نیستم طفل کہ در بندِ رہائی باشم
ہم ز ذوق ست کہ در سلسلہ خائی باشم

من نہ آنم کہ ازیں سلسلہ ننگم نبود | حکم چوں بقضا زہرۂ جنگم نبود
زیں دو رنگ آمدہ صد ننگ خرابی بظہور | گلہ نیست کہ از بخت دو رنگم نبود

گر نباشم بجہاں خار و خسے کم گیرید | اینکہ سرو و سمن باغ جہانید ہمہ
چارہ گر نتواں کرد دعائے کافی ست | دل اگر نیست خداوند زبانید ہمہ
ہفت بند است کہ در بند رقم ساختہ ام | بنویسید و ببینید و بخوانید ہمہ

آں نباشم کہ بہر بزم ز من یاد آرید
دارم امید کہ در بزم سخن یاد آرید

سحرِ حلال

زخمہ بر تارِ رگِ جاں میزنم | کس چہ داند تا چہ دستاں میزنم
زخمہ بر تارم پریشاں میرود | کایں نواہائے پریشاں میزنم
چوں ندیدم کز نوائش خوں چکد | طعنہ بر مرغِ سحر خواں میزنم
خامہ ہمراز دم گرم منست | آتش از نے در نیستاں میزنم
جوئے شیر از سنگ راندن ابلہی ست | بہر گوہر تیشہ بر کاں میزنم
دیگراں گر تیشہ بر کاں میزنند | من شبیخوں بر بدخشاں میزنم
گریہ را در دل نشاطے دیگرست | خندہ بر بیہائے خنداں میزنم
باز نشو تم درخروش آوردہ است | باز ہوئے ہمچو مستاں میزنم
رازداں خوے دہرم کردہ اند | خندہ بر دانا و ناداں میزنم
در خرابا تم ندید ستی خراب | بادہ پنداری کہ پنہاں میزنم

خوئے آدم دارم آدم زادہ ام — آشکارا دم ز عصیاں میزنم

بادہ در ابر بہاراں میزدم — حالیا در تیرِ باراں میزنم

طعنہ بر دلق مے آلودم مزن — نیست ساغر مے بہ بیگاں میزنم

غالبم از مے پرستی نگزرم — غوطہ در گرداب طوفاں میزنم

تو درینجا بینی دمن خود ہنوز — جام مے در بزم اعیاں میزنم

در ترقی مے نگنجد گفتگو — در تنزل دم ز عرفاں میزنم

می ستیزم با قضا از دیر باز — خویش را بر تیغ عریاں میزنم

لب بشمشیر و خنجر مے کنم — بوسہ بر ساطور و پیکاں میزنم

بر خرام زہرہ و رفتار تیر — چشمکے دارم کہ پنہاں میزنم

گہ گہے از پائے می آیم فرود — حرف با برجیس و کیواں میزنم

می برد از من قضا چنداں کہ من — گوئے گردوں را بہ چوگاں میزنم

آرزو

از نکولی نشاں مے خواہم — خویش را بدگماں نمیخواہم

زیست بے ذوق مرگ خوش نبود — دل اگر رفت جاں نمیخواہم

باغبانم گرفت و گزاشت — جز بباغ آشیاں نمیخواہم

کس نیستاند تمنا ز من — درد دل را بیاں نمیخواہم

هیچکس سود من نمیخواهد | هیچکس رازیان نمیخواهم
هر یکے دشمنیست دوست نما | یاری از اختران نمیخواهم
آرزو عیب نیست خرده بگر | خواهم اما چنان نمیخواهم
رنج صاحبدلان روا نبود | بند اہل زبان نمیخواهم
دوشها را افگار نپسندم | بارها را گران نمیخواهم
مور را بار گیر نپذیرم | پشه را پیلبان نمیخواهم
ماں وہاں نیستم محال طلب | نو بہار از خزاں نمیخواهم
گہر افشانم و بہا طلبم | سیم و زر رائیگاں نمیخواهم
نتواں کرد با فلک پرخاش | عزو خرده داں نمیخواهم
خستۂ چشم زخم خویشتنم | ناوکے بر نشاں نمیخواهم
خو بہ بیداد کرده ام غالب | عید نوشیرواں نمیخواهم
خواہشے چند مے کنم لیکن | کارہا را رواں نمیخواهم
پائے فرسوده در رکاب ہنوز | دست خود بر عناں نمیخواهم
سخن از عالم دگر دارم | ہمدم و رازداں نمیخواهم
گر بود خود سروش وحی سرائے | با خودش ہمزباں نمیخواهم
سینہ صافم قلندرم مستم | راز خود را نہاں نمیخواهم
پایۂ در نظر نماند دگر | خویشتن را شباں نمیخواهم

یوسف از مصر گشتہ خوشدل من | بہ تلافی جہاں نمیخواہم
بہ زلیخا شباب بخشیدند | بخت خود را جواں نمیخواہم
بر رخ حکمت موجبہ حق | غازۂ امتحاں نمیخواہم
عین من ہرچہ اقتضا می کرد | خواستم غیر آں نمیخواہم
چوں حکایت بجائے خویش رسید | تن زدم داستاں نمیخواہم!

جواہراتِ پریشاں

آوارۂ غربت نتواں دید صنم را | خواہم کہ دگر بتکدہ سازند حرم را
نازم بہ صنمے کہ شناسائی جہاں بود | ہم بود بہ آں خانہ گزارندہ حشم را
چوں فاش شد آخر کہ ہم از عشق گرفتند | بیگانہ از خلق نشنفتند ادم را

رواست شور تشنیع ترانہ مستاں را | بشرط آنکہ نگوید راز پنہاں را
نگیر خردہ گیراں فرقہ کہ پندارند | سواد خال رخ دوست داغ عصیاں را
ستم کہ بیدل و دیں خود اعتمادم نیست | بہ نیم غمزہ ہم ایں دارباے و ہم آں را
گداے ترک نژادم زدودہ سلجوق | فراغ تا بود خواں نمی خورم ناں را
شود روانی طبعم فزوں ز سختی دہر | بسنگ تیز تواں کرد تیغ برّاں را

بپایان محبت یاد می آرم زمانے را | کہ دل عہد وفا نابستہ دادم دلستانے را

ندارم تابِ ضبطِ راز دمی ترسم ز رسوائی	مگر جویم ز بیہدہ مزبانی بیزبانے را

گفتمش ذرہ بہ خورشید رسد گفت محال
گفتمش کوشش من در طلبش گفت رواست

عمرے سپری گشت و ہماں بر سرِ جور است	گویند بتاں را کہ وفا نیست چرا نیست

جنت نکند چارۂ افسردگیٔ دل	تعمیر باندازۂ ویرانیٔ ما نیست

انتظارِ جلوۂ ساقی کبابم می کند	مے بساغر آبِ حیواں و بمینا آتش است

بے تکلف در بلا بودن بہ از بیمِ بلا	قعرِ دریا سلسبیل و روئے دریا آتش است

ناچار با تغافلِ صیاد ساختم	پنداشتم کہ حلقۂ دام آشیانہ است

پابستۂ نوردِ خیالی چو داری	ہر عالمے ز عالمِ دیگر فسانہ ایست

غالب دگر ز منشاءِ آوارگی مپرس	گفتم کہ جبہہ را ہوس آستانہ ایست

امشب آتشیں روئے گرمِ غزل خوانیہاست	کز لعلش نوا بردم در شرر فشانیہاست

کشتۂ دلِ خویشم کز ستمگراں یکسر	دید دلفریبیہا گفت مہربانیہاست

بیخود بزیرِ سایۂ طوبیٰ غنودہ اند	شبگیرِ رہروانِ تمنا بلند نیست

ہم وعدہ و ہم منع ز بخشش چہ حساب است	جاں نیست مگر نتواں داد شراب است

در مژدہ ز جوئے عسل و کاخِ زمرد	چیزے کہ بدلبستگی ارزد مئے ناب است

از جلوہ بہنگامہ شکیبا نتواں شد	لب تشنۂ دیدارِ ترا خلد سراب است

شادی و غم ہمہ سرگشتہ تر از یکدگر اند	روز ز روشن بوداعِ شبِ تار آمد و رفت

پیداست بے نیازیٔ عشق از فنائے ما — گر زورقے شکست ز دریا چہ می

با ما کہ محو لذتِ بیداد گشتہ ایم — دیگر سخن ز مہر و مدارا چہ می ر

ہفت آسمان بگردش و ما در میانہ ایم — غالب دگر مپرس کہ بر ما چہ می ر

دوست دارم گرہے را کہ بکارم زدہ اند — کایں ہما نیست کہ پیوستہ در ابروئ

اگر بدل نہ خلد ہر چہ از نظر گزرد — زہے روانیٔ عمرے کہ در سف

بوصل لطف باندازۂ تحمل کن — کہ مرگ تشنہ بود آب چوں نہ

غالب ترا ابد بمسلماں شمردہ اند — آرے دروغ مصلحت آمیز گفتہ ا

من ہر از پا نشناسم بہ رہِ سعی و سپہر — ہر دم انجام مرا جلوۂ آغا

اندراں روز کہ پرسش رود از ہر چہ گذشت — کاش با ما سخن از حسرت ما نیز ک

از درختانِ خزاں دیدہ بناشم کاینہا — ناز بر تازگیٔ برگ و نوا نیز کنہ

گفتہ باشی کہ ز ما خواہش دیدار خطاست — ایں خطائیست کہ در روزِ جزا نیز

تسکین برہمن دلم از کفر بگرداند — بتخانہ سیتے خانہ برانداز نداد

کسے با من چہ در صورت پرستی حرفِ دیں گوید — ز آذر گفت دانم گر ز صورت آفرید

دلم در کعبہ از تنگی گرفت آوارۂ خواہم — کہ با من وسعت بتخانہ ہائے ہند

بخشم ناسزا میگوید و از لطف گفتارش — گماں دارم کہ حرفِ دلنشینے بود از

چرا رانند غالب را ازاں در رہروے باید — کہ راز خلوت شہ با گدائے رہ

گرفتہ ام ز کوئے تو آسماں نرفتہ ام — ایں قصہ از زبانِ عزیزاں شن

کاش پائے فلک از سیر بماندے غالب — روزگارے کہ تلف گشت چرا گشت تلف

از عشق و حسنِ ما و تو با ہمدگر در گفتگو — خسرو بہ مجنوں یک طرف شیریں بہ لیلیٰ یکطرف

در ہیچ نسخہ معنیٔ لفظِ امید نیست — فرہنگ نامہ ہائے تمنا نوشتہ ایم

میربایم بوسہ و عرضِ ندامت میکنم — اختراعے چند در آداب صحبت میکنم

سنگ و خشت از مسجدِ ویرانہ می آرم بہ شہر — خانہ در کوئے ترسایاں عمارت میکنم

کردہ ام ایمانِ خود را دستمزدِ خویشتن — می تراشم پیکر از سنگ و عبادت میکنم

آتش افروختہ و خلق بحیرت نگراں — رخصتے دہ کہ بہنگامہ ہنر بنمایم

حسرتِ روئے ترا حور تلافی نکند — از تو آخر بچہ امید شکیبا باشم

سر از حجابِ تعین اگر بدل آید — چہ جلوہ ہا کہ بہر کیش میتواں کردن

مائیم و ذوقِ سجدہ چہ مسجد چہ بتکدہ — در عشق نیست کفر ز ایماں شناختن

سرشک افشانیٔ چشمِ ترش بیں — شہِ خوباں و گنجِ گوہرش بیں

ادائے دلستانی رفتہ از یاد — ہوائے جانفشانی در سرش بیں

بجا ماندہ عتاب و غمزہ و ناز — متاعِ ناروائے کشورش بیں

گزشت آں کز غمم نابخبر بود — بخویش از خویش بے پرواترش بیں

بہ سہمِ چارہ جوئی پیشِ غالب
شکایت سنجِ چرخ و اخترش بیں

رُباعیات

راہیست ز عبد تا حضور اللہ
خواہی تو دراز گیر و خواہی کوتاہ
ایں کوثر و طوبیٰ کہ نشانہا دارد
سرچشمہ و سایہ ایست در نیمہ راہ

زانجا کہ دلم بوہم در بند نبود
با ہیچ علاقہ سخت پیوند نبود
مقصود من از کعبہ و آہنگ سفر
جز ترک دیار و زن و فرزند نبود

در بزم نشاط خستگاں راچہ نشاط
از عربدہ پائے بستگاں را چہ نشاط
گر ابر شراب ناب بارد غالب
با جام و سبو شکستگاں را چہ نشاط

کشتی از موج سوئے ساحل برود
رہرو از جادہ تا بمنزل برود
خود شکوہ دلیل رنج آزار بست
آید بزباں بر آنچہ از دل برود

اے آنکہ رہی بپای کم و خوش پیش
آں روز کہ وقت باز پرس آید پیش
بگذار مرا کہ من خیالے دارم
با حسرت عیشہائے ناکردہ خویش

گرویدن زاہداں بجنت گستاخ
دی دست درازی بہر شاخ بشاخ
چوں نیک نظر کنی ز روئے تشبیہ
ماند بہ بہایم و بعلف زار فراخ

در عالم بے زری کہ تلخ است حیات
طاعت نتواں کرد بامید نجات
اے کاش ز حق اشارت صوم و صلوٰۃ
بودے بوجود مال چوں حج و زکوٰۃ
بر قول تو اعتماد نتواں کردن
خود را ز گزاف شاد نتواں کردن

از کثرتِ وعدہ ہائے پے در پے تو　　یک وعدہ درست یاد نتواں کردن

گر در طلبِ دوست بود پائے تو سست　　غمگیں مشو

در خود باشی بہ جستجو تو چابک و چست　　مغرور مشو

اخلاص بہ نسبت است و نسبت ازلیست　　چوں شبنم و مہر

گر جذبہ تو می فتاد پیوند درست　　بیخود می رد

ہر چند تواں بے سر و ساماں بودن　　بازیچۂ خوی زشت نتواں بودن

باللہ کہ ز دشنہ جگر سخت تر است　　از کردۂ خویشتن پشیماں بودن

اے تیرہ زمیں کہ بودہ بسترِ من　　ہر خاک کہ باشست ہمہ بر سرِ من

زر بہر کساں و بہر من دانہ و دام　　اے مادر دیگراں و مادندرِ من

یارب تو کجائی کہ بہ ما زر نہ دہی　　بیدرد خدائی کہ بہ ما زر نہ دہی

نے نے تو نہ غائبی و نے بیرحمی　　بے مایہ چہ مائی کہ بہ ما زر نہ دہی

باید کہ جہانے دگر آباد شود　　تا کلبۂ ویرانِ من آباد شود

در عالم انبساط از من خوشتر　　مطرب کہ بہ سوز دگراں شاد شود

اوراقِ زمانہ در نوشتیم و گذشت　　در فنِ سخن یگانہ گشتیم و گذشت

مے بود و روائے مایہ پیری غالب　　زاں نیز بہ ناکام گذشتیم و گذشت

قطعہ

فرصت اگرت دست دہد مغتنم انگار　　ساقی و مغنی و شرابے و سرودے

زنہار از اں قوم مباشی کہ فریبند　　حق را بسجودے و نبی را بہ درودے

اردوئے معلیٰ

اداے خاص سے غالبؔ ہوا ہے نکتہ سرا

صلاے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لیے

غالب

بزم شاہنشاہ میں اشعار کا دفتر کھلا
رکھیو یا رب یہ در گنجینۂ گوہر کھلا

شب ہوئی پھر انجم رخشندہ کا منظر کھلا
اس تکلف سے کہ گویا بتکدہ کا در کھلا

گرچہ ہوں دیوانہ پر کیوں دوست کا کھاؤں فریب
آستیں میں دشنہ پنہاں ہاتھ میں نشتر کھلا

گو نہ سمجھوں اسکی باتیں گو نہ پاؤں اسکا بھید
پر یہ کیا کم ہے کہ مجھ سے وہ پری پیکر کھلا

ہے خیال حسن میں حسن عمل کا سا خیال
خلد کا اک در ہے میری گور کے اندر کھلا

منہ نہ کھلنے پر ہے وہ عالم کہ دیکھا ہی نہیں
زلف سے بڑھکر نقاب اس شوخ کے منہ پر کھلا

در پہ رہنے کو کہا اور کہہ کے کیسا پھر گیا
جتنے عرصہ میں مرا لپٹا ہوا بستر کھلا

کیوں اندھیری ہے شب غم ہے بلاؤں کا نزول
آج ادھر ہی کو رہیگا دیدۂ اختر کھلا

کیا رہوں غربت میں خوش جب ہو حوادث کا یہ حال
نامہ لاتا ہے وطن سے نامہ بر اکثر کھلا

اس کی امت میں ہوں میں میرے رہیں کیوں کام بند
واسطے جس شہ کے غالبؔ گنبدِ بے در کھلا

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

ترے وعدے پر جیے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا
کہ خوشی سے مر نہ جاتے ؟ اگر اعتبار ہوتا

تری نازکی سے جانا کہ بندھا تھا عہد بودا
کبھی تو نہ توڑ سکتا اگر استوار ہوتا

کوئی میرے دل سے پوچھے ترے تیرِ نیم کش کو
یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا

یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست ناصح
کوئی چارہ ساز ہوتا کوئی غمگسار ہوتا

رگِ سنگ سے ٹپکتا وہ لہو کہ پھر نہ تھمتا
جسے غم سمجھ رہے ہو یہ اگر شرار ہوتا

غم اگرچہ جاں گسل ہے، پہ کہاں بچیں کہ دل ہے
غمِ عشق گر نہ ہوتا غمِ روزگار ہوتا

کہوں کس سے میں کہ کیا ہے شبِ غم بری بلا ہے
مجھے کیا برا تھا مرنا ! اگر ایک بار ہوتا

ہوئے مر کے ہم جو رسوا ہوئے کیوں نہ غرقِ دریا
نہ کبھی جنازہ اٹھتا نہ کہیں مزار ہوتا

اسے کون دیکھ سکتا ؟ کہ یگانہ ہے وہ یکتا
جو دوئی کی بو بھی ہوتی، تو کہیں دوچار ہوتا

یہ مسائلِ تصوف ! یہ ترا بیان غالبؔ
تجھے ہم ولی سمجھتے، جو نہ بادہ خوار ہوتا

درخورِ قہر و غضب جب کوئی ہم سا نہ ہوا
پھر غلط کیا ہے ؟ کہ ہم سا کوئی پیدا نہ ہوا

بندگی میں بھی وہ آزادہ و خودبیں ہیں کہ ہم
الٹے پھر آئے درِ کعبہ، اگر وا نہ ہوا

سب کو مقبول ہے دعویٰ تری یکتائی کا
روبرو کوئی بتِ آئینہ سیما نہ ہوا

کم نہیں نازشِ ہمنامیِ چشمِ خوباں — تیرا بیمار، برا کیا ہے؟ گر اچھا نہ ہوا

سینے کا داغ ہے وہ نالہ کہ لب تک نہ گیا — خاک کا رزق ہے وہ قطرہ جو دریا نہ ہوا

نام کا میرے ہے جو دکھ کہ کسی کو نہ ملا — کام کا میرے ہے وہ فتنہ کہ برپا نہ ہوا

ہر بنِ مو سے دمِ ذکر نہ ٹپکے خونناب — حمزہ کا قصہ ہوا عشق کا چرچا نہ ہوا

قطرے میں دجلہ دکھائی نہ دے اور جزو میں کل؟ — کھیل لڑکوں کا ہوا دیدۂ بینا نہ ہوا

تھی خبر گرم کہ غالب کے اڑیں گے پرزے
دیکھنے ہم بھی گئے تھے پہ تماشا نہ ہوا

درد منت کشِ دوا نہ ہوا — میں نہ اچھا ہوا، برا نہ ہوا

جمع کرتے ہو کیوں رقیبوں کو؟ — اک تماشا ہوا گلا نہ ہوا

ہم کہاں قسمت آزمانے جائیں — تو ہی جب خنجر آزما نہ ہوا

کتنے شیریں ہیں تیرے لب کہ رقیب — گالیاں کھا کے بے مزا نہ ہوا

ہے خبر گرم ان کے آنے کی — آج ہی گھر میں بوریا نہ ہوا

کیا وہ نمرود کی خدائی تھی! — بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا

جان دی، دی ہوئی اسی کی تھی — حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

زخم گر دب گیا لہو نہ تھما — کام گر رک گیا، روا نہ ہوا

رہزنی ہے کہ دلستانی ہے! — لے کے دل دلستاں روانہ ہوا

کچھ تو پڑھیے کہ لوگ کہتے ہیں
آج غالب غزل سرا نہ ہوا

میں اور بزمِ مے سے یوں تشنہ کام آؤں　　گر میں نے کی تھی توبہ، ساقی کو کیا ہوا تھا
ہے ایک تیر جس میں دونوں چھدے پڑے ہیں　　وہ دن گئے کہ اپنا دل سے جگر جدا تھا
درماندگی میں غالب کچھ بن پڑے تو جانوں
جب رشتہ بے گرہ تھا، ناخن گرہ کشا تھا

گھر ہمارا، جو نہ روتے بھی تو ویراں ہوتا　　بحر، گر بحر نہ ہوتا، تو بیاباں ہوتا
تنگیٔ دل کا گلہ کیا، یہ وہ کافر دل ہے　　کہ اگر تنگ نہ ہوتا، تو پریشاں ہوتا
بعد یک عمرِ ورع، بار تو دیتا بارے　　کاش رضواں ہی درِ یار کا درباں ہوتا
نہ تھا کچھ، تو خدا تھا، کچھ نہ ہوتا، تو خدا ہوتا
ڈبویا مجھ کو ہونے نے، نہ ہوتا میں تو کیا ہوتا
ہوا جب غم سے یوں بے حس تو غم کیا سر کے کٹنے کا
نہ ہوتا گر جدا تن سے، تو زانو پر دھرا ہوتا
ہوئی مدت کہ غالب مر گیا، پر یاد آتا ہے
وہ ہر اک بات پر کہنا، کہ "یوں ہوتا تو کیا ہوتا"

ہوئی تاخیر، تو کچھ باعثِ تاخیر بھی تھا　　آپ آتے تھے مگر کوئی عناں گیر بھی تھا
تم سے بیجا ہے مجھے اپنی تباہی کا گلہ　　اس میں کچھ شائبۂ خوبیٔ تقدیر بھی تھا
تو مجھے بھول گیا ہو، تو پتہ بتلا دوں　　کبھی فتراک میں تیرے کوئی نخچیر بھی تھا
قید میں ہے ترے وحشی کو وہی زلف کی یاد　　ہاں، کچھ اک رنجِ گرانباریِٔ زنجیر بھی تھا

بجلی اک کوند گئی آنکھوں کے آگے تو کیا
بات کرتے کہ میں لب تشنۂ تقریر بھی تھا

یوسف اس کو کہوں اور کچھ نہ کہے خیر ہوئی
گر بگڑ بیٹھے تو میں لائقِ تعزیر بھی تھا

دیکھ کر غیر کو ہو کیوں نہ کلیجا ٹھنڈا
نالہ کرتا تھا ولے طالبِ تاثیر بھی تھا

پیشے میں عیب نہیں رکھیے نہ فرہاد کو نام
ہم ہی آشفتہ سروں میں وہ جواں میر بھی تھا

ہم تھے مرنے کو کھڑے پاس نہ آیا نہ سہی
آخر اس شوخ کے ترکش میں کوئی تیر بھی تھا

پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق
آدمی کوئی ہمارا دمِ تحریر بھی تھا

ریختے کے تمہیں استاد نہیں ہو غالب
کہتے ہیں اگلے زمانے میں کوئی میر بھی تھا

ذکر اس پری وش کا اور پھر بیاں اپنا
بن گیا رقیب آخر تھا جو رازداں اپنا

مے وہ کیوں بہت پیتے بزمِ غیر میں یا رب
آج ہی ہوا منظور ان کو امتحاں اپنا

منظر اک بلندی پر اور ہم بنا سکتے
عرش سے پرے ہوتا کاشکے مکاں اپنا

دے وہ جس قدر ذلت ہم ہنسی میں ٹالیں گے
بارے آشنا نکلا ان کا پاسباں اپنا

دردِ دل لکھوں کب تک جاؤں ان کو دکھلاؤں
انگلیاں فگار اپنی خامہ خونچکاں اپنا

گھستے گھستے مٹ جاتا آپ نے عبث بدلا
ننگِ سجدہ سے میرے سنگِ آستاں اپنا

تا کرے نہ غمازی کر لیا ہے دشمن کو
دوست کی شکایت میں ہم نے ہمزباں اپنا

ہم کہاں کے دانا تھے کس ہنر میں یکتا تھے
بے سبب ہوا غالب دشمن آسماں اپنا

جور سے باز آئے، پر باز آئیں کیا
"کہتے ہیں" ہم تجھ کو منہ دکھلائیں کیا"

رات دن گردش میں ہیں سات آسماں
ہو رہے گا کچھ نہ کچھ گھبرائیں کیا

لاگ ہو تو اس کو ہم سمجھیں، لگاؤ
جب نہ ہو کچھ بھی تو دھوکہ کھائیں کیا

ہو لئے کیوں نامہ بر کے ساتھ ساتھ؟
یارب! اپنے خط کو ہم پہنچائیں کیا

موج خوں سر سے گزر ہی کیوں نہ جائے
آستانِ یار سے اٹھ جائیں کیا

عمر بھر دیکھا کیا مرنے کی راہ
مر گئے پر دیکھیے، دکھلائیں کیا

پوچھتے ہیں وہ، کہ غالب کون ہے؟
کوئی بتلاؤ، کہ ہم بتلائیں کیا

گھر جب بنا لیا ترے در پر کہے بغیر
جانے گا اب بھی تو نہ مرا گھر؟ کہے بغیر

کہتے ہیں جب رہی نہ مجھے طاقتِ سخن
جانوں کسی کے دل کی میں کیونکر، کہے بغیر

کام اُس سے آ پڑا ہے کہ جس کا جہان میں
لیوے نہ کوئی نام ستمگر کہے بغیر

جی میں ہی کچھ نہیں ہے ہمارے، وگرنہ، ہم
سر جائے، یا رہے، نہ رہیں پر کہے بغیر

چھوڑوں گا میں نہ اس بت کافر کو پوجنا
چھوڑے نہ خلق گو مجھے کافر کہے بغیر

مقصد ہے ناز و غمزہ، ولے گفتگو میں کام
چلتا نہیں ہے دشنہ و خنجر کہے بغیر

ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو
بنتی نہیں ہے، بادہ و ساغر کہے بغیر

بہرا ہوں میں تو چاہیے دُونا ہو التفات
سُنتا نہیں ہوں بات مکرر کہے بغیر

غالب نہ کر حضور میں تو بار بار عرض
ظاہر ہے تیرا حال سب اُن پر کہے بغیر

ہے بسکہ ہر اک انکے اشارے میں نشاں اور | کرتے ہیں محبت تو گزرتا ہے گماں اور

یارب وہ نہ سمجھے ہیں نہ سمجھیں گے مری بات | دے اور دل انکو جو نہ دے مجھ کو زباں اور

ابرو سے ہے کیا اس نگہ ناز کو پیوند | ہے تیر مقرر، مگر اس کی ہے کماں اور

تم شہر میں ہو، تو ہمیں کیا غم، جب اٹھیں گے | لے آئیں گے بازار سے جا کر دل و جاں اور

ہر چند سبکدست ہوئے، بت شکنی میں | ہم ہیں، تو ابھی راہ میں ہیں سنگ گراں اور

ہے خون جگر جوش میں، دل کھول کے روتا | ہوتے جو کئی دیدۂ خوں نابہ فشاں اور

مرتا ہوں، اس آواز پہ ہر چند سر اڑ جائے | جلاد کو لیکن وہ کہے جائیں کہ "ہاں اور"

لوگوں کو ہے خورشید جہاں تاب کا دھوکا | ہر روز دکھاتا ہوں میں اک داغ نہاں اور

لیتا، نہ اگر دل تمہیں دیتا، کوئی دم چین | کرتا، جو نہ مرتا، کوئی دن آہ و فغاں اور

پاتے نہیں جب راہ، تو چڑھ جاتے ہیں نالے | رکتی ہے مری طبع تو ہوتی ہے رواں اور

ہیں اور بھی دنیا میں سخنور بہت اچھے
کہتے ہیں کہ غالب کا ہے انداز بیاں اور

کیونکر اس بت سے رکھوں جان عزیز | کیا نہیں ہے مجھے ایمان عزیز

دل سے نکلا پہ نہ نکلا دل سے | ہے ترے تیر کا پیکان عزیز

تاب لائے ہی بنے گی غالب
واقعہ سخت ہے اور جان عزیز

کی وفا ہم سے تو غیر اس کو جفا کہتے ہیں | ہوتی آئی ہے کہ اچھوں کو برا کہتے ہیں

آج ہم اپنی پریشانیِ خاطر اُن سے
کہنے جاتے تو ہیں، پر دیکھئے کیا کہتے ہیں

اگلے وقتوں کے ہیں یہ لوگ انہیں کچھ نہ کہو
جو مئے و نغمہ کو اندوہ رُبا کہتے ہیں

دل میں آجائے ہے، ہوتی ہے جو فرصت غش سے
اور پھر کون سے نالے کو رسا کہتے ہیں

ہے پرے سرحدِ ادراک سے اپنا مسجود
قبلے کو اہلِ نظر قبلہ نما کہتے ہیں

پائے افگار پہ جب سے تجھے رحم آیا ہے
خارِ راہ کو ترے، ہم مہر گیا کہتے ہیں

اک شرر دل میں ہے اس سے کوئی گھبرائیگا کیا
آگ مطلوب ہے ہم کو، جو ہوا کہتے ہیں

دیکھئے لاتی ہے اُس شوخ کی نخوت کیا رنگ
اس کی ہر بات پہ ہم "نام خدا" کہتے ہیں

وحشت و شیفتہ اب مرثیہ کہویں شاید
مرگیا غالب آشفتہ نوا کہتے ہیں

ہم پر جفا سے ترکِ وفا کا گماں نہیں
اک چھیڑ ہے وگرنہ مراد امتحاں نہیں

کس منہ سے شکر کیجئے اس لطفِ خاص کا
پُرسش ہے اور پائے سخن درمیاں نہیں

ہم کو ستم عزیز، ستمگر کو ہم عزیز
نامہرباں نہیں ہے اگر مہرباں نہیں

بوسہ نہیں نہ دیجئے دشنام ہی سہی
آخر زباں تو رکھتے ہو تم گر دہاں نہیں

ہر چند جانگدازیِ قہر و عتاب ہے
ہر چند پشت گرمیِ تاب و تواں نہیں

جاں مطربِ ترانۂ ہل من مزید ہے
لب پردہ سنجِ زمزمۂ الاماں نہیں

خنجر سے چیر سینہ اگر دل نہ ہو دونیم
دل میں چھری چبھو، مژہ گر خونچکاں نہیں

ہے ننگِ سینہ دل اگر آتشکدہ نہ ہو
ہے عارِ دل نفس اگر آذر فشاں نہیں

نقصاں نہیں جنوں میں بلا سے ہو گھر خراب
سو گز زمیں کے بدلے بیاباں گراں نہیں

کہتے ہو کیا لکھا ہے تری سرنوشت میں"
گویا جبیں پہ سجدۂ بت کا نشاں نہیں

پاتا ہوں اس سے داد کچھ اپنے سخن کی میں
روح القدس اگرچہ مرا ہم زباں نہیں

جاں ہے بہائے بوسہ ولے کیوں کہے ابھی
غالب کو جانتا ہے کہ وہ نیم جاں نہیں

ق ۱۸۲۶

ملتی ہے خوئے یار سے نار التہاب میں
کافر ہوں گر نہ ملتی ہو راحت عذاب میں

کب سے ہوں کیا بتاؤں جہان خراب میں
شب ہائے ہجر کو بھی رکھوں گر حساب میں

تا پھر نہ انتظار میں نیند آئے عمر بھر
آنے کا عہد کر گئے آئے جو خواب میں

قاصد کے آتے آتے خط اک اور لکھ رکھوں
میں جانتا ہوں جو وہ لکھیں گے جواب میں

مجھ تک کب ان کی بزم میں آتا تھا دور جام
ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو شراب میں

جو منکر وفا ہو فریب اس پہ کیا چلے
کیوں بدگماں ہوں دوست سے دشمن کے باب میں

میں مضطرب ہوں وصل میں خوف رقیب سے
ڈالا ہے تم کو وہم نے کس پیچ و تاب میں

میں اور حظ وصل خدا ساز بات ہے
جاں نذر دینی بھول گیا اضطراب میں

ہے تیوری چڑھی ہوئی اندر نقاب کے
ہے اک شکن پڑی ہوئی طرف نقاب میں

لاکھوں لگاؤ ایک چرانا نگاہ کا
لاکھوں بناؤ ایک بگڑنا عتاب میں

وہ نالہ دل میں خس کے برابر جگہ نہ پائے
جس نالے سے شگاف پڑے آفتاب میں

وہ سحر مدعا طلبی میں نہ کام آئے
جس سحر سے سفینہ رواں ہو سراب میں

غالب چھٹی شراب، پر اب بھی کبھی کبھی

پیتا ہوں روزِ ابر و شبِ ماہتاب میں ق ۱۸۴۷ آثار الصنادید

کل کیلئے کر آج نہ خسّت شراب میں
یہ سوءِ ظن ہے ساقیِ کوثر کے باب میں

ہیں آج کیوں ذلیل؟ کہ کل تک نہ تھی پسند
گستاخیِ فرشتہ ہماری جناب میں

جاں کیوں نکلنے لگتی ہے تن سے دمِ سماع؟
گر وہ صدا سمائی ہے چنگ و رباب میں

رو میں ہے رخشِ عمر، کہاں دیکھیے تھمے
نے ہاتھ باگ پر ہے نہ پا ہے رکاب میں

اتنا ہی مجھ کو اپنی حقیقت سے بُعد ہے
جتنا کہ وہمِ غیر سے ہوں پیچ و تاب میں

اصلِ شہود و شاہد و مشہود ایک ہے
حیراں ہوں پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں

ہے مشتمل نمودِ صُوَر پر وجودِ بحر
یاں کیا دھرا ہے قطرہ و موج و حباب میں

شرم، اک ادائے ناز ہے اپنے ہی سے سہی
ہیں کتنے بے حجاب کہ ہیں یوں حجاب میں

آرائشِ جمال سے فارغ نہیں ہنوز
پیشِ نظر ہے آئینہ دائم نقاب میں

ہے غیب غیب جس کو سمجھتے ہیں ہم شہود
ہیں خواب میں ہنوز، جو جاگے ہیں خواب میں

غالب ندیم دوست سے آتی ہے بوئے دوست
مشغولِ حق ہوں، بندگیِ بو تراب میں

حیراں ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں
مقدور ہو تو ساتھ رکھوں نوحہ گر کو میں

چھوڑا نہ رشک نے کہ ترے گھر کا نام لوں
ہر اک سے پوچھتا ہوں کہ جاؤں کدھر کو میں

جانا پڑا رقیب کے در پر ہزار بار
اے کاش جانتا نہ ترے رہگذر کو میں

ہے کیا جو کس کے باندھیے میری بلا ڈرے — کیا جانتا نہیں ہوں تمہاری کمر کو میں

لو وہ بھی کہتے ہیں "کہ یہ بے ننگ و نام ہے" — یہ جانتا اگر، تو لٹاتا نہ گھر کو میں

چلتا ہوں تھوڑی دور ہر اک تیز رو کے ساتھ — پہچانتا نہیں ہوں ابھی راہبر کو میں

خواہش کو احمقوں نے پرستش دیا قرار — کیا پوجتا ہوں اس بتِ بیداد گر کو میں

پھر بیخودی میں بھول گیا راہِ کوئے یار — جاتا وگرنہ ایک دن اپنی خبر کو میں

اپنے پہ کر رہا ہوں قیاس اہلِ دہر کا — سمجھا ہوں دلپذیر متاعِ ہنر کو میں

غالب خدا کرے کہ سوارِ سمندِ ناز
دیکھوں علی بہادرِ عالی گہر کو میں

دونوں جہان دے کے وہ سمجھے یہ خوش رہا — یاں آ پڑی یہ شرم کہ تکرار کیا کریں

تھک تھک کے ہر مقام پہ دو چار رہ گئے — تیرا پتہ نہ پائیں تو ناچار کیا کریں

کیا شمع کے نہیں ہیں ہوا خواہ بزم میں
ہو غم ہی جاں گداز تو غمخوار کیا کریں

نہیں کہ مجھ کو قیامت کا اعتقاد نہیں — شبِ فراق سے روزِ جزا زیاد نہیں

کوئی کہے کہ شبِ مہ میں کیا برائی ہے؟ — بلا سے آج اگر دن کو ابر و باد نہیں

جو آؤں سامنے ان کے تو مرحبا نہ کہیں — جو جاؤں واں سے کہیں کو تو خیر باد نہیں

کبھی جو یاد بھی آتا ہوں میں تو کہتے ہیں — کہ آج بزم میں کچھ فتنہ و فساد نہیں

علاوہ عید کے ملتی ہے اور دن بھی شراب — گدائے کوچۂ میخانہ نامراد نہیں

جہاں میں ہو غم و شادی بہم ہمیں کیا کام دیا ہے ہمکو خدا نے وہ دل کہ شاد نہیں

تم انکے وعدہ کا ذکر اُن سے کیوں کرو غالب
یہ کیا کہ تم کہو اور وہ کہیں "کہ یاد نہیں"

دائم پڑا ہوا ترے در پہ نہیں ہوں میں؛ خاک ایسی زندگی پہ کہ پتھر نہیں ہوں میں
کیوں گردشِ مدام سے گھبرا نہ جائے دل انسان ہوں پیالہ و ساغر نہیں ہوں میں
یا رب! زمانہ مجھکو مٹاتا ہے کس لئے؛ لوحِ جہاں پہ حرفِ مکرر نہیں ہوں میں
حد چاہیئے سزا میں عقوبت کے واسطے آخر گناہ گار ہوں کافر نہیں ہوں میں
کس واسطے عزیز نہیں جانتے مجھے؛ لال و زمرد و زر و گوہر نہیں ہوں میں
رکھتے ہو تم قدم مری آنکھوں سے کیوں دریغ؛ رتبے میں ماہ و مہر سے کمتر نہیں ہوں میں
کرتے ہو مجھکو منعِ قدمبوس کس لئے؟ کیا آسمان کے بھی برابر نہیں ہوں میں

غالب وظیفہ خوار ہو دو شاہ کو دعا
وہ دن گئے کہ کہتے تھے نوکر نہیں ہوں میں

سب کہاں! کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں
خاک میں کیا صورتیں ہونگی کہ پنہاں ہو گئیں
یاد تھیں ہمکو بھی رنگا رنگ بزم آرائیاں
لیکن اب نقش و نگارِ طاقِ نسیاں ہو گئیں
تھیں بنات النعش گردوں دن کو پردے میں نہاں

شب کو ان کے جی میں کیا آئی کہ عریاں ہو گئیں

قید میں یعقوب نے لی گو نہ یوسف کی خبر
لیکن آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں ہو گئیں

سب رقیبوں سے ہوں ناخوش، پر زنانِ مصر سے
ہے زلیخا خوش، کہ محوِ ماہِ کنعاں ہو گئیں

جوئے خوں آنکھوں سے بہنے دو کہ ہے شامِ فراق
میں یہ سمجھوں گا کہ شمعیں دو فروزاں ہو گئیں

ان پری زادوں سے لیں گے خلد میں ہم انتقام
قدرتِ حق سے یہی حوریں اگر واں ہو گئیں

نیند اس کی ہے دماغ اس کا ہے راتیں اس کی ہیں
تیری زلفیں جس کے بازو پر پریشاں ہو گئیں

میں چمن میں کیا گیا گویا دبستاں کھل گیا
بلبلیں سن کر مرے نالے غزل خواں ہو گئیں

وہ نگاہیں کیوں ہوئی جاتی ہیں یارب دل کے پار
جو مری کوتاہیِ قسمت سے مژگاں ہو گئیں

بسکہ روکا میں نے اور سینے میں ابھریں پے بہ پے
میری آہیں بخیۂ چاکِ گریباں ہو گئیں

وان گیا بھی میں تو ان کی گالیوں کا کیا جواب؟
یاد تھیں جتنی دعائیں، صرف درباں ہو گئیں

جانفزا ہے بادہ، جس کے ہاتھ میں جام آ گیا
سب لکیریں ہاتھ کی گویا رگِ جاں ہو گئیں

ہم موحّد ہیں ہمارا کیش ہے ترکِ رسوم
ملتیں جب مٹ گئیں اجزائے ایماں ہو گئیں

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں اتنی پڑیں مجھ پر کہ آساں ہو گئیں

یوں ہی گر روتا رہا غالبؔ تو اے اہلِ جہاں!
دیکھنا ان بستیوں کو تم، کہ ویراں ہو گئیں

دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں
روئیں گے ہم ہزار بار کوئی ہمیں ستائے کیوں؟

دیر نہیں، حرم نہیں، در نہیں، آستاں نہیں
بیٹھے ہیں رہگذر پہ ہم، کوئی ہمیں اٹھائے کیوں؟

جب وہ جمالِ دلفروز، صورتِ مہرِ نیم روز
آپ ہی ہو نظارہ سوز پردے میں منہ چھپائے کیوں؟

دشنۂ غمزہ جانستاں، ناوکِ ناز بے پناہ

تیرا ہی عکس رخ سہی، سامنے تیرے آئے کیوں؟

✓ قید حیات و بند غم، اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی، غم سے نجات پائے کیوں؟

حسن اور اس پہ حسن ظن، رہ گئی بوالہوس کی شرم
اپنے پہ اعتماد ہے غیر کو آزمائے کیوں؟

واں وہ غرور عز و ناز، یاں یہ حجاب پاس وضع
راہ میں ہم ملیں کہاں، بزم میں وہ بلائے کیوں؟

✓ ہاں وہ نہیں خدا پرست، جاؤ وہ بے وفا سہی
جس کو ہو دین و دل عزیز اس کی گلی میں جائے کیوں؟

غالب خستہ کے بغیر کون سے کام بند ہیں،
روئیے زار زار کیا، کیجئے ہائے ہائے کیوں؟

کعبہ میں جا رہا، تو نہ دو طعنہ کیا کہیں
بھولا ہوں حق صحبت اہل کنشت کو

طاعت میں تا رہے نہ مے و انگبیں کی لاگ
دوزخ میں ڈال دو کوئی لیکر بہشت کو

ہوں منحرف نہ کیوں رہ و رسم ثواب سے
ٹیڑھا لگا ہے قط قلم سرنوشت کو

آئی اگر بلا تو جگر سے ٹلے نہیں
ایرا ہی دیکے ہم نے بچایا ہے کشت کو

غالب کچھ اپنی سعی سے لہنا نہیں مجھے
خرمن جلے اگر نہ ملخ کھائے کشت کو

گئی وہ بات کہ ہو گفتگو تو کیوں کر ہو ‏— کہے سے کچھ نہ ہوا، پھر کہو تو کیوں کر ہو
ہمارے ذہن میں اس فکر کا ہے نام وصال ‏— کہ گر نہ ہو تو کہاں جائیں، ہو تو کیوں کر ہو
ادب ہے اور یہی کشمکش تو کیا کیجے ‏— حیا ہے اور یہی گومگو، تو کیوں کر ہو
تمہیں کہو کہ گزارا صنم پرستوں کا ‏— بتوں کی ہو اگر ایسی ہی خُو تو کیوں کر ہو
اُلجھتے ہو تم اگر دیکھتے ہو آئینہ ‏— جو تم سے شہر میں ہوں ایک دو تو کیونکر ہو
جسے نصیب ہو روزِ سیاہ میرا سا ‏— وہ شخص دن نہ کہے رات کو تو کیوں کر ہو
ہمیں پھر اُن سے امید، اور انہیں ہماری قدر ‏— ہماری بات ہی پوچھیں نہ وہ تو کیونکر ہو
غلط نہ تھا ہمیں خط پر گماں تسلّی کا ‏— نہ مانے دیدۂ دیدار جو تو کیوں کر ہو
بتاؤ اس مژہ کو دیکھ کر ہو مجھ کو قرار ‏— یہ نیش ہو رگِ جاں میں فرو تو کیوں کر ہو

مجھے جنوں نہیں غالب، ولے بقولِ حضور
فراقِ یار میں تسکین ہو تو کیوں کر ہو

قفس میں ہوں، گر اچھا بھی نہ جانیں میرے شیون کو ‏— مرا ہونا برا کیا ہے نوا سنجانِ گلشن کو
نہیں گر ہمدمی آساں نہ ہو یہ رشک کیا کم ہے ‏— نہ دی ہوتی خدا یا آرزوئے دوست دشمن کو
نہ نکلا آنکھ سے تیری اک آنسو اس جراحت پر ‏— کیا سینے میں جس نے خونچکاں، مژگانِ سوزن کو
خدا، شرمائے ہاتھوں کو، کہ رکھتے ہیں کشاکش میں ‏— کبھی میرے گریباں کو، کبھی جاناں کے دامن کو
ابھی ہم قتل گہ کا دیکھنا آساں سمجھتے ہیں ‏— نہیں دیکھا شناور جوئے خوں میں تیرے توسن کو
ہوا چرچا جو میرے پاؤں کی زنجیر بننے کا ‏— کیا بیتاب کاں میں جنبشِ جوہر نے آہن کو

خوشی کیا کھیت پر میرے اگر سو بار ابر آوے — سمجھتا ہوں کہ ڈھونڈے ہے ابھی سے برقِ خرمن کو

وفاداری بہ شرطِ استواری اصل ایماں ہے — مرے بتخانے میں، تو کعبہ میں گاڑو برہمن کو

شہادت تھی مری قسمت میں جو دی تھی یہ خو مجھ کو — جہاں تلوار کو دیکھا جھکا دیتا تھا گردن کو

نہ لٹتا دن کو، تو کب رات کو یوں بے خبر سوتا — رہا کھٹکا نہ چوری کا، دعا دیتا ہوں رہزن کو

سخن کیا کہہ نہیں سکتے؟ کہ جویاں ہوں جواہر کے — جگر کیا ہم نہیں رکھتے، کہ کھودیں جا کے معدن کو

مرے شاہِ سلیماں جاہ سے نسبت نہیں غالب
فریدون و جم و کیخسرو و داراب و بہمن کو

تم جانو تم کو غیر سے جو رسم و راہ ہو — مجھ کو بھی پوچھتے رہو، تو کیا گناہ ہو

بچتے نہیں مواخذۂ روزِ حشر سے — قاتل اگر رقیب ہے تو تم گواہ ہو

کیا وہ بھی بے گنہ کش و حق ناشناس ہیں؟ — مانا کہ تم بشر نہیں خورشید و ماہ ہو

ابھرا ہوا نقاب میں ہے ان کے ایک تار — مرتا ہوں میں کہ یہ نہ کسی کی نگاہ ہو

جب مے کدہ چھٹا تو پھر اب کیا جگہ کی قید — مسجد ہو، مدرسہ ہو، کوئی خانقاہ ہو

سنتے ہیں جو بہشت کی تعریف سب درست — لیکن خدا کرے وہ تری جلوہ گاہ ہو

غالب بھی گر نہ ہو، تو کچھ ایسا ضرر نہیں
دنیا ہو یا رب اور مرا بادشاہ ہو

کسی کو دے کے دل کوئی نوا سنجِ فغاں کیوں ہو
نہ ہو جب دل ہی سینے میں تو پھر منہ میں زباں کیوں ہو

وہ اپنی خو نہ چھوڑیں گے، ہم اپنی وضع کیوں چھوڑیں
سُبک سر بن کے کیا پوچھیں، کہ ہم سے سرگراں کیوں ہو

کیا غمخوار نے رُسوا، لگے آگ اس محبت کو
نہ لاوے تاب جو غم کی وہ میرا رازداں کیوں ہو

وفا کیسی کہاں کا عشق، جب سر پھوڑنا ٹھہرا
تو پھر اے سنگ دل تیرا ہی سنگِ آستاں کیوں ہو

قفس میں مجھ سے رودادِ چمن کہتے نہ ڈر ہمدم
گری ہے جس پہ کل بجلی وہ میرا آشیاں کیوں ہو

یہ کہہ سکتے ہو "ہم دل میں نہیں ہیں" پر یہ بتلاؤ
کہ جب دل میں تمہیں تم ہو، تو آنکھوں سے نہاں کیوں ہو

غلط ہے جذبِ دل کا شکوہ، دیکھو جرم کس کا ہے
نہ کھینچو گر تم اپنے کو کشاکش درمیاں کیوں ہو

یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے؟
ہوئے تم دوست جس کے دشمن اس کا آسماں کیوں ہو

یہی ہے آزمانا تو ستانا کس کو کہتے ہیں؟
عدو کے ہو لئے جب تم تو میرا امتحاں کیوں ہو

کہا تم نے کہ "کیوں ہو غیر کے ملنے میں رسوائی"

بجا کہتے ہو، سچ کہتے ہو، پھر کہیو کہ ہاں کیوں ہو

نکالا چاہتا ہے کام کیا طعنوں سے تو غالب
ترے بے مہر کہنے سے وہ تجھ پر مہرباں کیوں ہو

اس بزم میں مجھے نہیں بنتی حیا کیے
بیٹھا رہا اگرچہ اشارے ہوا کیے

دل ہی تو ہے سیاستِ درباں سے ڈر گیا
میں اور جاؤں در سے ترے بن صدا کیے

رکھتا پھروں ہوں خرقہ و سجادہ رہنِ مے
مدت ہوئی ہے دعوتِ آب و ہوا کیے

بے صرفہ ہی گزرتی ہے ہو گرچہ عمرِ خضر
حضرت بھی کل کہیں گے کہ ہم کیا کیا کیے

مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم
تو نے وہ گنج ہائے گراں مایہ کیا کیے

کس روز تہمتیں نہ تراشا کیے عدو
کس دن ہمارے سر پہ نہ آرے چلا کیے

صحبت میں غیر کی نہ پڑی ہو کہیں یہ خو
دینے لگا ہے بوسہ بغیر التجا کیے

ضد کی ہے اور بات مگر خو بری نہیں
بھولے سے اس نے سینکڑوں وعدے وفا کیے

غالب تمہیں کہو کہ ملے گا جواب کیا
مانا کہ تم کہا کیے اور وہ سنا کیے

دل آپ کا کہ دل میں ہے جو کچھ سب آپ کا
دل لیجیے مگر مرے ارماں نکال کے

تسکیں کو ہم نہ روئیں جو ذوقِ نظر ملے
حورانِ خلد میں تری صورت مگر ملے

اپنی گلی میں مجھ کو نہ کر دفن بعدِ قتل
میرے پتے سے خلق کو کیوں تیرا گھر ملے

ساقی گری کی شرم کرو آج ورنہ ہم
ہر شب پیا ہی کرتے ہیں مے جس قدر ملے

تجھ سے تو کچھ کلام نہیں، لیکن اے ندیم
میرا سلام کہیو اگر نامہ بر ملے

تم کو بھی ہم دکھائیں کہ مجنوں نے کیا کیا
فرصت کشاکشِ غمِ پنہاں سے گر ملے

لازم نہیں کہ خضر کی ہم پیروی کریں
جانا کہ اک بزرگ ہمیں ہم سفر ملے

اے ساکنانِ کوچۂ دلدار دیکھنا!
تم کو کہیں جو غالبِ آشفتہ سر ملے

کوئی دن گر زندگی اور ہے !
اپنے جی میں ہم نے ٹھانی اور ہے

آتشِ دوزخ میں یہ گرمی کہاں؟
سوزِ غم ہائے نہانی اور ہے

بارہا دیکھی ہیں ان کی رنجشیں
پر کچھ اب کے سرگرانی اور ہے

دے کے خط، منہ دیکھتا ہے نامہ بر
کچھ تو پیغامِ زبانی اور ہے

قاطعِ اعمار ہیں اکثر نجوم
وہ بلائے آسمانی اور ہے

ہو چکیں غالبؔ بلائیں سب تمام!
ایک مرگِ ناگہانی اور ہے

کوئی امید بر نہیں آتی
کوئی صورت نظر نہیں آتی

موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی
اب کسی بات پر نہیں آتی

جانتا ہوں ثوابِ طاعت و زہد
پر طبیعت ادھر نہیں آتی

ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں
ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

کیوں نہ چیخوں؟ کہ یاد کرتے ہیں
میری آواز گر نہیں آتی

داغِ دل گر نظر نہیں آتا
بو بھی اے چارہ گر نہیں آتی

ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی
کچھ ہماری خبر نہیں آتی

مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی
موت آتی ہے پر نہیں آتی

کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالب
شرم تم کو مگر نہیں آتی

دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے؟
آخر اس درد کی دوا کیا ہے؟

ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار
یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے؟

میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں
کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے؟

جب کہ تجھ بن نہیں کوئی موجود
پھر یہ ہنگامہ اے خدا کیا ہے؟

یہ پری چہرہ لوگ کیسے ہیں؟
غمزہ و عشوہ و ادا کیا ہے؟

شکنِ زلفِ عنبریں کیوں ہے؟
نگہِ چشمِ سرمہ سا کیا ہے؟

سبزہ و گل کہاں سے آئے ہیں؟
ابر کیا چیز ہے؟ ہوا کیا ہے؟

ہم کو ان سے وفا کی ہے امید
جو نہیں جانتے وفا کیا ہے؟

ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا
اور درویش کی صدا کیا ہے؟

جان تم پر نثار کرتا ہوں
میں نہیں جانتا دعا کیا ہے؟

میں نے مانا کہ کچھ نہیں غالب
مفت ہاتھ آئے تو برا کیا ہے؟

کہتے تو ہو تم سب کہ بتِ غالیہ مو آئے — اک مرتبہ گھبرا کے کہو کوئی کہ "وہ آئے"

ہوں کشمکشِ نزع میں، ہاں جذبِ محبت — کچھ کہہ نہ سکوں، پر وہ مرے پوچھنے کو آئے

ہے صاعقہ و شعلہ و سیماب کا عالم — آنا ہی سمجھ میں مری آتا نہیں، گو آئے

ظاہر ہے کہ گھبرا کے نہ بھاگیں گے نکیرین — ہاں منہ سے مگر بادۂ دوشینہ کی بو آئے

جلاد سے ڈرتے ہیں، نہ واعظ سے جھگڑتے — ہم سمجھے ہوئے ہیں اسے جس بھیس میں جو آئے

ہاں اہلِ طلب، کون سنے طعنۂ نایافت — دیکھا کہ وہ ملتا نہیں، اپنے ہی کو کھو آئے

اپنا نہیں وہ شیوہ کہ آرام سے بیٹھیں — اس در پہ نہیں بار، تو کعبہ ہی کو ہو آئے

کی ہم نفسوں نے اثرِ گریہ میں تقریر — اچھے رہے آپ اس سے مگر مجھ کو ڈبو آئے

اس انجمنِ ناز کی کیا بات ہے غالبؔ

ہم بھی گئے واں، اور تری تقدیر کو رو آئے

شکوے کے نام سے بے مہر خفا ہوتا ہے — یہ بھی مت کہہ کہ جو کہیے تو گلا ہوتا ہے

پُر ہوں میں شکوے سے یوں، راگ سے جیسے باجا — اک ذرا چھیڑیے، پھر دیکھیے کیا ہوتا ہے

گو سمجھتا نہیں، پر حسنِ تلافی دیکھو — شکوۂ جور سے سرگرمِ جفا ہوتا ہے

عشق کی راہ میں ہے چرخِ مکوکب کی وہ چال — سست رو، جیسے کوئی آبلہ پا ہوتا ہے

کیوں نہ ٹھہریں ہدفِ ناوکِ بیداد کہ ہم — آپ اُٹھا لاتے ہیں گر تیر خطا ہوتا ہے

خوب تھا، پہلے سے ہوتے جو ہم اپنے بدخواہ — کہ بھلا چاہتے ہیں اور بُرا ہوتا ہے

نالہ جاتا تھا پرے عرش سے میرا، اور اب — لب تک آتا ہے جو ایسا ہی رسا ہوتا ہے

خامہ میرا کہ وہ ہے باربدِ بزمِ سخن | شاہ کی مدح میں یوں نغمہ سرا ہوتا ہے

اے شہنشاہِ کواکب سپہ و مہرِ علم | ق | تیرے اکرام کا حق کس سے ادا ہوتا ہے

سات اقلیم کا حاصل جو فراہم کیجے | تو وہ لشکر کا ترے نعل بہا ہوتا ہے

ہر مہینے میں جو یہ بدر سے ہوتا ہے ہلال | آستاں پر ترے مہ ناصیہ سا ہوتا ہے

میں جو گستاخ ہوں آئینِ غزل خوانی میں | یہ بھی تیرا ہی کرم ذوق فزا ہوتا ہے

رکھیو غالب مجھے اس تلخ نوائی میں معاف
آج کچھ درد مرے دل میں سوا ہوتا ہے

ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے | تمہیں کہو کہ یہ اندازِ گفتگو کیا ہے

نہ شعلے میں یہ کرشمہ نہ برق میں یہ ادا | کوئی بتاؤ کہ وہ شوخِ تند خو کیا ہے

یہ رشک ہے کہ وہ ہوتا ہے ہم سخن تم سے | وگرنہ خوفِ بد آموزیٔ عدو کیا ہے

چپک رہا ہے بدن پر لہو سے پیراہن | ہماری جیب کو اب حاجتِ رفو کیا ہے

جلا ہے جسم جہاں دل بھی جل گیا ہوگا | کریدتے ہو جو اب راکھ جستجو کیا ہے

رگوں میں دوڑتے پھرنے کے ہم نہیں قائل | جب آنکھ ہی سے نہ ٹپکا تو پھر لہو کیا ہے

وہ چیز جس کے لیے ہم کو ہو بہشت عزیز | سوائے بادۂ گلفامِ مشکبو کیا ہے

پیوں شراب اگر خم بھی دیکھ لوں دو چار | یہ شیشہ و قدح و کوزہ و سبو کیا ہے

رہی نہ طاقتِ گفتار اور اگر ہو بھی | تو کس امید پہ کہیے کہ آرزو کیا ہے

ہوا ہے شہ کا مصاحب پھرے ہے اتراتا
وگرنہ شہر میں غالب کی آبرو کیا ہے

میں انہیں چھیڑوں اور وہ کچھ نہ کہیں — چل نکلتے جو مے پیے ہوتے

قہر ہو یا بلا ہو، جو کچھ ہو — کاشکے، تم مرے لیے ہوتے

میری قسمت میں غم گر اتنا تھا — دل بھی یارب کئی دیے ہوتے

آ ہی جاتا وہ راہ پر غالب

کوئی دن اور بھی جیے ہوتے

حسنِ مہ اگرچہ بہ ہنگامِ کمال اچھا ہے — اس سے میرا مہِ خورشید جمال اچھا ہے

بوسہ دیتے نہیں اور دل پہ ہے ہر لحظہ نگاہ — جی میں کہتے ہیں کہ مفت آئے تو مال اچھا ہے

اور بازار سے لے آئے، اگر ٹوٹ گیا — ساغرِ جم سے مرا جامِ سفال اچھا ہے

بے طلب دیں تو مزا اسمیں سوا ملتا ہے — وہ گدا جس کو نہ ہو خوئے سوال اچھا ہے

اُنکے دیکھے سے جو آ جاتی ہے منہ پر رونق — وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچھا ہے

دیکھئے پاتے ہیں عشاق بتوں سے کیا فیض — اک برہمن نے کہا ہے کہ یہ سال اچھا ہے

ہم سخن تیشے نے فرہاد کو شیریں سے کیا — جس طرح کا کہ کسی میں ہو کمال اچھا ہے

قطرہ دریا میں جو مل جائے تو دریا ہو جائے — کام اچھا ہے وہ جس کا کہ مآل اچھا ہے

خضرِ سلطاں کو رکھے خالقِ اکبر سرسبز — شاہ کے باغ میں یہ تازہ نہال اچھا ہے

ہم کو معلوم ہے جنت کی حقیقت، لیکن

دل کے خوش رکھنے کو غالب یہ خیال اچھا ہے

غیر لیں محفل میں بوسے جام کے — ہم رہیں یوں تشنہ لب پیغام کے

خستگی کا تم سے کیا شکوہ، کہ یہ
ہتھکنڈے ہیں چرخِ نیلی فام کے

خط لکھیں گے گرچہ مطلب کچھ نہ ہو
ہم تو عاشق ہیں تمہارے نام کے

رات پی زمزم پہ مے اور صبح دم
دھوئے دھبّے جامۂ احرام کے

دل کو آنکھوں نے پھنسایا کیا، مگر
یہ بھی حلقے ہیں تمہارے دام کے

شاہ کے ہے غسلِ صحت کی خبر
دیکھیے کب دن پھریں حمّام کے

عشق نے غالبؔ نکمّا کر دیا
ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے

پھر اِس انداز سے بہار آئی
کہ ہوئے مہر و مہ تماشائی

دیکھو اے ساکنانِ خطّۂ خاک
اس کو کہتے ہیں عالم آرائی

کہ زمیں ہو گئی ہے سر تا سر
رُوکشِ سطحِ چرخِ مینائی

سبزہ کو جب کہیں جگہ نہ ملی
بن گیا روئے آب پر کائی

سبزہ و گُل کے دیکھنے کے لئے
چشمِ نرگس کو دی ہے بینائی

ہے ہوا میں شراب کی تاثیر
بادہ نوشی ہے باد پیمائی

کیوں نہ دنیا کو ہو خوشی غالبؔ
شاہِ دیندار نے شفا پائی

دیا ہے دل اگر اُسکو، بشر ہے کیا کہیے
ہوا رقیب، تو ہو، نامہ بر ہے کیا کہیے

یہ ضد کہ آج نہ آئے، اور آئے بن نہ رہے
قضا سے شکوہ ہمیں کسقدر ہے کیا کہیے

رہے ہے یوں گہہ و بے گہہ کہ کوئے دوست کو اب — اگر نہ کہیے کہ دشمن کا گھر ہے، کیا کہیے؟

زہے کرشمہ کہ یوں دے رکھا ہے ہم کو فریب — کہ بن کہے ہی اُنہیں سب خبر ہے، کیا کہیے

سمجھ کے کرتے ہیں بازار میں وہ پرسشِ حال — کہ یہ کہے، کہ سرِ رہ گزر ہے، کیا کہیے

تمہیں نہیں ہے سرِ رشتۂ وفا کا خیال — ہمارے ہاتھ میں کچھ ہے، مگر ہے کیا؛ کہیے

اُنہیں سوال پہ زعمِ جنوں ہے کیوں لڑیے — ہمیں جواب سے قطعِ نظر ہے، کیا کہیے

حسد، سزائے کمالِ سخن ہے کیا کیجے — ستم، بہائے متاعِ ہنر ہے، کیا کہیے

کہا ہے کس نے کہ غالب بُرا نہیں لیکن
سوائے اِسکے کہ آشفتہ سر ہے، کیا کہیے

حضورِ شاہ میں اہلِ سخن کی آزمائش ہے — چمن میں خوش نوایانِ چمن کی آزمائش ہے

قد و گیسو میں، قیس و کوہکن کی آزمائش ہے — جہاں ہم ہیں وہاں دار و رسن کی آزمائش ہے

کریں گے کوہکن کے حوصلے کا امتحاں آخر — ہنوز اس خستہ کے نیروئے تن کی آزمائش ہے

نسیمِ مصر کو کیا پیرِ کنعاں کی ہوا خواہی — اُسے یوسف کی بُوئے پیرہن کی آزمائش ہے

وہ آیا بزم میں، دیکھو! نہ کہیو پھر کہ غافل تھے — شکیب و صبرِ اہلِ انجمن کی آزمائش ہے

رہے دل ہی میں تیر، اچھا، جگر کے پار ہو، بہتر — غرض شستِ بتِ ناوک فگن کی آزمائش ہے

نہیں کچھ سبحہ و زنار کے پھندے میں گیرائی — وفاداری میں شیخ و برہمن کی آزمائش ہے

پڑا رہ، اے دلِ وابستہ! بیتابی سے کیا حاصل — مگر پھر تابِ زلفِ پرشکن کی آزمائش ہے

رگ و پے میں جب اترے زہرِ غم، تب دیکھیے کیا ہو؟ — ابھی تو تلخیِ کام و دہن کی آزمائش ہے

وہ آئیں گے مرے گھر، وعدہ کیسا، دیکھنا غالبؔ
نئے فتنوں میں اب چرخِ کہن کی آزمائش ہے

نکتہ چیں ہے غمِ دل اُسکو سنائے نہ بنے — کیا بنے بات جہاں بات بنائے نہ بنے
میں بلاتا تو ہوں اُسکو مگر اے جذبۂ دل — اُس پہ بن جائے کچھ ایسی کہ بن آئے نہ بنے
کھیل سمجھا ہے کہیں چھوڑ نہ دے بھول نہ جائے — کاش یوں بھی ہو کہ بن میرے ستائے نہ بنے
غیر پھرتا ہے لیے یوں ترے خط کو کہ اگر — کوئی پوچھے کہ "یہ کیا ہے"؟ تو چھپائے نہ بنے
اس نزاکت کا بُرا ہو، وہ بھلے ہیں تو کیا؛ — ہاتھ آئیں، تو اُنھیں ہاتھ لگائے نہ بنے
کہہ سکے کون؟ کہ یہ جلوہ گری کس کی ہے — پردہ چھوڑا ہے وہ اُس نے کہ اُٹھائے نہ بنے
موت کی راہ نہ دیکھوں؟ کہ بن آئے نہ رہے — تم کو چاہوں؟ کہ نہ آؤ تو بلائے نہ بنے
بوجھ وہ سر سے گرا ہے کہ اُٹھائے نہ اُٹھے — کام وہ آن پڑا ہے کہ بنائے نہ بنے

عشق پہ زور نہیں، ہے یہ وہ آتش غالبؔ
کہ لگائے نہ لگے، اور بجھائے نہ بنے

بازیچۂ اطفال ہے دُنیا مرے آگے — ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے
اک کھیل ہے اورنگِ سلیماں مرے نزدیک — اک بات ہے اعجازِ مسیحا مرے آگے
جز نام نہیں صورتِ عالم مجھے منظور — جز وہم نہیں ہستیٔ اشیا مرے آگے
ہوتا ہے نہاں گرد میں صحرا، مرے ہوتے — گھستا ہے جبیں خاک پہ دریا مرے آگے
مت پوچھ کہ کیا حال ہے میرا ترے پیچھے — تو دیکھ کہ کیا رنگ ہے تیرا مرے آگے

سچ کہتے ہو خود بین و خود آرا ہوں، نہ کیوں ہوں؟ — بیٹھا ہے بتِ آئینہ سیما مرے آگے
پھر دیکھیے اندازِ گل افشانیِ گفتار — رکھ دے کوئی پیمانۂ صہبا مرے آگے
نفرت کا گماں گزرے ہے، میں رشک سے گزرا — کیونکر کہوں، "لو نام نہ ان کا مرے آگے"
ایماں مجھے روکے ہے، جو کھینچے ہے مجھے کفر — کعبہ مرے پیچھے ہے کلیسا مرے آگے
عاشق ہوں، پہ معشوق فریبی ہے مرا کام — مجنوں کو برا کہتی ہے لیلےٰ مرے آگے
خوش ہوتے ہیں، پر وصل میں یوں مر نہیں جاتے — آئی شبِ ہجراں کی تمنا مرے آگے
ہے موجزن اک قلزمِ خوں کاش یہی ہو — آتا ہے ابھی دیکھیے کیا کیا مرے آگے
گو ہاتھ کو جنبش نہیں آنکھوں میں تو دم ہے — رہنے دو ابھی ساغر و مینا مرے آگے

ہم پیشہ و ہم مشرب و ہم راز ہے میرا
غالبؔ کو برا کیوں کہو، اچھا مرے آگے

کہوں جو حال تو کہتے ہو "مدعا کہیے" — تمہیں کہو کہ جو تم یوں کہو، تو کیا کہیے
نہ کہیو طعن سے پھر تم کہ "ہم ستمگر ہیں" — مجھے تو خو ہے، کہ جو کچھ کہو "بجا" کہیے
وہ نیشتر سہی پر دل میں جب اتر جاوے — نگاہِ ناز کو پھر کیوں نہ آشنا کہیے
نہیں ذریعۂ راحت، جراحتِ پیکاں — وہ زخمِ تیغ ہے جس کو کہ دلکشا کہیے
جو مدعی بنے اس کے نہ مدعی بنیے، — جو ناسزا کہے اُس کو نہ ناسزا کہیے
کہیں حقیقتِ جاں کاہیِ مرض لکھیے — کہیں مصیبتِ ناسازیِ دوا کہیے
کبھی شکایتِ رنجِ گراں نشیں کیجے — کہیں حکایتِ صبرِ گریزپا کہیے

رہے نہ جان تو قاتل کو خوں بہا دیجئے ۔۔۔ کٹے زبان، تو خنجر کو مرحبا کہیے

نہیں نگار کو الفت نہ ہو، نگار تو ہے، ۔۔۔ روانیِ روش و مستیِ ادا کہیے

نہیں بہار کو فرصت نہ ہو بہار تو ہے ۔۔۔ طراوتِ چمن و خوبیِ ہوا کہیے

سفینہ جبکہ کنارے پہ آلگا غالبؔ
خدا سے کیا ستم و جورِ ناخدا کہیے

ابنِ مریم ہوا کرے کوئی ۔۔۔ میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

شرع و آئین پر مدار سہی ۔۔۔ ایسے قاتل کا کیا کرے کوئی

چال جیسے کڑی کمان کا تیر ۔۔۔ دل میں ایسے کے جا کرے کوئی

بات پر واں زبان کٹتی ہے ۔۔۔ وہ کہیں اور سنا کرے کوئی

بک رہا ہوں جنوں میں کیا کیا کچھ ۔۔۔ کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

نہ سنو اگر برا کہے کوئی ۔۔۔ نہ کہو، گر برا کرے کوئی

روک لو، گر غلط چلے کوئی ۔۔۔ بخش دو، اگر خطا کرے کوئی

کون ہے جو نہیں ہے حاجتمند ۔۔۔ کس کی حاجت روا کرے کوئی

کیا کیا خضر نے سکندر سے ۔۔۔ اب کسے رہنما کرے کوئی

جب توقع ہی اٹھ گئی غالبؔ
کیوں کسی کا گلہ کرے کوئی

بہت سہی غمِ گیتی، شراب کم کیا ہے ۔۔۔ غلامِ ساقیِ کوثر ہوں، مجھ کو غم کیا ہے

لہ مطبوعہ دیوانوں میں اس غزل کے فقط تین اشعار ہیں۔ بقیہ اشعار مرزا نے ۱۸۶۶ء میں اضافہ کئے۔ (اردوئے معلیٰ صفحہ

تمہاری طرز روش جانتے ہیں ہم کیا ہے — رقیب پر ہے اگر لطف تو ستم کیا ہے
کٹے تو شب کہیں، کاٹے تو سانپ کہلاوے — کوئی بتاؤ کہ وہ زلف خم بخم کیا ہے
لکھا کرے کوئی احکام طالع مولود — کسے خبر ہے کہ واں جنبش قلم کیا ہے
نہ حشر و نشر کا قائل نہ کیش و ملت کا — خدا کے واسطے ایسے کی پھر قسم کیا ہے
وہ داد و دید گرانمایہ شرط ہے ہمدم! — وگرنہ مہر سلیمان و جام جم کیا ہے

سخن میں خامۂ غالب کی آتش افشانی
یقیں ہے ہمکو بھی لیکن اب اس میں دم کیا ہے

روندی ہوئی ہے کوکبۂ شہریار کی — اترائے کیوں نہ خاک سر رہگذار کی
جب اسکے دیکھنے کیلئے آئیں بادشاہ — لوگوں میں کیوں نمود نہ ہو لالہ زار کی

بھوکے نہیں ہیں سیر گلستاں کے ہم ولے
کیونکر نہ کھائیے کہ ہوا ہے بہار کی

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے — بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے
ڈرے کیوں میرا قاتل کیا رہیگا اسکی گردن پر — وہ خوں جو چشم تر سے عمر بھر یوں دمبدم نکلے
نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں، لیکن — بہت بے آبرو ہو کر ترے کوچے سے ہم نکلے
بھرم کھل جائے ظالم تیرے قامت کی درازی کا — اگر اس طرۂ پر پیچ و خم کا پیچ و خم نکلے
مگر لکھوائے کوئی اسکو خط، تو ہم سے لکھوائے — ہوئی صبح، اور گھر سے کان پر رکھ کر قلم نکلے
ہوئی اس دور میں منسوب مجھ سے بادہ آشامی — پھر آیا وہ زمانہ، جو جہاں میں جام جم نکلے

ہوئی جن سے توقع خستگی کی داد پانے کی
وہ ہم سے بھی زیادہ خستۂ تیغ ستم نکلے

محبت میں نہیں ہے فرق جینے اور مرنے کا
اسی کو دیکھکر جیتے ہیں جس کافر پہ دم نکلے

کہاں میخانہ کا دروازہ غالبؔ اور کہاں واعظ
پر اتنا جانتے ہیں، کل وہ جاتا تھا کہ ہم نکلے

منظور تھی یہ شکل، تجلّی کو نور کی
قسمت کھلی ترے قد و رُخ سے ظہور کی

اک خونچکاں کفن میں کروڑوں بناؤ ہیں
پڑتی ہے آنکھ تیرے شہیدوں پہ حور کی

واعظ نہ تم پیو، نہ کسی کو پلا سکو
کیا بات ہے تمہاری شرابِ طہور کی

لڑتا ہے مجھ سے حشر میں قاتل، کہ کیوں اٹھا
گویا، ابھی سُنی نہیں آواز صُور کی

آمد بہار کی ہے جو بلبل ہے نغمہ سنج
اُڑتی سی اک خبر ہے زبانی طیور کی

گو واں نہیں، پہ واں کے نکالے ہوئے تو ہیں
کعبے سے ان بتوں کو بھی نسبت ہے دُور کی

کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب
آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہِ طور کی

گرمی سہی کلام میں، لیکن نہ اسقدر
کی جس سے بات اُسنے شکایت ضرور کی

غالبؔ۔ گر اس سفر میں مجھے ساتھ لے چلیں
حج کا ثواب نذر کروں گا حضور کی

غم کھانے میں بودا دلِ ناکام بہت ہے
یہ رنج کہ کم ہے مئے گلفام، بہت ہے

کہتے ہوئے ساقی سے حیا آتی ہے، ورنہ
ہے یوں، کہ مجھے دُردِ تہِ جام بہت ہے

نے تیر کماں میں ہے نہ صیاد کمیں میں
گوشے میں قفس کے مجھے آرام بہت ہے

کیا زُہد کو مانوں کہ نہ ہو گرچہ ریائی | پاداشِ عمل کی طمعِ خام بہت ہے
ہیں اہلِ خرد کس روشِ خاص پہ نازاں | پابستگیِ رسم و رہِ عام بہت ہے
زمزم ہی پہ چھوڑو مجھے، کیا طوفِ حرم سے | آلودہ بہ مے جامۂ احرام بہت ہے
ہے قہر، گر اب بھی نہ بنے بات، کہ اُن کو | انکار نہیں اور مجھے ابرام بہت ہے
خوں ہو کے جگر آنکھ سے ٹپکا نہیں اے مرگ! | رہنے دے مجھے یاں کہ ابھی کام بہت ہے

ہوگا کوئی ایسا بھی کہ غالب کو نہ جانے
شاعر تو وہ اچھا ہے پہ بدنام بہت ہے

غزل مشاعرہ

نویدِ امن ہے بیدادِ دوست جاں کے لئے | رہی نہ طرزِ ستم کوئی آسماں کے لئے
بلا سے گر مژۂ یار تشنۂ خوں ہے | رکھوں کچھ اپنی بھی مژگانِ خونفشاں کیلئے
وہ زندہ ہم ہیں کہ ہیں روشناسِ خلق اے خضر! | نہ تم، کہ چور بنے عمرِ جاوداں کے لئے
رہا بلا میں بھی، مَیں مبتلائے آفتِ رشک | بلائے جاں ہے ادا تیری اک جہاں کیلئے
فلک نہ دور رکھ اس سے مجھے کہ میں ہی نہیں | درازدستیِ قاتل کے امتحاں کیلئے
مثال یہ مری کوشش کی ہے کہ مرغِ اسیر | کرے قفس میں فراہم خس آشیاں کیلئے
گدا سمجھ کے وہ چپ تھا، مری جو شامت آئی | اُٹھا اور اُٹھ کے قدم میں نے پاسباں کیلئے
بقدرِ شوق نہیں ظرفِ تنگنائے غزل | کچھ اور چاہئے وسعت مرے بیاں کیلئے

دیا ہے خلق کو بھی، تا اُسے نظر نہ لگے
بنا ہے عیش تجمل حسین خاں کے لئے

زباں پہ بارِ خدایا یہ کس کا نام آیا
کہ میرے نطق نے بوسے مری زباں کے لئے

نصیرِ دولت و دیں اور معینِ ملت و ملک
بنا ہے چرخِ بریں جس کے آستاں کے لئے

زمانہ عہد میں اس کے ہے محوِ آرایش
بنیں گے اور ستارے اب آسماں کے لئے

ورق تمام ہوا اور مدح باقی ہے
سفینہ چاہیئے اس بحرِ بیکراں کے لئے

ادائے خاص سے غالب ہوا ہے نکتہ سرا
صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لئے
(۱۸۴۵ء)

مرثیہ عارف

لازم تھا کہ دیکھو مرا رستہ کوئی دن اور
تنہا گئے کیوں اب رہو تنہا کوئی دن اور

مٹ جائیگا سر گر ترا پتھر نہ گھسے گا
ہوں در پہ ترے ناصیہ فرسا کوئی دن اور

آئے ہو کل، اور آج ہی کہتے ہو کہ "جاؤں"
مانا کہ نہیں آج سے اچھا کوئی دن اور

جاتے ہوئے کہتے ہو "قیامت کو ملیں گے"
کیا خوب! قیامت کا ہے گویا کوئی دن اور؟

ہاں اے فلکِ پیر جواں تھا ابھی عارف
کیا تیرا بگڑتا، جو نہ مرتا کوئی دن اور

تم ماہِ شبِ چار دہم تھے مرے گھر کے
پھر کیوں نہ رہا گھر کا وہ نقشا کوئی دن اور

تم کون سے تھے ایسے کھرے داد و ستد کے
کرتا ملک الموت تقاضا کوئی دن اور

مجھ سے تمہیں نفرت سہی، نیر سے لڑائی
بچوں کا بھی دیکھا نہ تماشا کوئی دن اور

گذری نہ بہر حال یہ مدت خوش و ناخوش؛
کرنا تھا جواں مرگ گزارا کوئی دن اور

ناداں ہو جو کہتے ہو، کہ کیوں جیتے ہیں غالب
قسمت میں ہے مرنے کی تمنا کوئی دن اور

سہرا

خوش ہو اے بخت کہ ہے آج ترے سر سہرا
باندھ شہزادہ جواں بخت کے سر پہ سہرا

کیا ہی اس چاند سے مکھڑے پہ بھلا لگتا ہے
ہے ترے حسن دل افروز کا زیور سہرا

سر پہ چڑھنا تجھے پھبتا ہے پر اے طرفِ کلاہ
مجھ کو ڈر ہے کہ نہ چھینے ترا امبر سہرا

ناؤ بھر کر ہی پروئے گئے ہونگے موتی
ورنہ کیوں لائے ہیں کشتی میں لگاکر سہرا

سات دریا کے فراہم کئے ہونگے موتی
تب بنا ہوگا اس انداز کا گز بھر سہرا

رخ پہ دولہا کے جو گرمی سے پسینہ ٹپکا
ہے رگِ ابرِ گہر بار سراسر سہرا

یہ بھی اک بے ادبی تھی کہ قبا سے بڑھ جائے
رہ گیا آن کے دامن کے برابر سہرا

جی میں اترائیں نہ موتی کہ ہمیں ہیں اک چیز
چاہیئے پھولوں کا بھی ایک مکرر سہرا

جبکہ اپنے میں سماویں نہ خوشی کے مارے
گوندھے پھولوں کا بھلا پھر کوئی کیونکر سہرا

رخِ روشن کی دمک، گوہرِ غلطاں کی چمک
کیوں نہ دکھلائے فروغِ مہ و اختر سہرا

تار ریشم کا نہیں ہے یہ رگِ ابرِ بہار
لائیگا تابِ گرانبارئ گوہر سہرا

ہم سخن فہم ہیں غالب کے طرفدار نہیں!
دیکھیں اس سہرے سے کہدے کوئی بہتر سہرا

معذرت

منظور ہے گذارشِ احوالِ واقعی
اپنا بیانِ حسنِ طبیعت نہیں مجھے

سو پشت سے ہے پیشۂ آبا سپہ گری
کچھ شاعری ذریعۂ عزت نہیں مجھے

آزادہ رَو ہوں اور مرا مسلک ہے صلحِ کُل
ہرگز کبھی کسی سے عداوت نہیں مجھے

کیا کم ہے یہ شرف کہ ظفر کا غلام ہوں
مانا کہ جاہ و منصب و ثروت نہیں مجھے

استادِ شہ سے ہو مجھے پرخاش کا خیال
یہ تاب یہ مجال، یہ طاقت نہیں مجھے

جامِ جہاں نُما ہے شہنشاہ کا ضمیر
سوگند اور گواہ کی حاجت نہیں مجھے

میں کون اور ریختہ، ہاں اس سے مدعا
جز انبساطِ خاطرِ حضرت نہیں مجھے

سہرا لکھا گیا زرہِ امتثالِ امر
دیکھا کہ چارہ غیرِ اطاعت نہیں مجھے

مقطع میں آ پڑی ہے سخن گسترانہ بات
مقصود اس سے قطعِ محبت نہیں مجھے

روئے سخن کسی کی طرف ہو تو روسیاہ
سودا نہیں جنوں نہیں وحشت نہیں مجھے

قسمت بُری سہی پہ طبیعت بُری نہیں
ہے شکر کی جگہ کہ شکایت نہیں مجھے

صادق ہوں اپنے قول میں غالب خدا گواہ
کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے

ہاں اے نفسِ بادِ سحر شعلہ فشاں ہو — اے دجلۂ خوں چشمِ ملائک سے رواں ہو
اے زمزمۂ قم لبِ عیسیٰ پہ فغاں ہو — اے ماتمیانِ شہِ معصوم کہاں ہو

بگڑی ہے بہت بات بنائے نہیں بنتی
اب گھر کو بغیر آگ لگائے نہیں بنتی

تابِ سخن و طاقتِ غوغا نہیں ہمکو — ماتم میں شہِ دیں کے ہیں سودا نہیں ہم کو
گھر پھونکنے میں اپنے محابا نہیں ہم کو — گر چرخ بھی جل جائے تو پروا نہیں ہم کو

یہ خرگہِ نہ پایا جو مدت سے بچا ہے
کیا خیمۂ شبیر سے رتبہ میں سوا ہے

کچھ اور ہی عالم نظر آتا ہے جہاں کا — کچھ اور ہی نقشہ ہے دل و چشم و زباں کا
کیسا فلک اور مہرِ جہانتاب کہاں کا — ہوگا دلِ بیتاب کسی سوختہ جاں کا

اب مہر میں اور برق میں کچھ فرق نہیں ہے
گرتا نہیں اس رُو سے کہو برق نہیں ہے

قصیدہ

ہاں، مہِ نو سُنیں ہم اس کا نام — جس کو تو جھک کے کر رہا ہے سلام

دو دن آیا ہے تو نظر دمِ صبح | یہی انداز اور یہی اندام
بارے دو دن کہاں رہا غائب؟ | بندہ عاجز ہے گردشِ ایام
اُڑکے جاتا کہاں، کہ تاروں کا | آسماں نے بچھا رکھا تھا دام
مرحبا اے سرورِ خاصِ خواص | حبّذا اے نشاطِ عامِ عوام
عذر میں تین دن نہ آنے کے | لے کے آیا ہے عید کا پیغام
اُس کو بھولا نہ چاہیئے کہنا | صبح جو جائے اور آئے شام
ایک میں کیا کہ سب نے جان لیا | تیرا آغاز اور ترا انجام
رازِ دل مجھ سے کیوں چھپاتا ہے | مجھ کو سمجھا ہے کیا کہیں نمّام
جانتا ہوں کہ آج دنیا میں | ایک ہی ہے امید گاہِ انام
میں نے مانا کہ تو ہے حلقہ بگوش | غالب اس کا مگر نہیں ہے غلام
جانتا ہوں کہ جانتا ہے تُو | تب کہا ہے بہ طرزِ استفہام
مہرِ تاباں کو ہو تو ہو، اے ماہ | قرب ہر روزہ بر سبیلِ دوام
تجھ کو کیا پایہ روشناسی کا | جز بہ تقریبِ عیدِ ماہِ صیام
جانتا ہوں کہ اُسکے فیض سے تُو | پھر بنا چاہتا ہے ماہِ تمام
ماہ بن، ماہتاب بن، میں کون | مجھ کو کیا بانٹ دیگا تو انعام
میرا اپنا جُدا معاملہ ہے | اور کے لین دین سے کیا کام
ہے مجھے آرزوئے بخششِ خاص | گر تجھے ہے امیدِ رحمتِ عام

جو کہ بخشے گا تجھ کو فرِّ فروغ — کیا نہ دے گا مجھے مئے گلفام
جبکہ چودہ منازلِ فلکی — کر چکی قطع تیری تیزیِ گام
تیرے پر تو سے ہوں فروغ پذیر — کوے ومشکوے وصحن ومنظرو بام
دیکھنا میرے ہاتھوں میں لبریز — اپنی صورت کا اک بلوریں جام
پھر غزل کی روش پہ چل نکلا — توسنِ طبع چاہتا تھا لگام

غزل

زہرِ غم کر چکا تھا میرا کام — تجھ کو کس نے کہا کہ ہو بدنام
مَے ہی پھر کیوں نہ مَیں پیے جاؤں — غم سے جب ہو گئی ہو زیست حرام
بوسہ کیسا، یہی غنیمت ہے — کہ نہ سمجھیں وہ لذتِ دشنام
کعبے میں جا بجائیں گے ناقوس — اب تو باندھا ہے دَیر میں احرام
اُس قدح کا ہے دَور مجھ کو نقد — چرخ نے لی ہے جس سے گردشِ ایام
بوسہ دینے میں اُن کو ہے انکار — دل کے لینے میں جن کو تھا ابرام

چھیڑتا ہوں کہ اُن کو غصہ آئے
کیوں رکھوں ورنہ غالبؔ اپنا نام

کہہ چکا میں تو سب کچھ، اب تُو کہہ — اے پری چہرہ پیکِ تیز خرام
کون ہے جس کے در پہ ناصیہ سا — ہیں مہ و مہر و زہرہ و بہرام

تُو نہیں جانتا تو مجھ سے سُن — نام شاہنشہِ بلند مقام
قبلہ چشم و دل بہادر شاہ — مظہرِ ذوالجلالِ والاکرام
شہسوارِ طریقۂ انصاف — نوبہارِ حدیقۂ اسلام
جس کا ہر فعل صورتِ اعجاز — جس کا ہر قول معنیٔ الہام
بزم میں میزبانِ قیصر و جم — رزم میں اوستادِ رستم و سام
اے ترا لطف زندگی افزا — اے ترا عہد فرخی فرجام
چشمِ بد دور خسروانہ شکوہ — لوحش اللہ عارفانہ کلام
جاں نثاروں میں تیرے قیصرِ روم — جُرعہ خواروں میں تیرے مرشدِ جام
وارثِ ملک جانتے ہیں تجھے — ایرج و تور و خسرو و بہرام
زورِ بازو میں مانتے ہیں تجھے — گیو و گودرز و بیژن و رہام
مرحبا موشگافیٔ ناوک — آفریں آبداریٔ صمصام
تیر کو تیرے تیرِ غیر ہدف — تیغ کو تیری تیغِ خصم نیام
رعد کا کر رہی ہے کیا دم بند — برق کو دے رہا ہے کیا الزام
تیرے فیلِ گراں جسد کی صدا — تیرے رخشِ سبک عناں کا خرام
فنِ صورت گری میں تیرا گرز — گر نہ رکھتا ہو دستگاہِ تمام
اس کے مضروب کے سر و تن سے — کیوں نمایاں ہو صورتِ اِدغام
جب ازل میں رقم پذیر ہوئے — صفحہ ہائے لیالی و ایام

اور اُن اوراق میں بہ کلکِ قضا | مجملاً مندرج ہوئے احکام
لکھدیا شاہدوں کو عاشق کش | لکھدیا عاشقوں کو دشمن کام
آسماں کو کہا گیا کہ کہیں | گنبدِ تیز گردِ نیلی فام
حکمِ ناطق لکھا گیا کہ لکھیں | خال کو دانہ اور زلف کو دام
آتش و آب و باد و خاک نے لی | وضعِ سوز و نم و رم و آرام
مہرِ رخشاں کا نام خسروِ روز | ماہِ تاباں کا نام شحنۂ شام
تیری توقیعِ سلطنت کو بھی | دی بدستور صورتِ ارقام
کاتبِ حکم نے بموجبِ حکم | اُس رقم کو دیا طرازِ دوام

ہے ازل سے روائیِ آغاز
ہو ابد تک رسائیِ انجام

قصیدہ

صبحدم دروازۂ خاور کھلا | مہرِ عالمتاب کا منظر کھلا
خسروِ انجم کے آیا صرف میں | شب کو تھا گنجینۂ گوہر کھلا
وہ بھی تھی اِک سیمیا کی سی نمود | صبح کو رازِ مہ و اختر کھلا
ہیں کواکب کچھ، نظر آتے ہیں کچھ | دیتے ہیں دھوکا یہ بازی گر کھلا
سطحِ گردوں پہ پڑا تھا رات کو | موتیوں کا ہر طرف زیور کھلا

صبح آیا جانبِ مشرق نظر — اِک نگارِ آتشیں رُخ، سر کھلا
تھی نظر بندی کیا جب ردِّ سحر — بادۂ گلرنگ کا ساغر کھلا
لا کے ساقی نے صبوحی کے لئے — رکھ دیا ہے ایک جامِ زر کھلا
بزمِ سُلطانی ہوئی آراستہ — کعبۂ امن و اماں کا در کھلا
تاجِ زرّیں، مہرِ تاباں سے سوا — خسروِ آفاق کے منہ پر کھلا
شاہِ روشن دِل بہادر شہ، کہ ہے — رازِ ہستی اُس پہ سرتاسر کھلا
وہ کہ جس کی صورتِ تکوین میں — مقصدِ نُہ چرخ و ہفت اختر کھلا
وہ کہ جس کے ناخنِ تاویل سے — عقدۂ احکامِ پیغمبر کھلا
پہلے دارا کا نکل آیا ہے نام — اُس کے سرہنگوں کا جب دفتر کھلا
روشناسوں کی جہاں فہرست ہے — واں لکھا ہے چہرۂ قیصر کھلا
توسنِ شہ میں ہے وہ خوبی کہ جب — ق — تھان سے وہ غیرتِ صرصر کھلا
نقشِ پا کی صورتیں وہ دلفریب — تو کہے بتخانۂ آذر کھلا
مجھ پہ فیضِ تربیت سے شاہ کے — منصبِ مہر و مہ و محور کھلا
لاکھ عقدے دل میں تھے لیکن ہر ایک — میری حدِّ وسع سے باہر کھلا
تھا دلِ وابستہ قفلِ بے کلید — کس نے کھولا کب کھلا کیونکر کھلا
باغِ معنی کی دکھاؤں گا بہار — مجھ سے گر شاہِ سخن گستر کھلا
ہو جہاں گرمِ غزل خوانی نفس — لوگ جانیں طبلۂ عنبر کھلا

غزل

کنج میں بیٹھا رہوں یوں پر کھلا ۔۔۔ کاشکے ہوتا قفس کا در کھلا

ہم پکاریں، اور کھلے یوں کون جائے ۔۔۔ یار کا دروازہ پائیں گر کھلا

ہم کو ہے اس رازداری پر گھمنڈ ۔۔۔ دوست کا ہے حال دشمن پر کھلا

واقعی دل پر بھلا لگتا تھا داغ ۔۔۔ زخم لیکن داغ سے بہتر کھلا

ہاتھ سے رکھدی کب ابرو نے کمان ۔۔۔ کب کمر سے غمزے کی خنجر کھلا

مفت کا کس کو برا ہے بدرقہ ۔۔۔ رہروی میں پردۂ رہبر کھلا

سوزِ دل کا کیا کرے بارانِ اشک ۔۔۔ آگ بھڑکی مینہ اگر دم بھر کھلا

نامے کے ساتھ آگیا پیغامِ مرگ ۔۔۔ رہ گیا خط میری چھاتی پر کھلا

دیکھیو، غالب سے گر الجھا کوئی
ہے ولی پوشیدہ اور کافر کھلا

پھر ہوا مدحت طرازی کا خیال ۔۔۔ پھر مہ و خورشید کا دفتر کھلا

خامے نے پائی طبیعت سے مدد ۔۔۔ بادباں کے اٹھتے ہی لنگر کھلا

مدح سے ممدوح کی دیکھی شکوہ ۔۔۔ عرض سے یاں رتبۂ جوہر کھلا

مہر کانپا، چرخ چکر کھا گیا ۔۔۔ بادشہ کا رایتِ لشکر کھلا

بادشاہ کا نام لیتا ہے خطیب ۔۔۔ اب علوِ پایۂ منبر کھلا

سکۂ شہ کا ہوا ہے روشناس — اب عیارِ آبروئے زر کھلا
شاہ کے آگے دھرا ہے آئینہ — اب مآلِ سعیِ اسکندر کھلا
ملک کے وارث کو دیکھا خلق نے — اب فریبِ طغرل و سنجر کھلا
ہو سکے کیا مدح، ہاں اک نام ہے — دفترِ مدحِ جہاں داور کھلا
فکر اچھی پر ستائش ناتمام — عجزِ اعجازِ ستائش گر کھلا
جانتا ہوں ہے خطِ لوحِ ازل — تم پہ اے خاقانِ نام آور کھلا

تم کرو صاحبقرانی جب تلک
ہے طلسمِ روز و شب کا در کھلا

صفتِ انبہ

ہاں دلِ دردمندِ زمزمہ ساز — کیوں نہ کھولے درِ خزینۂ راز
خامہ کا صفحہ پہ رواں ہونا — شاخِ گل کا ہے گلفشاں ہونا
مجھ سے کیا پوچھتا ہے کیا لکھیے — نکتہ ہائے خرد فزا لکھیے
بارے آموں کا کچھ بیاں ہو جائے — خامہ نخلِ رُطب فشاں ہو جائے
آم کا کون مردِ میداں ہے — ثمر و شاخ گوئے و چوگاں ہے
تاک کے جی میں کیوں رہے ارماں — آئے یہ گوئے اور یہ میداں
آم کے آگے پیش جائے خاک — پھوڑتا ہے جلے پھپھولے تاک

نہ چلا جب کسی طرح مقدور
بادۂ ناب بن گیا انگور

یہ بھی ناچار جی کا کھونا ہے
شرم سے پانی پانی ہونا ہے

مجھ سے پوچھو تمہیں خبر کیا ہے
آم کے آگے نیشکر کیا ہے

نہ گل اس میں نہ شاخ و برگ نہ بار
جب خزاں آئے تب ہو اس کی بہار

اور دوڑائیے قیاس کہاں
جانِ شیریں میں یہ مٹھاس کہاں

جان میں ہوتی گر یہ شیرینی
کوہکن، باوجودِ غمگینی

جان دینے میں اس کو یکتا جان
پر، وہ یوں سہل دے نہ سکتا جان

نظر آتا ہے یوں مجھے یہ ثمر
کہ دوا خانۂ ازل میں مگر

آتشِ گل پہ قند کا ہے قوام
شیرہ کے تار کا ہے ریشہ نام

یا یہ ہوگا کہ فرطِ رافت سے
باغبانوں نے باغِ جنت سے

انگبیں کے، بہ حکمِ رب الناس
بھر کے بھیجے ہیں سر بہ مُہر گلاس

یا لگا کر خضر نے شاخِ نبات
مدتوں تک دیا ہے آبِ حیات

تب ہوا ہے ثمر فشاں یہ نخل
ہم کہاں ورنہ اور کہاں یہ نخل

تھا ترنجِ زر، ایک خسرو پاس
رنگ کا زرد پر کہاں بو باس

آم کو دیکھتا اگر اِک بار
پھینکد یتا طلائے دست افشار

رونقِ کارگاہِ برگ و نوا
نازشِ دودمانِ آب و ہوا

رہروِ راہِ خلد کا توشہ
طوبیٰ و سدرہ کا جگر گوشہ

صاحبِ شاخ و برگ و بار ہے آم | ناز پروردۂ بہار ہے آم
خاص وہ آم جو نہ ارزاں ہو | نو برِ نخلِ باغِ سلطاں ہو
وہ، کہ ہے والیِ ولایتِ عہد | عدل سے اس کے ہے حمایتِ عہد
فخرِ دیں عزِّ شان و جاہِ جلال | زینتِ طینت و جمالِ کمال
کارفرمائے دین و دولت و بخت | چہرہ آرائے تاج و مسند و تخت
سایہ اس کا ہما کا سایہ ہے | خلق پر وہ خدا کا سایہ ہے
اے مفیضِ وجودِ سایہ و نور | جب تلک ہے نمودِ سایہ و نور
اس خداوندِ بندہ پرور کو | وارثِ گنج و تخت و افسر کو

شاد و دل شاد و شادماں رکھیو
اور غالب پہ مہرباں رکھیو

قطعات

اے شہنشاہِ فلک منظرِ بے مثل و نظیر | اے جہاندارِ کرم شیوۂ بے شبہ و عدیل
پاؤں سے تیرے ملے فرقِ ارادت اورنگ | فرق سے تیرے کرے کسبِ سعادت اکلیل
تیرا اندازِ سخن، شانۂ زلفِ الہام | تیری رفتارِ قلم جنبشِ بالِ جبریل
تجھ سے عالم پہ کھلا رابطۂ قربِ کلیم | تجھ سے دنیا میں بچھا مائدۂ بذلِ خلیل
بہ سخن اوج دہ مرتبۂ معنی و لفظ | بکرم داغ نہ ناصیۂ قلزم و نیل

تا ترے وقت میں ہو عیش و طرب کی توفیر ‏ ‏ تا ترے عہد میں ہو رنج و الم کی تقلیل

ماہ نے چھوڑ دیا ثور سے جانا باہر ‏ ‏ زہرہ نے ترک کیا حوت سے کرنا تحویل

تیری دانش مری اصلاحِ مفاسد کی رہین ‏ ‏ تیری بخشش مری انجاحِ مقاصد کی کفیل

تیرا اقبالِ ترحم مرے جینے کی نوید ‏ ‏ تیرا اندازِ تغافل مرے مرنے کی دلیل

بختِ ناساز نے چاہا کہ نہ دے مجھ کو اماں ‏ ‏ چرخِ کج باز نے چاہا کہ کرے مجھ کو ذلیل

پیچھے ڈالی ہے سرِ رشتۂ اوقات میں گانٹھ ‏ ‏ پہلے ٹھونکی ہے بنِ ناخنِ تدبیر میں کیل

تپشِ دل نہیں بے رابطۂ خوفِ عظیم ‏ ‏ کششِ دم نہیں بے ضابطۂ جرِّ ثقیل

درِ معنی سے مرا صفحہ لقا کی ڈاڑھی ‏ ‏ غمِ گیتی سے مرا سینہ عمر کی زنبیل

فکر میری گہر اندوزِ اشاراتِ کثیر ‏ ‏ کلک میری رقم آموزِ عباراتِ قلیل

میرے ابہام پہ ہوتی ہے تصدق توضیح ‏ ‏ میرے اجمال سے کرتی ہے تراوش تفصیل

نیک ہوتی مری حالت تو نہ دیتا تکلیف ‏ ‏ جمع ہوتی مری خاطر تو نہ کرتا تعجیل

قبلۂ کون و مکاں خستہ نوازی میں یہ دیر؟ ‏ ‏ کعبۂ امن و اماں عقدہ کشائی ہیں ڈھیل؟

گذارش بحضورِ شہنشاہ

اے شہنشاہِ آسماں اورنگ ‏ ‏ اے جہاندارِ آفتاب آثار

تھا میں اک بینوائے گوشہ نشیں ‏ ‏ تھا میں اک دردمندِ سینہ فگار

تم نے مجھ کو جو آبرو بخشی ‏ ‏ ہوئی میری وہ گرمیِ بازار

کہ ہوا مجھ سا ذرۂ ناچیز — روشناسِ ثوابت و سیار

گرچہ از روئے ننگِ بے ہنری — ہوں خود اپنی نظر میں اتنا خوار

کہ گر اپنے کو میں کہوں خاکی — جانتا ہوں کہ آئے خاک کو عار

شاد ہوں لیکن اپنے جی میں کہ ہوں — بادشہ کا غلامِ کار گزار

خانہ زاد اور مرید اور مداح — تھا ہمیشہ سے یہ عریضہ نگار

بارے نوکر بھی ہو گیا صد شکر — نسبتیں ہو گئیں مشخص چار

نہ کہوں آپ سے تو کس سے کہوں — مدعائے ضروری الاظہار

پیر و مرشد، اگرچہ مجھ کو نہیں — ذوقِ آرائشِ سر و دستار

کچھ تو جاڑے میں چاہیے آخر — تا نہ دے بادِ زمہریر آزار

کیوں نہ درکار ہو مجھے پوشش — جسم رکھتا ہوں ہے اگرچہ نزار

کچھ خریدا نہیں ہے اب کے سال — کچھ بنایا نہیں ہے اب کی بار

رات کو آگ اور دن کو دھوپ — بھاڑ میں جائیں ایسے لیل و نہار

آگ تاپے کہاں تلک انساں — دھوپ کھائے کہاں تلک جاندار

دھوپ کی تابش آگ کی گرمی — وقنا ربنا عذاب النار

میری تنخواہ جو مقرر ہے — اس کے ملنے کا ہے عجب ہنجار

رسم ہے مُردہ کی چھ ماہی ایک — خلق کا ہے اسی چلن پہ مدار

مجھ کو دیکھو تو ہوں بقیدِ حیات — اور چھ ماہی ہو سال میں دو بار

بسکہ لیتا ہوں ہر مہینے قرض | اور رہتی ہے سُود کی تکرار
میری تنخواہ میں تہائی کا | ہو گیا ہے شریک ساہوکار
آج مجھ سا نہیں زمانے میں | شاعرِ نغز گوئے خوش گفتار
رزم کی داستان اگر سُنیے | ہے زباں میری تیغِ جوہر دار
بزم کا التزام گر کیجیے، | ہے قلم میری ابرِ گوہر بار
ظلم ہے گر نہ دو سخن کی داد | قہر ہے گر کرو نہ مجھ کو پیار
آپ کا بندہ اور پھروں ننگا | آپ کا نوکر اور کھاؤں اُدھار
میری تنخواہ کیجے ماہ بماہ | تا نہ ہو مجھ کو زندگی دشوار
ختم کرتا ہوں اب دعا پہ کلام | شاعری سے نہیں مجھے سروکار

تم سلامت رہو ہزار برس
ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار

قطعہ

نہ پوچھ اس کی حقیقت حضور والا نے | مجھے جو بھیجی ہے بیسن کی روغنی روٹی
نہ کھاتے گیہوں نکلتے نہ خلد سے باہر | جو کھاتے حضرتِ آدم یہ بیسنی روٹی

مدح

نصرت الملک بہادر مجھے بتلا، کہ مجھے | تجھ سے جو اتنی ارادت ہے تو کس بات سے ہے

گرچہ تو وہ ہے کہ ہنگامہ اگر گرم کرے
رونقِ بزمِ مہ و مہر تری ذات سے ہے

اور میں وہ ہوں کہ گر جی میں کبھی غور کروں
غیر کیا خود مجھے نفرت مری اوقات سے ہے

خستگی کا ہو بھلا جس کے سبب سے سرِدست
نسبت اک گونہ مرے دل کو ترے ہات سے ہے

ہاتھ میں تیرے رہے توسنِ دولت کی عناں
یہ دعا شام و سحر قاضیِ حاجات سے ہے

تو سکندر ہے مرا فخر ہے ملنا تیرا
گو، شرف خضر کی بھی مجھ کو ملاقات سے ہے

اس پہ گزرے نہ گماں ریو و ریا کا زنہار
غالبِ خاک نشیں اہلِ خرابات سے ہے

قطعہ

ہے چار شنبہ آخرِ ماہِ صفر چلو
رکھ دیں چمن میں بھر کے مئے مشکبو کی ناند

جو آئے جام بھر کے پیے اور ہو کے مست
سبزے کو روندتا پھرے پھولوں کو جائے پھاند

بٹتے ہیں سونے روپے کے چھلے حضور میں
ہے جن کے آگے سیم و زرِ مہر و ماہ ماند

یوں سمجھیے کہ بیچ سے خالی کیے ہوئے
لاکھوں ہی آفتاب ہیں اور بیشمار چاند

غالب یہ کیا بیاں ہے بجز مدحِ بادشاہ
بھاتی نہیں ہے اب مجھے کوئی نوشتِ خواند

قطعہ

اے شاہِ جہانگیر جہاں بخشِ جہاندار
ہے غیب سے ہر دم تجھے صد گونہ بشارت

جو عقدۂ دشوار کہ کوشش سے نہ وا ہو
تو وا کرے اس عقدہ کو، سو بھی باشارت

ممکن ہے کرے خضر سکندر سے ترا ذکر؟
گر لب کو نہ دے چشمۂ حیواں سے طہارت

آصف کو سلیماں کی وزارت سے شرف تھا
ہے فخر سلیماں جو کرے تیری وزارت

ہے نقش مریدی ترا فرمانِ الٰہی
ہے داغ غلامی ترا توقیعِ امارت

تو آب سے گر سلب کرے طاقتِ سیلاں
تو آگ سے گر دفع کرے تابِ شرارت

ڈھونڈے نہ ملے موجۂ دریا میں روانی
باقی نہ رہے آتشِ سوزاں میں حرارت

ہے گرچہ مجھے نکتہ سرائی میں توغل
ہے گرچہ مجھے سحر طرازی میں مہارت

کیونکر نہ کروں مدح کو میں ختم دعا پر
قاصر ہے ستائش میں تری میری عبارت

نوروز ہے آج اور وہ دن ہے کہ ہوئے ہیں
نظارگیِ صنعتِ حق اہلِ بصارت

تجھ کو شرفِ مہرِ جہاں تاب مبارک
غالب کو ترے عتبۂ عالی کی زیارت

رباعیات

وغیرہ

افطارِ صوم کی کچھ اگر دستگاہ ہو
اُس شخص کو ضرور ہے روزہ رکھا کرے

جس پاس روزہ کھول کے کھانے کو کچھ نہ ہو
روزہ اگر نہ کھائے تو ناچار کیا کرے

سیہ گلیم ہوں لازم ہے میرا نام نہ لے
جہاں میں جو کوئی فتح و ظفر کا طالب ہے

ہوا نہ غلبہ میسر کبھی کسی پہ مجھے
کہ جو شریک ہو میرا شریکِ غالب ہے

سہل تھا مسہل ولے یہ سخت مشکل آ پڑی	مجھ پہ کیا گذرے گی اتنے روز حاضر بن ہوئے
تین دن مسہل سے پہلے تین دن مسہل کے بعد	تین مسہل تین تبریدیں یہ سب کے دن ہوئے

خجستہ انجمن طوے میرزا جعفر	کہ جس کے دیکھے سے سب کا ہوا ہے جی محظوظ
ہوئی ہے ایسے ہی فرخندہ سال میں غالب	نہ کیوں ہو مادۂ سال عیسوی محظوظ

۱۸۵۴ء

ہوئی جب میرزا جعفر کی شادی	ہوا بزمِ طرب میں رقصِ ناہید
کہا غالب سے تاریخ اس کی کیا ہے	تو بولا "انشراحِ جشنِ جمشید"

۱۲۷۰ھ

گو ایک بادشاہ کے سب خانہ زاد ہیں	دربار دار لوگ بہم آشنا نہیں
کانوں پہ ہاتھ دھرتے ہیں کرتے ہوئے سلام	ہے اس سے یہ مراد کہ ہم آشنا نہیں

حق شہ کی بقا سے خلق کو شاد کرے	تا شاہ شیوعِ دانش و داد کرے
یہ دی جو گئی ہے رشتۂ عمر میں گانٹھ	ہے صفر کہ افزائشِ اعداد کرے

اس رشتے میں لاکھ تار ہوں، بلکہ سوا	اتنے ہی برس شمار ہوں، بلکہ سوا
ہر سیکڑہ کو ایک گرہ فرض کریں	ایسی گرہیں ہزار ہوں، بلکہ سوا

کہتے ہیں کہ اب وہ مردم آزار نہیں | عشاق کی پرسش سے اسے عار نہیں
جو ہاتھ کہ ظلم سے اٹھایا ہوگا | کیونکر مانوں کہ اس میں تلوار نہیں

ہم گرچہ بنے سلام کرنے والے | کرتے ہیں درنگ کام کرنے والے
کہتے ہیں کہیں خدا سے، اللہ اللہ | وہ آپ ہیں صبح و شام کرنے والے

سامان خور و خواب کہاں سے لاؤں | آرام کے اسباب کہاں سے لاؤں
روزہ مرا ایمان ہے، غالب لیکن | خس خانہ و برفاب کہاں سے لاؤں

ان سیم کے بیجوں کو کوئی کیا جانے | بھیجے ہیں جو ارمغاں، شہ والا نے
گن کر دیویں گے ہم دعائیں سو بار | فیروزہ کی تسبیح کے ہیں یہ دانے

نعت

حق جلوہ گر ز طرز بیانِ محمد است | آرے کلامِ حق بزبانِ محمد است
آئینہ دار پرتو مہر است ماہتاب | شان حق آشکار ز شانِ محمد است
تیرِ قضا ہر آئینہ در ترکش حق است | اما کشادِ آں ز کمانِ محمد است

دانی اگر بہ معنیٔ لولاک وارسی — خود ہر چہ از حق است از آنِ محمدؐ ست

ہر کس قسم بہ آنچہ عزیز ست می خورد — سوگند کردگار بجانِ محمدؐ ست

واعظ حدیث سایۂ طوبیٰ فروگذار — کاینجا سخن ز سروِ روانِ محمدؐ ست

بنگر دو نیمہ گشتنِ ماہِ تمام را — کاں نیمہ جنبشے ز بنانِ محمدؐ ست

ور خود ز نقشِ مہرِ نبوت سخن رود — آں نیز نامور ز نشانِ محمدؐ ست

غالب ثنائے خواجہ بہ یزداں گزاشتیم

کاں ذاتِ پاک مرتبہ دانِ محمدؐ ست

حسنِ تغزل

دل برد و حق آنست کہ دلبر نتواں گفت — بیداد تواں دید و ستمگر نتواں گفت

در رزم گہش ناچخ و خنجر نتواں برد — در بزم گہش بادہ و ساغر نتواں گفت

رخشندگیٔ ساعد و گردن نتواں جست — زیبندگیٔ یارہ و پرگر نتواں گفت

پیوستہ دہد بادہ و ساقی نتواں خواند — ہموارہ ترا شد بت و آذر نتواں گفت

از حوصلہ یاری مطلب صاعقہ تیز است — پروانہ شو اینجا ز سمندر نتواں گفت

ہنگامہ سرآمد چہ زنی دم ز تظلم — گر خود ستمے رفت بمحشر نتواں گفت

در گرمروی سایہ و سرچشمہ نجوئیم — با ما سخن از طوبیٰ و کوثر نتواں گفت

آں راز کہ در سینہ نہانست نہ وعظ است — بردار تواں گفت بمنبر نتواں گفت

کارے عجب افتاد بدیں شیفتہ مارا
مومن نبود غالب و کافر نتواں گفت

روزِ ازل

گویند کہ در روزِ الست از رہِ مستی
حرفے ز لبِ کافر و دیندار برآمد

آں از نعم آوازۂ انکار در افگند
ایں راز بلے معنیٔ اقرار برآمد

آں آب کہ از خاک ہمی سبزہ نماند
وز طینتِ آں ہمہ زنگار برآمد

در دشت یکے آبلہ زد دانۂ تسبیح
بر دوش یکے رشتۂ زنار برآمد

زانگونہ درآمیخت یکے باہم خویش
کش نقش دو پیکر بہ نمودار برآمد

زاں رنگ جگر خست یکے را ستمِ ہجر
کش لخت دل از دیدۂ خونبار برآمد

رانند یکے را کہ چو لب تشنہ برفت
ہم تشنہ لب از خانۂ خمار برآمد

خوانند بلال مہر کہ از کعبہ یکے را
آواز بیا از در و دیوار برآمد

آں رفت در میکدہ و خردۂ زربافت
ایں کوفت در صومعہ و یار برآمد

شوریدہ ادائے بہ سرِ تیشہ رواں داد
آشفتہ نوائے بہ سرِ دار برآمد

آسودہ بفردوس بریں آدم ناگاہ
از دمدمۂ دیو تبہ کار برآمد

آں یک کہ برآمد چہ قدر نام برآورد
ویں یک کہ برآورد چہ ساں خوار برآمد

ایں دائرہ گرد دو دنیا سر و مانے
بے واسطۂ گردش پرکار برآمد

آئین مغرب

صاحبان انگلستان را نگر | شیوهٔ و انداز اینان را نگر
تا چه آئینها پدید آورده اند | آنچه هرگز کس ندید آورده اند
زین هنرمندان هنر بیشی گرفت | سعی بر پیشینیان پیشی گرفت
حق این قوم است آئین داشتن | کس نیارد ملک به زین داشتن
داد و دانش را بهم پیوسته اند | هند را صد گونه آئین بسته اند
آتشے کز سنگ بیرون آورند | این هنرمندان ز خس چون آورند
تا چه افسون خوانده اند اینان بر آب | دود کشتی را همی راند در آب
گه دخان کشتی به جیحون می برد | گه دخان گردون بهامون می برد
غلطک گردون بگرداند دخان | نره گاو و اسپ را ماند دواں
از دخان زورق برفتار آمده | باد و موج این هر دو بیکار آمده
نغمه هاے زخمه از ساز آورند | حرف چون طائر بپرواز آورند
هین نمی بینی که این دانا گروه | در دو دم آرند حرف از صد گروه
می زنند آتش بباد اندر همے | می درخشد باد چون اخگر همے
کار و بار مردم هشیار بین | در هر آئین صد نو آئین کار بین
پیش این آئین که دارد روزگار | گشته آئین دگر تقویم پار

۱۸۵۷ تا ۱۸۶۷

قندِ پارسی

ہم انا اللہ خواں درختے را بگفتار آورد — ہم انا الحق گوے مردے را بہ دار آورد

ایکہ پنداری کہ ناچار است گردوں در روش — نیست ناچار آں کہ گردوں را بہ رفتار آورد

نکتہ داریم و بایاراں نمی‌گوییم فاش — طالبِ دیدار باید تابِ دیدار آورد

آں کند قطعِ بیاباں ایں شگافد مغزِ کوہ — عشق ہر یک را بطرزِ خاص در کار آورد

جذبِ شوقش بیں کہ در ہنگامِ برگشتن ز دیر — در قفائے خویشتن بت را برفتار آورد

دانہا چوں ریزد از تسبیح تاسے پیش نیست — ایں مشعبد دہر گاہ از سبحہ زنار آورد

نزدِ ما حیف است گو نزدِ زلیخا میل باش — جذبۂ کز چاہ یوسف را بہ بازار آورد

ہر انارے را کہ افشاریم از وے خوں چکد — ہر نہالے را کہ بنشانیم دل بار آورد

نیست چوں در منطقش جز ذکرِ شاہد حرف و صوت — شاہدے باید کہ غالب را بگفتار آورد

(۱۸۶۵)

اے ذوقِ نواسنجی بازم بخروش آور — غوغائے شبیخونے بر بنگہ ہوش آور
گر خود بجہد از سر از دیدہ فرو بارش — دل خوں کن و آں خوں را در سینہ بجوش آور
ہاں ہمدم فرزانہ دانی رہِ ویرانہ — شمعے کہ نخواہد شد از باد خموش آور
شورابۂ ایں وادی تلخ است اگر داری — از شہر بسوئے من سرچشمۂ نوش آور
دانم کہ زرے داری ہر جا گزرے داری — مے گر ندہد سلطاں از بادہ فروش آور
گر شحنہ بگیرد دریزد بر کف بنہ و راہی شو — ور شحنہ بتو بخشد بردار و بدوش آور
ریحان و در از مینا رامش چکد از قلقل — آں رہ زنِ چشم افگن ویں از پئے گوش آور
گاہے بسبکدستی زاں بادہ ز خویشم بر — گاہے بسیہ مستی از نغمہ بہوش آور

غالب کہ بقایش باد ہم پائے اگر ناید
بارے غزلے فردے زاں موئینہ پوش آور

قصیدہ

در روزگار ما نتواند شمار یافت — خود روزگار آنچہ دریں روزگار یافت
بہ کار تیز گرد فلک دہمیاں ببیں — حق داد داد حق کہ بمرکز قرار یافت
دورہائے آسماں بزمیں باز کردہ اند — ہر کس ہر آنچہ جست بہر رہگذار یافت
آمد اگر بغرضِ نہ بالا بلا فرود — بر روئے خاک پیچ و خم زلف یار یافت
چوں حسن ماہ یکشبہ بینی بداں کہ ماہ — پاداش جانگدازی شبہائے تار یافت
چوں رنگ دیدئے گل نگری شاد شو کہ گل — اجر جگر خراشئ پیکان خار یافت

در خاک و باد و آتش و آب آشتی فزود
این پرورش کہ خلق زپروردگار یافت

ناچار جز بداد گرایش نمے کند
در دہر ہر چہ صورت ازیں ہر چہار یافت

ہر کس بقدر فطرت خویش ارجمند گشت
ہر شئے بہ حسن جوہر خویش اشتہار یافت

گر خواجہ بندہ را خط آزادگی بنشست
ہم بر در سرائے خود ش بندہ وار یافت

در بندہ خود زخشم خط بندگی درید
توقیع خوشدلی زخدا وندگار یافت

مہ روشنی و مہر فروزش زسر گرفت
لیل و نہار صورت لیل و نہار یافت

بہرام دل بہ بستن تیغ و کمر نہاد
ناہید ذوق ورزش مضراب و تار یافت

نظارہ فتنہ ہائے عیاں از نظر سترد
اندیشہ گنجہائے نہاں آشکار یافت

برہم زدند قاعدہ ہائے کہن بدہر
ہر کس نشاط تازہ زہر گونہ کار یافت

فیضِ سحر بہ غالب پیمانہ کش رسید
ذوقِ صبوح عابد شب زندہ دار یافت

غزلیاتِ اُردو

ممکن نہیں ہے بھول کے بھی آرمیدہ ہوں
میں دشتِ غم میں آہوئے صیاد دیدہ ہوں

ہوں دردمند جبر ہو یا اختیار ہو
گہ نالہ کشیدہ گہ اشکِ چکیدہ ہوں

جاں لب پہ آئی تو بھی نہ شیریں ہوا دہن
از بسکہ تلخیٔ غمِ ہجراں چشیدہ ہوں

نے سبحہ سے علاقہ نہ ساغر سے واسطہ
میں معرضِ مثال میں دستِ بریدہ ہوں

ہوں خاکسار پر نہ کسی سے ہے مجھ کو لاگ
نے دانۂ فتادہ ہوں نے دامِ چیدہ ہوں

جو چاہتے نہیں وہ مری قدر و منزلت	میں یوسفِ بہ قیمتِ اول خریدہ ہوں
ہرگز کسی کے دل میں نہیں ہے مری جگہ	ہوں میں کلامِ نغز ولے ناشنیدہ ہوں
اہلِ ورع کے حلقے میں ہر چند ہوں ذلیل	پر عاصیوں کے زمرہ میں مَیں برگزیدہ ہوں

پانی سے سگ گزیدہ ڈرے جس طرح اسدؔ
ڈرتا ہوں آئنہ سے کہ مردم گزیدہ ہوں[1] (؟)

شب وصال میں مونس گیا ہے بن تکیہ	ہوا ہے موجبِ آرامِ جان و تن تکیہ
خراج بادشہ چیں سے کیوں نہ مانگوں آج؟	کہ بن گیا ہے خمِ جعدِ پرشکن تکیہ
بنا ہے تختۂ گلہائے یاسمیں بستر	ہوا ہے دستۂ نسرین و نسترن تکیہ

[1] یہ غزل اور اس کے بعد کی دو غزلیں نسخۂ غیر متداول کلام کے رسالہ اردو اورنگ آباد اور چند کتب میں شایع ہوئی ہیں۔ غالب کی تصنیفات میں ان کے متعلق کوئی اندراج نہیں۔ لیکن چونکہ یہ بھی خاندان لوہارو کے افراد سے حاصل ہوئی ہیں اور نواب ضیاء الدین کے رشتے اشعار غالب کا ملنا کوئی عجیب بات نہیں۔ ہم نے بھی انہیں درج کتاب کر دیا ہے لیکن ظاہر ہے کہ انہیں [illegible] رو سے کلامِ غالب نہیں کہا جا سکتا جس طرح اس غزل اور اس قطعہ کو جو مرزا کی زندگی میں اردوئے معلیٰ میں ان کے نام سے درج ہو گئے تھے۔

ممکن ہے مرزا ان میں سے بعض کی اشاعت کو اپنی شاعرانہ شہرت کے لئے مفید نہ سمجھتے ہوں۔ ایک شاعر دوستوں کی خوشنودی کیلئے کسی موقع پر تفریحاً کئی ایسے اشعار کہتا ہے جو اس کے دیوان میں شایع ہونے کے قابل نہیں سمجھے۔ مثلاً غالب نے مرزا شہاب الدین ثاقب کے متعلق نواب ضیاء الدین کے خط میں جو دو اردو رباعیاں لکھی ہیں یا لولادہ نہ جانے کے متعلق جو قطعہ لکھا ہے۔ وہ شاعرانہ حیثیت سے [illegible] اس قابل نہیں کہ انہیں مرزا کے باقی کلام کے ساتھ محفوظ رکھا جائے۔ ہم نے غیر متداول کلام جمع کرتے وقت ان اشعار کو نظر انداز کر دیا ہے۔ اور ردیف تکیہ والی غزل کے دو شعر جو سوقیانہ یا شاعرانہ حسن سے عاری تھے حذف کر دیئے ہیں۔ [illegible] غالب کے [illegible] غیر متداول کلام کا مکمل ترین مجموعہ شاید غالب نامہ ہی ہے گا۔
[illegible] ہم [illegible] ضروری سمجھتے ہیں [illegible] غزلیات کو کلامِ غالب نہیں سمجھتے۔

فروغِ حسن سے روشن ہے خوابگاہ تمام
جو رختِ خواب ہے پرویں تو ہے پرن تکیہ

اگرچہ تھا یہ ارادہ مگر خدا کا شکر
اُٹھا سکا نہ نزاکت سے گلبدن تکیہ

بضربِ تیشہ وہ اس واسطے ہلاک ہوا
کہ ضربِ تیشہ پہ رکھتا تھا کوہکن تکیہ

یہ رات بھر کا ہے ہنگامہ صبح ہونے تک
رکھو نہ شمع پہ اے اہلِ انجمن تکیہ

اگرچہ پھینکدیا تم نے دُور سے لیکن
اٹھائے کیونکہ یہ رنجورِ خستہ تن تکیہ

غش آگیا جو پس از قتل میرے قاتل کو
ہوئی ہے اس کو مری نعش بے کفن تکیہ

شبِ فراق میں یہ حال ہے اذیت کا
کہ سانپ فرش ہے اور سانپ کا ہے من تکیہ

روا رکھو نہ رکھو تھا جو لفظ "تکیہ کلام"
اب اس کو کہتے ہیں اہلِ سخن "سخن تکیہ"

ہم اور تم فلکِ پیر جس کو کہتے ہیں
فقیرِ غالبِ مسکیں کا ہے کہن تکیہ

آپنے مسّنی الضُر کہا ہے تو سہی
یہ بھی اے حضرتِ ایوبؑ گلا ہے تو سہی

رنج طاقت سے سوا ہو تو نہ پیٹوں کیوں سر
ذہن میں خوبیِ تسلیم و رضا ہے تو سہی

ہے غنیمت کہ بہ امید گزر جائے گی عمر
نہ ملے داد مگر روزِ جزا ہے تو سہی

دوست ہی کوئی نہیں ہے جو کرے چارہ گری
نہ سہی لیک تمنائے دوا ہے تو سہی

غیر سے دیکھیے کیا خوب نباہی اس نے
نہ سہی ہم سے پر اس بت میں وفا ہے تو سہی

نقل کرتا ہوں اسے نامۂ اعمال میں مَیں
کچھ نہ کچھ روزِ ازل تم نے لکھا ہے تو سہی

کبھی آجائیگی کیوں کرتے ہو جلدی غالبؔ
شہرۂ تیزیِ شمشیرِ قضا ہے تو سہی

بکمالِ حسن اگر موقوفِ اندازِ تغافل ہے ؛ تکلف برطرف تجھ سے تری تصویر بہتر ہے

ذرا کر زور سینہ پر کہ تیرِ پرستم نکلے ؛ جو وہ نکلے تو دل نکلے جو دل نکلے تو دم نکلے

خدا کے واسطے پردہ نہ کعبے کا اٹھا واعظ ؛ کہیں ایسا نہ ہو یاں بھی وہی کافر صنم نکلے

جس دن سے کہ ہم خستہ گرفتارِ بلا ہیں ؛ کپڑوں میں جوئیں بخیے کے ٹانکوں سے سوا ہیں

مسجد کے زیر سایہ اک گھر بنا لیا ہے
یہ بندۂ کمینہ ہمسایۂ خدا ہے

میں ہوں مشتاق جفا مجھ پہ جفا اور سہی ؛ تم ہو بیداد سے خوش اس سے سوا اور سہی

تم ہو بُت پھر تمہیں پندارِ خدائی کیوں ہے ؛ تم خداوند ہی کہلاؤ، خدا اور سہی

کیوں نہ فردوس میں دوزخ کو ملا لیں یارب ؛ سیر کے واسطے تھوڑی سی فضا اور سہی

غیر کی مرگ کا غم کس لئے اے غیرتِ ماہ ؛ ہیں ہوس پیشہ بہت، وہ نہ ہوا اور سہی

حسن میں حور سے بڑھ کر نہیں ہونے کے کبھی ؛ آپکا شیوہ و اندازو ادا اور سہی

تیرے کوچے کا ہے مائل دلِ مضطر میرا ؛ کعبہ اک اور سہی قبلہ نما اور سہی

کوئی دنیا میں مگر باغ نہیں ہے واعظ ؛ خلد بھی باغ ہے خیر آب و ہوا اور سہی

مجھ کو وہ دو کہ جسے کھا کے نہ پانی مانگوں ؛ زہر کچھ اور سہی آبِ بقا اور سہی

مجھ سے غالب یہ علائی نے غزل لکھوائی
ایک بیداد گرِ رنج فزا اور سہی ؛ سنہ ۱۲۸۲ھ

لطفِ نظارۂ قاتل دمِ بسمل آئے ؛ جان جائے تو بلا سے پہ کہیں دل آئے

اُن کو کیا علم کہ کشتی پہ مری کیا گزری
دوست جو ساتھ مرے تالبِ ساحل آئے

وہ نہیں ہم کہ چلے جائیں حرم کو اے شیخ
ساتھ حجاج کے اکثر کئی منزل آئے

آئیں جس بزم میں وہ لوگ پکار اٹھتے ہیں
لو وہ برہم زنِ ہنگامۂ محفل آئے

دیدہ خوں بار ہے مدت سے و لے آج ندیم
دل کے ٹکڑے بھی کئی خون کے شامل آئے

سامنا حور و پری نے نہ کیا ہے نہ کریں
عکس تیرا ہی مگر تیرے مقابل آئے

اب ہے دلی کی طرف کوچ ہمارا غالبؔ
آج ہم حضرتِ نواب سے بھی مل آئے

رستخیز بیجا

بسکہ فعالِ ما یُرید ہے آج
ہر سلحشور انگلستاں کا

گھر سے بازار میں نکلتے ہوئے
زہرہ ہوتا ہے آب انساں کا

چوک جس کو کہیں وہ مقتل ہے
گھر نمونہ بنا ہے زنداں کا

شہرِ دہلی کا ذرہ ذرۂ خاک
تشنۂ خوں ہے ہر مسلماں کا

کوئی واں سے نہ آسکے یاں تک
ق آدمی واں نہ جا سکے یاں کا

میں نے مانا کہ مل گئے، پھر کیا
وہی رونا تن و دل و جاں کا

گاہ جل کر کیا کئے شکوہ
سوزشِ داغہائے پنہاں کا

گاہ رو کر کہا کئے باہم
ماجرا دیدہ ہائے گریاں کا

اس طرح کے وصال سے یارب
کیا مٹے دل سے داغ ہجراں کا (۱۸۵۷)

فرد

روز اس شہر میں اک حکم نیا ہوتا ہے
کچھ سمجھ میں نہیں آتا ہے کہ کیا ہوتا ہے

قصیدہ

ملاذِ کشور و لشکر، پناہِ شہر و سپاہ
جنابِ عالی ایلن برون والا جاہ

بلند رتبہ و حاکم وہ سہ فرازِ امیر
کہ باج تاج سے لیتا ہے جسکا طرفِ کلاہ

وہ محض رحمت و رافت کہ بہر اہل جہاں
نیابتِ دمِ عیسیٰ کرے ہے جس کی نگاہ

وہ عین عدل کہ وہشت سے جسکی پرسش کے
بنے ہے شعلۂ آتش انیس پرہ کاہ

زمیں سے سودہ گوہر اُٹھے بجائے غبار
جہاں ہو توسنِ حشمت کا اسکے جولاں گاہ

وہ مہرباں ہو تو انجم کہیں الٰہی شکر
وہ خشمگیں ہو تو گردوں کہے خدا کی پناہ

یہ اسکے عدل سے اضداد کو ہے آمیزش
کہ دشت و کوہ کے اطراف میں بہر سر راہ ق

ہزبر پنجے سے لیتا ہے کام شانے کا
کبھی جو ہوتی ہے اُلجھی ہوئی دمِ روباہ

نہ آفتاب ولے آفتاب کا ہم چشم
نہ بادشاہ ولے مرتبہ میں ہمسرِ شاہ

خدا نے اسکو دیا ایک خوبرو فرزند
ستارہ جیسے چمکتا ہوا بہ پہلوئے ماہ

نہ ہے ستارۂ روشن کہ جو اُسے دیکھے
شعاعِ مہرِ درخشاں ہو اُس کا تارِ نگاہ

خدا سے یہ ہے توقع کہ عہدِ طفلی میں
بنے گا شرق سے تا غرب اس کا بازیگاہ

جوان ہو کے کریگا یہ وہ جہانبانی
کہ تابع اسکے ہوں روز و شب سپید و سیاہ

کہے گی خلق اسے داورِ سپہر شکوہ
لکھیں گے لوگ اسے خسروِ ستارہ سپاہ

عطا کرے گا خداوندِ کارساز اسے
روانِ روشن و خوئے خوش و دلِ آگاہ

ملے گی اس کو وہ عقلِ نہفتہ داں کہ اسے
پڑے نہ قطعِ خصومت میں احتیاجِ گواہ

یہ ترک تازسے برہم کرے گا کشور روس
یہ لیگا بادشہ چیں سے چھین تخت و کلاہ

سنین عیسوی اٹھارہ سو اور اٹھاون
یہ چاہتے ہیں جہاں آفریں سے شام و پگاہ

یہ جتنے سیکڑے ہیں سب ہزار ہو جائیں
دراز اس کی ہو عمر اس قدر سخن کوتاہ

سنہ ۱۲۷۷ھ

اس کتابِ طرب نصاب نے جب
آب و تابِ انطباع کی پائی

فکرِ تاریخِ سال میں مجھ کو
ایک صورت نئی نظر آئی

ہندسے پہلے سات سات کے دو
دیئے ناگاہ مجھ کو دکھلائی

اور پھر ہندسہ تھا بارہ کا
باہزاراں ہزار زیبائی

سالِ ہجری تو ہو گیا معلوم
بے شمولِ عبارت آرائی

مگر اب ذوقِ بذلہ سنجی کو
ہے جداگانہ کارفرمائی

سات اور سات ہوتے ہیں چودہ
بہ امیدِ سعادت افزائی

غرض اس سے ہیں چاردہ معصوم
جن سے ہے چشم و جاں کو زیبائی

اور بارہ امام ہیں بارہ
جن سے ایماں کو ہے توانائی

ان کو غالبؔ یہ سال اچھا ہے
جو ائمہ کے ہیں تولائی

سہرا

ہم نشیں تارے ہیں اور چاند شہاب الدین خاں
بزمِ شادی ہے فلک کا ہکشاں ہے سہرا

اُن کو لڑیاں نہ کہو بحر کی موجیں سمجھو
ہے تو کشتی میں ولے بحرِ رواں ہے سہرا

قصیدہ

مرحبا! سالِ فرخی آئیں
عیدِ شوال و ماہِ فروردیں

شب و روز افتخارِ لیل و نہار
مہ و سال اشرفِ شہور و سنیں

گرچہ ہے بعدِ عید کے نوروز
لیک بیش از سہ ہفتہ بعد نہیں

سو اس اکیس دن میں ہولی کی
جا بجا مجلسیں ہوئیں رنگیں

شہر میں کو بہ کو عبیر و گلال
باغ میں سو بسو گل و نسریں

شہر گویا نمونۂ گلزار
باغ گویا نگار خانۂ چیں

تین تیوہار اور ایسے خوب
جمع ہرگز ہوئے نہ ہوں گے کہیں

پھر ہوئی ہے اسی مہینے میں
منعقد محفلِ نشاط قریں

محفلِ غسلِ صحتِ نواب
رونق افزائے مسندِ تمکیں

بزم گہہ میں امیر شاہ نشاں
رزم گہ میں حریفِ شیر کمیں

پیشگاہِ حضورِ شوکت و جاہ
خیر خواہِ جنابِ دولت و دیں

جن کی مسند کا آسماں گوشہ
جن کی خاتم کا آفتاب نگیں

جن کی دیوارِ قصر کے نیچے
آسماں ہے گدائے سایہ نشیں

دہر میں اس طرح کی بزمِ سرور
نہ ہوئی ہو کبھی بروئے زمیں

انجمِ چرخ گوہر آگیں فرش
نورِ بے ماہ ساغرِ سیمیں

راجہ اندر کا جو اکھاڑہ ہے
ہے وہ بالائے سطحِ چرخِ بریں

وہ نظر گاہِ اہلِ وہم و خیال	یہ ضیا بخشِ چشمِ اہلِ یقیں
واں کہاں یہ عطا و بذل و کرم	کہ جہاں گدیہ گر کا نام نہیں
یاں زمیں پر نظر جہاں تک جائے	ژالہ آسا بچھے ہیں درِ ثمیں
نغمۂ مطربانِ زہرہ نوا	جلوۂ دلبرانِ ماہ جبیں
اُس اکھاڑے میں جو کہ ہے مظنون	یاں وہ دیکھا بچشمِ صورت بیں
سرورِ مہر فر ہوا جو سوار	یہ کمالِ تجمل و تزئیں
سب نے جانا کہ ہے پری توسن	اور بالِ پری ہے دامنِ زیں
نقشِ سمِ سمند سے یک سر	بن گیا دشت دامنِ گلچیں
فوج کی گردِ راہ مشک فشاں	رہ رووں کے مشام عطر آگیں
بس کہ بخشی ہے فوج کو عزت	فوج کا ہر پیادہ ہے فرزیں
موکبِ خاص یوں زمیں پر تھا	جس طرح ہو سپہر پر پرویں
چھوڑ دیتا تھا گور کو بہرام	ران پر داغِ تازہ دیکھے وہیں
اور داغ آپ کی غلامی کا	خاص بہرام کا ہے زیبِ سُریں
بندہ پرور ثنا طرازی سے	مدعا عرضِ فنِ شعر نہیں
آپ کی مدح اور میرا منہ	گر کہوں بھی تو آئے کس کو یقیں
اور پھر اب کہ ضعفِ پیری سے	ہو گیا ہوں نزار و زار و حزیں
پیری و نیستی! خدا کی پناہ	دستِ خالی و خاطرِ غمگیں

صرف اظہار ہے ارادت کا
مدح گستر نہیں دعا گو ہے
ہے دعا بھی یہی کہ دنیا میں

ہے قلم کو جو سجدہ ریز یہیں
غالب عاجز نیاز آگیں
تم رہو زندہ جاوداں آمیں

خاتمہ

دمِ واپسیں بر سرِ راہ ہے
عزیزو اب اللہ ہی اللہ ہے

۱۔ دیوان غالب۔ قلمی نسخہ بھوپال لائبریری ۱۸۲۱ء (مطبوعہ نسخۂ حمیدیہ)
۲۔ میخانۂ آرزو (فارسی نظم و نثر) قلمی ۲۴۳ خدابخش لائبریری ۱۲۵۲ھ۔
۳۔ دیوان غالب مطبوعہ (۱۸۴۱ء) مملوکہ خان بہادر سید ابو محمد کلکٹر پیلی بھیت۔
۴۔ نقل دیوان غالب فارسی (۱۸۴۲ء) قلمی ۲۱۱۔ رام پور سٹیٹ لائبریری۔
۵۔ پنج آہنگ انڈیا آفس لائبریری [illegible]
۶۔ دیوان غالب اردو قلمی نسخہ ۱۵۲ رام پور سٹیٹ لائبریری ۱۸۵۵ء
کلیات نظم فارسی۔ کلیات نثر فارسی۔ اردوئے معلیٰ۔ عود ہندی۔ درفش کاویانی وغیرہ وغیرہ

(۱) معیار الشعرا۔ قلمی انڈیا آفس لائبریری
(۲) تذکرہ سرور۔ قلمی۔ انڈیا آفس لائبریری
(۳) گلشن بیخار۔ قلمی۔ برٹش میوزیم ۲۱۹۳
(۴) دہلی ریذیڈنسی کے ریونیو ریکارڈز
(۵) آثار الصنادید ۱۸۴۶ء
(۶) تذکرۃ الشعرائے اردو۔ مولوی کریم الدین [illegible]
گلشن بیخزاں۔ [illegible]۔ تذکرۂ غوثیہ۔ کلیات شیفتہ وغیرہ وغیرہ

تصاویرِ غالب

غالب نے ۱۸۶۸ء میں اپنی ایک تصویر بڑودہ میں نواب میر ابراہیم علی خاں وفاؔ کو بھیجی تھی۔ خیال تھا کہ اس مستند تصویر کی ایک نقل ہم شایع کر سکیں گے۔ لیکن میر انتظام علی خاں صاحب سے جو نواب مرحوم کے پوتے ہیں معلوم ہوا ہے۔ کہ آج سے ۳۰۔ ۳۵ سال پہلے ظہیرؔ دہلوی یہ تصویر دہلی لیگئے تھے۔ ہم نے خواجہ حسن نظامی صاحب کی وساطت سے دہلی میں اس تصویر کی تلاش کی۔ لیکن یہ کوشش کامیاب نہیں ہوئی۔

ہم تصویر کے متعلق متردد تھے۔ کہ حُسنِ اتفاق سے نواب سر امیرالدین والئے لوہارو، نواحِ سُورت میں تشریف لے آئے۔ آپ نہ صرف مرزا کے ایک قریبی عزیز ہیں، بلکہ آپ کو غالب سے ملاقات کا فخر حاصل رہا ہے۔ اور مرزا کا ایک خط آپکے نام اردوئے معلےٰ میں موجود ہے۔ آپ ازراہِ کرم بخشی کئی مرتبہ غریب خانہ پہ تشریف لائے اور گھنٹوں غالب کے متعلق سوالات کا جواب دیتے رہے جس سے اس کتاب کے کئی اندراجات کی تصدیق ہو سکی۔ تصاویر کے متعلق آپنے فرمایا کہ مرزا کی وفات سے دو تین سال پہلے اُن کی عکسی تصویر سدھاری خاں فوٹوگرافر نے کھینچی تھی۔ اسکی نقلیں اب عام طور پر ملتی ہیں۔ اصل تصویر میرے پاس ہے۔ مرزا نے اسکی نقلیں مختلف دوستوں کو بھیجی تھیں اس تصویر کے علاوہ نواب ممدوح کے پاس مرزا کی آخری دستخطی تحریر ہے۔ جسمیں انہوں نے مرنے سے چند مہینے پہلے نواب علاء الدین کو اردو شاعری میں اپنا جانشین قرار دیا تھا۔ مرزا اس زمانے میں خطوط دوسروں سے لکھواتے تھے۔ لیکن چونکہ یہ تحریر ایک سند تھی اسے انہوں نے تمام و کمال اپنے ہاتھ سے لکھا۔

گذشتہ چند سالوں میں غالب کی جو نئی تصویریں شایع ہوئی ہیں وہ ہم نے نواب صاحب کو دکھائیں لیکن انہوں نے کسی کی تصدیق نہیں کی نسخہ حمیدیہ میں غالب کی جو تصویر شایع ہوئی ہے وہ مصورانہ نقطۂ نظر سے اچھی ہے لیکن نواب صاحب نے اسے نواب غالب کے معاصرین میں کسی کے پاس نہیں دیکھا

غالب کی جوانی کی جو رنگین تصویر "مکمل شرح کلام غالبؔ" میں شایع ہوئی ہے وہ تو یقیناً زمانۂ حال کی ہے۔ "تاریخ ادبیات اردو" میں بھی غالب کی ایک نئی تصویر ہے یہ بھی اس کتاب کیلئے حال ہی میں حکیم محمد حسن مصور نے تیار کی۔ غالب کی ایک معاصرانہ تصویر لال قلعہ دہلی میں موجود ہے۔ یہ غالباً ابھی تک کہیں شایع نہیں ہوئی۔

مرکنٹائل پریس لاہور میں باہتمام سید عظیم الدین منادی پرنٹر و پبلشر چھپکر دفتر مسلم گجرات سورت سے شائع ہوا۔ فیض کاتب